Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar


Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

862

ओ३म्



تحفہ سال نو
اشتہار

آریہ جنتری ۱۹۰۰ع

مطابق

آریہ سمبت ۱۹۷۲۹۴۹۰۰۱

लेखक :- आर्य समाज करनाल

سمت ۱۹۵۶ بکرمی ✤ [illegible]

جو

آریہ سماج کرنال کی طرف سے

مطبع ست دھرم پرچارک جالندھر میں لالہ منشی رام جگیاسو پروپرائیٹر کے اہتمام سے چھپی


تعداد جلد ۱۴۰۰ — قیمت مجلد ۱۰/ پانچ آنے


862;U

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نقشہ آٹھ گرہ بشمول پرتھوی معہ فاصلہ وغیرہ بروئے علم جوتش



چاروں مول وید مقدس نہایت سستے

مہرشی شری ۱۰۰۸ سوامی دیانند سرسوتی جی مہاراج کے پرگھٹ ہونے سے پہلے بہت ہی تھوڑے آدمی ویدوں کے نام سے واقف تھے۔ اور ویدوں کے اصلی مطالب اور رموز حقیقی کو سمجھنے والے تو تمام بھارت ورش میں ہزاروں بلکہ لاکھوں میں سے ایک ہی مشکل سے نظر آتا تھا۔ جب سوامی جی مہاراج نے ویدک دھرم کا پرچار شروع کیا تو اُنکی بدولت لوگ ویدوں کے مطالب سے کسی قدر واقف ہونے لگے۔ اور ویدوں کی ضرورت اور خریداری بڑھنے لگی۔ مگر ویدوں کی پُستکوں کے کمیاب اور کم اشاعت ہونیکی وجہ سے بہت دقت ہوتی تھی۔ چنانچہ اِس دقت کو رفع کرنے کے لئے شریمتی پروپکارنی سبھا نے ویدک پریس اجمیر میں چاروں مول وید بہت صحیح اور خوبصورت ٹائپ میں عمدہ کاغذ پر چھپوانے کا انتظام کیا ہے۔ اور چاروں پُستکوں کی قیمت بغرض پروپکار صرف پانچ روپیہ رکھی گئی ہے۔ چونکہ وید آریہ دھرم کے خصوصاً اور ہندو دھرم کے عموماً بنیادی اصول ہیں۔ انکو پڑھنا۔ پڑھانا۔ اور سُننا سنانا سب منشوں کا پرم دھرم ہے۔ اس لئے جملہ آریہ سماجوں کے پستک آلیہ بلکہ ہر ایک آریہ پرش کا گھر خصوصاً اور عام ہندوؤں اور دیگر پرشوں کا گھر عموماً اِن مقدس پُستکوں سے ضرور سوشوبھت ہونے چاہئیں۔ جملہ درخواستیں مینیجر ویدک پریس اجمیر کے نام بھیجنی چاہئیں۔ یجروید چھپ چکا ہے۔ رگ وید چھپ رہا ہے۔ باقی پُستکیں ایک سال میں چھپ کر مکمل ہو جاینگی ٭

نوٹ۔ اِن گرہوں کا مندرجہ بالا فاصلہ انگریزی تحقیقات کے بموجب درج کیا گیا ہے ۔۔

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

زمین اپنے مدار پر ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۸ منٹ ۵۷ سکنڈ میں آفتاب کے گرد ایک دورہ ختم کرتی ہے۔
اس کی رفتار فی ثانیہ ۱۹ میل ہے۔ زمین کا قطر ۸۰۰۰ میل محیط ۲۵۰۰۰ میل ہے۔


آفتاب اور زمین کا فاصلہ ۹ کروڑ ۵۰ لاکھ میل ہے۔




862;U


Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri
CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri



CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri



CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ओ३म्

علم جیوتش

ویدک زمانہ میں جبکہ وید ودیا کا سورج اپنی پوری پوری آب وتاب سے آریہ ورت میں چمک رہا تھا۔ اور ہر پرکار کے علم وہنر سے یہہ دیش منور اور شرومنی سمجھا جاتا تھا تو اُس وقت اس دیش کے رشی منیوں اور فاضل ودوانوں نے جہاں دیگر علوم کی ہر ایک شاخ میں فضیلت حاصل کی تھی۔ وہاں اپنے آتمک بل کی وجہہ سے علم جوتش میں بھی اعلےٰ کمالیت حاصل کر کے نظام شمسی وجملہ کواکب کی بابت اسقدر واقفیت حاصل کی تھی کہ جس کا عشر عشیر بھی آج تک یوروپ اور امریکہ کے مشہور سائنس دان فاضلوں کو معلوم نہیں ہوا۔ مگر جب ودیا کے سورج کو اودیا اور جہالت کے اندھکار نے چھپانا شروع کیا اور آریہ ورت اپنی روشنی کے شکھر سے تنزلی کی غار میں گرنے لگا۔ تو خود غرض لوگوں نے موقع پاکر علم جوتش میں پھلت ودیا کی ایک علیحدہ شاخ (جو بموجب پراچین جوتش شاستر بالکل غلط اور ڈھکوسلا ہے) ایجاد کر کے ناواقف لوگوں کو ایک ایسے خوفناک مضبوط چکر میں ڈالدیا کہ جس کے باعث بھارت کی رہی سہی ودیا بالکل کافور ہو گئی۔ اور لوگ گرہ۔ مہورت۔ یوگنی۔ پنچک۔ بھدرا۔ راشی۔ نکشتر۔ دکشول۔ مہا وگن۔ ورگ۔ راہو اور کیتو کی دشا وغیرہ کے بھیانک جال میں ایسا پھنسا یا کہ جس میں لکھوکھا بلکہ کروڑہا منش حیران اور سرگردان ہو کر مفلس اور برباد ہو گئے۔ اور آج کل بھی تقریباً تمام بھارت ورش اُسی اندھکار اور دُردشا میں پڑتا ہوا بیزار نظر آرہا ہے۔ اگر بنظر غور دیکھا جاوے تو یہہ کُل خرابی پورانوں کی ناپاک۔ لغو اور بیہودہ تعلیم کا نتیجہ ہے۔ جن میں کہ ویدک سدھانتوں اور پدارتھ ودیا (سائنس) کے عملی مسائل کو بالکل لغو اوٹ پٹانگ اور خلاف علم وعقل پیرایہ میں بیان کر کے تمام بھارت ورش کو اودیا اور جہالت کے تاریک غار میں گرانے کی کوشش کیگئی ہے۔ اور اکثر جگہہ ایسے ایسے لچر پوچ نامعقول اور خلاف تہذیب مسائل درج کئے گئے ہیں کہ جن کو سنکر شائستہ آدمی نہ صرف اُن مسائل پر ہنستے ہیں۔ بلکہ اُن کے معتقدوں کو بھی نظر حقارت سے دیکھتے ہیں۔ چنانچہ کسی جگہہ ۳۳ دیوتاؤں کے بجائے ۳۳ کروڑ دیوتا ۹۴ کروڑ یون۔ ۹۹ کروڑ سیگہ مالا اور ۹ کروڑ دُرگا بیان کی ہیں۔ سرشٹی سورج۔ چندرماں۔ نکشتر وغیرہ کی مختلف شکلیں اور مختلف پیدائش بجائے پرکرتی کے کشیپ کی ۱۰ استریوں سے تبلائی گئی ہے۔ اور سرشٹی کی اُتپتی اور قائمی بجائے ایشور کے ادھار کے بیل۔ کچھوے وغیرہ کے اوپر تبلائی گئی ہے۔ بشنو۔ شیو وغیرہ کی مختلف پیدائش اور مختلف شکل ورنگ کی گئی ہے۔ اور طرفہ یہہ ہے کہ ہر ایک پوران میں ایک دوسرے سے مختلف اور عجیب وغریب نامعقول مسائل درج ہیں۔ کہ جن کا پتہ نہ کسی شاستر سے لگ سکتا ہے اور

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نہ کسی رشی کرت پستک سے اُن کی تصدیق ہو سکتی ہے ۔ بلکہ صداقت سے کوسوں دُور اور بدارتھہ ودیا اور علمی کسوٹی پر آزمانے سے سراسر ہیچ اور اودیا کے ساگر میں ڈوبانے والے ثابت ہوتے ہیں ۔ اس لیے یہہ ارادہ ہے کہ سال بسال جسقدر ممکن ہوسکے اس جنتری میں اصلی علم جیوتش کے پراچین مسائل درج کرکے ان کی بالمقابل پہلت ودیا اور پُرانوں کے مسائل کی لغویت اور نامعقولیت کو ظاہر کیا جاوے ۔ اور عوام الناس کو اس اودیا اندھکار سے بچانے کی کوشش کی جاوے ۔ اور لوگوں کو پراچین رشیوں کے علمی سدھانت اور خود غرض لوگوں کی پہلت ودیا اور پُرانوں کی بیہودگیوں میں تمیز کرنے کا موقعہ دیکر پراچین رشیوں کے سدھانتوں کی عزت عوام الناس کے دلوں میں قائم کیجاوے ۔ اگرچہ ابتدائی کوشش ہونے کی وجہہ سے جملہ سدھانت یہاں درج نہیں ہوسکتے ۔ لیکن اگر سب بہادر پُرش اس پرُ دپکارک کام میں اپنے اپنے معلومات سے امداد دیتے رہیں گے تو اُمید ہے کہ رفتہ رفتہ پراچین رشیوں کے اصلی سدھانتوں کا بہت بڑا ذخیرہ ہر سال پبلک کی سیوا میں پیش ہوتا رہے گا ۔ چنانچہ اس مرتبہ بھی چند ضروری امور کی بابت پراچین رشیوں کے سدھانت متعلقہ علم جیوتش ذیل میں درج کئے گئے ہیں ۔ اُمید ہے کہ ناظرین اِن کے پڑھنے سے اصلی مُدعا کو حاصل کرکے ضرور فائدہ اوٹھاویں گے ۔

ویدک اور پورانک سدّھانتوں کا مُقابلہ

ویدک سدھانت	پورانک سدھانت
(۱) سورج اور چاند مادی لوک یعنی جان گرہ ہیں ۔	(۱) سورج اور چاند پران دھاری دیوتے ہیں ۔
(۲) زمین ایک گرہ یا سیارہ ہے ۔	(۲) زمین ایک پران دھاری دیوی ہے ۔ جس کا روپ گئو کا ہے ۔
(۳) زمین گول ہے اسی لئے اُس کا دوسرا نام بھوگول ہے ۔	(۳) زمین چٹائی کی مانند چپٹی ہے جس کو ہرناکش لپیٹ کر پاتال میں لے گیا تہا ۔
(۴) زمین گہومتی ہے اسی لئے اُس کو سنسکرت میں گئو کہتے ہیں جس کے معنے ہیں چلنے والی ۔	(۴) پرتھوی پر شیش ناگ ہے ۔ اُس پر بیل اور اُس کے سینگوں پر پرتھوی کھڑی ہے ۔
(۵) زمین مع چاند کے سورج کی کشش سے اُس کے چاروں طرف گہومتی ہے ۔	(۵) سورج دیوتا اپنے سات گہوڑوں والے سنہری رتھہ پر سوار ہوکر پرتھوی کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک یاترا کرتا ہے ۔
(۶) چاند سورج سے روشن ہوتا ہے ۔	(۶) چاند اپنے آپ روشن ہے ۔
(۷) راہو کوئی چیز نہیں ہے ۔	(۷) راہو ایک راکھشش ہے ۔
(۸) جس سے پرتھوی گہومتی ہوئی سورج اور چاند کے بیچ	(۸) جب راہو دیتیہ چاند دیوتا کو نگل جاتا ہے تو

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

ہیں آجاتی ہے تب پرتھوی کا سایہ چاند پر پڑتا ہے - اور اسی کو چاند گرہن کہتے ہیں ◆	چاند گرہن ہوتا ہے ◆
(۹) جس سمے سورج اور پرتھوی کے بیچ میں چاند آتا ہے تب چاند کا سایہ زمین پر پڑتا ہے اُسے سورج گرہن کہتے ہیں -	(۹) جب راہُو دیئت سورج کو نگل جاتا ہے - تو سورج گرہن ہوتا ہے ◆
(۱۰) سورج چاند وغیرہ ابتدائے سرشٹی سے اپنے نیموں میں ستھت ہیں اور تب ہی سے نیم پُورک گرہن واقعہ ہوتا چلا آیا ہے -	(۱۰) گرہن اُس سمے سے واقعہ ہونے لگا جب سے کہ راہُو کا سیس کاٹ کر موہنی اوتار نے اُسکو گرہ منڈل میں ستھاپت کیا ◆

زمین

برہم گپت سمت ۵۵۰ سالباہن میں اور وراہمہر جوتشی سمت ۴۲۷ شاکیہ میں ہوئے ہیں - مسٹر کول بروک صاحب ہندوالجبرے کے ترجمہ کے دیباچہ میں اس امر کو تسلیم کرتے ہیں - برہم گپت اور وراہمہر اور نیز اُن کے پیشرو وشنو چندر شری سین اور وُرگا سنگھ نے اپنی اپنی کتابوں میں آریہ بھٹ کا ذکر کیا ہے - جو سنسکرت کا مشہور و معروف جوتشی ہو گذرا ہے جس سے پایا جاتا ہے کہ آریہ بھٹ چودہویں صدی عیسوی سے پہلے ہوا ہے - مگر ٹھیک تاریخ کا پتہ لگانا مشکل ہے - یہہ امر ثابت ہے کہ برہم گپت نے سالباہن کے سمت کا اور وراہمہر نے بکرما دتیہ کے سمت کا استعمال اپنی اپنی تصانیف میں کیا ہے - مگر آریہ بھٹ نے اپنی تصانیف میں ان دونوں راجاؤں کا کہیں ذکر نہیں کیا - بلکہ اُس نے یدھشٹر کا سمت استعمال کیا ہے - جس سے یہہ نتیجہ نکلتا ہے کہ آریہ بھٹ بکرما دتیہ کی سلطنت یا اُس کے سمت جاری ہونے سے پیشتر ہوا ہے - اُس کے (آریہ بھٹ) زمانہ میں زمین کا سورج کے گرد گردش کرنا آریوں کو بخوبی معلوم تھا -

ہندوؤں کا موجودہ وہم عموماً یہہ ہے کہ زمین درپن (شیشہ) کی مانند چپٹی ہے - یا مثلث کی شکل کی ہے جیسا کہ ہندوستان نقشہ کے اندر معلوم ہوتا ہے - یا یہہ کہ زمین شیش ناگ ... یا کچھوے کے اوپر ٹھہری ہوئی ہے - پورانوں کی یہہ بیہودہ اور جہالت کی تعلیم پورانوں کے باہم متضاد اور خلاف وید شاستر تحریروں کا نتیجہ ہے - قدیم جیوتش کی کتابوں میں زمین کو ہنڈ یا گیند کی مانند گول بتلایا ہے - اور لکھا ہے کہ وہ کسی چیز پر قایم نہیں ہے بلکہ اکاش (خلا) کے اندر گردش کرتی ہے - چنانچہ گولادھیائے میں لکھا ہے ◆

सर्व्वतः पर्व्वतारामग्रामचैत्यचयैश्चितः ।
कदम्बकुसुमग्रन्थिः केसरप्रकरैरिव ॥ २ ॥

ترجمہ جس طرح کدمب کے پھول پر کانٹے لگے ہوتے ہیں - اسی طرح زمین کے چاروں طرف جنگل - پہاڑ - شہر اور صحن وغیرہ قایم ہیں ◆

नान्याधारः स्वशक्त्यैव वियति नियतं तिष्ठता ह्यस्य पृष्ठे ।
निष्ठं विश्वं च शश्वत् सदनुजमनुजादित्यदैत्यं समन्तात् ॥ गोला०

ترجمہ زمین بلا کسی سہارے کے اکاش میں قایم ہے اور اُس کی سطح پر دیو (ودوان لوگ) دانو (جاہل لوگ) دیئت -

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(تن پہو،ر) اور انسان آباد ہیں۔

मूर्तो धर्ता चेद्धरित्र्यास्ततोऽन्यस्तस्याप्यन्योऽप्येवमत्रानवस्था ।
अन्त्ये कल्प्या चेत्स्वशक्तिः किमाद्ये किं नो भूमेः साष्टमूर्तेश्च मूर्तिः ॥ (गोला० ४)

ترجمہ اگر یہہ خیال کیا جاوے کہ اس زمین کا قیام کسی مادی چیز پر ہے تو اُس مادی چیز کا قیام کسی دوسری چیز پر ہونا چاہئے - اور اُس دوسری چیز کے سہارے کے لئے تیسری چیز ہونی چاہئے - علیٰ ہذا القیاس پس آخرکار ایک فرضی قوت کو ماننے کی ضرورت پڑے گی - جو کسی دوسری چیز کے سہارے کے بغیر قایم ہو - اس لئے یہہ کیوں نہ مانا جاوے - کہ زمین میں ہی وہ قوت موجود ہے کہ جس کے سہارے سے یہہ خود بخود ٹھہری ہوئی ہے - یہہ زمین ایشور[۵۶] کی بنائی ہوئی ہے اور آٹھہ مورتیوں (یعنی آٹھہ وسو) میں سے ایک ہے -

جہاں زمین کی نسبت شیش[۵۷] آدہار (سانپ کے پھن پر) یا اوکشا[۵۸] دہار (بیل کے سینگ پر) قایم ہونا بتلایا جاتا ہے - اس سے دراصل یہہ مراد ہے کہ زمین ایشور یا سورج کے سہارے پر قایم ہے - کیونکہ شیش (शेष) ایشور کا اور اوکشا (उक्षा) سورج کا نام ہے - لفظ کشیپ جس کے معنے عام طور پر کچھوا کہا جاتا ہے - دراصل ویدوں میں پشیہ[لفظ] کا بدل ہے - جو पश्य دہاتو سے بنا ہے - جس کے معنے دیکھنا ہے - بموجب قاعدہ مہا بہاشیہ پشیک لفظ کا بدل کشیپ ہوتا ہے - اور اُس کے معنے سروو درشٹا یعنی پرمیشور سرو دیاپک ہے - پس دراصل ان جملہ الفاظوں سے یہہ مراد ہے - کہ زمین ایشور کے سہارے پر قایم ہے *

سورج سدہانت میں بھی لکھا ہے - کہ

मध्ये समन्तादण्डस्य भूगोलो व्योम्नि तिष्ठति ।
बिभ्राणः परमां शक्तिं ब्रह्मणो धारणात्मिकां ॥ सूर्य सिद्धान्त ॥

ترجمہ - پرتھوی برہمانڈ کے بیچ اکاش میں بغیر کسی سہارے کے صرف پرمیشور کی شکتی کے آدہار قایم ہے *

چاند

اس برہمانڈ (نظام شمسی) میں چاند بھی ہماری زمین کی مانند ایک مادی کُرہ ہے - اور سورج کی روشنی سے روشن ہوتا ہے - بذات خود روشن نہیں ہے - اس کی نسبت قدیم آریہ جوتشیوں کی رائے حسب ذیل ہے -

तरणिकिरणसंगादेष पीयूषपिंडो
दिनकरदिशि चन्द्रश्चन्द्रिकाभिश्चकास्ति ।

۵۶ सत्येनोत्तभिता भूमिः (اتھرو وید کانڈ ۱۴ - انوواک ۱ منتر ۱) ارتھہ - پرمیشور نے بھومی کو دھارن کیا ہے -

۵۷ ध्रुवाधारा पृथिवी ارتھہ - جو پرلے کال میں بھی شیشر رہی یعنی جسکا پرلے کیوقت بھی ناش نہ ہو اُس ایشور کے آدہار پرتھوی ہے -

۵۸ उक्षा दाधार पृथिवीमुत द्याम् (رگوید) اوکشا یعنی سورج کی کشش نے دھارن پرتھوی ہے -

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

तद्दिनाद्दिशि भासा कुम्भवद्यामलप्रदीप्त
इव मासमुद्रिं स्थाने वातपस्थः ॥ १ ॥

ترجمہ - چاند کا وہ حصہ جو سورج کی طرف ہوتا ہے۔ روشن رہتا ہے۔ مگر اُس کا دوسرا حصہ تاریک رہتا ہے جیسے گھڑا دھوپ میں رکھا ہوا ایک طرف سے روشن اور دوسری طرف سے تاریک رہتا ہے۔ (گولادھیائے شرنگونتی واسنا شلوک اول) جب نیا چاند نکلتا ہے تو اُس کا نیچے کا حصہ جو سورج کے مقابل ہوتا ہے نظر آتا ہے اور زمین کے گرد گردش کرنے کی وجہ سے باقی حصہ زمین کے سایہ سے ڈھکا رہتا ہے۔ اور درجہ بدرجہ نظر آتا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ پورنماشی کے دن مقابل کا نصف حصہ چاند کا پورا نظر آ جاتا ہے۔ (دیکھو گولادھیائے شلوک ۲ شرنگونتی وشنا)

ہندوستان کے جاہل لوگ خیال کرتے ہیں کہ دیوا اور پتر چاند کے امرت کو پی جاتے ہیں۔ اس لئے وہ درجہ بدرجہ گھٹتا رہتا ہے۔ یہہ بات بھی پرانوں کی ناپاک تعلیم کا نتیجہ ہے۔ جن میں اکثر خیالی اور بیہودہ باتیں درج ہیں۔ اور جو ستیہ سدھانتوں کے بالکل برخلاف ہیں۔ مگر تاہم وہمی باتوں اور جہالت کے بادلوں کے نیچے کہیں کہیں سچائی کی روشنی بھی پائی جاتی ہے چنانچہ کورم پوران کے چالیسویں ادھیائے میں لکھا ہے۔ کہ

सुषुम्नः सूर्यरश्मिर्यः पुष्णाति शिशिरद्युतिम् ।
तिर्यगूर्ध्वप्रचारोऽसौ सुषुम्नः परिगीयते॥ (कूर्म पुराण अ॰ ४०)

جس کا مطلب یہہ ہے کہ سورج کی کرنیں جن کا نام سشومن ہے۔ چاند کو روشن کرتی ہیں۔ اور اوپر اور نیچے دونوں طرف روشنی پہونچاتی ہیں۔ اسی طرح وشنو پُران کے ادھیائے ۱۱ و ۱۲ میں صاف لکھا ہے۔ کہ چاند سورج سے روشنی پاتا ہے ◦

گرہن

ہندوستان میں گرہن کی بابت بھی لوگوں کے طرح طرح کے مختلف خیالات ہیں۔ جن کی وجہ سے دان وغیرہ کے ضائع کرنے کے علاوہ صدہا قسم کے وہموں کے جال میں پھنس کر طرح طرح کی تکلیفیں برداشت کرتے ہیں۔ پراچین سنسکرت گرنتھوں کے مندرجہ ذیل پرمانوں کے مطالعہ سے بخوبی معلوم ہو جائیگا۔ کہ دراصل گرہن کس وجہ سے واقع ہوتا ہے۔

छादको भास्करस्येन्दुरधःस्थो घनवद्भवेत्
भूच्छायां प्राङ्मुखश्चन्द्रो विशत्यस्य भवेदसौ
शशाङ्कपाते ग्रहणं कियद्भागाधिको भवेत् ॥ (सूर्य सि॰)

ترجمہ جس طرح زمین سورج کے گرد گھومتی ہے اُسی طرح چاند زمین کے گرد گردش کرتا ہے۔ اور جب دورانِ گردش میں چاند زمین اور سورج کے درمیان آ جاتا ہے۔ تو وہ سورج کی روشنی کو روک لیتا ہے جس کی وجہ سے سورج گرہن ہوتا ہے۔ مگر جب زمین سورج اور چاند کے بیچ میں آ جاتی ہے تو زمین کا سایہ چاند پر پڑتا ہے جس سے چاند گرہن ہوتا ہے۔ پرانوں میں اس کے خلاف لکھا ہے اور افسوس ہے کہ خود غرض برہمن پنچھ اور دشمنِ جوتش کے گرنتھوں کو نہیں پڑھتے۔

اسیوجہہ سے گرہن کی اصلیت سے ناواقف رہتے ہیں۔ گولا دہیائی کے آٹھویں ادہیائے میں لکھا ہے کہ

समकल काले भूभा लगति मृगाङ्के यतस्तया ग्रासम ।
सर्वे पश्यन्ति समं समकक्षत्वाच्चलम्बनाभावतो॥ (३५५८३)

ترجمہ۔ زمین کا سایۂ چاند پر پڑتا ہے۔ اسیوجہہ سے لوگ اُس کو (چاند کو) گرہن میں آیا ہوا خیال کرتے ہیں۔ زمین کا سایۂ اور چاند ٹہیک اُس وقت متوازی ہوتے ہیں۔

سدہانت شرومنی میں لکہا ہے۔ کہ زمین کا سایۂ چاند گرہن کا باعث ہے۔ اور چاند کے سایۂ سے سورج گرہن ہوتا ہے۔ افسوس یہہ ہے کہ ہندو لوگ اپنے شاستروں سے گرہن کی اصلیت کی تحقیقات نہیں کرتے۔ عام ہندوؤں کا خیال ہے کہ راہو اور کیتو دو راکہشش ہیں۔ جو چاند اور سورج کے دشمن ہونے کی وجہہ سے ان پر حملہ کرتے ہیں۔ کیونکہ سمندر متہنے کے بعد جو امرت پیدا ہوا تہا تو اُس کی تقسیم کرنے میں جہگڑا ہوا تہا۔ ہندو لوگ گرہن کے موقع پر گنگا یا جمنا یا کورکشیتر وغیرہ تیرتہوں میں سنان کرنا داخل ثواب سمجہتے ہیں۔ کیونکہ اُن کے خیال میں راہو اور کیتو کے بُرے اثر سے وہ لوگ گرہن کے وقت اشدہ ہو جاتے ہیں۔ اور لاکہوں روپیہ اس خیال سے دان کرتے ہیں۔ کہ وہ راہو اور کیتو کو اُس دان سے خوش کرکے سورج اور چاند کو اُن کے پنجہ سے چُہڑا دیویں۔ مگر اصل میں مندرجہ بالا قصہ بالکل فرضی اور غلط ہے۔ بلکہ سخت نقصان رساں ہے۔ کیونکہ سورج اور چاند نہایت دو عظیم الشان کُرے زمین کی مانند بیجان ہیں۔ جن کو سُکہہ یا دُکہہ بالکل محسوس نہیں ہو سکتا۔ سورج زمین سے ۱۲½ لاکہہ گنا بڑا ہے۔ اور چاند زمین کے بلی کے برابر ہے۔ بہلا پہر دو نا چیز راکشش ایسے دو عظیم الشان قدرتی کُروں کو کس طرح اپنے قابو میں لاکر تکلیف پہونچا سکتے ہیں۔

جیوتش پُستکوں کے دیکہنے سے یہہ بہی معلوم ہوتا ہے کہ راہو اور کیتو کوئی علیحدہ ٹہوس گرہ نہیں ہیں بلکہ صرف چہایا گرہ ہیں۔ راہو صرف پرتہوی کا دوسرا نام ہے اور کیتو اُس کے سایہ کو کہتے ہیں۔ یہہ سایہ بہی آکاش کے اندر ایک خاص گردش کرتا ہے۔ اور چونکہ زمین کے ٹہوس ہونے کی وجہہ سے اُس کا سایہ گہرا اور تاریک ہوتا ہے۔ اس لئے عام جیوتش کے جاننے والوں نے آکاش کے اندر اس کا دور بہی قایم کر دیا ہے۔ اور چونکہ اُس سایہ کی ۲ ٹہیں دیگر سیاروں سے اسطرح سے چہپ جاتے ہیں جسطرح کسی ٹہوس گرہ کے بیچ میں آجانیسے۔ تو اُس کا ایک خاص چہایا گرہ کے نام دورہ وغیرہ قایم کرنا ضروریات جیوتش کے لئے لازم تہا۔ یہہ امر کہ کیتو صرف چہایا گرہ کا نام ہے دراصل ہے کہ گرنتہہ سے ثابت ہے۔ علاوہ ازیں سنسکرت زبان میں کیتو دُم یا جہنڈی کے معنے رکہتا ہے۔ مثلاً سنسکرت زبان میں دُمدار ستارے کو دہوم کیتو کہتے ہیں۔ اور زمین کا کیتو (سایہ) بہی دُم کی مخروطی شکل رکہتا ہے۔ اسلئے اُس کے لئے یہہ نام عین موزوں ہے۔

سُورج

پُرانوں میں جلا نکشتر۔ تارا گن۔ گرہ۔ اوپ گرہ وغیرہ کو چیتن اور مورتی مان بتلایا ہے۔ اور اُن سب کی پیدائش کشیپ رشی کی استری سے بتلاکر اُن کی عجیب وغریب شکلیں بیان کی ہیں۔ چنانچہ سورج کو بہی ویسا ہی چیتن مورتی مان

دیوتا مانا ہے اور اُس کی نسبت یہہ بیان کیا ہے۔ کہ اُس کی شکل منش کی مانند ہے۔ ایک رتھہ پہ سوار ہوکر نکلتا ہے جس کے آگے سات مُنہہ والا گھوڑا جوڑا جاتا ہے۔ رتھہ ۵۰۰۰۰ ۳۰۰۰ ۹ ۴ یوجن اونچا ہے اور ۹ لاکھہ یوجن چوڑا ہے۔ اُس کا سارتھی ہاتھہ پاؤں سے لُنجا اُرن نامی ہے۔ اور ۶۰ ہزار انگوٹھی کے برابر شریر والے رشی اُلٹے پاؤں رتھہ کے آگے تعریف کرتے چلتے ہیں۔ اور منی۔ گندھرب۔ اپسرا۔ ناگ۔ یکش۔ راکشش۔ دیو۔ شیٹ گن ہر مہینہ سوریہ کی پوجا کرتے رہتے ہیں۔ رتھہ کی دُھری سمیرو پربت پر لگی ہوئی ہے۔ جب سورج است ہوتا ہے تو لوکا لوک پربت کی اوٹ میں ہوجاتا ہے +

پُرانوں کے اس بیان کو اگر پراچین رشیوں اور ویدوں کے علمی اور سائنٹفک کسوٹی پر آزمایا جاوے تو بخوبی نتیجہ ہوجاتا ہے کہ دیگر مسائل کی مانند یہہ بھی پُرانوں کے مصنفوں کی لاعلمی و کوتاہ اندیشی کا نتیجہ ہے +

اصل یہہ ہے کہ یہہ جملہ خرابی مفصلہ ذیل وید منتروں کے صحیح ارتھہ نہ سمجھنے کی وجہہ سے واقع ہوئی ہے۔ اس لئے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اصلی وید منتر اور اُن کا صحیح ارتھہ بتلایا جاوے۔ تاکہ ستیہ ودیا اور گپوں میں لوگوں کو تمیز کرنے کا موقع حاصل ہو +

सप्त त्वा हरितो रथे वहन्ति देव सूर्य ।
शोचिष्केशं विचक्षण ॥ ८ ॥
अयुक्त सप्त शुन्ध्युवः सूरो रथस्य नप्त्यः
ताभिर्याति स्वयुक्तिभिः ॥ ९ ॥ ऋ० सू० ५० ॥

ارتھہ ۔ اے روشن اور تمام برہمانڈ کو منور کرنے والے سورج سات قسم کی شعاعیں تیری منور روشنی کو اس خوبصورت نظام شمسی تک پہونچاتی ہیں۔ سورج جس کی کشش سے تمام نظام شمسی قایم ہے۔ اُس کی روشنی میں سات قسم کے رنگ کی شعاعیں شامل ہیں۔ یہہ شعاعیں مجتمع ہونے سے وہ سورج چاروں طرف گھومتا ہے۔

ان وید منتروں کے سمجھنے میں سب سے بڑی غلطی یہہ کی گئی ہے کہ हरित: شبد کا ارتھہ گھوڑا کیا گیا ہے۔ جس کی بنیاد پر مندرجہ بالا گپ کا اڈمبر رچا گیا ہے۔ اصل لفظ हरित: کے معنے سورج کی اُن شعاعوں کے ہیں جن کے ذریعے سے وہ جملہ اشیاء کا رس بذریعہ بخارات اوپر پہونچاتا ہے +

قوس قزح سورج کی شعاعیں مختلف رنگ کی ہونے کی بابت قوس قزح بہت بڑا اور قدرتی ثبوت ہے۔ جیساکہ ورہت سمہتا میں لکھا ہے۔ کہ

सूर्यस्य विविधवर्णाः पवनेन विघट्टिताः कराः साभ्रे ।
वियति धनुः संस्थाना ये दृश्यन्ते तदिन्द्रधनुः ॥

جب سورج کی شعاعوں کے مختلف رنگ بذریعہ ہوا کے ذریعہ متفرق ہوجاتے ہیں تو بادلوں میں وہ رنگ دھنش کی شکل میں نمودار ہوتے ہیں۔ جس کو قوس قزح کہتے ہیں +

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri
CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

راشی

علم جیوتش میں راشیوں کی بابت حالات معلوم کرنا بہت ضروری ہے۔ راشی اُس برج کو کہتے ہیں جسکی گرد سورج ایک ماہ میں ایک مرتبہ گردش کرتا ہے۔ اُن راشیوں کی تعداد ۱۲ ہے۔ اور اُن کے نام سنسکرت میں حسب ذیل ہیں۔ سورج ہر ایک راشی میں ایک ایک مہینہ تک رہتا ہے۔ دراصل ہر ایک راشی ستاروں کا گروہ ہے۔ اور اسی وجہ سے اُن کا نام راشی یا مجموعہ رکھا گیا ہے۔ ہر ایک راشی کے ستاروں کی تعداد وغیرہ بھی ذیل میں درج کیجاتی ہے۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	
نمبر شمار	نام راشی	شکل	نام مہینہ	تعداد ستارہ ہر ایک راشی	وجہ تسمیہ ہر ماہ پورنماشی کو نکشتر ذیل واقع ہونیکی وجہ سے	کیفیت
۱	میکھ	مینڈھے کی مانند	چیت	۶۶	چترا نکشتر	ان ستاروں یا نچھتروں کا مجموعہ [illegible] ہے۔
۲	برکھ	بیل کی مانند	بیساکھ	۱۴۱	بیساکھا "	
۳	متھن	استری پُرش کی جوڑی کی مانند	جیٹھ	۸۵	جیشٹھا "	
۴	کرکٹ	کچھوے کی مانند	اساڑھ	۸۳	پوربا یا اُتترا کھاڑھ "	
۵	سنگھ	شیر "	ساون	۹۵	سرون نکشتر	
۶	کنیا	استری "	بھادوں	۱۱۰	پوربا یا اُتترا بھادرپد "	
۷	تلا	ترازو "	اسوج	۵۱	اسنی نکشتر	
۸	برچھک	بچھو "	کاتک	۴۴	کرتکا "	
۹	دھن	تیر کمان "	منگسر	۷۶	مرگسرا "	
۱۰	مکر	مچھ "	پوہ	۵۱	پُوش "	
۱۱	کمبھ	گھڑے "	ماگھ	۱۸	مگھا "	
۱۲	مین	مچھلی "	پھاگن	۱۱۳	پوربا یا اُتترا پھالگنی "	

نام و تعداد گرہ و زمانہ گردش و فاصلہ وغیرہ نقشہ ذیل سے بخوبی واضح ہوگا۔

نمبر شمار	نام گرہ یا سیارہ	تعداد زمانہ گردش سورج کے گرد	تعداد فاصلہ ہر گرہ زمین سے	تعداد فاصلہ ہر گرہ سورج سے	رفتار ہر گرہ سورج کے گرد فی سکنڈ	تعداد زمانہ گردش ہر سیارہ بارہ راشیوں کے گرد	تعداد گردش زمانہ ہر سیارہ اپنے محور کے گرد	کیفیت
			۹۰۰۰۰۰۰۰ میل	۰	۰	۱۲ مہینے	ایک مہینہ	

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر	نام گرہ یا سیارہ	تعداد زمانہ گردش سورج کے گرد	تعداد فاصلہ ہر گرہ زمین سے	تعداد فاصلہ ہر گرہ سورج سے	رفتار ہر گرہ سورج کے گرد فی سکینڈ	تعداد زمانہ گردش ہر سیارہ بارہ راشیوں کے گرد	تعداد زمانہ گردش ہر سیارہ اپنے محور کے گرد۔	کیفیت
۲	چاند (سوم)	۰	۲۱۲۵۴۸ میل	۲۵۰۰۰۰ میل	۰	۰	۲ دن	چاند پرتھوی کے گرد ۲۹ دن میں گھومتا ہے۔
۳	منگل	۳۲۱ دن	۱۰۳۷۲۹۵۲ میل	۱۳۹۳۱۱۰۰۰ میل	۱۴۸۸۷	۵۴۰ دن	۴۵ دن	
۴	بدھ	۸۷ دن	۱۳۲۸۲۵۶ میل	۳۵۳۹۳۰۰۰ میل	۲۹ر۲۳ میل	۲۱۶ دن	۱۸ دن	
۵	برہسپت	۱۱ سال ۳۱۴ دن	۶۵۴۱۲۳۰۴ میل	۴۷۵۶۹۲۰۰۰ میل	۸ میل	۱۲ سال	ایک سال	
۶	شکر	۲۲۴ دن	۳۳۹۲۷۰۴ میل	۶۶۱۳۴۰۰۰ میل	۲۱ر۲۳	۲۳۶ دن	۲۸ دن	
۷	سنیچر	۲۹ سال ۱۱۶ دن	۱۶۲۵۵۲۵۶۸ میل	۸۷۲۱۳۷۰۰۰ میل	۹ر۵ میل	۳۱ سال	۲ ½ سال	
۸	زمین	۳۶۵ دن	-	۹۵۰۰۰۰۰۰ میل	۱۸ر۳ میل	-	۲۴ گھنٹہ	

واضح رہے کہ اصطلاح جوتش میں گرہ دراصل ۷ ہی ہیں۔ اور آٹھویں یہ زمین ہے۔ جس پر ہم لوگ آباد ہیں۔ زمین کو اصطلاح جوتش میں گرہ گناتے ہوئے راہو ہی کہتے ہیں۔ اور زمین کے سایہ کو جو اُس کے ساتھ مثل ایک لمبی دُم کے گردش کرتا ہے۔ کیتو کہتے ہیں۔ اس کیتو کو چھایا گرہ قرار دینے کے متعلق گرہن کے حال میں مفصل لکھا جا چکا ہے۔ اسطرح گرہوں کی تعداد بشمول زمین چھایا گرہ یعنی کیتو کے نو (۹) ہو جاتی ہے۔ اور یہی تعداد عام طور پر مشہور ہے۔

مشہور اور بڑے بڑے نکشتروں کا فاصلہ زمین سے حسب ذیل ہے۔

نمبر شمار	نام نکشتر	تعداد فاصلہ	کیفیت
۱	لُبدھک	۱۷۶۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰ میل	
۲	دہرو	۴۰۲۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰ میل	
۳	سپت رشی	۲۹۷۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰ میل	اس کا رنگ ۳۲ دن میں سرخ سے سفیدی مائل زرد ہو جاتا ہے۔
۴	ابھی جت	۲۹۲۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰ میل	
۵	سٹوری	۱۹۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰ میل	
۶	سگن	اسکی روشنی زمین پر ساڑھے نو (۹ ½) سال میں پہونچتی ہے۔	

مشہور ۲۷ نکشتروں کے ستاروں کی تعداد اور انکی شکل ذیل درج کیجاتی ھے۔

نمبر شمار	نام نکشتر	تعداد ستاره	شکل کسکی مانند ہے۔	نمبر شمار	نام نکشتر	تعداد ستاره	شکل کسکی مانند ہے
۱	اشونی	۳	گھوڑے کے مُنہہ کی مانند	۱۵	سواتی	۱	مونگا کی مانند
۲	بھرنی	۳	مثلث کی مانند	۱۶	وشاکھا	۵	مرصع کمان کی مانند
۳	کرتکا	۶	آگ کے شعلہ کی مانند	۱۷	انورادھا	۷	سانپ کی مانند
۴	روہنی	۵	گاڑی ,, ,,	۱۸	جیشٹھا	۳	سُور کے دانت ,,
۵	مرگ شرا	۳	ہرن کے منہہ کی ,,	۱۹	مُول	۹	سنکھ کی مانند
۶	آردرا	۱	.	۲۰	پوربا اساڑھ ..	۴	چوکی کی مانند
۷	پُنربسو	۵	گھر کی مانند	۲۱	اوترا ,, ,,	۴	ہاتھی کے دانت ,,
۸	پُشیہ	۱	تیر کی مانند	۲۲	شراون	۳	تیر ,, ,, ,,
۹	اشلیشا	۵	دائیرہ کی مانند	۲۳	دھنشٹا	۵	مردنگ ,, ,,
۱۰	مگھا	۵	ہل کی مانند	۲۴	شت بھشا	۱۰۰	گول
۱۱	پوربا پھالگنی ..	۲	کھاٹ ,, ,,	۲۵	پوربا بھادرپد ..	۲	دوسروالے آدمی کی مانند
۱۲	اوترا پھالگنی ..	۲	ایضاً ایضاً	۲۶	اوترا	۲	جہاز کے لنگر ,,
۱۳	ہستا	۵	ہاتھ کی مانند	۲۷	ریوتی	۳۲	مچھلی کی مانند۔
۱۴	اچترا	۱	موتی کی مانند				

(از تشریح بابو بیچا رام چٹرجی لاہور)

مشہور اور مستند پراچین سنسکرت پُستکوں کا مختصر حال

نمبر شمار	نام پُستک	نام مصنف	تعداد اشٹک - منڈل - کانڈ ادھیاے - ورگ - انوواک منتر وغیرہ	نام بھاشیہ کرنیوالوں کا	مختصر حالات
			وید مقدس		
۱	رک وید	ایشوری گیان جو موجودہ سرشٹی کے آغاز میں اگنی رشی کے ذریعہ ظاہر ہوا۔	اشٹک ۸ - منڈل ۱۰ - چھند ۳۰ - ادھیاے ۶۴ - انوواک ۸۵ - سوکت ۱۰۲۸ ورگ ۲۰۲۴ - منتر ۱۰۵...	(۱) سائینا چاریہ کا مکمل بھاشیہ (۲) مہرشی سوامی دیانند سرسوتی کا بھاشیہ ⅓ حصہ	اس میں پدارتھوں کے گنوں اور ہر پرکار کی ودیاؤں کے اصولوں کا ورنن ہے۔

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri
CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر شمار	نام وید	نام مصنف	تعداد اشٹک منڈل - کانڈ ادھیائے - ورگ - انوواک - منتر وغیرہ	نام بھاشیہ کرنے والوں کا -	مختصر حالات
۲	یجر وید	ایشوری گیان جو وایو رشی کے ذریعہ ظاہر ہوا۔	ادھیائے ۴۰ - کانڈ ۱۴ - منترہ ۱۹۷۵ - شبد ۹۰۵۲۵ - گونگ ۱۲۴۰۰ - " " "	(۱) سائنیاچاریہ - " " (۲) مہی در " " " (۳) راون " " " (۴) اوورٹ - " " (۵) مہرشی سوامی دیانند سرسوتی	اس میں یگیہ کرموں کا وداں کا حکم درج ہے - سب آشرموں - ورنوں راج بیوہاروں - اور سب پرکار کے یگیوں کا مفصل بیان ہے۔
۳	سام وید	ایضاً ایضاً آدیتہ رشی کے ذریعہ ظاہر ہوا۔	اسکی دو آردہ ہیں پورب و اوتر - (۱) پورب آردہ میں ۶ ادھیائے - ۶۴ سام اور ۶۴۰ منتر ہیں .... (۲) اتر آردہ میں ۲۳ - ادھیائے ۲۳ سام اور ۲۲۴ منتر ہیں۔ کل ۲۹ - ادھیائے ۸۷ سام اور ۱۰۶۴ منتر ہیں	(۱) سائنیا چاریہ (۲) پنڈت تلسی رام سوامی میرٹھ - (یہہ بھاشیہ انک وار چھپ رہا ہے)	اس میں عموماً رگ وید کے منتر زیادہ ہیں - سوائے ۶۰ یا ۷۰ نئے منتروں کے باقی سب منتر ایسے ہیں جو دوسرے ویدوں میں آچکے ہیں - اس وید میں منتروں کو گانے کے لئے سور لگائے گئے ہیں - سوربھید سے ارتھوں میں بھی بھید ہو جاتا ہے ۔
۴	اتھرو وید	ایضاً ایضاً انگرا رشی کے ذریعہ ظاہر ہوا	کانڈ ۲۰ - پرپاٹھک ۳۴ انوواک ۱۱۱ - ورگ ۷۳۱ منتر ۵۹۸۷ ۔	(۱) سائنیا چاریہ -	یہہ وید باقی تینوں ویدوں کا لب لباب ہے - اس میں زیادہ تر برہم ودیا کا ذکر ہے - گویا گیان کی انتہا اسی وید میں ہے - سوائے برہم اس وید کا وگیان کے سوائے اور کوئی خاص مضمون نہیں ہے۔
			اوپ وید		
۱	آیوروید - (۱) چرک (۲) سشرت	(۱) اگنی ویش (۲) دھنوا نتری جو دیو داس وید راج کے نام سے مشہور ہیں۔			ان میں جراحی کیمسٹری - علم ادویات - علم تشریح - علم تاثیرات و تریاقات زہر - علم حیوانات - علم نباتات و علم جمادات - و علم عطاری و طبابت وغیرہ کا بیان نہایت مکمل اور شرح طور پر درج ہے۔

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر	نام پستک	نام مصنف	تعداد ادھیائے درگ۔ اشٹک منتر۔ شلوک وغیرہ۔	نام بھاشیہ کار	مختصر حالات
۲	دھنروید	.	.	.	اس میں تمام قواعد جنگی جو راجاؤں کو سیکھنے لازم ہیں۔ اور تلوار۔ بندوق تفنگ توپ۔ تیر۔ چکر ویوہ۔ اگنی بان وغیرہ کے فن جو جنگ میں کام آتے ہیں اور رعیت پروری و عدل گستری وغیرہ کا بیان درج ہے۔ مگر اس مضمون کی کوئی مطبوعہ یا غیر مطبوعہ پستک دستیاب نہیں ہوئی
۳	گاندھرو وید (۱) اپوید	.	.	.	اس میں علم موسیقی۔ سُر۔ راگ راگنی۔ وقت۔ تال۔ گرام۔ تان۔ باجا۔ نرت۔ گیت وغیرہ کا بیان نہایت مکمل اور اعلیٰ درجہ کے طریق۔
۴	ارتھ وید (۱) شلپ شاستر۔	مئی دیت	.	.	اس میں سیاست مدنی (پالیٹکس) اور ہر قسم کی کاریگری مثلاً انجنیری وغیرہ اور دیگر سب ہنروں کا ذکر جنکی تعداد ۶۴ ہے۔ نہایت مشرح اور مکمل طور پر درج ہے۔ ....
			براہمن		
۱	شتپتھ	.	۱۴ کانڈ	(۱) سائن آچاریہ۔	اس میں یجروید کے منتروں کی ویاکھیا ہے۔ اور یگیوں کا خاصکر بیان ہے
۲	گوپتھ	.	.	(۱) سائن آچاریہ۔	اس میں اتھرو وید کے منتروں کی ویاکھیا ہے ....
۳	ایتریہ	.	.	(۱) سائن آچاریہ	اس میں رگ وید کے منتروں کی ویاکھیا ہے ....
		.	.		
۴	سام	.		(۱) سائن آچاریہ	اس میں سام وید کے منتروں کی ویاکھیا ہے ....

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر	نام اپنشد	نام مصنف	تعداد ادھیاے - کانڈ - منتر شلوک وغیرہ -	نام بھاشیہ کرنے والوں کا	مختصر حالات
				اوپنشد	
۱	ایش یا واجسنیئی اپنشد	یجروید کا چالیسواں ادھیاے ہے۔	منتر ۱۷	(۱) شنکر آچاریہ۔..... (۲) انندگری۔..... (۳) پنڈت بھیم سین اٹاوہ۔ (۴) پنڈت گرودت ایم-اے (انگریزی)۔.....	اس میں ایشور کا دھیان کرنے اور اُس کو ہر جگہہ ویاپک اور حاضر ناظر خیال کرنے اور اوم کا سمرن اور جپ کرنے کے لئے تاکید کی گئی ہے۔
۲	کین یا تلوکار	سام وید کی ایک ہزار شاکھاؤں میں سے ایک شاکھا کا نواں ادھیاے ہے۔	کھنڈ ۴ منتر ۳۴	(۱) شنکر آچاریہ (۲) انندگری۔ (۳) پنڈت بھیم سین اٹاوہ (۴) باوا چھجو سنگہ (انگریزی)	اس میں برہم کے سوروپ کو ایک النکار کی شکل میں درج کیا گیا ہے یعنی اندریوں کا ابھمان توڑنے کے لئے برہم پرگٹ ہوا۔ اور رشیوں نے اگنی اور وایو کو اُس کی دریافت کیلئے تعینات کیا۔ مگر اُن کے قاصر رہنے پر بُدھی کو بھیجا۔ بُدھی کے آگے سے برہم غایب ہوگیا۔ صرف بجلی کی مانند ایک چمک آتما کو دکھلا کر برہم انتر دھیان ہوگیا۔
۳	منڈک		منڈک ۳۔ کھنڈ ۶ منتر ۶۴	(۱) شنکر آچاریہ۔ (۲) آنندگری۔ (۳) پنڈت بھیم سین اٹاوہ (۴) پنڈت گرودت ایم اے	اس میں ویدانت وشے کا اُپدیش ہے۔ آخری عمر میں سنیاس لیکر گرو کے پاس جانا اور ویدانت گیان کے حاصل کرنے کا ذکر ہے۔
۴	مانڈوکیہ	مانڈوک رشی	پرکرن ۴۔ منتر ۱۲	(۱) (۲) (۳) مذکورہ بالا (۴) پنڈت گرودت ایم-اے۔ (انگریزی)۔.....	اس میں اوم کی ویاکھیا نہایت مشرح اور عالمانہ طریقہ پر کی گئی ہے ....
۵	پرشن		پرشن ۶۔ منتر ۶۷	(۱) (۲) (۳) مذکورہ بالا۔	اس میں چھہ مختلف رشیوں کے چھہ سوال اور اُن کے جواب جو پپلاد رشی دئے درج ہیں جنکے مضامین حسب ذیل ہیں۔ (۱) سرشٹی کسطرح پیدا ہوتی۔

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر شمار	نام اُپنشد	نام مصنف	تعداد ادھیایہ کانڈ منتر۔ شلوک وغیرہ	نام بھاشیہ کار	مختصر حالات
۵	پرشن اُپنشد (بقیہ مضمون صفحہ ۱۶)	•		(۱) (۲) (۳) مذکورہ بالا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔	(۲) سرشٹی کی قایمی کا کیا کارن ہے۔ (۳) جیو آتما کس سے پیدا ہوتا ہے کسطرح شریر میں آتا ہے۔ اور کسطرح نکل جاتا ہے۔ (۴) شریر میں کون سوتا اور کون جاگتا ہے کون سوپن دیکھتا ہے۔ اور کون سُکھ بھوگتا ہے اور کسکی ستتا سے سب قایم رہتے ہیں (۵) جو گیانی پُرش سب سنساری سُکھوں کو چھوڑ کر جنم بھر برہمچریہ دھارن کرکے یوگیہ ابھیاس اور تپ کرتا ہوا برہم کی اوپاسنا کرتا ہے وہ کسطرح پھل یا ادھکار کو پاتا ہے۔ (۶) آتما (جیو آتما و پرماتما) کہاں ہے اور کیا ہے۔
۶	کٹھوپنشد	کٹھ رشی	ادھیایہ ۲۔ بلی ۶ منتر ۱۲۰	(۱) (۲) (۳) مذکورہ بالا۔	اسمیں نچکیتا برہمچاری جگیاسو کے ۳ سوالوں کا جواب ہے۔ پہلا سوال صرف معمولی ہے۔ دوسرا سوال اُس اگنی کے متعلق ہے جس سے سورگ حاصل ہو سکتا ہے۔ تیسرا سوال آتما کے سروپ کے متعلق ہے جس کے جواب میں یماچاریہ نے آتمک اُپدیش النکار کے طریقہ پر کیا ہے۔ دراصل اس کتاب کا سب سے بڑا حصہ اسی سوال کے جواب سے پُر ہے ❖
۷	ایتریہ اُپنشد	•	•	(۱) (۲) (۳) مذکورہ بالا۔	لوکوں اور لوکپالوں کی اُتپتی دیوتاؤں کا آتما کا ادھیکاری ہوگیہ پدارتھ۔ جیو کا گربھ میں آنا اُس کی اوستھاؤں اور انت میں برہم پراپتی کے آنند کا بیان ہے ❖ ۔۔۔۔۔
۸	تیتریہ اُپنشد	تتریہ رشی	ادھیایہ ۳۔ بلی ۳۔ انوواک ۳۴	(۱) شنکراچاریہ۔ (۲) آنندگری۔ (۳) پنڈت بھیم سین اٹاوہ	اس میں شکشا۔ برہم گیان۔ اور برہم پراپتی کرنے کا طریقہ بیان کیا گیا ہے
۹	چھاندوگیہ اُپنشد	•	•	•	اس میں شکشا۔ برہم گیان اور برہم پراپتی کرنے کا طریقہ بیان کیا گیا ہے ❖ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مختصر حالات	نام مہابھاشیہ کار	تعداد ادھیائے - سوتر - شلوک وغیرہ	نام مصنف	نام کتاب	نمبر شمار
اس میں شکشا - برہم گیان - اور برہم پراپتی کرنے کا طریقہ بیان کیا گیا ہے ۔	•	•	•	[illegible]	
	شاستر - درشن یا اوپانگ				
اس میں یوگ کے آٹھ انگوں اور سدھیوں کا بیان ہے جن کے ذریعہ چت و رتیوں کے نروداہ اور آتما کو پرماتما میں قایم کرکے موکش حاصل کرنے کا طریقہ مکمل طور پر تیلا یا گیا ہے ۔	(۱) مہرشی ویاس جی ۔ (۲) راجہ بھوج ۔ (۳) سائن آچاریہ ۔ (۴) پنڈت نکھل تنتر واچسپتی (۵) پنڈت تارا ناتھ ترک واچسپتی (۶) پنڈت رودر دت آریہ اُپدیشک رانچی ۔	پاد ۴ سوتر ۱۹۵	مہرشی پتنجلی	یوگ شاستر	۱
اس میں کرم کانڈ کا ودھان ہے ۔ یعنی وید انکول کرموں کے کرنے کی تاکید کی گئی ۔	مہرشی ویاس جی ۔ (۲) شوتر (۳) سائن آچاریہ ۔ (۴) پنڈت نکھل تنتر واچسپتی (۵) شری تارا ناتھ ترک واچسپتی	پاد ۶۰ - ادھیائے ۱۲ سوتر ۲۷۱۹ ۔	مہرشی جیمنی	پورو میمانسا	۲
اس میں پراچین طور پر علم منطق کے ذریعہ ست است کے نرنے کرنے کا طریقہ جبر دست اور عالمانہ دلایل سے بیان کیا گیا ۔	(۱) واتسیاین ۔ (۲) سائن آچاریہ (۳) پنڈت نکھل تنتر واچسپتی ۔ (۴) شری تارا ناتھ ترک واچسپتی ۔	اہنک ۱۰ ۔ ادھیائے ۵ شوتر ۵۵۹ ۔	مہرشی گوتم	نیائے	۳
اس میں پراچین علم طبیعات کو مشرح اور مکمل طریق پر بیان کیا گیا ہے ۔	(۱) گوتم منی (پرشت پاد) (۲) (۳) و (۴) مذکورہ بالا ۔	اہنک ۲۰ ۔ ادھیائے ۱۰ ۔ سوتر ۳۷۰	مہرشی کناد	ویشیشک	۴
اس میں تینوں قسم کے دکھوں سے چھوٹ کر پرم آنند حاصل کرنیکا طریقہ اور پرکرتی - ایشور اور جیو ۲۵ تتووں پر بخوبی اور مکمل طور پر دیا گیا ہے ۔	(۱) وگیان بھکشو ۔ (۲) مہا گوری ۔ (۳) سائن (۴) پنڈت تارا ناتھ واچسپتی (۵) پنڈت نکھل تنتر واچسپتی	ادھیائے ۶ ۔ شوتر ۵۲۶	مہرشی کپل دیو	سانکھیہ	۵

نوٹ چھ درشنوں پر سائن بھاشیہ اب تک کسی جگہہ طبع نہیں ہوا ۔

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر شمار	نام پستک	نام مصنف	تعداد ادھیائے - شلوک. سوتر وغیرہ -	نام بھاشیہ کار	مختصر حالات
۶	ویدانت - جسکو درشن، برہم سوتر، اتر میمانسا، شاریرک سوتر بھی کہتے ہیں	مہرشی ویاس جی	پاد ۶ - ادھیائے ۴ - سوتر ۵۶۱	(۱) واتسیائن مُنی - (۲) بودہائن - (۳) شنکر آچاریہ - (۴) رامانج - (۵) سائن آچاریہ (۶) پنڈت نکھل تنتر واچسپتی (۷) شری تارا ناتھ ترک واچسپتی - (۸) مسٹر تھیبا پرنسپل بنارس کالج -	اس میں اودیتہ برہم کا منڈن اور پرکرتی پادن نہایت مشرح عالمانہ اور مکمل طور پر کیا گیا ہے
				متفرق	
۱	شکشا	پانی منی	•	•	اس میں ویدوں کو سُر کے ساتھ پڑھنے کا طریقہ عمدہ طور پر لکھا ہے
۲	کلپ (۱) شروت سوتر (۲) گرہ سوتر	اشو لائن / پارسکر	•	•	اوسمیں ویدانکول یگیوں کی ودھی بتلائی گئی ہے - اس میں سنسکار وغیرہ علاکرم کانڈونکا بیان ہے
۳	ویاکرن (اشٹادھیائی)	پانی مُنی	ادھیائے ۸	مہرشی پتنجلی کا مہابھاشیہ	یہہ سنسکرت زبان کا سب سے مستند اور مکمل صرف نحو ہے -
۴	نِرکت نگھنٹو	یاسک آچاریہ	•	•	یہہ ویدکے شبدوں کی فرہنگ ہے -
۵	چھند (پنگل سوتر)	پنگلاچاریہ	•	•	اسمیں سنسکرت زبان کے علم عروض کا بیان مکمل طور پر درج ہے -
۶	جیوتش (سوریہ سدہانت)	مُنی دئت	•	•	اسمیں سورج - زمین وغیرہ تاروںکی گردش گرہن وغیرہ کے معلوم کرنیکا طریقہ اور مختلف اجسام فلکی کے درمیانی فاصلوں وغیرہ کا ذکر اور نظام شمسی کا حال مکمل طور

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

چند بڑی بڑی سنسکرت اصطلاحیں اور اُن کی تعریف

نمبر	نام پدارتھ	لکشن (تعریف)
۱	سرشٹی	جو سو جوداتھ (کارن درویہ) فاعل (کرتا) کے ذریعہ سے ترتیب پاکر حالتِ علت سے اتصال کے باعث بیشمار قسم کی معلولوں کی صورت اختیار کر کے کاروبار ظاہری میں کام آنے کے لائق بن جاتی ہیں۔ اُس کو سرشٹی کہتے ہیں ؛
۲	درویہ کی قسمیں	پرتھوی۔ جل۔ تیج۔ وایو۔ آکاش۔ کال۔ دشا۔ آتما۔ من۔ یہ درویہ کہلاتے ہیں۔
۳	درویہ کی تعریف	جس میں کریا (حرکت) گُن (صفات) اور کیول گن بھی ہوں اُس کو درویہ کہتے ہیں۔ ان میں سے ۶ درویہ (پرتھوی۔ جل۔ تیج۔ وایو۔ من اور آتما) تو حرکت اور صفات والی ہیں اور تین درویہ (آکاش۔ کال اور دشا) خالی از حرکت مگر صفات والی ہیں ؛
۴	پرتھوی	وہ جوہر ہے جو روپ (صورت) رس (ذائقہ) گندھ (بو) اور سپرش (لمس) رکھتا ہو۔ مگر اس میں روپ اگنی کی آمیزش سے رس۔ جل کی آمیزش سے اور سپرش وایو کی آمیزش سے ہے۔
۵	جل	وہ مایع اور رقیق درویہ ہے جو روپ۔ رس اور سپرش رکھتا ہے۔ لیکن ان میں سے رس جل کی طبعی صفت ہے۔ اور روپ اور سپرش اگنی اور وایو کی آمیزش سے پائے جاتے ہیں۔ خنکی یعنی سردی بھی جل کی طبعی صفت ہے ؛
۶	اگنی	اگنی (تیج) وہ درویہ ہے۔ جو روپ اور سپرش رکھتا ہے۔ لیکن روپ تو اس میں طبعی ہے۔ اور سپرش وایو کی آمیزش سے پایا جاتا ہے۔
۷	وایو	سپرش کی صفت والا درویہ وایو کہلاتا ہے۔ لیکن اس میں بھی حرارت (اُوشنتا) اور خنکی (سردی) اگنی اور جل کے ملاپ سے ہوتی ہے۔
۸	آکاش	آکاش میں روپ۔ رس۔ گندھ۔ سپرش نہیں ہوتی بلکہ شبد ہی (آواز صوت) اُس کی صفت ہے۔ شبد پرتھوی وغیرہ سپرش گُن والی درویوں کا گُن نہیں ہے۔ بلکہ محض آکاش کا ہی گُن ہے۔ جس میں پرویش (دخول) اور نکلنا ہوتا ہے۔ وہ آکاش کی علامت ہے ؛
۹	کال	جس میں پُورب (ماقبل) اپر (مابعد) یکبار۔ چر (تاخیر) تعجیل وغیرہ وغیرہ کی اطلاق ہو اس کو کال (وقت یا زمانہ) کہتے ہیں۔ جو غیر فانی اشیاء پر عاید نہ ہو سکے۔ اور فانی اشیاء پر عاید ہو سکے۔ وہ وقت (کالی) ہے۔ اس لئے کال ہی کا درویوں میں شمار کیا جاتا ہے ؛
۱۰	دشا	جو سب پشچم۔ دکشن۔ اُوتر۔ اُوپر۔ نیچے کو دشا (سمت) کہتے ہیں جس طرف سے سورج [illegible]

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر	نام پدارتھ	لکشن (تعریف)
		اس کو پورب - جس طرف چھپتا ہے - اُس کو پشچم کہتے ہیں - پورب کی طرف منہہ کر کے کھڑے ہونے سے وہنی طرف دکشن اور بائیں اُتر دشا کہلاتی ہے - جنوب مشرق کو اگنیہ جنوب مغرب کو نیرتیہ - شمال مغرب کو وایو - اور شمال مشرق کو ایشان دشا کہتے ہیں -
۱۱	آتما	(۱) جس میں اچھیا (خواہش) دویش - پریتن (جدوجہد) سکھہ - دُکھہ - گیان (علم) کے اوصاف ہوں - اس کو جیو آتما کہتے ہیں - (بموجب نیایہ شاستر) (۲) پران (اندر کی طرف سانس لینا) اپان (دم باہر نکالنا) نمیش (پلک سے آنکھہ بند کرنا) اُنمیش (آنکھہ کھولنا) جیون (زندگی) من (وچار کرنا یعنی علم) گتی (حرکت اختیاری) اندریہ (حواس کو اشیا محسوسہ کی طرف رجوع کرنا - اور ان کے ذریعہ محسوسات کو قبول کرنا) انترو کار (بھوکھہ - پیاس - بخار - تکلیف وغیرہ عوارض کا ہونا) سُکھہ دُکھہ - اچھیا - دویش اور پریتن یہہ سب آتما کے کرم اور گُن ہیں - {بموجب ویشیشک درشن} (۳) جو چیتن - الپگیہ - اچھیا - دویش - پریتن - سُکھہ - دُکھہ اور گیان گُن والا - اور نت ہی وہ جیو کہلاتا ہے ؎
۱۲	من	جس سے ایک ہی وقت میں دو باتوں کا علم نہیں ہو سکتا اس کو من کہتے ہیں ؎
۱۳	گُن کی تعداد	روپ - رس - گندھ - سپرش - سنکھیا - پریمان (مقدار) پرتھکتو - سنیوگ - وبھاگ (تقسیم) پرتو (نزدیکی) - اپرتو (دوری) - بدھی (تمیز) سکھہ - دکھہ - اچھیا (خواہش) دویش - پریتن (کوشش) گروتو (ثقل یا وزن) - دروتو - سنیہہ - سنسکار - دھرم - ادھرم - شبد (آواز) یہہ ۲۴ گُن کہلاتی ہیں ؎
۱۴	گُن کی تعریف	گُن - (صفت) اُس کو کہتے ہیں جو درویہ (جوہر) کے سہارے رہے اور کسی صفت کو اختیار نہ کرے - ترکیب اور تقسیم کا باعث نہ ہو - بالذات ہو - یعنی دوسرے گُن کا محتاج نہ ہو ؎
۱۵	شبد (آواز)	جس سے کانوں کو علم ہوتا ہے - اور جو بدھی سے گرہن کرنے کے لایق ہے - یعنی جس کا مفہوم عقل سے ہو - اور تلفظ سے ظاہر ہو - آکاش جس کا مسکن ہو - وہ شبد کہلاتا ہے -
۱۶	روپ	آنکھوں سے جس کا گیان (علم) ہو وہ شکل یعنی روپ کہلاتا ہے ؎
۱۷	رس	جیبھہ (زبان) سے شیریں وغیرہ کئی اقسام کے ذایقہ کا جو علم ہوتا ہے وہ رس (ذایقہ) کہلاتا ہے ؎
۱۸	گندھ (بُو)	ناسکا (ناک) سے جو محسوس کیا جاتا ہے وہ گندھ کہلاتا ہے ؎
۱۹	سپرش	[illegible] سے جو محسوس کیا جاتا ہے وہ سپرش کہلاتا ہے ؎
[illegible]	[illegible]	[illegible]

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر	نام پدارتھ	لکشن (تعریف)
۲۱	پریمان	جس سے وزن یعنی ہلکا یا بھاری پن ظاہر ہوتا ہے۔ وہ پریمان ہے ٭
۲۲	پرتھکتو (تفریق)	ایک دوسرے سے الگ ہونے کا نام پرتھکتو ہے ٭
۲۳	سنیوگ (ترکیب)	ایک دوسرے کے ساتھ ملنے کو سنیوگ کہتے ہیں ٭
۲۴	وبھاگ (تقسیم)	کسی مرکب کے بہت سے حصے کرنے کو وبھاگ کہتے ہیں ٭
۲۵	پرتو (بُعد)	جب یہہ کہا جاوے کہ اس سے وہ پرے ہے تو وہ پرتو ہے ٭
۲۶	اپرتو (قُرب)	جب یہہ کہا جاوے کہ اس سے وہ نزدیک ہے تو وہ اپرتو کہلاتا ہے ٭
۲۷	بُدھی (تمیز)	جس سے اچھے بُرے کا گیان (علم) ہوتا ہے اُس کو بُدھی یعنی عقل کہتے ہیں ٭
۲۸	دُکھ	کلیش اور تکلیف کا نام دُکھ ہے ٭
۲۹	سُکھ	آنند اور راحت کا نام سُکھ ہے ٭
۳۰	اچھیا (خواہش)	راگ یعنی خواہش کا نام اچھیا ہے ٭
۳۱	دویش	ناجائز طور پر بیر بھاؤ اور مخالفت کا نام دویش ہے ٭
۳۲	پریتن	انیک پرکار کی مختلف طاقتوں اور چیشٹا رتھہ کا نام پریتن ہے ٭
۳۳	گُرتو	بھاری پن کو گُرتو کہتے ہیں ٭
۳۴	دروتو	پگھل جانے کو دروتو (مایع) کہتے ہیں ٭
۳۵	سنیہہ	پریتی اور چکنا پن کو سنیہہ کہتے ہیں ٭
۳۶	کرم کی تعداد	کرم پانچ قسم کے ہوتے ہیں۔ اُتکشیپن (اوپر کو حرکت کرنا) اوکشیپن (نیچے کو حرکت کرنا) آکُنچن (سکڑنا) پرسارن (پھیلنا) گمن (آنا جانا وغیرہ)
۳۷	کرم کی تعریف	جو کسی درویہ (جوہر) کے سہارے اور جس کا یا جس میں کوئی صفت (گُن) نہ ہو۔ اور ترکیب اور تقسیم میں علت (کارن) بلا احتیاج غیری (اپیکشا رہت) ہو۔ کرم وہ ہے جو کیا جاوے۔ اور لکشن وہ ہے جس سے کسی چیز کی کیفیت معلوم ہو۔ پس کرم کا لکشن (تعریف) وہ ہوا جس سے حرکت (فعل) کی کیفیت معلوم ہو۔
۳۸	پریکشا (امتحان)	پرتکیش وغیرہ آٹھہ پرمانوں۔ وید ودیا۔ اور آتما کی صفائی کے ساتھہ قانون کے مطابق غور کرکے ستیہ استیہ میں نرنے کرنے یا کسی امر میں وویک کرنے کو پریکشا کہتے ہیں ٭
۳۹	پریکشا کی قسمیں	پریکشا پانچ پرکار (قسم) کی ہوتی ہے ٭ اول جو ایشور کے گن کرم سبھاؤ اور ویدوں کے انکول ہو۔ وہ ستیہ اور اُس کے برخلاف استیہ ہے ٭ دویم جو سرشٹی کرم کے مطابق ہو۔ وہ ستیہ اور اُس کے برخلاف استیہ ہے ٭ سویم جو آپت یعنی دھرماتما۔ ودوان۔ ستیہ وادی۔ نشکپٹیوں کے ستیہ اُپدیش کے

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر	نام پدارتھ	لکشن (تعریف)
		انکول ہو - وہ قابل تسلیم اور جو خلاف ہو وہ ناقابل تسلیم ہے ۔ چہارم اپت پوترا آتما اور ودیا کے انکول ہو ۔ پنجم پرمان سمت ہو ۔
۴۰	پرمان	پرمان آٹھ قسم کے ہوتے ہیں - پرتیکش - انومان - اُپمان - شبد - ایتہیہ - ارتھاپتی - سمبھو - ابھاو ۔
۴۱	پرتیکش	اندریوں اور ارتھ کے ملاپ سے جو گیان ہو وہ وپدیش رہت ویبھچار رہت اور نشچے آتمک ہو - اُس کو پرتیکش (عین الیقین) کہتے ہیں ۔
۴۲	انومان	پرتیکش ہونے کے بعد ایک انگ (حصہ) سے اصلی چیز کا جو خیال کیا جاوے اُس کو انومان کہتے ہیں ۔
۴۳	اُپمان	پرتیکش کے سدرش (مانند) بتلانے سے جو اصلی چیز کا بغیر دیکھے خیال کیا جاوے اُس کو اُپمان کہتے ہیں ۔
۴۴	شبد	آپت پُرشوں یعنی ودوان - دھرماتما - پروپکاری - ستیہ وادی - پرشارتھی - جتیندری شخصوں کا جو اُپدیش ہو - اُس کو شبد پرمان کہتے ہیں ۔
۴۵	ایتہیہ	جو تحریر شبد پرمان کے مطابق ہو - اور ناممکن یا جھوٹھ نہ ہو - اُس کو ایتہیہ یا اتہاس کہتے ہیں ۔
۴۶	ارتھاپتی	ایک بات کہنے سے دوسری بات کا بغیر کہے سمجھ میں آ جانا ارتھاپتی کہلاتا ہے ۔
۴۷	سمبھو (امکان)	جو بات دلیل اور قانون قدرت کے مطابق ہو وہ سمبھو کہلاتی ہے ۔
۴۸	ابھاو	جب کوئی شخص کسی اور کو کوئی چیز لانے کے لئے کہے - اور وہ چیز وہاں تو موجود ہو نہیں - اور یہ سمجھ کر کہ وہ چیز دوسری جگہ موجود ہے - اور وہ وہاں سے لے آوے - تو اُس کو ابھاو کہتے ہیں ۔
۴۹	جڑ (بے جان)	گیان (علم) وغیرہ صفات سے محروم شے کو جڑ کہتے ہیں ۔
۵۰	چیتن	علم وغیرہ صفات سے موصوف کا نام چیتن ہے ۔
۵۱	پوجا	چیتن کی مناسب طور پر تعلیم و تکریم کرنا پوجا کہلاتا ہے ۔
۵۲	بھاونا	جو چیز جیسی ہو اُس کو بعد غور و فکر ویسی ہی سمجھنا - اور جس کا وشیہ غلط نہ ہو - وہ بھاونا ہے ۔
۵۳	پنڈت	ستیہ استیہ کو نرنے کر کے جاننے والے دھرماتما ستیہ وادی - ودیا پسند - سب کا خیر خواہ - ودوان پُرش کو پنڈت کہتے ہیں ۔
۵۴	آچاریہ (گرو)	جو سانگوپانگ آچار کو گرہن کرا کے سب ودیاؤں کو پڑھا دیوے - اُس کو آچاریہ (گرو ...)

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر شمار	نام پدارتھ	لکشن (تعریف)
		اُستاد) کہتے ہیں ✢
۵۵	دیو	عالم (وِدوان) لوگوں کو دیو - جاہلوں کو اُسر کہتے ہیں ✢
۵۶	مورکھ	جو اگیان (جہالت) ضد - دُراگرہ (کج بحثی) وغیرہ عیبوں سے معیوب ہو اُسکو مورکھ کہتے ہیں -
۵۷	شاستر	جو ستیہ وِدیاؤں کی پرتپادن (تصدیق) سے یکت اور جس سے منشوں کو ستیہ ستیہ شکشا حاصل ہو - اُسکو شاستر کہتے ہیں -
۵۸	وِدّیا	جس کے ذریعہ ایشور سے لیکر مٹی تک اشیاء کا علم حقیقی ہو کر اُن سے مناسب فیض و فایدہ حاصل کیا جاتا ہے - اُس کا نام وِدّیا (علم) ہے ✢
۵۹	اوِدّیا	جو وِدیا کے خلاف ہو - اور جسمیں شک - کور باطنی - اور جہالت پائی جاوے - اُسکو اوِدیا کہتے ہیں -

ओ३म्

کلپ یا سرشٹی سمت کا حساب

واضح ہو کہ موجودہ سرشٹی (دُنیا) کی کُل عمر ویدوں میں ایک کلپ بیان کی گئی ہے - ایک کلپ کو ایک برہم دن بھی کہتے ہیں - ایک کلپ میں ۱۴ منونتر ہوتے ہیں - ایک منونتر اکہتر (۷۱) چترُیگی (یعنی ست یگ - ترتیا - دواپر کلیُگ) کا ہوتا ہے - اور ہر ایک کلپ کے شروع اور ہر ایک منونتر کے آخر میں ۱۷۲۸۰۰۰ پُرش کی ایک سندھی ہوتی ہے - اور ہر ایک یُگ کے شروع میں سندھیا اور اخیر میں سندھیانش ہوتا ہے - جسکا مفصل شمار بابت سالگذشتہ و باقیماندہ ذیل میں درج جسقدر مدت ایک کلپ یا برہم دن کی ہوتی ہے - اُتنی ہی مدت ایک برہم رات کی ہوتی ہے - جس کے ختم ہونے کے بعد پھر از سرِ نو سرشٹی نمودار ہوتی ہے - اِس مدت کلپ کو اسوجہ سے کہ یہ شمار شروع دُنیا سے جاری ہے - سرشٹی سمت کہتے ہیں - اور اسوجہ سے کہ ویدوں کا الہام بھی چار رشیوں پر شروع دُنیا میں ہوا تھا - ویدک سمت اور اسوجہ سے کہ آریہ دھرم بھی ویدوں کے ظہور یا شروع دُنیا سے جاری ہے - آریہ سمت بھی کہتے ہیں ✢

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar


Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

میزان سال	تعداد سال	نام منونتر	نمبر
	گزشتہ سال		
۱۷۲۸۰۰۰	کلپ کے شروع کی سندھی۔		
۴۳۲۰۰۰۰ میزان ایک چترگی	ستیگ ۴: سندھیا = ۱۴۴۰۰۰ ؛ مول (اصلی یگ کی تعداد) = ۱۴۴۰۰۰۰ ؛ سندھیانش = ۱۴۴۰۰۰ ؛ میزان ۱۷۲۸۰۰۰ تریتایگ ۳: سندھیا = ۱۰۸۰۰۰ ؛ مول (اصلی یگ کی تعداد) = ۱۰۸۰۰۰۰ ؛ سندھیانش = ۱۰۸۰۰۰ ؛ میزان ۱۲۹۶۰۰۰ دواپرگ ۲: سندھیا = ۷۲۰۰۰ ؛ مول = ۷۲۰۰۰۰ ؛ سندھیانش = ۷۲۰۰۰ ؛ میزان ۸۶۴۰۰۰ کلجگ ۱: سندھیا = ۳۶۰۰۰ ؛ مول = ۳۶۰۰۰۰ ؛ سندھیانش ۳۶۰۰۰ ؛ میزان ۴۳۲۰۰۰	سوایمبھو منو	۱
۳۰۸۴۴۸۰۰۰	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =		۱
۳۰۸۴۴۸۰۰۰	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	سوارو چش	۲
۳۰۸۴۴۸۰۰۰	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	آدتم	۳
۳۰۸۴۴۸۰۰۰	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	تامل	۴
۳۰۸۴۴۸۰۰۰	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	ایوت	۵
۳۰۸۴۴۸۰۰۰	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	چاکشش	۶
۱۲۰۵۳۳۰۰۱	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۲۷ = ۱۱۶۶۴۰۰۰۰ ۲۸ ویں چترگی ۱۷۲۸۰۰۰ + ۱۲۹۶۰۰۰ + ۸۶۴۰۰۰ = ۳۸۸۸۰۰۰ ۲۸ واں کل یگ گزشتہ شالباہن ۱۸۲۱ وبکرم سنت ۱۹۵۶ و ۱۸۹۹ء تک = ۵۰۰۱	ویوسوت (گزشتہ)	۷
۱۹۷۲۹۴۹۰۰۱	میزان کل سال گزشتہ		
	باقیماندہ سال		
۱۸۶۷۱۴۹۹۹	باقیماندہ ۲۸ واں کل یگ ۔۔۔۔۔۔۔۔ = ۴۲۶۹۹۹ ۴۳ چترگی ۴۳ × ۴۳۲۰۰۰۰ = ۱۸۵۷۶۰۰۰۰ اسکی انت سندھی ۔۔۔۔۔۔۔۔ = ۱۷۲۸۰۰۰	ویوسوت (باقی)	۷
۳۰۸۴۴۸۰۰۰	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	ساورنی	۸
۳۰۸۴۴۸۰۰۰	ایک چترگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	دکش ساورنی	۹


CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر شمار	نام منونتر	تعداد سال	میزان سال
۱۰	برہم ساورنی	ایک چترجگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۳۰۸۴۴۸۰۰۰
۱۱	دھرم ساورنی	ایک چترجگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۳۰۸۴۴۸۰۰۰
۱۲	رودر ساورنی	ایک چترجگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۳۰۸۴۴۸۰۰۰
۱۳	رادیچ	ایک چترجگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۳۰۸۴۴۸۰۰۰
۱۴	بہوتیہ	ایک چترجگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۳۰۸۴۴۸۰۰۰
		میزان کل سال باقیماندہ	۴۳۴۰۰۵۰۹۹۹
		کل میزان ایک کلپ یا برہم دن	۴۳۲۰۰۰۰۰۰۰
		ایک برہم رات یا پرلے کا وقت	۴۳۲۰۰۰۰۰۰۰
		میزان ایک برہم دن رات	۸۶۴۰۰۰۰۰۰۰

ایک برہم دن و رات × ۳۰ دن × ۱۲ مہینہ × ۱۰۰ سال = ایک مہا کلپ ... = ۳۱۱۰۴۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰



Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri



نقشہ سمتہا رائج الوقت معہ تعداد سال لغایت سنہ ۱۹۰۰ء

نمبر شمار	نام سمت	کب سے جاری ہوا	تعداد سال	نمبر شمار	نام سمت	کب سے جاری ہوا	تعداد سال
۱	سرشٹی سمت	سرشٹی یعنی دُنیا کی آغاز سے	۱۹۷۲۹۴۹۰۰۱	۷	کالڈیا سمت	مورث اعلےٰ سے	۱۵۱۸۹۹
۲	ویدک سمت	آغاز دُنیا سے	۱۹۷۲۹۴۹۰۰۱	۸	مصری سمت	مینس بادشاہ سے	۲۷۵۵۳
۳	آریہ سمت			۹	قسطنطنیہ کا سمت	۰	۷۵۰۸
۴	چینی سمت	چین کے پہلے بادشاہ سے	۹۶۰۰۲۳۹۹				
۵	خطائی سمت	خطا کے پہلے آباد کنندہ سے	۸۸۸۴۰۲۸۱	۱۰	انطاکیہ سمت	۰	۷۳۹۲
				۱۱	عیسائی دُنیا کا سمت	۰	۵۹۰۴
۶	پارسی سمت	ایران کے پہلے بادشاہ سے	۱۸۹۴۸۶۹				
				۱۲	عبرانی سمت	آدم اور حوا کی پیدائش سے	۵۹۰۴

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر شمار	نام سمت	کب سے جاری ہوا	تعداد سال
۱۳	کلجگی سمت	زمانہ کلجگ کے شروع سے	۵۰۰۱
۱۴	یدھشٹری سمت	راجہ یدھشٹر سے یعنی کلجگ سے ۱۵۲ سال بعد	۴۸۴۳
۱۵	نوح کا سمت	نوح کے وقت سے	۵۰۰۱
۱۶	ابراہیمی سمت	ابراہیم سے	۳۸۲۰
۱۷	سپارٹا کا سمت	شہر سپارٹا کی بنیاد سے	۳۶۰۳
۱۸	موسوی سمت	موسیٰ کے وقت سے	۳۴۲۲
۱۹	داؤدی سمت	داؤد کے وقت سے	۲۹۴۳
۲۰	یونانی سمت	اولمپیا کے اکھاڑے سے	۲۶۷۵
۲۱	رومی سمت	شہر روم کی بنیاد سے	۲۶۵۲
۲۲	نابونساری سمت	بابل کے پہلے بادشاہ سے	۲۶۴۶
۲۳	بودھ ساکی منی کا سمت	بدھ کے پچاس برس سے	۲۴۴۳
۲۴	سکندری سمت	سکندر اعظم سے	۲۲۵۳
۲۵	بکرمی سمت	راجہ بکرم کے جلوس سے	۱۹۵۸
۲۶	عیسوی سمت	عیسیٰ کی پیدائش سے چار برس بعد	۱۹۰۰
۲۷	سالواہن سمت	راجہ سالواہن سے	۱۸۲۲
۲۸	محمدی سمت	جب محمد صاحب مکہ سے مدینہ گئے تھے تب سے	۱۳۱۷
۲۹	گورو نانکی سمت	گورو نانک صاحب کے وقت سے	۴۵۰
۳۰	دیانندی سمت	سوامی دیانند سرسوتی جی کے سرگباش ہونے کے وقت سے	۱۸

(نوٹ)

اگر مفصل حالات دیکھنا چاہو تو تاریخ دنیا ہر دو حصہ


مصنفہ

پنڈت لیکھرام آریہ مسافر منگا کر ضرور مطالعہ کرو

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri



نقشہ سمت ہا رائج الوقت معہ تعداد سال لغایت سنہ ۱۹۰۶ع

نمبر شمار	نام سمت	کب سے جاری ہوا	تعداد سال	نمبر شمار	نام سمت	کب سے جاری ہوا	تعداد سال
۱	سرشٹی سمت	سرشٹی یعنی دنیا کی آغاز سے	۱۹۷۲۹۴۹۰۰۱	۷	کالڈیا سمت	مورث اعلےٰ سے	۱۵۱۸۹۹
۲	ویدک سمت	آغاز دنیا سے	۱۹۷۲۹۴۹۰۰۱	۸	مصری سمت	مینس بادشاہ سے	۲۷۵۵۳
۳	آریہ سمت			۹	قسطنطنیہ کا سمت	•	۴۵۰۸
۴	چینی سمت	چین کے پہلے بادشاہ سے	۹۶۰۰۲۳۹۹	۱۰	الطاکیہ سمت	•	۶۳۹۶
۵	خطائی سمت	خطا کے پہلے آباد کنندہ سے	۸۸۸۴۰۲۸۱	۱۱	عیسائی دنیا کا سمت	•	۵۹۰۴
۶	پارسی سمت	ایران کے پہلے بادشاہ سے	۱۸[illegible]۸۰۶۹	۱۲	عبرانی سمت	آدم اور حوا کی پیدائش سے	۵۹۰۴

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر شمار	نام سمت	کب سے جاری ہوا	تعداد سال
۱۳	کل یگی سمت	زمانہ کل یگ کے شروع سے	۵۰۰۱
۱۴	یدھشٹری سمت	راجہ یدھشٹر سے یعنی کل یگ سے ۲۵۳۱ سال بعد	۲۴۴۳
۱۵	نوح کا سمت	نوح کے وقت سے	۵۰۰۱
۱۶	ابراہیمی سمت	ابراہیم سے	۳۵۳۰
۱۷	سپارٹا کا سمت	شہر سپارٹا کی بنیاد سے	۳۶۰۳
۱۸	موسوی سمت	موسیٰ کے وقت سے	۳۴۲۲
۱۹	داؤدی سمت	داؤد کے وقت سے	۲۹۳۴
۲۰	یونانی سمت	اولمپیا کے اکھاڑے سے	۲۶۷۵
۲۱	رومی سمت	شہر روم کی بنیاد سے	۲۶۵۲
۲۲	نابوناصری سمت	بابل کے پہلے بادشاہ سے	۲۶۴۶
۲۳	بودھ ساکی منی کا سمت	بدھ کے پچاس برس بعد موت سے	۲۴۴۳
۲۴	سکندری سمت	سکندر اعظم سے	۲۲۵۳
۲۵	بکرمی سمت	راجہ بکرم کے جلوس سے	۱۹۵۷
۲۶	عیسوی سمت	عیسیٰ کی پیدائش سے چار برس بعد	۱۹۰۰
۲۷	سالواہن سمت	راجہ شالواہن سے	۱۸۲۲
۲۸	محمدی سمت	جب محمد صاحب مکہ سے مدینہ گئے تھے تب سے	۱۳۱۷
۲۹	گورونانک جی کا سمت	گورو نانک صاحب کے وقت سے	۴۵۰
۳۰	دیانند سمت	سوامی دیانند سرسوتی جی کے ستیارتھ پرکاش چھپنے کے وقت سے	۱۷

(نوٹ)

اگر مفصل حالات دیکھنا چاہو تو تاریخ دنیا ہر دو حصہ

مصنفہ

پنڈت لیکھ رام آریہ مسافر منگا کر ضرور مطالعہ کرو

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دن	جنوری ۱۹۵۰ء	شعبان ۱۳۶۹ھ	فصلی ۱۳۵۷	پوہ سمت ۲۰۰۶ بکرمی	تتھی (بدی شدی)	گھڑی	پل	نچھتر	گھڑی	پل	جوگ	گھڑی/پل	چندرماں راس	گھڑی/پل	روز روشن	شب	طلوع و غروب چندرماں		تہوار و طلوع و غروب سیارگان
سوموار	۱	۲۸	۱۶	۱۹	[illegible]	۲۹	۲۶	[illegible]	۳۰	۳۱	[illegible]	۲۲/۵	۰	۰	۲۲ / ۵۹	۳۵ / ۱	ط	:	سوماوتی اماوس تہوار نوروز
منگل وار	۲	۲۹	۱۷	۲۰	[illegible]	۲۴	۵۶	[illegible]	۵	۲۷	[illegible]	۳۲/۲۱	مکر	۲۰ / ۰۰	۲۵ / ۱	۳۴ / ۵۹	ح	۲۸	سنیچر مشرق میں [illegible] پر طلوع ہوا
بدھ وار	۳	۳۰	۱۸	۲۱	۳	۱۹	۵۳	[illegible]	۲	۳	[illegible]	۳۰/۳	۰	۰	۲۵ / ۲	۳۴ / ۵۸	۷	۷	بدھ دھن میں [illegible] پر داخل ہو جائیگا
ویروار	۴	رمضان	۱۹	۲۲	۳	۱۴	۱۴	[illegible]	۵۵	۴۳	[illegible]	۲۲/۳۶	کنبھ	۲۴ / ۲۳	۲۵ / ۴	۳۴ / ۵۶	۹	۲۷	۰
شکروار	۵	۲	۲۰	۲۳	۴	۸	۲۷	[illegible]	۵۱	۱۱	[illegible]	۱۳/۵۷	۰	۰	۲۵ / ۵	۳۴ / ۵۵	۱۱	۴۹	۰
سنیچروار	۶	۳	۲۱	۲۴	۵ / ۶	۲ / ۵۷	۴۳ / ۴۹	[illegible]	۴۷	۵	[illegible]	۵/۴۸	مین	۳۲ / ۵۶	۲۵ / ۷	۳۴ / ۵۳	۱۴	۵	۰
اتوار	۷	۴	۲۲	۲۵	۷	۵۱	۵	[illegible]	۴۳	۱۳	[illegible]	[illegible]	۰	۰	۲۵ / ۹	۳۴ / ۵۳	۱۵	۵۹	۰
سوموار	۸	۵	۲۳	۲۶	اشٹمی	۴۵	۳۴	[illegible]	۳۹	۴۹	[illegible]	۴۲/۹	میکھ	۳۹ / ۳۹	۲۵ / ۱۱	۳۴ / ۴۹	۱۸	۳۸	۰
منگل وار	۹	۶	۲۴	۲۷	۹	۴۲	۲۹	[illegible]	۳۷	۶	[illegible]	۲۵/۳۰	۰	۰	۲۵ / ۱۳	۳۴ / ۴۸	۲۱	۴۰	۰
بدھ وار	۱۰	۷	۲۵	۲۸	۱۰	۳۹	۱۴	[illegible]	۳۵	۱۵	[illegible]	۳۱/۳۴	برکھ	۴۹ / ۴۵	۲۵ / ۱۴	۳۴ / ۴۶	۲۳	۸	ادیہ سم [illegible] ۰
ویروار	۱۱	۸	۲۶	۲۹	۱۱	۳۷	۶	[illegible]	۳۴	۱۸	[illegible]	۲۶/۳۵	۰	۰	۲۵ / ۱۳	۳۴ / ۴۷	۲۵	۳۶	بدھ مشرق میں [illegible] اکادشی
شکروار	۱۲	۹	۲۷	ماگھ	۱۲	۳۶	۹	[illegible]	۳۴	۲۶	[illegible]	[illegible]	۰	۰	۲۵ / ۱۶	۳۴ / ۴۳	۲۷	۵۲	شکر ہفت کر ۵۷ ۔ ۱۰ [illegible]
سنیچروار	۱۳	۱۰	۲۸	۲	۱۳	۳۶	۲۹	[illegible]	۲۷	۰۰	[illegible]	۱۸/۸	[illegible]	۶ / ۰۰	۲۵ / ۱۹	۳۴ / ۴۱	۳۰	۱۵	شکر کنبھ میں [illegible] پر داخل ہوا
اتوار	۱۴	۱۱	۲۹	۳	۱۴	۳۸	۱۰	[illegible]	۳۸	۴۵	[illegible]	۱۴/۵	۰	۰	۲۵ / ۲۱	۳۴ / ۳۹	۳۳	۲۸	[illegible]
سوموار	۱۵	۱۲	۳۰	۴	[illegible]	۴۰	۵۹	[illegible]	۴۲	۴۰	[illegible]	۱۴/۲۰	کرک	۲۶ / ۲۰	۲۵ / ۲۳	۳۴ / ۳۷	۳۴	۴۵	منگل کنیا میں [illegible] پر داخل ہوا
منگل وار	۱۶	۱۳	ماگھ	۵	[illegible]	۴۵	:	[illegible]	۴۳	۴۵	[illegible]	۱۴/۵۲	۰	۰	۲۵ / ۱۵	۳۴ / ۳۵	۲	۲۶	
بدھ وار	۱۷	۱۴	۲	۶	۳	۵۴	۴۴	[illegible]	۵۳	۳۶	[illegible]	۱۶/۵۴	سنگھ	۵۳ / ۳۶	۲۵ / ۲۸	۳۴ / ۳۲	۴	۴۴	۰
ویروار	۱۸	۱۵	۳	۷	۳	۵۵	۷	[illegible]	۶۰	۰۰	[illegible]	۱۶/۲۰	۰	۰	۲۵ / ۳۱	۳۴ / ۳۹	۷	۱	۰
شکروار	۱۹	۱۶	۴	۸	۴	۵۸	۰	[illegible]	۱	۵	[illegible]	۱۶/۴۲	۰	۰	۲۵ / ۳۴	۳۴ / ۲۶	۹	۲	گنیش چوتھ دبھوگا
سنیچروار	۲۰	۱۷	۵	۹	۵	۶۰	۰۰	[illegible]	۶	۳۴	[illegible]	۱۹/۶	کنیا	۲۳ / ۱۲	۲۵ / ۳۶	۳۴ / ۲۴	۱۱	۱۹	۰
اتوار	۲۱	۱۸	۶	۱۰	۵	۵	۳۴	[illegible]	۱۱	۴۲	[illegible]	۲۰/۵	۰	۰	۲۵ / ۴۰	۳۴ / ۲۵	۱۳	۳۵	[illegible] مکر میں [illegible] پر داخل ہوا
سوموار	۲۲	۱۹	۷	۱۱	۶	۱۰	۰۰	[illegible]	۱۸	۲۹	[illegible]	۲۰/۴۸	۰	۰	۲۵ / ۴۲	۳۴ / ۱۶	۱۵	۵۱	۰
منگل وار	۲۳	۲۰	۸	۱۲	۷	۱۳	۲۰	[illegible]	۲۳	۹	[illegible]	۲۰/۲۶	تلا	۵۰ / ۴۹	۲۵ / ۴۶	۳۴ / ۱۴	۱۸	۷	۰
بدھ وار	۲۴	۲۱	۹	۱۳	[illegible]	۱۵	۳۵	[illegible]	۲۶	۴۰	[illegible]	۱۹/۲۰	۰	۰	۲۵ / ۴۹	۳۴ / ۱۱	۲۰	۲۲	۰
ویروار	۲۵	۲۲	۱۰	۱۴	۹	۱۶	۴۸	[illegible]	۲۸	۴۲	[illegible]	۱۷/۱۲	[illegible]	۱۳ / ۸	۲۵ / ۵۳	۳۴ / ۶	۲۳	۳۶	۰
شکروار	۲۶	۲۳	۱۱	۱۵	۱۰	۱۶	۳	[illegible]	۳۰	۴	[illegible]	[illegible]	۰	۰	۲۵ / ۵۶	۳۴ / ۳	۲۳	۵۰	جمعۃ الوداع
سنیچروار	۲۷	۲۴	۱۲	۱۶	۱۱	۱۴	۲۴	[illegible]	۲۵	۵۲	[illegible]	۱۰/۰۰	دھن	۲۹ / ۵۳	۲۶ / ۲	۳۴ / ۵۸	۲۴	۵۰	اکادشی
اتوار	۲۸	۲۵	۱۳	۱۷	۱۲	۱۱	۳۹	[illegible]	۳۸	۳۱	[illegible]	[illegible]	۰	۰	۲۶ / ۶	۳۳ / ۵۶	۲۷	۲	۰
سوموار	۲۹	۲۶	۱۴	۱۸	۱۳	۷	۵۶	[illegible]	۲۶	۳۱	[illegible]	۵۳/۴	مکر	۲۰ / ۴۹	۲۶ / ۱۱	۳۳ / ۴۸	۲۹	۱۶	۰
منگل وار	۳۰	۲۷	۱۵	۱۹	[illegible]	۳ / ۵۸	۲۳ / ۱۱	[illegible]	۳۴	۳۶	[illegible]	۲۲/۳۶	۰	۰	۲۶ / ۱۵	۳۳ / ۴۵	۳۰	۵۴	سوم اماوس شب لیلۃ القدر
منگل وار	۲۰	۲۶	۱۴	۶	۱۴	۴	۳۹		۵۰	۲۳	[illegible]	۴۰ ۱۰	۰	۰	۲۸ ۳۶	۲۸ ۲۴	۳۱ ۵۸	
بدھ وار	۲۱	۲۷	۱۵	۷	[illegible]	۱	۱۱		۵۵	۳۲	[illegible]	۴۰ ۳۲	[illegible]	۳۹ ۱۵	۲۵ ۳۲	۳۴ ۲۸	۳۲ ۲۱	شب معراج
ویروار	۲۲	۲۸	۱۶	۸	[illegible]	۱۲	۴۸		۶۰	۰۰	[illegible]	۴۰ ۳	۰	۰	۲۵ ۲۸	۳۴ ۳۰	۳۴ ۳۰	
شکروار	۲۳	۲۹	۱۷	۹	۲	۱۵	۱۹		۱	۴	[illegible]	۳۹ ۲۹	۰	۰	۲۵ ۲۶	۳۴ ۳۴	[illegible] ۲۴	چاند ضعیف نظر آئیگا
سنیچروار	۲۴	[illegible]	۱۸	۱۰	۳	۱۶	۳۳		۲	۴۳	[illegible]	۳۶ ۲۳	[illegible]	۲ ۴۲	۲۸ ۲۵	۳۴ ۲۵	۲ ۵۵	
اتوار	۲۵	۲	۱۹	۱۱	۴	۱۶	۲۸		۴	۱۴	[illegible]	۳۳ ۳	۰	۰	۲۵ ۲۲	۳۱ ۲۷	۹ ۲۲	
سوموار	۲۶	۳	۲۰	۱۲	۵	۱۵	۹		۵	۳۹	[illegible]	۲۸ ۳	[illegible]	۱۹ ۴۲	۲۵ ۲۰	۳۲ ۳۸	[illegible]	بدھ [illegible]
منگل وار	۲۷	۴	۲۱	۱۳	۶	۱۲	۳۹		۴	۵۳	[illegible]	۲۳ ۳۰	۰	۰	۲۵ ۱۸	۳۴ ۴۸	[illegible]	
بدھ وار	۲۸	۵	۲۲	۱۴	۷	۹	۸		۲ ۵۹	۸ ۱۰۱	[illegible]	۱۷ ۵۱	کنبھ	۳۱ ۵۸	۲۵ ۱۷	۳۴ ۴۴	۱۶ ۱۹	
ویروار	۲۹	۶	۲۳	۱۵	۸	۴	۵۸		۵۶	۱۳	[illegible]	۱۱ ۱۲	۰	۰	۰	۳۴ ۴۲	۱۷ ۴۲	برتا [illegible]
شکروار	۳۰	۷	۲۴	۱۶	[illegible]	۵	۱۳ ۱۲		۵۴	۲۵	[illegible]	۵۳ ۱۲	مین	۲۷ ۱۰	۳۵ ۱۵	۳۴ ۴۵	۲ ۳۹	
۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

یعنی मेष की سرشٹی شروع ہوجاتی ہے۔
اب سرشٹی کی پیدائیش سے متعلق چند دیگر مذاہب کے مسائل بھی ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔

(۱) دُنیا کی پیدائیش کا صحیح زمانہ سوائے ویدوں کے اور کسی مذہب کی کُتب میں بالکل نہیں پایا جاتا۔ چنانچہ میلہ چاندپور ضلع علی گڈھ میں جو بہ سرپرستی لالہ پیارے لعل صاحب رئیس چاناپور ۱۸۷۶ء میں واسطے نرنے کرنے سچے مذہب کے ہوا تھا۔ اور جسمیں ہندؤں اور آریوں کی طرف سے شری سوامی دیانند سرسوتی جی اور مسلمانوں کی طرف سے مولوی محمد قاسم صاحب اور عیسائیوں کی طرف سے پادری سکاٹ صاحب شریک ہوئے تھے۔ اور منجملہ دیگر سوالات کے اُسوقت اسی سوال پر بھی بحث ہوئی تھی۔ کہ دُنیا کب۔ کس طرح اور کیوں بنائی گئی۔ چنانچہ اس سوال پر بحث شروع ہوتے ہی۔ مولوی صاحب اور پادری صاحب نے یہہ تسلیم کرلیا تھا کہ دُنیا کی پیدائیش کا زمانہ ہمارے مذاہب کی کُتب میں کہیں نہیں پایا جاتا۔ اور نہ ہم یہہ جانتے ہیں کہ ایشور نے دُنیا کو کس چیز سے بنایا ہے۔ مگر مولوی صاحب نے یہہ بھی فرمایا تھا کہ "ایشور نے اِس دُنیا کو اپنے جسم سے پیدا کیا ہے اُس سے ہم الگ ہیں۔ اگر ہم الگ ہوتے تو اُسکی خدائی میں نہ ہوتے"

(۲) قرآن میں سرشٹی کی پیدائیش کی بابت یہہ درج ہے کہ جب خدا نے "کُن فیکون" (یعنے دُنیا پیدا ہوجا) کہا تو اُسی وقت دُنیا پیدا ہوگئی۔ مگر یہہ کہیں نہیں لکھا۔ کہ سرشٹی کا مادہ کہاں سے آیا کیونکہ کُن فیکون صرف شبد ہیں ان سے بموجب علم سائینس مادہ ہرگز پیدا نہیں ہوسکتا۔ اور نہ کہیں یہ بتلایا گیا ہے کہ مادہ کی عدم موجودگی کی صورت میں خدا کا قدیم سے مالک کُل کہلانا کیا معنے رکھتا ہے۔

(۳) انجیل میں پیدائش سرشٹی کے بارہ میں یہ درج ہے کہ خدا نے سرشٹی کو چھہ روز میں حسب ذیل ترتیب سے بنایا۔

اوّل روز آسمان اور زمین کو بنایا۔ زمین بیڈول تھی اندھیرا چھایا ہوا تھا۔ خدا کی روح پانی پر تیرتی تھی۔ خدا نے کہا روشنی ہوجا۔ اور روشنی ہوگئی۔

دوسرے روز اندھیرے اور روشنی کو جدا کیا۔ اور آسمان

یادداشت

۱	[illegible]
۲	
۳	
۴	[illegible]
۵	
۶	
۷	
۸	
۹	[illegible]
۱۰	
۱۱	
۱۲	[illegible]
۱۳	[illegible]
۱۴	
۱۵	[illegible]
۱۶	[illegible]
۱۷	
۱۸	
۱۹	
۲۰	
۲۱	
۲۲	
۲۳	
۲۴	
۲۵	
۲۶	
۲۷	[illegible]
۲۸	[illegible]
۲۹	
۳۰	[illegible]
۳۱	

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۳۱ یوم	دسمبر ۱۹۰۰ء	شعبان ۱۳۱۸ ہجری	مگھر ۱۹۵۷	[illegible]	بدی سدی تتھی	گھڑی	پل	نچھتر	گھڑی	پل	جوگ	گ پ	راس چندرماں	گ پ	روز گ پ	شب گ پ	طلوع و غروب چندرماں	تیوہار و طلوع و غروب سیارگان
سنیچروار	۱	۸	۲۵	۱۷	۱۰	۴۸	۱۸	[illegible]	۴۸	۱۸	[illegible]	۴۸ ۳۲	۰	۰	۲۵ ۱۳	۳۴ ۴۷	[illegible]	
اتوار	۲	۹	۲۶	۱۸	۱۱	۲۴	۲۴	ریوتی	۲۴	۳	[illegible]	۴۴ ۴۳	میکھ	۴۴ ۳	۲۵ ۱۲	۳۴ ۴۸	۲۵ ۳۹	
سوموار	۳	۱۰	۲۷	۱۹	۱۲	۳۶	۳۳	اشونی	۳۹	۵۸	[illegible]	۳۲ ۴۶	۰	۰	۲۵ ۱۰	۳۴ ۵۰	۲۸ ۰	
منگلوار	۴	۱۱	۲۸	۲۰	۱۳	۳۱	۳	بھرنی	۳۶	۱۰	[illegible]	۲۵ ۹	برکھ	۵۰ ۳۰	۲۵ ۸	۳۴ ۵۲	۳۱ ۱	
بدھوار	۵	۱۲	۲۹	۲۱	۱۴	۲۶	۴	کرتکا	۳۲	۵۴	[illegible]	۱۶ ۲۲	۰	۰	۲۵ ۷	۳۴ ۵۳	۲۳ ۱۴	بدھ برچھک میں ۴۵/۳۲ پر داخل
ویروار	۶	۱۳	۳۰	۲۲	پورنماشی	۲۱	۴۶	روہنی	۳۰	۳۱	[illegible]	۱۰ ۱	متھن	۵۹ ۳۶	۲۵ ۵	۳۴ ۵۵	۳۴ ۵۵	
شکروار	۷	۱۴	پوہ	۲۳	پڑوا	۱۸	۱۹	مرگ	۲۸	۹۴	[illegible]	۵ ۱۳	۰	۰	۲۵ ۴	۳۴ ۵۶	[illegible]	
سنیچروار	۸	۱۵	۲	۲۴	۲	۱۵	۵۴	اردرا	۲۸	۸	۰	۲۶ ۵۵ ۳۷	۰	۰	۲۵ ۲	۳۴ ۵۸	۶ ۵۱	شب برات
اتوار	۹	۱۶	۳	۲۵	۳	۱۴	۳۸	پنربسو	۲۸	۳۷	[illegible]	۵۴ ۱۳	کرک	۱۳ ۳۹	۲۵ ۰	۳۵ ۰	۹ ۱۲	گنیش چوتھ
سوموار	۱۰	۱۷	۴	۲۶	۴	۱۴	۴۰	پکھیہ	۳۰	۲۱	اہیندر	۵۱ ۵۰	۰	۰	۲۴ ۵۸	۳۵ ۲	۱۰ ۵۲	سنیچر مغرب میں ۱۲/۴۲ پر غروب ہوتا
منگلوار	۱۱	۱۸	۵	۲۷	۵	۱۹	۵۹	اشلیکھا	۳۳	۲۴	[illegible]	۵۰ ۲۱	سنگھ	۳۳ ۴۲	۲۴ ۵۶	۳۵ ۴	۱۳ ۵۳	
بدھوار	۱۲	۱۹	۶	۲۸	۶	۱۸	۴۳	مگھا	۳۷	۳۳	وشکنبھ	۵۴ ۵۶	۰	۰	۲۴ ۵۸	۳۵ ۲	۱۶ ۴۴	برہسپت دھن میں ... پر داخل ہوا
ویروار	۱۳	۲۰	۷	۲۹	۷	۲۲	۱۵	پوربا پھالگنی	۲۴	۴۶	پریت	۴۶ ۱۸	کنیا	۳۵ ۷	۵۹ ۱۵	۲۴ ۳	۱۷ ۳۴	سنکرانت دھن ... بھوگ
شکروار	۱۴	۲۱	۸	پوہ	اشٹمی	۲۶	۵۴	اترا پھالگنی	۴۸	۳۵	آیشمان	۴۶ ۱۰	۰	۰	۲۴ ۵۱	۳۵ ۹	۲۱ ۲۷	
سنیچروار	۱۵	۲۲	۹	۲	۹	۳۲	۹	ہست	۵۵	۴	سوبھاگیہ	۲۸ ۴۶	۰	۰	۲۴ ۴۹	۳۵ ۱۱	۲۱ ۳۸	
اتوار	۱۶	۲۳	۱۰	۳	۱۰	۳۷	۳۶	چترا	۶۰	۶	شوبھن	۵۴ ۴۸	تلا	۳۸ ۳۶	۲۴ ۴۸	۳۵ ۱۲	[illegible] ۱۹	شکر برچھک میں ... پر داخل ہوا
سوموار	۱۷	۲۴	۱۱	۴	۱۱	۴۲	۴۴	چترا	۱	۳۶	اتیگنڈ	۵۰ ۵۱	۰	۰	۲۴ ۴۶	۳۵ ۱۴	۳۵ ۳۴	
منگلوار	۱۸	۲۵	۱۲	۵	۱۲	۴۷	۲۱	سواتی	۷	۴۳	سکرما	۵۱ ۵۶	۰	۰	۲۴ ۴۴	۳۵ ۱۶	۸۴ ۵	
بدھوار	۱۹	۲۶	۱۳	۶	۱۳	۵۰	۵۶	بشاکھا	۱۱	۱۸	دھرت	۵۱ ۱۶	برچھک	۲۰ ۵۸	۲۴ ۴۳	۳۵ ۱۷	۳۰ ۲۶	
ویروار	۲۰	۲۷	۱۴	۷	۱۴	۵۳	۴۵	انورادھا	۱۷	۱۴	شول	۵۰ ۱۲	۰	۰	۲۴ ۴۱	۳۵ ۱۹	۳۲ ۴۹	
شکروار	۲۱	۲۸	۱۵	۸	اماوس	۵۴	۳۸	جیشٹھا	۲۱	۵۸	گنڈ	۴۸ ۱۲	دھن	۵۴ ۹۴	۲۴ ۳۹	۳۵ ۲۱	۳۵ ۲۰۱	
سنیچروار	۲۲	۲۹	۱۶	۹	پڑوا	۵۴	۲۹	مول	۲۲	۵۷	بردھ	۴۵ ۹	۰	۰	۲۴ ۴۱	۳۵ ۱۹	[illegible] ۲۲۹	
اتوار	۲۳	۳۰	۱۷	۱۰	۲	۵۳	۶	پوربا اکھاڑھ	۲۳	۴۲	دھرو	۲۳ ۶	مکر	۳۸ ۳۶	۲۴ ۴۴	۳۵ ۱۷	۴ ۵۰	چاند نظر آئے گا
سوموار	۲۴	رمضان	۱۸	۱۱	۳	۵۰	۲۳	اترا اکھاڑھ	۲۴	۱۴	بیاگھات	۳۸ ۱۱	۰	۰	۲۴ ۴۵	۳۵ ۱۵	۶ ۱۱	روزے شروع
منگلوار	۲۵	۲	۱۹	۱۲	۴	۴۷	۰۰	شرون	۲۱	۴۲	ہرکھن	۲۳ ۴۲	کنبھ	۳۰ ۵۲	۲۴ ۴۶	۳۵ ۱۶	۹ ۳۲	بدھ مشرق میں ۲۷/۱۹ پر غروب — کرسمس ڈے
بدھوار	۲۶	۳	۲۰	۱۳	۵	۴۲	۴۶	دھنشٹھا	۱۹	۲۳	بجر	۲۵ ۵۷	۰	۰	۲۴ ۴۸	۳۵ ۱۲	۱۱ ۵۲	
ویروار	۲۷	۴	۲۱	۱۴	۶	۳۷	۲۵	شتبھکھا	۱۵	۱۳	سدھ	۵۸ ۵۷	۰	۰	۲۴ ۴۹	۳۵ ۱۱	۱۳ ۵۶	بدھ دھن میں ۲۶/۳۰ پر داخل ہوا
شکروار	۲۸	۵	۲۲	۱۵	۷	۳۲	۱	۰	۱۲	۲۲	بیتی پات	۱۱ ۲۵	مین	۲۰ ۵	۲۴ ۵۱	۳۵ ۹	۱۶ ۱۶	
سنیچروار	۲۹	۶	۲۳	۱۶	اشٹمی	۲۶	۱۰	۰	۸	۳۰	۰	۲۳ ۵۹ ۳۹	۰	۰	۲۴ ۵۲	۳۵ ۸	۱۸ ۲۶	
اتوار	۳۰	۷	۲۴	۱۷	۹	۴۰	۱۷	ریوتی	۴	۱۹	[illegible]	۴۷ ۵۴	میکھ	۴ ۱۹	۲۴ ۵۴	۳۵ ۶	۲۳ ۱۶	برہسپت مشرق میں ۲ طلوع
سوموار	۳۱	۸	۲۵	۱۸	۱۰	۱۴	۲۷	۰	۰۰ ۵۶	۱۲ ۱۶	[illegible]	۴ ۹	۰	۰	۲۴ ۵۵	۳۵ ۵	۲۵ ۳۵	

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

تاریخ دسمبر ۱۹۱۰ء	یادداشت
۱	
۲	
۳	
۴	
۵	
۶	
۷	
۸	
۹	
۱۰	
۱۱	
۱۲	
۱۳	
۱۴	
۱۵	
۱۶	
۱۷	
۱۸	
۱۹	
۲۰	
۲۱	
۲۲	
۲۳	
۲۴	
۲۵	
۲۶	
۲۷	
۲۸	
۲۹	
۳۰	
۳۱	

کے پانی کو زمین کے پانی سے جدا کیا۔

تیسرے روز پانی کو ایک جگہ جمع کر کے زمین کو خشک کیا اور زمین سے درخت گھاس وغیرہ اُگے۔

چوتھے روز۔ موسم۔ دن۔ سال۔ ستارے وغیرہ بنائے۔

پانچویں روز۔ مچھلیاں اور پرند وغیرہ جانور بنائے۔

چھٹے روز۔ زمین کے درندے اور رینگ کر چلنے والے جانور پیدا کئے۔ اور انسان کو اپنی (یعنی خدا کی) شکل کے موافق پیدا کیا۔ اور اُسکو تمام جانوروں پر حکومت عطا کی۔

ساتویں روز۔ خدا نے آرام کیا اور وہ دن مبارک بنایا۔

خاص یوروپ اور امریکہ کے ہی اکثر عیسائی فاضل فلاسفر اور سائینس ودیا کے ماہر انجیل کے اس پیدائش کے مسئلہ سے منحرف ہو کر اسکو بالکل ہیچ اور لغو خیال کرتے ہیں۔ کیونکہ اول تو خدا کا چھ روز میں دُنیا کو پیدا کر کے ساتویں روز تھک کر آرام کرنا خدا کی ذات مقدس پر سخت الزام ہے۔ اور دوم یہ کہیں درج نہیں ہے کہ آسمان اور زمین کو کس مصالح سے پیدا کیا۔ اور وہ مصالح کہاں سے آیا۔ کیونکہ بموجب علم سائینس نیستی سے ہستی قطعی ناممکن ہے۔

(۴) جینیوں کے نزدیک سرشٹی انادی (قدیم) الوؤں سے بنی ہے۔ اور وہ لوگ اس وجہ سے اس دُنیا کو ازلی اور ابدی قرار دیتے ہیں کل موجودات کو جیو اور اجیو دو حصوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ یہ لوگ کسی شے کے ست ہونے یا نہ ہونے کے متعلق مختلف دلیلوں کو سات طریق سے بیان کرتے ہیں۔ جسکو سپت بھنگ کہتے ہیں۔ اور اسی وجہ سے اس فرقہ کا نام سپت بھنگی یا سیادوادی ہے۔ دُنیا کو تین حصوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ بالائی۔ متوسط۔ زیرین۔ اور کئی قسم کے سورگ اور نرک مانتے ہیں۔ جینی لوگ سرشٹی کی اُتپتی کرم (فعل) سے مانتے ہیں۔ یعنی ایشور کو اُسکا بنانیوالا نہیں مانتے۔ بلکہ انسان کے کرم ہی کو اُسکے بننے میں کارن روپ مانتے ہیں۔ سرشٹی کے دو دور مانتے ہیں۔ ایک اُت سرپنی دوسرا اَوسرپنی یعنے پہلے دور میں انسان کی عمر اور قد بڑھتے اور دوسرے میں گھٹتے ہیں۔ چنانچہ جینیوں کا اعتقاد ہے کہ اُت سرپنی کے عرصہ میں دُنیا اوپر کو چڑھتی ہے۔ اور زمانہ اَوسرپنی میں وہ

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نیچے کو اوترتی ہے۔ اُن کے خیال میں اب دُنیا کا ادسرپنی دور جا رہی ہے یعنی وہ نیچے کو اُترتی جاتی ہے۔ چنانچہ اُنکا خیال ہے کہ سب سے پہلے جن یعنی رشبھ دیو کا قد (جنکا اُتسرپنی میں ہونا بتلاتے ہیں) ۵۰۰ دھنش کا تھا اور عمر ۸۴ لاکھ برس کی تھی اور سب سے آخیر جن یعنی اشونا تھ اور مہابیر کا قد (جنکا اُوسرپنی میں ہونا بتلاتے ہیں) انسان کے قد کے برابر تھا اور انکی عمر ستتر برس کی تھی۔

(۵) پورانوں میں تو پیدائیش سرشٹی کو نہایت بیہودہ۔ نامعقول اور بے بُنیاد مختلف طریقوں پر بیان کیا ہے۔ جو ویدوں اور پراچین شاستروں کے سدھانت سے بالکل مختلف ہیں۔ چنانچہ چند بڑے بڑے پورانوں کے مسائل اس مضمون پر ذیل میں درج کیے جاتے ہیں۔

مہابھارت اور بھاگوت میں لکھا ہے کہ جب دشنو کشیر ساگر میں پڑے کیوقت شیش (سانپ) کی شیا پر سوتا تھا تو سرشٹی اوتپتی کی اچھیا ہوتے ہی اُسکی نابھی سے کنول پیدا ہوا جس میں سے برہما نکلا۔ برہما کے چاروں طرف دیکھنے سے چار منہ ہو گئے۔ اور اپنے دس انگلوں کی طرف دیکھنے سے اُس کے دس پُتر اور ایک کنیا اِستری پیدا ہوئی۔ پھر برہما نے اُس کنیا کو نگاہ بد سے دیکھا۔ مگر اُن دس پُتروں نے اُسکو روکا۔ برہما نے گیان ہونے پر افسوس کیا اور اپنا شریر تیاگ دیا۔ شریر کے دو حصے ہو گئے۔ بائیں حصہ سے ستروپا استری اور دائیں حصہ سے سوئمبھو منو راجا پیدا ہوئے۔ دونوں کا بواہ ہو گیا۔ ان سے دو لڑکے اور تین لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ ایک لڑکی کردم رشی کو دوسری دکش کو اور تیسری رُچی رشی (پیرانک) کو دیگئی۔ کردم کے ۹ کنیا ہوئیں۔ اُنیں سے ایک کنیا مریچی (پسر برہما) کو بیاہی گئی۔ جس سے کشیپ پیدا ہوا۔ دکش کے ۶۰ کنیا ہوئیں۔ ان میں سے ۱۸ کشیپ کو بیاہی گئیں۔ اِن اٹھارہ استریوں سے کل برہمانڈ حسب ذیل طریقہ سے پیدا ہوا:-

(۱) اَدِتی سے سورج اور پرکاش کرنیوالی چیزیں۔ ۳۳ کروڑ دیوتا ۴۹ کروڑ پون۔ ۹۶ کروڑ میگھ مالا۔ اور نو کروڑ دُرگا۔	(۲) وِنتا سے گرڑ اور اَرُن۔
(۳) کدرو سے پتنگ وغیرہ قسم کے پکھشی	(۴) یامنی سے ٹکڑی وغیرہ کی قسم کے جانور۔
(۵) تیمی سے یا دوگن سے دیوتا۔	(۶) سرما سے کُتے وغیرہ کی قسم کے جانور۔
(۷) سُربھی سے گائے بھینس وغیرہ کی قسم کے جانور	(۸) کرودھ وسا سے۔ سانپ بچھو وغیرہ کی قسم کے جانور۔
(۹) اِلا سے برکش۔ پربت وغیرہ۔	(۱۰) سُرسا سے راکشش۔
(۱۱) اَرِشٹا سے گندھرب	(۱۲) کاشٹھا سے دِشا (اطراف) اور گھوڑے وغیرہ۔
(۱۳) دنو سے ۹۰ ہزار دانوں راکشش۔	(۱۴) کردم کی کنیا سے (جو اَتری سے بیاہی گئی تھی) چاند
(۱۵) چاند کی ۲۷ استریوں سے (جو دکش کی کنیائیں تھیں) نکشتر وغیرہ	(۱۶) سورج کی استریوں سے دھرم راج۔ اشونی کمار۔ شنیچر جمناجی۔ ویوسوت منو۔

دیوی بھاگوت و برہم ویورت پُران میں لکھا ہے کہ تمام برہمانڈ سے گولوک جُدا ہے جسمیں ... رادھا اور کرشن رہتے ہیں۔ پرلے کے وقت تمام جگت رادھا کے گربھ میں پرویش کر جاتا ہے اور وہ گربھ منونتر تک رہتا ہے۔ سرشٹی اُتپتی کے وقت رادھا کے شریر سے پسینہ چھوٹنے سے وایو۔ اگنی۔ جل۔ اکاش۔ اور پرتھوی پیدا ہوتے ہیں۔ بعد ازاں اُس گربھ سے سونے کا انڈا پیدا ہوتا ہے پھر رادھا کے ہنسنے سے اُسکی جیبھ سے لکشمی پیدا ہوتی ہے۔ کرشن لکشمی۔ اور نارائن کو بیکنٹھ میں بھیجدیتا ہے۔ اُس سونے کے انڈے سے ایک چھوٹا سا بالک پیدا ہوکر روتا ہے۔ جسکو دیکھکر کرشن خوش ہوکر اُسکا نام مہا وشنو رکھتا ہے۔ پھر رادھا اور کرشن دونوں کے خوش...

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

ہونے سے کرشن کے دائیں انگ سے چترمکھی برہما اور پنج مکھی شیوجی پیدا ہوتے ہیں۔ اور رادہا کے دائیں ہاتھ سے سرسوتی اور بائیں ہاتھ سے پاربتی پیدا ہوتی ہے۔ پھر کرشن سرسوتی اور برہما کو برہم لوک میں اور شیوجی اور پاربتی کو کیلاش پر بھیجدیتے ہیں۔ پھر بشنو کہتا ہے۔ کہ "میں کیا کروں" جسپر رادہا ہنستی ہے اور اُس کے ہنسنے سے تمام سنسار کی استریاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اس لیلا کو دیکھ کر بشنو بھی ہنستا ہے۔ جسکی وجہ سے تمام سنسار کے پُرش پیدا ہو جاتے ہیں۔ رادہا اور بشنو کو مایا اور برہم فرض کرکے کرشن جس وستو کی آگیا دیتا ہے۔ وہ چیز اُسی وقت پیدا ہو جاتی ہے۔ یعنے اس طریق سے تمام دُنیا پیدا ہوئی ہے

شیو پُران میں لکھا ہے کہ اول شیو نے برہما اور بشنو کو پیدا کیا۔ مگر اُن دونوں میں اس امر پر پانچہزار برس تک تکرار ہوتا رہا۔ کہ دونوں میں باپ کون ہے اور بیٹا کون۔ آخر کار شیو نے ایک لنگ کھڑا کیا اور کہا کہ دونوں میں سے اسکا انت جو کوئی دریافت کرکے آویگا وہ باپ سمجھا جائے گا اور دوسرا بیٹا۔ ایک شمال کو اور دوسرا جنوب کو گیا۔ دونو ناکامیاب واپس آئے مگر برہما نے جھوٹ کہہ دیا کہ میں نے انت پالیا ہے۔ اور گئو اور چنبیلی کے پھول کو بطور جھوٹے گواہ کے پیش کیا۔ جسکی وجہ سے گئو اور پھول کو شاپ دیا گیا۔ آخر کار شیو اپنی اصلی جٹا جوٹ شکل میں نمودار ہوا اور اپنے سر میں سے ایک راکھ کا گولہ نکالکر پھینکا۔ جس کے پھوٹنے سے پرتھوی۔ جل۔ اکاش۔ وایو۔ سورج۔ چندرماں۔ نکشتر۔ بنسپتی۔ ان۔ اوشدی منش۔ پشو۔ پکشی وغیرہ جملہ سرشٹی پیدا ہوئی۔

پرانوں اور دیگر مذاہب کی کتب مقدسہ کے مندرجہ بالا مسائل متعلقہ پیدائش سرشٹی پر غور کرنے اور اُنکو پدارتھ ودیا (سائنس) کی علمی کسوٹی پر آزمانے سے یہہ بخوبی نتیجہ ہو جائیگا۔ کہ پیدائش سرشٹی کا مسئلہ سوائے ویدوں کے اور کسی مذہب کی کتاب میں ٹھیک درست نہیں ہے۔ اور اسکی وجہ صرف یہہ ہی ہے۔ کہ وید قدیم اور ایشوری گیان ہونے کی وجہ سے اُنکے جملہ مسائل قدیم ہیں۔ اور علمی اور پدارتھ ودیا کے اصول پر مبنی ہیں۔ چنانچہ سرشٹی کا مسئلہ بھی وہی درست اور عین قدرتی قانون کے مطابق ہے جو بروئے وید مقدس اوپر درج کیا گیا ہے ۔ اوم شم

دُنیا کی عجائب اور سب سے بڑی چیزیں

(۱) دُنیا میں سب سے بڑا ہیرا شاہ پرتگال کے پاس ہے۔ جس کا وزن ۱۸۰ گرین یعنے ۱۸ پونڈ کا ہے۔ اور قیمت کے لحاظ سے [illegible]

(۲) گورنمنٹ امریکہ کے پاس ایک توپ ہے۔ جسکا طول ۵۰ فیٹ وزن ۱۲۵ ٹن (یعنی ۳۵۰۰ من) ہے۔ اسمیں ۲۳۰۰ پونڈ وزنی گولہ پڑتا ہے۔ اور ۲۱ میل تک جا سکتا ہے۔

(۳) دُنیا میں سب سے بڑی لال ٹین سمندر کے کنارہ کوہ ایکو کی چوٹی پر لگی ہوئی ہے۔ جسکی بلندی سطح سے مرتفع ہے ۲۰۰۰ فٹ ہے۔ لال ٹین کا وزن ۲۰۰۰ پونڈ ہے۔ چونتیس لاکھ بتی کی طاقت رکھتی ہے۔ اور سمندر میں ۱۵۰

میل سے دکھائی دیتی ہے۔

۴۔ سکاٹ لینڈ میں ایک ایسا درخت ہے جسکو روشنی کا درخت کہتے ہیں۔ اُسکے پتے رات کے وقت مثل چراغوں کے چمکتے ہیں۔

۵۔ فرانس میں ایک قسم کا درخت ہے جسکو مکھن اور روٹی کا درخت کہتے ہیں جسمیں سے مکھن کی طرح گودا نکلتا ہے اور ایک قسم کا دانہ بھی پیدا ہوتا ہے جسکی بہت عمدہ روٹی بنتی ہے۔

۶۔ دُنیا میں سب سے زیادہ عجیب و غریب [illegible] اور

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سینٹ ہلینا کے درمیان واقعہ ہے جو انگلستان کے شمال کی طرف بہتی ہے - یہہ نہر ۹ میل تک زمین کے اندر اندر چلی جاتی ہے ⁘

۷ - انگلستان میں دریائے ٹیمز کا پُل نہائت عجیب غریب ہے یہہ پُل ٹنل کی قسم کا ہے - سب سے نیچے ریل جاتی ہے - اور درمیانی راستہ سے گاڑیاں اور مسافر جاتے ہیں - اور سب سے اوپر دریا بہتا ہے جسمیں بڑے بڑے جہاز اور دُخانی کشتیاں چلتی ہیں - اسکی تعمیر میں ۴۴ کروڑ روپیہ صرف ہوا تھا -

۸ - سکھر میں دریائے اٹک پر جو ریل کا پُل بنا ہوا ہے وہ بھی عجب انجینیرنگ کا کام ہے - یہہ پُل ۹۰۰ گز لمبا ہے مگر اُسمیں کوئی پیل پایہ وغیرہ بالکل نہیں ہے - صرف اوپر کی قینچیوں کے سہارے ٹھہرا ہوا ہے - اور اُسپر سے ریل گاڑی آسانی کے ساتھہ گزر جاتی ہے -

۹ - دُنیا میں سب سے بڑا رہائیش کا مکان وائینا میں ہے - جسکے ۱۵۰۰ سو کمرے ہیں اور اُسکے اندر کئی باغ ہیں اور ۱۳ صحن ہیں ⁘

۱۰ - دُنیا میں سب سے بڑا اور فراخ ہال اٹلی میں کولوزیم کا ہال ہے - جو حیوانات کی لڑائی اور آدمیوں کی کشتی وغیرہ کے دیکھنے کے لئے بنایا گیا تھا - اسمیں چالیس ہزار کے قریب تماشائی بڑے آرام کے ساتھہ تماشہ دیکھہ سکتے ہیں ⁘

۱۱ - سینٹ پیٹرز برگ (دارالخلافہ روس) میں ایک ایسی گھڑی ہے کہ جسکے ۹۵ رُخ یا پہلو ہیں جن سے ایک ہی وقت میں دُنیا کے ۳۰ متفرق مقامات کے وقت کا اختلاف معلوم ہوتا ہے - علاوہ ازیں زمین اور ستیاروں کی گردش کی کیفیت بھی اس سے ظاہر ہوتی ہے - اس کے پُرزے ایسے پیچیدہ ہیں کہ جب یہ گھڑی سوئیٹزرلینڈ سے بنکر آئی تھی تو اُس کے پرزوں کو ایک دوسرے سے جوڑنے میں کاریگروں کے دو سال صرف ہوئے تھے ⁘

۱۲ - دُنیا میں سب سے بڑا کُتب خانہ پیرس کی نیشنل لائبریری ہے جسمیں ۱۴ لاکھہ کی کتابیں ہیں - ایک لاکھہ ۷۵ ہزار قلمی نسخے - تین لاکھہ نقشے - ڈیڑہ مختلف مُلکوں کے سِکّے اور تمغے ہیں ⁘

۱۳ - ٹاور آف لنڈن - یہہ قلعہ تقریباً ۸ ہزار برس کا بنا ہوا ہے - اسکی عمارت بہت مضبوط اور پائیدار ہے - اسکے درمیان ایک مکان میں کثرت سے سب قسم کے جواہرات موتی - ہیرے - لعل - زمرد - پکھراج - نیلم - فیروزہ زیورات طلائی اور نقرئی سب وضع کے مرصع اور مطلا رکھے ہوئے ہیں - اور دو لاکھہ سے زیادہ ہتھیار مثل بندوق پستول - تلوار - وغیرہ اور بہت سے ہندوستانی ہتھیار پرانے زمانہ کے موجود ہیں - اور ایک توپ نہائت باریک کام کی شاہ نپولین بونا پارٹ کی بھی موجود ہے ⁘

۱۴ - مادام ترسا - لنڈن میں ایک ایسا مکان ہے کہ جسمیں زمانہ سلف وحال کے امیران والاشان کی بڑی صنعت ولطافت کے ساتھہ موم کی بنائی تصویریں لمباس فاخرہ بڑے جاہ وحشم کے ساتھہ اصلی صورت اور لباس میں معززوں کے گرد کرسیوں پر بیٹھائی ہوئی ہیں - جو شخص اول مرتبہ دیکھنے کو جاتا ہے - بسبب رُعب اور دہشت کے گھبرا جاتا ہے - اور یہہ تجربہ نہیں ہوسکتا کہ یہہ امیر زندہ ہیں یا تصویریں ہیں - انمیں شاہ جارج ولیم چہارم - لارڈ ولنگٹن سپہ سالار جہازات جنگی - شاعران نامی شیکسپیر و لارڈ بائیرن سر والٹر سکاٹ - اور دیگر امیران وملکہ معظمہ وکٹوریہ کی تصویریں بھی بڑی صنعت اور لطافت کی بنی ہوئی موجود ہیں ⁘

۱۵ - **برٹش میوزیم لنڈن** - یہہ عجائب خانہ نہائت عجیب وغریب ہے - کہ جسکا ثانی روئے زمین پر نہیں ہے اگر اسکا کل بیان لکھا جاوے تو کئی ہزار جزو کی کتاب میں نہ آسکے - اسمیں کل اشیاء عجیبہ پانچ قسم کی ہیں

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اول قسم میں کئی لاکھ چھپی ہوئی کتابیں مختلف علوم اور زبانوں میں موجود ہیں۔ لنڈن میں جو کتاب یا اخبار وغیرہ چھپتا ہے سب کی ایک ایک جلد یہاں بموجب حکم شاہی بھیجی جاتی ہے۔

دوسری قسم میں۔ ارلی و سر ہانس سلون و دیگر صاحبان کے بڑی محنت سے جمع کئے ہوئے قدیمی نوشتے۔ مضامین مختلف۔ اور قلمی تواریخیں۔ سلاطین سلف فرنگ و انگلستان کے دستخطی بہت سے مکتوب۔ ابتدائے سن ۱۰۰۰ء تک انگلینڈ کے امیروں اور بادشاہوں کے نسب نامے نظام حیوانات و جمیع اقسام کے علوم و فنون کی کتب دیرینہ بزبان عربی۔ فارسی۔ سنسکرت۔ یونانی عبرانی عبرانی۔ چینی۔ لیٹن وغیرہ۔ علاوہ ازیں بہت سے ممالک کے نقشہ جات اور تصویریں انواع و اقسام کی بہت خوبصورت اور رنگیں موجود ہیں۔

تیسری قسم میں سلون صاحب کی جمع کی ہوئی چیزیں مثل طرح طرح کے حیوانات چوپایہ پرند اُنکے انڈے اور گھونسلے۔ بہت سی وضع کے کیڑے مکوڑے اور جملہ جانوران دریائی۔ دور دور کے ملکوں اور جزیروں کے۔ اور ہر قسم کے نمونہ جمادات رنگا رنگ و فلزات گوناگون موجود ہیں۔

چوتھی قسم میں سلون صاحب کے جمع کئے ہوئے نباتات کے تخم جو ۳۳۴ بڑی بڑی جلدوں کے ورقوں میں خشک مثل تازہ و شاداب رکھے ہیں۔ وکنس اور ڈاکٹر واکر صاحب کے ذخیرہ نباتات مصر و ہندوستان اور سر جوزف بنکس صاحب کا جمع کیا ہوا بہت بڑا ذخیرہ نباتات جسمیں تیس ہزار قسم کے برگ اور اشجار مختلف شکل اور صورت کے موجود ہیں۔

پانچویں قسم میں ملک یونان۔ چین۔ بابل۔ روم۔ فارس اور دیگر شہروں اور ممالک کے عمدہ عمدہ عمارتوں کی تصویر اور برتنوں وغیرہ کے نمونے اور تمام عالم کے جواہرات۔ شیشے۔ اور سکے اور دستی تصویریں اور نقشہ جات جغرافیہ موجود

ہیں۔ نہایت قدیم زمانہ کی پورانی اور شہر بابل کی سات ہزار برس کی تصویریں نمرود شاہ اور اُسوقت کے بتوں کی جو کمال تلاش اور ہزارہا روپیہ کے صرف سے منگوائی گئی ہیں۔ کئی کئی وضع کی موجود ہیں۔

۱۶۔ دُنیا میں سب سے بڑا بت جاپانی دیوتا کا ہے جسکا نام ڈائبوتن ہے۔ جو ساٹھ فٹ سے زیادہ بلند ہے۔ یہ بت ٹین تانبا۔ پارہ اور سونے کے مرکب سے بنا ہوا ہے۔ اور بارہ صدیوں سے زیادہ عرصہ سے اُسکی پرستش ہوتی ہے۔

۱۷۔ دُنیا کے آتش خیز پہاڑ۔ ہندوستان میں جس طرح جوالا مکھی پہاڑ سے آگ نکلتی ہے ویسے ایسے آتش فشان پہاڑ دُنیا میں ۶۷۲ ہیں جنمیں سے ۲۷۰ پہاڑ ہر وقت جاری رہتے ہیں۔ ۸۰ امریکہ میں ۴۴ ایشیا میں اور ۲۰ افریقہ میں ہیں۔ جاوا میں ۱۰۹ آتش خیز پہاڑ ہیں جنمیں سے ۲۸ ہر وقت جاری رہتے ہیں۔ نیوزیلینڈ میں ۱۴ میل کے اندر ۶۳ آتش فشان پہاڑ ہیں جنکی اونچائی ۱۹۲ فٹ سے ۱۰۰۰ فٹ تک ہے۔

۱۸۔ دُنیا میں سب سے بڑا پھول سماٹرا میں ہوتا ہے۔ جسکا نام ریفلیسیا ارنولڈی ہے۔ اوسط قطر ۳ فٹ گویا قریباً گاڑی کے پہیے کے برابر ہے۔ وزن میں ۱۵ پونڈ ہوتا ہے اور اُسکے اندر ۶ گیلن (۲۰ بوتل) پانی آسکتا ہے۔ اُسکی کلی بہت بڑے سفید گوبھی کے پھول کے مانند ہوتی ہے۔

۱۹۔ دُنیا میں سب سے بڑا دن۔ نہایت قلیل الساعت بڑا دن نیویارک میں ہوتا ہے۔ جو ۵ گھنٹہ کا ہوتا ہے۔ مونٹریل میں سب سے بڑا دن ۱۶ گھنٹہ کا۔ لنڈن اور پیرس میں ۱۶½ گھنٹہ کا۔ ہمبرگ اور ڈینزگ میں ۱۷ گھنٹہ کا۔ سٹاک ہولم میں ۱۸½ گھنٹہ کا۔ سینٹ پیٹرز برگ۔ ٹوبالسک اور سائبیریا میں ۱۹ گھنٹہ کا سب سے بڑا دن اور ۵ گھنٹہ کا سب سے چھوٹا دن ہوتا ہے۔ ٹورنیا واقعہ فن لینڈ میں ۲۱ جون کو ۲۲ گھنٹہ کا دن اور ۲۵ دسمبر کو صرف ۲½ گھنٹہ کا دن ہوتا ہے۔ وارڈ برگ واقعہ ملک ناروے میں ۲۱ مئی سے

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۴۳- جولائی ایک مہینہ ایک دن ہوتا ہے - اور سپتمبر گیگن میں سب سے بڑا دن ۳ ½ مہینے کا ہوتا ہے -

۴۴- **سمندروں کی وسعت** - بحر الکاہل کی وسعت ۸ کروڑ ۸۰ لاکھ میل ہے - بحر اوقیانوس کی ۴ کروڑ میل - اور بحر ہند بحر منجمد شمالی اور جنوبی کی ۴ کروڑ ۲۰ لاکھ میل ہے -

سمندروں کے پانی کی مقدار - بحر الکاہل میں اِسقدر پانی ہے کہ اگر روزمرہ میل بھر لمبا میل بھر چوڑا اور میل بھر گہرا ایک تالاب بھرا جاوے تو ۴۴۰ برس میں خالی ہو سکتا ہے - اور اسکے پانی کا وزن ۸۰۹۴۴۰ سکنڈ ٹن ہے - اور ۸۰۴۳ ٹن کا ایک من ہوتا ہے - بحر اوقیانوس کی اوسط گہرائی تین میل سے کچھ کم ہے - اسکے پانی کا وزن ۳ سکنڈ ۲۵ پدم ٹن ہے - اور وہ ایک ایسے تالاب میں سما سکتا ہے - کہ جسکی لمبائی چوڑائی اور گہرائی ہر طرف سے ۴۳۰ میل ہو -

اگر تمام سمندروں کا پانی دریائے نیاگرا واقع ملک افریقہ کے آبشار میں سے گرایا جاوے - تو بیس لاکھ برس میں سب سمندر خالی ہو سکتے ہیں - اور کل پانی ایک ایسے تالاب میں سما سکتا ہے - کہ جسکی لمبائی چوڑائی اور گہرائی سب ایک ایک ہزار میل ہو ::

دنیا کی عجائب و غرائب معلومات

۱- جو تاج شریمتی مہارانی وکٹوریہ قیصر ہند کے سر پر زینت بخش ہوتا ہے - وہ ۱۸۳۸ء میں مسٹر رنڈل و مسٹر برجز لنڈن کے مشہور جوہریوں نے بنایا تھا - اس تاج میں حسب ذیل ہیرے - لال - موتی و جواہرات وغیرہ لگے ہوتے ہیں اور وزن صرف ۲ ½ سیر ہے -

نیلم بڑا	ایک	زمرد	۱۱
نیلم چھوٹے	۱۶	الماس	۱۳۶۳
لال بڑا	۱	گلابی ہیرے	۱۲۷۳
لال چھوٹے	۴	سچے موتی	۲۷۷

۲- حضرت محمد صاحب کی قبر پر جو جواہرات وغیرہ لگے ہوئے ہیں - اُنکی قیمت ۲۰ لاکھ پونڈ کے قریب ہے ::

۳- گوداہجو میں ایک جھولنا محل مشہور ہے - یہ ایک دیوار ہے کہ بغیر چڑھکر اگر جنبش کیجاوے تو صاف ہلتی ہے - درحقیقت یہہ ایک حکمت ہے کہ معماروں نے دیوار کو ایک تیز دھار والے آہنی سلیپر پر بنایا ہے - اور یہ بات ملحوظ رکھی گئی ہے کہ مرکز ثقل درست رہے ::

۵- شہر لنڈن میں کئی میل تک زمین دوز ریلوے بطور سرنگ کے بنی ہوئی ہے - چونکہ یہہ شہر ۱۵ میل لمبا اور ۱۲ میل چوڑا ہے - اور اسمیں ۸۴ لاکھ کی آبادی ہے راستوں میں ہر وقت بڑی کثرت سے آمد و رفت رہتی ہے - اس لئے اکثر آدمی ان ریلوں کے ذریعہ سے شہر میں پھرتے ہیں ::

۶- شہنشاہ اکبر کے وقت میں اجناس غلہ وغیرہ کا نرخ بحساب فی من حسب ذیل تھا -

گیہوں	۴ -	۹ پائی	فی من
جو	۳ -	۲ "	"
باجرا	۲ -	۵ "	"
چاول سٹھی	۸ -		"
دال موٹھ	۴	۹ پائی	"
دال مونگ	۱۸	۴ "	"
نمک	۱۶	۳ "	"
شکر	۱۲۶	۳ "	"

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

بیانہ	۲ سیر	۵ پائی	فی من
گھی	۱۰ ۱/۲ سیر	"	"
تیل	۱۰ سیر		"
ہلدی	۴ سیر		"

اُن دِنوں میں ایک مزدور کا ماہواری خرچ بحساب اوسط ۵ سیر ۸ پائی کے قریب خرچ ہوا کرتا تھا ؛

۷ - پیرس میں ۸۰ اور ۱۰۰ برس سے زائد عمر کے آدمی حسب ذیل موجود ہیں -

۸۰ سال سے زیادہ عمر والے		۶۳۸۶
۸۵ سال سے ۹۰ سال تک عمر والے		۲۷۸۷
۹۰ "	۹۵ " "	۶۴۰
۱۰۰ "	زائد عمر والے	۱۸۴

(**نوٹ**) جن لوگوں کا یہ خیال ہے کہ کلجگ میں آدمیوں کی عُمر گھٹ کر ۵۰ یا ۶۰ سال تک رہگئی ہے - اُن کو خیال کرنا چاہئے کہ کلجگ کے اختیارات پیرس میں قابل عملدرآمد کیوں نہیں ہوتے ؛

۸ - جانوروں کی عمر کا اندازہ حسب ذیل لگایا گیا ہے -

ہاتھی	۴۰۰ سال	اونٹ	۴۰ سال
وہیل مچھلی	۳۰۰ سال	گھوڑا	۲۵ سال
عقاب	۱۰۰ سال	کناری پرند	۲۴ سال
کوا	۱۰۰ سال	اُلّو	۱۵ سال
ہنس	۵۰ سال	گلہری	۸ سال
طوطا	۶۰ سال	چیونٹی	۱۵ سال

۹ - ایک مکڑی کے جسم سے ۲/۱ میل لمبا جالا نکلتا ہے -

۱۰ - پریاگ میں ۱۴۸۲ گھر پنڈوں کے ہیں جنکا گذارہ صرف برت پر ہے - پنڈت مدن موہن بہاری داجی سب سے زیادہ مالدار ہے - جو پانسو روپیہ سالانہ سرکار کو ٹیکس دیتا ہے ؛

۱۱ - ایام حمل چند جانوروں کے حسب ذیل ہوتے ہیں - ہاتھی کی مدت حمل دو سال ہے - اونٹ گھوڑے اور گدھی کے گیارہ مہینے - شیر کے پانچ مہینے بھینس کے بارہ مہینے - گائے کے ۹ مہینے - بکری بھیڑ کے ۵ مہینے - ہرن کے ۸ مہینے - بندر کے ۷ مہینے - ریچھ کے چھ مہینے - سور کے ۴ مہینے - کُتے کے ۹ ہفتے - بلی کے ۸ ہفتے - خرگوش کے ۴ ہفتے - گنی پگ کے تین ہفتے - چوہی کے دو ہفتے ؛

۱۲ - ہر وید میں ۱۰۱ ناڑی ہوتی ہیں - اور ہر ایک ناڑی کی سو سو (یعنی ۱۰۱ × ۱۰۰ = ۱۰۱۰۰) شاکھا ناڑی ہیں - اِن شاکھاؤں میں بھی ہر ایک شاکھا کی ۷۲ ہزار پرتی شاکھا (یعنی ۱۰۱۰۰ × ۷۲ = ۷۲۷۲۰۰۰۰۰۰) ہیں - سب ملکر ۱۰۱ + ۱۰۱۰۰ + ۷۲۷۲۰۰۰۰۰۰ = ۷۲۷۲۱۰۲۰۱ کل ناڑی اس شریر میں ہیں ؛

۱۳ - کسی زمانہ میں شہر گیا واقعہ بنگال میں ۱۴۸۴ گھر پنڈہ پروہتوں کے تھے جنکا گذارہ محض برت جمانان پر تھا - اب انکی تعداد قریب چارسو گھروں کے رہگئی ہے - باقی سب گھرانے بوجہ لاولدی کے نیست و نابود ہو گئے ہیں اور موجودہ پنڈوں میں سے بھی بہت سے لاولد ہیں -

(**نوٹ**) یہ نتیجہ غیر مستحق اور مورکھوں کو بیجا طور پر دان دینے کا ہے - یہی حال سب تیرتھوں کے پنڈوں کا ہے - جب تک دان کی ویوستھا درست نہ ہوگی - تب تک دان کا پھل ٹھیک طور پر پراپت نہ ہوگا - بلکہ نقصان پہونچائیگا ؛

۱۴ - اجودھیا میں سات تھڑے سادھوؤں کے ہیں جن میں تقریباً ۴ ہزار بیراگی سادھو ہیں جنکا گذارہ صرف بھکشا پر ہے ؛

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri
CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ویدک یَنترالیہ اجمیر

یہہ یَنترالیہ شری سوامی دیانند سرسوتی جی مہاراج نے اپنی تصانیف اور دیگر آرش گرنتھوں کی اشاعت کے لئے ماگھہ شدی دوج سمبت ۱۹۳۶ بکرم کو پانچ ہزار روپیہ کے سرمایہ سے جاری کیا تھا۔ چنانچہ اب تک سوامی جی مہاراج کی جملہ تصانیف اسی مطبع میں چھپتی ہیں۔ اور یہیں سے مل سکتی ہیں۔ اب یہہ پریس شریمتی پروپکارنی سبھا کی سرپرستی میں ہے۔ اور اسکا انتظام سات سبھاسدوں کی ایک کمیٹی کے سپرد ہے۔ جسکے پردھان شریمان پنڈت کمل نین جی اور منتری شریمان بابو شیو پرشاد جی ہیں مینیجر پنڈت دیوی شنکر جی ناگر بی اے ہیں۔ سوامی جی مہاراج کی تصانیف میں سے مشہور کتب اگست ۱۹ء تک حسب ذیل تعداد میں فروخت ہوچکی ہیں:۔

۱۔ رگوید بھاشیہ۔ سوامی جی مہاراج کرت (منڈل ۷۔ انوواک ۴۔ سوکت ۶۱ منتر ۲ تک صفحہ ۵۸۰۶ قیمت مع کمیشن ۵۱/۱۲ ۔ بدنفائی کمیشن ۲۱/۴) — ایک ہزار جلد ابھی چھپکر مکمل ہوئی ہیں جنمیں سے بہت سی جلدیں فروخت ہوچکی ہیں۔

۲۔ یجروید بھاشیہ سوامی جی مہاراج کرت مکمل قیمت للعہ — ایک ہزار جلد پہلے اڈیشن کی فروخت ہوکر دوسرا اڈیشن چھپ رہا ہے۔

۳۔ رگویدادی بھاشیہ بھومکا ناگری .... (۴ ۹ ۵ ۱)

۴۔ پنچ مہایگیہ ودھی ناگری .... (۲ ۶ ۶ ۱۰)

۵۔ سنسکار ودھی ناگری .... (۸ ۶ ۱۳)

۶۔ ستیارتھ پرکاش ناگری .... (۱۳ ۱۰۲)

۷۔ آریہ اودیشیہ رتن مالا ناگری .... (۱۱ ۴ ۴ ۵)

علاوہ ازیں دیگر پستکیں بھی کم وبیش ایسی قدر تعداد میں فروخت ہوئی ہیں۔ آج کل یَنترالیہ میں چاروں ویدمول بہت عمدہ اور خوبصورت ٹائپ میں چھپ رہے ہیں جنکی قیمت بغرض پرچار صرف پانچ روپیہ مقرر کیگئی ہے۔ یجروید چھپ چکا ہے اب رگوید چھپ رہا ہے۔ تقریباً ایک سال میں چاروں وید مکمل چھپکر تیار ہوجاینگے۔ اخیر اکتوبر ۱۹ء تک ۱۱۵ گراہک بطور پیشگی خریدار کے درج رجسٹر ہوچکے ہیں۔

یَنترالیہ کا کل سرمایہ وغیرہ ۳۱۔ اکتوبر ۱۹ء کو حسب ذیل تھا۔ نقد ۳۰۹۴۳۰ روپیہ۔ قابل فروخت کتب ۹۶۶۹۸۱ روپیہ موجودہ سامان کاغذ وغیرہ ۲۰۱۶ روپیہ۔ قابل وصول ۸۸۰۴ روپیہ۔ کُل میزان ۲۲۵۳۴۱ روپیہ۔

اس یَنترالیہ میں دو ڈبل اور ایک سپر رائل مشین چھاپہ ہارڈ پریس ولائتی اور ایک کاٹنے کی مشین۔ ۲۵ قسم کا انگریزی ٹائپ ۱۵ قسم کا کلکتی وبمبئی چھوٹا بڑا ناگری ٹائپ اور ۳ قسم کا چھوٹا بڑا اردو ٹائپ موجود ہے۔ ٹائپ ڈھالنے کی مشین بھی موجود ہے جس سے آجکل ناگری کلکتی ٹائپ ڈھالا جاتا ہے۔ اسی یَنترالیہ میں ۳۰ آدمی کام کرتے ہیں۔ اور آج کل اسکا کام پنڈت دیوی شنکر جی ناگر کے اُدیوگ سے نہایت عمدہ اور خوشی اسلوبی کے ساتھ چل رہا ہے۔

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

فہرست اپدیشکان و لیکچرار صاحبان متعلقہ آریہ پرتی ندھی سبھا ہندوستان

اسماء صوبجات جن سے متعلق ہیں	نمبر اپدیشک	نام
[illegible]	سنیاسی	سوامی وشیشورانند سرسوتی جی۔ سوامی آتمانند سرسوتی جی۔ سوامی سچدانند سرسوتی جی۔ سوامی ودیانند سرسوتی جی بڑودہ۔ سوامی شانتانند سرسوتی جی ؞
	برہمچاری	برہمچاری نتیانند جی۔ برہمچاری برہمانند جی ؞
	پنڈتان	پنڈت بھیمسین جی شرما اٹاوہ۔ پنڈت تلسی رام جی شرما میرٹھ۔ پنڈت یگیہ دت جی شرما فرخ آباد۔ پنڈت دیو دت جی شرما کانپور۔ پنڈت جوالا دت جی شرما مراد آباد۔ پنڈت آریہ منی جی لاہور ؞
[illegible]	اپدیشک	پنڈت دولت رام جی شرما۔ پنڈت گردھاری لال جی شاستری۔ پنڈت دیوی دیالو جی شرما۔ پنڈت پورنانند جی۔ پنڈت رام رتن جی۔ پنڈت بھگت رام جی۔ پنڈت ہرنام سنگھ جی۔ لالہ ونیر چند جی ودیارتھی۔ پنڈت ہیمراج جی۔ سادھو پرمانند جی۔
	لیکچرار	لالہ منشی رام جی۔ ماسٹر آتما رام جی۔ پنڈت رام بھجدت جی۔ بی اے پلیڈر۔ لالہ دیوراج جی ماسٹر درگا پرساد جی۔ بابو بیچا رام چٹر جی۔ بھگت رلیا رام ؞
[illegible] ۱۹۶۵	اپدیشک	پنڈت ننذکشور دیو شرما۔ پنڈت ہنومان پرساد شرما۔ پنڈت پریاگ دت شرما۔ پنڈت شنکر دیالو شرما۔ پنڈت جانکی پرساد شرما۔ پنڈت مکند رام شرما۔ پنڈت اندر دت شرما۔ پنڈت بدری دت شرما۔ پنڈت کرپا رام شرما۔ سوامی پورنانند جی۔ برہمچاری شیو سہائے جی ؞
	لیکچرار	پنڈت بھگوا ندین مشر۔ بابو شیام سندر داس بی اے۔ ایل ایل بی۔ چودھری خوب چند پنڈت رام سروپ جی شرما۔ پنڈت گنپتی شرما۔ لالہ کشن لال جی۔ بابو کالی چرن جی بابو دوارکا پرساد جی۔ پنڈت گنگا پرساد جی ایم اے۔ پنڈت پدم سنگھ جی۔ پنڈت للتا پرساد جی اگنی ہوتری۔ پنڈت گوکل چند جی۔ پنڈت نرنجن دیو شرما۔ پنڈت مراری لال شرما ؞
	اپدیشک	پنڈت تلسی رام۔ پنڈت سندر لال شرما۔ پنڈت گنگا سہائے شرما۔

۔ یہ روزمرہ ہوں کرتے ہیں ؞

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نام	عہدہ	اُن سماجوں کا نام جہاں سے تعلق ہے
پنڈت دیوی شنکر ناگر۔ پنڈت برہم دت شرما۔	لکچرار	آریہ پرتی ندھی سبھا راجپوتانہ
پنڈت دیو دت شرما۔	اپدیشک	آریہ پرتی ندھی سبھا بنگال - بہار
بابو بالکرشن سہائے جی پلیڈر۔ ٹھاکر گدادھر سنگھ۔	لکچرار	
پنڈت کرشن رام اچھارام۔	لکچرار	آریہ پرتی ندھی سبھا بمبئی
پنڈت نرسہائے شاستری ؞	اپدیشک	آریہ سماج بمبئی
لالہ پربھو رام جی ؞	لکچرار	آریہ سماج کراچی
لالہ تولا رام جی ؞	اپدیشک	آریہ سماج کھہ
پنڈت شمبھو شرما ترپاٹھی ؞	اپدیشک	آریہ سماج نرسنگھ پور
پنڈت کلیان دت شاستری راج وند	اپدیشک	آریہ سماج علی گڈھ
سادھو یوگیندر پال ؞	اپدیشک	آریہ سماج ہمیرپور
سادھو گیانند اناتھ بھارت سیوک ؞	اپدیشک	آریہ سماج مظفر گڈھ

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

فہرست سنسکرت پاٹھ شالا وغیرہ متعلقہ آریہ سماجہائے ہندوستان

نمبر شمار	نام پاٹھ شالا و مقام	نام سوسائٹی و مہتمم	مختصر حالات
۱	ویدک پاٹھ شالا گوجرانوالہ	آریہ پرتی ندھی سبھا پنجاب	یہہ شالا ۱۸۹۵ء میں آریہ اپدیشک پیدا کرنے کے لئے جالندہر میں کھولی گئی تھی مگر جولائی ۱۹۰۹ء سے گوجرانوالہ میں تبدیل کیگئی ہے۔ اِس کے متعلق آشرم (بورڈنگ ہوس) بھی ہے۔ اسوقت ۲۴ وِدیارتھی اِس شالا میں تعلیم پاتے ہیں۔ پنڈت گنگا دت جی اور پنڈت وشنو متر جی ادہیاپک ہیں۔ تعلیم زیادہ تر آرش گرنتھ مہابھاشیہ۔ کھٹ درشن۔ اشٹادھیائی۔ نروکت وغیرہ کی دیجاتی ہے۔ اور ودیارتھیوں کے چال چلن۔ بھوجن۔ بستر اور دھارمک زندگی کی طرف خاص طور پر توجہ دیجاتی ہے۔ منشی نرائن کشن جی سپرنٹنڈنٹ کی کوشش سے یہ شالا بہت ترقی پر ہے۔ کل خرچ ماصہ روپیہ ماہوار کا ہے۔ کئی ودیارتھیوں کو وظیفے بھی دئے جاتے ہیں۔
۲	گوروکل سکندرآباد ضلع بلند شہر	آریہ سماج سکندرآباد	یہہ گوروکل (ویدک پاٹھ شالا) مارچ ۱۸۹۹ء سے متصل ریلوے سٹیشن سکندرآباد جاری ہے۔ آج کل اسمیں ۳۰ ودیارتھی ہیں۔ جن میں سے ۲ شہر کے اور ۲۸ پردیسی ہیں۔ تعلیم سنسکرت شری سوامی جی کی مرتبہ پاٹھ وِدھی کے مطابق دیجاتی ہے بھوجن۔ بستر اور پستکوں کا انتظام گوروکل کی طرف سے ہے۔ سب کا طریق زندگی یکساں طور پر پراچین مریادا کے مطابق ہے۔ برہمچریہ کی رکشا اور دھارمک زندگی کی طرف خاصکر توجہ دیجاتی ہے۔ پنڈت بالمکند شرما سبھاسد آریہ سماج سکندرآباد نے اِس گوروکل کے لئے ایک بیگہ اور ایک بسوہ پختہ اراضی مع چاہ و مکان پختہ دان دی ہے۔ پنڈت بھیم سین جی شرما ادہیاپک ہیں۔ اخراجات کے لئے علاوہ سماج حصہ روپیہ ماہوار چندہ اور تقریباً سولہ من آٹا اور کسی قدر غلہ ماہوار جمع ہوجاتا ہے۔
۳	[illegible] سنسکرت پاٹھ شالا مرادآباد	آریہ سماج مرادآباد	اِس شالا میں بالکل سوامی جی مہاراج کے سنسکرت سکیم کے مطابق تعلیم دیجاتی ہے اِس کے متعلق بورڈنگ ہوس بھی ہے۔ جسکا انتظام عمدہ ہے۔ ودیارتھیوں کو حساب مساحت۔ ریکھا گنت۔ بیج گنت۔ تواریخ۔ اور جغرافیہ بھی سنسکرت اور بھاشا میں سکھلائے جاتے ہیں۔ اور شاستری کے درجہ تک تعلیم دیجاتی ہے۔ پنڈت جوالا دت

نمبر شمار	نام پاٹھ شالا و مقام	نام بانی یا مہتمم	مختصر حالات
			جی ادھیاپک ہیں۔ تقریباً ۳۵ ودیارتھی سکشا پاتے ہیں۔ اس شالا کے تین ٹرسٹی (مہتمم) ہیں۔ سرمایہ تقریباً آٹھ ہزار روپیہ ہے۔ آمدنی ماہوار معہ سود ۵۰ کے قریب ہے اور ایسی قدر خرچ ہے۔ علاوہ ابتدائی جماعتوں کے حسب ذیل امتحانات مقرر کئے گئے ہیں۔ پراگیہ ۱۔ وشارد ۲۔ شاستری ۳۔ شروتری ۴۔ آچاریہ ۵۔ آخری دو جماعتوں میں آجکل کوئی ودیارتھی نہیں ہے۔
۴	شریمد دیانند وشو ودیالا اٹاوہ	شری یت پنڈت بھیم سین جی	یہ شالا ۱۲ برس سے جاری ہے۔ آج تک تقریباً ۶۰ ودیارتھی سنسکرت کی سکشا پا چکے ہیں۔ اس وقت ۱۵ ودیارتھی سکشا پاتے ہیں۔ جو اشٹادھیائی۔ مہابھاشیہ نگھنٹو سوریہ سدھانت۔ ویشیشک۔ یوگ۔ سانکھیہ۔ اپنشد۔ وید و کلپ سوتر وغیرہ پڑھتے ہیں۔ خرچ ۳۵ روپیہ ماہوار کا ہے۔ جو بذریعہ چندہ وغیرہ پورا کیا جاتا ہے۔
۵	ویدک پاٹھ شالا کانپور	پنڈت سورج کمار صاحب پانڈے	یہ شالا تقریباً گیارہ سال سے جاری ہے۔ اسکو مہاراج منالال صاحب تواڑی رئیس مرحوم کانپور کی دھرم پتنی نے استھاپت کیا تھا۔ اسکے اخراجات کے لئے کچھ جائیداد وقف ہے۔ ۱۵۰ روپیہ ماہوار کا خرچ ہے۔ اسوقت ۵۶ ودیارتھی ہیں۔ ان میں سے ۳۰ ودیارتھیوں کو وظیفہ دیا جاتا ہے۔ اسمیں مہابھاشیہ۔ وید۔ درشن۔ جیوتش وغیرہ کی تعلیم سنسکرت میں دیجاتی ہے۔ چار پنڈت ادھیاپک ہیں۔ مکھیہ پنڈت شریمان آریہ پنڈت دیو دت جی شاستری ہیں۔ کئی پنڈت مہابھاشیہ تک پڑھکر نکل چکے ہیں اور اب آریہ پرتی ندہی سبھا کے اپدیشک ہیں۔ اس کا انتظام پنڈت سورج کمار صاحب پانڈے آریہ سبھاسد کانپور کے سپرد ہے۔
۶	ویدک پاٹھ شالا کاسگنج	پنڈت بھدر دت جی	یہ ویدک پاٹھ شالا پنڈت بھدر دت جی کے ادیوگ سے جاری ہے۔ پنڈت نند کشوری جی ادھیاپک ہیں۔ آج کل ۵ ودیارتھی ہیں۔ جو اشٹادھیائی پڑھتے ہیں۔ یہاں ایک یگیہ شالا ہے۔ جسکو پنڈت چین سکھ جی نے وہاں آریہ سماج کا تنگیخ نے اپنے خرچ سے دو ہزار کی لاگت سے بنوایا ہے۔ جسمیں علاوہ ۵۰ روپیہ کے تانبے کے یگیہ پاتر ہیں۔ اور تین سبھاسد اگنی ہوتری ہیں۔
			یہ شالا گورودکل کے طور پر حال ہی میں قایم کیگئی ہے۔ اسکا سرمایہ قریب مبلغ ۱۲ سو روپیہ

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

مختصر حالات	[illegible]	[illegible]	نمبر شمار
سکہ ہے - اسمیں شری مان پنڈت گیہ دت جی ادھیاپک ہیں - اکثر ودیارتھی بھوجن - بستر وغیرہ یہیں سے پاتے ہیں - سندھیا اوپاسنا اور اگنی ہوتر روزمرہ سب ودیارتھی کرتے ہیں - اور سوامی جی مہاراج کے مقررہ سنسکرت سکیم کے مطابق تعلیم دیجاتی ہے ۔	آریہ سماج فرخ آباد	گوروکل ویدک پاٹھشالا فرخ آباد	۹
... ۳ اکتا ہیں [illegible] ... ادہ شدہ او چارن سے گاتھے ہیں ۔		[illegible] جی	
یہ سکول آریہ سماج اجمیر کی کوشش سے بہت ترقی پر ہے - آج کل تقریباً [illegible] طلبا زیر تعلیم ہیں - زیادہ تر تعلیم ویدک دھرم اسکول دیجاتی ہے - لالہ کنہیا لال جی بی اے ہیڈ ماسٹر ہیں - اس کے متعلق ایک بورڈنگ ہوس بھی ہے جسمیں ۲۲ ودیارتھی رہتے ہیں - مستقل سرمایہ پانچہزار روپیہ ہے - اور ماہ ماہ روپیہ ماہوار کا خرچ ہے ۔	آریہ سماج اجمیر	[illegible] ویدک [illegible] اجمیر	۱۱
یہ کالج شری سوامی جی مہاراج کے سورگ باش ہونے پر وید - ویدانگ اور دیگر آرش سنسکرت پستکوں کی تعلیم و تلقین کی غرض سے قایم کیا گیا تھا - مگر چار پانچ برس کے بعد جب ڈیڑھ لاکھ کے قریب روپیہ جمع ہو چکا - اور سنسکرت کی تعلیم کا کچھ بھی انتظام نہ ہوا			

اجوائن نفوذ کشتہ
پشیر چوب سوختہ
ورق [illegible] شدہ سوختہ
نمک سوزی سوختہ
سنگ آتش نا [illegible] شدہ

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

[illegible]	[illegible]	[illegible]	مختصر حالات
			جی ادھیاپک ہیں۔ تقریباً ۳۵ ودیارتھی سکشا پانے ہیں۔ اس شالا کے تین ٹرسٹی (مہتمم) ہیں۔ سرمایہ تقریباً آٹھ ہزار روپیہ ہے۔ آمدنی ماہوار معہ سود ۵۰ کے قریب ہے اور اسی قدر خرچ ہے۔ علاوہ ابتدائی جماعتوں کے حسب ذیل امتحانات مقرر کیے گئے ہیں۔ پراگیہ ۱۔ وشارد ۲۔ شاستری ۳۔ شروتری ۴۔ آچاریہ ۵۔ آخری دو جماعتوں میں آجکل کوئی ودیارتھی نہیں ہے۔
	[illegible]	[illegible]	شالا ... سے جاری ہے۔ آج تک تقریباً ۶۰ ودیارتھی سنسکرت کی شکشا پا چکے ...
۲	[illegible]	[illegible]	یہ ویدک پاٹھ شالا پنڈت بھدر دت جی کے ادیوگ سے جاری ہے۔ پنڈت نند کشوری جی ادھیاپک ہیں۔ آج کل ۵ ودیارتھی ہیں جو اشٹادھیائی پڑھتے ہیں۔ یہاں ایک یگیہ شالا ہے۔ جسکو پنڈت چین سکھ جی پردھان آریہ سماج کانگیج نے اپنے خرچ سے دو ہزار کی لاگت سے بنوایا ہے۔ جسمیں ہوائیں ۱۰۰ روپیہ کے تانبے کے یگیہ پاتر ہیں۔ اور تین سبھاسد اگنی ہوتری ہیں۔
			یہ شالا گوردکل کے طور پر حال ہی میں قائم کیگئی ہے۔ اسکا سرمایہ قریب مبلغ ۱۴۰۰ ...

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر شمار	[illegible]	[illegible]	مختصر حالات
۷	گوروکل ویدک پاٹھ شالا فرخ آباد	آریہ سماج فرخ آباد	کے ہے - اسمیں شرومان پنڈت گنیہ دت جی ادھیاپک ہیں - اکثر ودیارتھی بھوجن - بستر وغیرہ یہیں سے پاتے ہیں - سندھیا اوپاسنا اور اگنی ہوتر روزمرہ سب ودیارتھی کرتے ہیں - اور سوامی جی مہاراج کے مقررہ سنسکرت سکیم کے مطابق تعلیم دیجاتی ہے ۔
۸	[illegible]	[illegible]	یہہ پاٹھ شالا راج کی طرف سے کئی سال سے جاری ہے - اسمیں آریہ دھرم کی کتابیں بھی پڑھائی جاتی ہیں - اس کے متعلق بورڈنگ بھی ہے - جہاں تمام طلبا سندھیا اور اگنی ہوترہ روزمرہ باقاعدہ طور پر کرتے ہیں - یہاں کی سماج کے متعلق بورڈنگ سکول ہے - جہاں آریہ دھرم کی کتابیں خاصکر پڑھائی جاتی ہیں ۔
۹	[illegible]	[illegible]	یہہ سکول الہ آباد یونیورسٹی کا منظور شدہ ہے - اسمیں سو ودیارتھی تعلیم پاتے ہیں - اس کے متعلق ایک اوریئنٹل کلاس بھی ہے جسمیں ودیارتھی انٹرینس پاس کرکے داخل ہوتے ہیں ۔
۱۰	[illegible]	[illegible]	یہہ پاٹھ شالا شری گنگا پرشاد جی کے پرشارتھ سے ۱۸۹۷ء سے جاری ہے - اسمیں ہائی سکول تک سنسکرت و انگریزی کی تعلیم ہوتی ہے - اپریل ۱۸۹۹ء سے ایف اے کی ایک جماعت بھی کھولی گئی ہے - یونیورسٹی کی تعلیم کے علاوہ لڑکوں کو وید منتر معہ ارتھ بزبان یاد کرائے جاتے ہیں - اور اکثر طلبا کو بہت سے وید منتر سورسہت یاد ہیں - اور خوش الحانی اور شدھ اوچارن سے گاتے ہیں ۔
۱۱	[illegible]	آریہ سماج اجمیر	یہ سکول آریہ سماج اجمیر کی کوشش سے بہت ترقی پر ہے - آج کل تقریباً ۵۰۰ طلبا پڑھتے ہیں - زیادہ تر تعلیم ویدک دھرم انکول دیجاتی ہے - لالہ کنہیا لال جی بی اے ہیڈ ماسٹر ہیں - اس کے متعلق ایک بورڈنگ ہوس بھی ہے جسمیں ۲۴ ودیارتھی رہتے ہیں - مستقل سرمایہ پانچ ہزار روپیہ ہے - اور ساٹھ روپیہ ماہوار کا خرچ ہے -
			یہہ کالج شری سوامی جی مہاراج کے سورگ باش ہونے پر وید - ویدانگ اور [illegible] سنسکرت پستکوں کی تعلیم دلینے کی غرض سے قایم کیا گیا تھا - مگر چار پانچ برسوں کے بعد جب ڈیڑھ لاکھ کے قریب روپیہ جمع ہو چکا - اور سنسکرت کی تعلیم کا کچھ انتظام نہ ہوا

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر شمار	نام مقام و نام ادارہ	نام منتظم	مختصر حالات
۱۳	[illegible]	منیجنگ کمیٹی	تو شریمان پنڈت گوردت جی مرحوم اور چند دیگر بہی خواہان ویدک دہرم نے اسمیں سنسکرت کی تعلیم کے اجرا کے لئے مناسب تجاویز پیش کیں۔ مگر بہت سے ممبران منیجنگ کمیٹی نے بجائے انکی تجاویز پر مناسب غور کرنے کے اُس کے برعکس کارروائی شروع کی۔ بلکہ اُن کو کالج کے دشمن بتلا کر اُن کو اور اُن کے ہم خیال ماسٹران کو کمیٹی انتظامیہ اور کالج سے نکالنے کی کوشش کی۔ بعد ازاں تمام کالج کو اپنے قبضہ میں لانے کے لئے کل سماجوں سے اُس کا تعلق ہٹانے کی تجاویز سنہ ۹۲ء میں پاس کیں۔ جسکی وجہ سے اب اکثر سماجوں نے کالج کو امداد دینا قطعی بند کر دیا ہے۔ اُس وقت سے کالج ایسی ابتر حالت میں ہوتا جاتا ہے کہ جس سے آریہ سماجوں کو بجائے فائدہ کے بہت نقصان پہونچتا ہے۔ اگر نظر غور دیکھا جاوے تو آریہ سماج میں دو لیش کی بنیاد بہت کچھ یہی کالج ہی ہے۔ یہاں دہارمک تعلیم کا کچھہ انتظام نہیں۔ صرف یونیورسٹی کی تعلیم ہوتی ہے۔ لالہ ہنسراج جی اونریری پرنسپل ہیں۔ اور لالہ لال چند جی ایم اے۔ کالج کمیٹی کے پریسیڈنٹ اور لالہ رلارام سکرٹری ہیں ۔؛

فہرست آریہ سماجک و غیر سماجک اناتھ آشرم (یتیم خانجات) واقعہ ہندوستان

نمبر شمار	نام مقام مع ضلع و صوبہ	نام منتظم	مختصر حالات
۱	فیروزپور شہر ضلع فیروزپور (پنجاب)	آریہ سماج فیروزپور چھاؤنی	یہہ یتیم خانہ (اناتھ آشرم) آریہ سماج فیروزپور کی کوشش سے سنہ ۱۸۷۷ء سے جاری ہے۔ اور رجسٹری شدہ ہے۔ اب تک اسمیں ۷۰۵ یتیم داخل ہو چکے ہیں۔ جنمیں سے ۴۰۲ یتیم پرورش پانے کے بعد آزاد کئے گئے ہیں۔ اسوقت ۹۰ لڑکے اور ۳۲ لڑکیاں یعنی کل ۱۲۲ یتیم موجود ہیں۔ جنکو ناگری اور سنسکرت زبان میں دہارمک و بیوہارک تعلیم دیجاتی ہے۔ اور قالین بُننے۔ کپڑے تراشنے اور سینے اور جالی نکالنے وغیرہ کا کام بھی سکھلایا جاتا ہے۔ اسکا انتظام ایک کمیٹی کے سپرد ہے۔ جو انکی خوراک۔ پوشاک اور حفاظت و نگرانی وغیرہ کی ہر طرح سے ذمہ دار ہے۔ بابو کاشی رام صاحب وکیل کمیٹی کے پریسیڈنٹ اور چودہری بشن سہائے جی سکرٹری ہیں۔ کل سرمایہ یتیم خانہ کا اخیر جولائی سنہ ۹۹ء تک مبلغ ۳۳۴۶۴۰ روپیہ تھا۔ اس کے متعلق ایک ہسٹری پاٹھشالہ اور

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر شمار	نام و مقام انستھوت	تاریخ اجرا	مختصر حالات
			ایک درزی خانہ بھی ہے۔
۲	[illegible]	[illegible]	یہ اناتھ آشرم آریہ سماج بریلی کی کوشش سے ۱۸۸۲ء سے جاری ہے۔ اسکا انتظام ایک کمیٹی کے سپرد ہے۔ جسمیں چند غیر سبھا ساد بھی شامل ہیں۔ جو یتیم اسمیں سرکاری اور پر داخل ہوتے ہیں۔ اُنکے خرچ خوراک کے لیے گورنمنٹ سے فی یتیم ملتا ہے۔ گورنمنٹ سرکاری بورڈنگ ہوس کے قریب یتیم خانہ کے لئے عمارت بنانے کے واسطے کچھ اراضی عطا کی ہے۔ جسمیں صرف لڑکیوں کی رہائش کے لئے عمارت تیار ہو چکی ہے۔ آج تک اسمیں ۵۵۸ یتیم داخل ہو چکے ہیں۔ اور اس وقت ۱۵۹ یتیم یعنی ۶۴ لڑکے اور ۹۶ لڑکیاں پرورش پاتی ہیں۔ اس کے متعلق ایک چھتری پاٹھ شالا اور درزی خانہ بھی ہے جسمیں اناتھوں کو زنانہ تعلیم اور دستکاری سکھلائی جاتی ہے۔ رائے بہادر منشی دا مودرداس صاحب کمیٹی انتظامیہ کے پریذیڈنٹ اور بابو راج بہادر صاحب دیوان ریاست رامپور سکرٹری ہیں۔ لڑکیوں کو زنانہ ہاسپٹل اسسٹنٹ کے امتحان کے لئے اور لڑکوں کو لکھنؤ ورکشاپ کی صنعت و حرفت کے سکولوں کے لئے بھی تیار کیا جاتا ہے۔ چنانچہ اس سال ۳ لڑکیاں میڈیکل کالج آگرہ میں تعلیم پاتی ہیں۔ اور تین لڑکے رڑکی کالج کی ٹیکنیکل کلاس کی سند حاصل کر کے اچھے عہدوں پہ نوکر ہو گئے ہیں۔
۳	[illegible]	[illegible]	یہ اناتھ آشرم آریہ سماج اجمیر کے اہتمام میں کئی سال سے جاری ہے۔ اس وقت ۱۱ یتیم یعنی ۶ لڑکے اور ۵ لڑکیاں پرورش پاتی ہیں۔ جنکو دارسک تعلیم اور دستکاری کا کام بھی سکھایا جاتا ہے۔ مکان تعمیر کرنے کے لئے ۸۶۵ مربع گز اراضی خریدی گئی ہے۔ رامچندر جی کمیٹی انتظامیہ کے سکرٹری اور [illegible] رام جی گور تھر ہیں۔
۴	[illegible]	[illegible]	یہ یتیم خانہ تقریباً تین سال سے جاری ہے۔ اسمیں اسوقت ۲۰ یتیم پرورش پاتے ہیں۔ اور ناگری کی تعلیم دیجاتی ہے۔ اخراجات چندہ ماہواری سے پورے ہوتے ہیں۔ مبلغ ۔۔۔ سرمایہ واسطے تعمیر مکان موجود ہے۔ اسکا انتظام ایک کمیٹی کے سپرد ہے جسکے سکرٹری ڈاکٹر مہندر ناتھ [illegible] ہیں۔ اور [illegible] دیوان [illegible] پریسیڈنٹ آریہ سماج کا [illegible] ہیں۔
			یہ اناتھ آلہ آشرم (یتیم خانہ) اگست ۱۹۰۶ء میں قائم ہوا تھا۔ [illegible]

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر شمار	نام یتیم خانہ	نام مہتمم	مختصر حالات
۵	ہندو یتیم خانہ امرتسر	کمیٹی انتظامیہ	پرورش پاتے ہیں۔ اس کے متعلق ایک گوشالہ اور ایک اوشدھالیہ ہے۔ اسکا انتظام ایک کمیٹی کے سپرد ہے جس کے پریسیڈنٹ لالہ دھولنداس صاحب اور سیکرٹری مہتہ شب دت رام جی ہیں۔ سب لڑکے ایک قالین کے کارخانہ میں کام سیکھتے ہیں جہاں اُن کو فی کس تین روپیہ ماہوار ملتا ہے۔ اناتھ آشرم کے لئے لالہ سندر داس صاحب نے ایک مکان دان کیا ہوا ہے۔ کُل سرمایہ موجودہ مبلغ ۵۳۵۰ ہے۔ جو بینک میں جمع ہے۔
۶	ہندو یتیم خانہ لاہور	ہندو ایسوسی ایشن لاہور	یہ اناتھ آشرم جولائی ۱۸۹۷ء میں بوقت قحط سالی گذشتہ جاری کیا گیا تھا۔ اس وقت اسمیں ۸۰ یتیم لڑکے پرورش پاتے ہیں۔ اسکا انتظام ایک کمیٹی کے سپرد ہے جسمیں لاہور کے بڑے بڑے معزز اصحاب شامل ہیں۔ رائے بہادر بابو پرتول چندر چٹرجی پریسیڈنٹ اور لالہ لاجپت رائے جی جنیئر سیکرٹری ہیں۔ تمام اناتھوں کو ناگری کی تعلیم دیجاتی ہے۔ اور مختلف ہنر مثلاً قالین دری وغیرہ بُننا بھی سکھلایا جاتا ہے۔ آج تک دوسو کے قریب اناتھ اسمیں داخل ہو چکے ہیں۔ حفاظت اور پرورش کے لئے دس شخص ملازم ہیں۔ ماہواری خرچ تقریباً ۲۰۰ روپیہ ماہوار کا ہے۔ کُل سرمایہ موجودہ مبلغ ۱۰۰۰۰ ہے۔
۷	کنیا اناتھ آشرم جالندھر شہر	آریہ سماج جالندھر شہر	قحط زدگان جبلپور کی طرف سے جو اناتھ اور اناتھائیں جالندھر میں منگوائے گئے تھے۔ اُن میں سے جو کنیائیں ہیں۔ اُنکی حفاظت اور تعلیم کے لئے یہ کنیا اناتھالیہ ۲۰ اگست ۱۸۹۷ء کو قائم کیا گیا تھا۔ اسوقت اسمیں ۳۳ کنیائیں داخل ہیں۔ مینیجر لالہ جھیٹامل پلیڈر اور اسوقت تا لالہ دیوراج مینیجر کنیا مہاودیالہ ہے۔ انکے سوائے ایک لیڈی سپرنٹنڈنٹ ایک نوکرانی۔ ایک چوکیدار۔ چپڑاسی اور بھنگن ملازم ہیں۔ سب کنیائیں کنیا مہاودیالہ میں تعلیم پاتی ہیں۔ اُنہوں نے تعلیم میں عمدہ ترقی کی ہے۔ اور بہت سی کنیائیں اپدیشکا اور پرچارکا بننے کے لائق ہیں۔ دونوں وقت سندھیا اور ہون کرتی ہیں۔ کھانا باری باری سے آپ پکاتی ہیں جس سے انکو گھر کے کام کاج کرنے کی عادت پڑ رہی ہے۔ خرچ ماہواری ۔ اور یکمشت چندہ سے چلتا ہے۔
۸	اگروال یتیم خانہ میرٹھ شہر	ویش مہا سبھا میرٹھ	یہ یتیم خانہ بسرپرستی ویش کانفرنس اگروال یتیموں کی پرورش کے لئے جاری کیا گیا ہے۔ اسوقت اسمیں ۲۰ یتیم پرورش پاتے ہیں۔ اور لالہ [illegible] صاحب

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر شمار	نام یتیم خانہ و مقام	نام پربندھک	مختصر حالات
			سا ہو سپرنٹنڈنٹ ہیں ÷
۹	راجندر دیوا یتیم خانہ پٹیالہ	سنگھ سبھا پٹیالہ	یہ یتیم خانہ سردار دیوا سنگھ دیوان ریاست پٹیالہ کی یادگار میں ۱۸۹۶ء میں کھولا گیا تھا ۔
۱۰	[illegible]	[illegible]	یہ یتیم خانہ عرصہ تین چار سال سے بابو سوہنا ناتھ آریہ زمیندار کی طرف سے جاری ہے ۔ دیگر اصحاب بھی امداد دیتے ہیں ۔ اسکے مستقل فنڈ میں چار ہزار روپیہ جمع ہو گیا ہے ۔ آجکل ۲۰ یتیم پرورش پاتے ہیں ÷

فہرست آریہ استری پاٹھشالا ہا متعلقہ آریہ سماج ہا ہندوستان

نمبر شمار	نام پاٹھشالا و مقام	نام پربندھ کرتا	مختصر حالات
۱	کنیا مہاودیالہ جالندھر	[illegible]	۱۸۹۰ء میں اول آریہ سماج جالندھر کی کوشش سے ایک کنیا پاٹھشالہ جاری کی گئی تھی ۔ ۱۸۹۶ء میں اُس شالا کو ترقی دیکر اُسکا نام کنیا مہاودیالہ رکھا گیا ۔ آجکل دس جماعت تک تعلیم دیجاتی ہے ۔ یکم اپریل ۱۸۹۹ء کو ۱۲۹ لڑکیاں درج رجسٹر تھیں علاوہ ازیں ایک خاص جماعت ہے ۔ جسمیں بڑی عمر کی لڑکیاں اور بیوائیں تعلیم حاصل کرتی ہیں ۔ خاص شہر میں بڑا شریف گھرانوں کی استریاں پڑھتی ہیں ۔ ودیالہ میں کنواری ۱۰۸ بیاہی ۱۰ اور بیوائیں ۱۱ ہیں ۔ ان میں سے ۴ کنیائیں ایسی ہیں ۔ جو ادھیاپکائیں اور پرچارکائیں بننے کیلئے تعلیم حاصل کرتی ہیں ۔ علاوہ ازیں کنیا اناتھ آلہ کی ۱۲ کنیا بھی تعلیم پاتی ہیں ۔ ودیالہ کی کنیاؤں کو آٹھ وظیفے بھی دئے جاتے ہیں ۔ جن میں سے دو وظائف خاص ذکر کرنے کے قابل ہیں ۔ اول ۵ روپیہ ماہانہ کا وظیفہ جو مسز چارلس ہوورڈ چکاگو (امریکہ) کی دھرماتما استری دیتی ہے اور دوسرا ڈاکٹر کانشی رام لٹا در نواسی نے ایک ہزار روپیہ پرتی ندھی سبھا کے فنڈ میں جمع کیا ہوا ہے ۔ جس کے سود سے ۳ روپیہ ماہوار کا وظیفہ دیا جاتا ہے ۔ کرم چاری ۔ ایک بردھ پنڈت اور چھ پنڈتا استریں ادھیاپک اور ادھیاپکہ کا کام کرتے ہیں ۔ تمام کنیاؤں کو سنسکرت و ناگری میں تعلیم دیجاتی ہے ۔ علاوہ معمولی تعلیم کے دیہ پاٹھ ۔ بھجن ۔ سندھیا ۔ ہون ۔ دھرم سکھشا ۔ سینا پرونا ۔ جراب

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر شمار	نام پاٹھ شالا و مقام	نام انتظام کنندہ	مختصر حالات
			دستانہ۔ گلوبند بُننا۔ جالی وکشیدہ نکالنا۔ روئی بجایا مٹی کے کھلونے بنانا بھی سکھلایا جاتا ہے۔ اور پندرہ قسم کے عجیب و غریب مفید اور نصیحت آمیز کھیل سکھلائے جاتے ہیں۔ جن سے عجیب سکشا پراپت ہوتی ہے۔ آشرم۔ باہر سے آئی ہوئی کنیاؤں کی رہایش کے لئے اپریل [illegible] کو ایک آشرم کھولا گیا تھا جس میں ۴ کنیا داخل ہیں۔ اور آج تک ۶۳ داخل ہوچکی ہیں۔ آشرم کی فیس خوراک علاوہ کتب وپارچات کے چھ روپیہ ماہوار ہے۔ آمدنی وخرچ۔ بقایا سابقہ [illegible] آمدنی سال حال [illegible] خرچ [illegible] کل سرمایہ موجودہ معہ رقومات برائے مندر وغیرہ مبلغ [illegible] ہے۔ لالہ [illegible] جی اس کے منیجر و لالہ بدری داس جی ایم اے ہیڈ سکرٹری ہیں جو نہایت پریم اور پورشارتھ سے کام کرتے ہیں۔ رسالہ و اخبار۔ پانچال پنڈتا ناگری میں اور سبھا سہایک اردو میں ہر دو مہاجالندھر کے اہتمام سے شایع ہوتے ہیں۔ جو دہارمک اور اخلاقی مضامین سے پُر ہوتے ہیں اور استری سکشا کے لئے ازبس مفید ہیں۔ استری سکشا کے متعلق جملہ کتب کے فروخت کرنے کا انتظام بھی مہاودیالہ میں کیا گیا ہے۔
۲	آریہ پتری پاٹھ شالا [illegible] چھاؤنی	آریہ سماج [illegible] چھاؤنی	یہہ شالا فروری ۹۹ء میں جاری کیگئی ہے۔ ۴۰ لڑکیاں درج رجسٹر ہیں اور اوسط حاضری ۳۰ کے قریب ہے۔ ایک پنڈت اور ایک پنڈتا بطور ادھیاپک اور ادھیاپکہ کے کام کرتے ہیں۔ لڑکیوں کو کتابیں۔ کاغذ۔ اون۔ سلائیاں وغیرہ مفت دیجاتی ہیں۔ تعلیم ناگری میں دیجاتی ہے۔ علاوہ معمولی پٹھن پاٹھن حساب وغیرہ کی دہارمک سکشا بھجن اور سندھیا بھی سکھلائی جاتی ہے۔
۳	آریہ پتری پاٹھ شالا لاہور	آریہ سماج لاہور	لاہور سماج کے متعلق دو پُتری پاٹھ شالائیں ہیں۔ ایک سماج مندر میں اور دوسری شہر میں قایم ہے۔ جو سماج میں ہے۔ اسمیں قریباً اسّی لڑکیاں تعلیم پاتی ہیں۔ دیوان سندر داس جی اسکی اُنتی میں ہر سمہ کوشاں رہتے ہیں۔ دہارمک سکشا کا نہایت عمدہ پربندھ ہے۔ دوسری شالا کو قایم ہوئے تھوڑا ہی عرصہ ہوا ہے۔ وہ بھی ترقی پر ہے۔ اسکو لالہ بھولا رام نے ایک مکان دیا ہے۔

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر شمار	نام [illegible]	[illegible]	مختصر حالات
۴	آریہ پتری پاٹھ شالا فیروزپور چھاونی	آریہ سماج فیروزپور چھاونی	اِس شالا میں یتیم خانہ فیروزپور کی اور باشندگان چھاونی کی لڑکیاں تعلیم پاتی ہیں دو تین لڑکیوں کو سرکار کی طرف سے وظیفہ بھی عطا ہوتا ہے - علاوہ تعلیم کے کسی قدر دستکاری بھی سکھلائی جاتی ہے -
۵	[illegible]	آریہ سماج [illegible]	یہہ شالا ستمبر ۱۸۹۶ء سے جاری ہے - ایک پنڈت اور پنڈتا بطور ادھیاپک و ادھیاپکا مقرر ہیں - ۳۵ لڑکیاں درج رجسٹر ہیں - تعلیم پانچویں جماعت تک ناگری بھاشا میں ہوتی ہے علاوہ معمولی حساب - بھوگول وغیرہ کی دھارمک شکشا سندھیا بھجن - ہون اور دستکاری بھی سکھلائی جاتی ہیں - کل لڑکیوں کو کتابیں - کاغذ قلم سیاہی وغیرہ مفت دیجاتی ہے - کل خرچ تقریباً ۳۰ روپیہ ماہوار کا ہے -
۶	[illegible]	آریہ سماج [illegible]	یہہ شالا جولائے ۱۸۹۸ء سے جاری ہے - ایک پنڈتہ استری ادھیاپکہ کا کام کرتی ہے ۵۰ لڑکیاں درج رجسٹر ہیں - چار جماعتوں تک ناگری بھاشا میں دھارمک شکشا معمولی حساب وغیرہ - سندھیا - ہون اور دستکاری کی تعلیم دیجاتی ہے - اِس سال ایک جماعت اور ایک ادھیاپکہ اور ایزاد کی گئی ہے - پانچ لڑکیوں کو سرکار سے بشرح ۲ فی لڑکی وظیفہ ملتا ہے - اور مبلغ ۳۶ سالانہ کمیٹی سے امداد ملنے کا حکم ہوچکا ہے - کل خرچ ۳۰ ماہوار کا ہے :۔
۷	"	آریہ سماج [illegible]	یہہ شالا جنوری ۱۸۹۹ء سے جاری ہے - تقریباً ۳۰ لڑکیاں درج رجسٹر ہیں - ایک پنڈت اور ایک پنڈتہ تعلیم دیتے ہیں - خرچ تقریباً تیس روپیہ (۳۰) ماہوار کا ہے -
۸	[illegible]	آریہ سماج [illegible]	اسمیں ۴۲ لڑکیاں تعلیم پاتی ہیں :۔
۹	[illegible]	آریہ سماج [illegible]	اِس شالا میں ۱۶ لڑکیاں تعلیم پاتی ہیں - اسکے متعلق ایک بدھوا آشرم کھولنے کی تجویز بھی ہے :۔

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر	[illegible]	[illegible]	مختصر حالات
۱۰	[illegible]	[illegible]	یہہ شالا ششماہ سے جاری ہے۔ آج کل ۶۰ لڑکیاں درج رجسٹر ہیں۔ روزانہ حاضری ۵۰ کے قریب ہے دو ادہیاپکہ اور ایک ماسٹر صورت دہندہ تعلیم مقرر ہیں۔ جو کنیاؤں کو دہرم شکشا کی ناگری زبان میں سکہلائی جاتی ہیں۔ سندہیا۔ بہجن۔ ہون منتر۔ دستکاری اور کہانا بنانا بھی سکہلایا جاتا ہے۔ خرچ چالیس روپیہ ماہوار کا ہے۔ مسٹر وشن صاحب سابق کلکٹر ضلع ہی مبلغ دس روپیہ ماہوار اپنی جیب خاص سے عطا کیا کرتے تھے۔ اسوقت مبلغ ا ماہویہ فنڈ میں موجود ہے۔ سالانہ آمدنی مبلغ ۵۵۴ روپیہ ہے۔
۱۱	[illegible]	[illegible]	یہہ شالا دس سال سے جاری ہے۔ آج کل ۸۰ لڑکیاں تعلیم پاتی ہیں۔ اسکے متعلق کنیا آشرم بھی ہے جسمیں بیرونجات سے آئی ہوئی لڑکیاں نواس کرتی ہیں دہرم شکشا۔ بہجن۔ سندہیا۔ وید منتر اور دستکاری بہی سکہلائی جاتی ہے۔ اسکے متعلق استری سماج بھی ہوتا ہے۔
۱۲	میرٹھ صدر	آریہ سماج میرٹھ صدر	یہہ شالا دو سال سے جاری ہے۔ اسمیں ۴۰ لڑکیاں تعلیم پاتی ہیں۔
۱۳	رورکی	آریہ سماج رورکی	اس شالا کی قائمی سے پہلے اس شہر میں عیسائیوں کی پانچ پتری پاٹہ شالائیں تھیں۔ مگر اس شالا کے کہلنے سے وہ تمام بند ہوگئیں۔ اب اسمیں ۵۰ لڑکیاں تعلیم پاتی ہیں۔ اور یہہ شالا بہت ترقی پر ہے۔
۱۴	بریلی	آریہ سماج بریلی	آریہ سماج بریلی کے متعلق دو پتری پاٹہ شالا ہیں ایک میں یتیم خانہ کی کنیائیں۔ اور دوسری میں باشندگان شہر کی کنیائیں تعلیم پاتی ہیں۔
۱۵	وونکا ضلع بریلی	سیٹھ مُنالال آریہ	سیٹھ جی نے ۵ روپیہ ماہوار منافع کی جائداد اخراجات پاٹہ شالا کے لئے وقف کرادی ہے۔ فی الحال کچھ لڑکیاں تعلیم پاتی ہیں۔
۱۶	[illegible]	[illegible]	کئی سالوں سے سماج کے زیر اہتمام یہہ پتری پاٹہ شالا جاری ہے۔ عمدہ حالت میں ہے۔ ماہواری خرچ قریباً ۱۲ روپیہ ہے۔

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

فہرست آریہ اخبارات و رسالہ جات

نمبر شمار	نام اخبار یا رسالہ	مقام	کس زبان میں	زمانہ اشاعت	قیمت سالانہ	نام ایڈیٹر	مُکھیہ اُدیش (اعلیٰ مقصد)
۱	آریہ سدہانت	اٹاوہ	سنسکرت بہاشا	ماہوار	عـہ	پنڈت بہیم سین شرما	ویدک دہرم کے اصولوں کا پرچار کرنا اور مخالفوں کے اعتراضوں کا جواب باصواب دینا۔
۲	وید پرکاش	میرٹھ	ایضاً	ایضاً	عہ	پنڈت تلسی رام سوامی	ویدوں کے ست ارتہوں کا پرچار کرنا۔
۳	آریہ ورت	رانچی	بہاشا	ہفتہ وار	ہے	آریہ پرتی ندہی سبہا بنگال وبہار	ویدک سدہانتوں کا پرچار کرنا اور دہارمک امورات پر آزادانہ بحث کرنا۔
۴	آریہ پترکا	لاہور	انگریزی	ایضاً	صہ	آریہ پرتی ندہی سبہا پنجاب	آریہ دہرم کا صرف یہی ایک انگریزی اخبار ہے جسمیں ویدک دہرم کے متعلق خبریں اور دہارمک امورات پر عالمانہ بحث بڑی آزادی کے ساتہ کیجاتی ہے اور دیگر قسم کی عام اور مفید خبریں اور مضامین بہی درج ہوتے ہیں۔
تمام ریلوں پر مسافروں کا بوجھ تولا جاتا ہے۔ اور مندرجہ ذیل مقدار بلا کرایہ لیجانے دیا جاتا ہے۔ اور بچے کے نصف ٹکٹ کے لئے بھی اس وزن کا نصف بوجھ لے جانے کی اجازت ہے۔

درجہ اول	ڈیڑھ من
درجہ دوم	۳۰ سیر
درمیانہ درجہ	۲۰ سیر
درجہ سوم	۱۵ سیر

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نیچے یا اونچے درجہ میں سفر کرنا

جس درجے کا ٹکٹ لیا ہے اوس سے اونچے درجے میں بلا کرایہ زیادہ دینے کے سفر کرنا جرم ہے۔ لیکن اگر ریل میں جگہ نہیں ہے تو گارڈ یا اسٹیشن ماسٹر کو اطلاع دیکر اوس اونچے درجے میں سفر کر سکتا ہے۔ بصورت بلا ٹکٹ سفر کرنے یا ٹکٹ سے اونچے درجہ میں سفر کرنے کا کچھ تاوان لیا جاتا ہے۔ جو بصورت خود بخود گارڈ کو اطلاع کرنے کے اول درجہ کے لئے عہ روپیہ دوم درجہ کے لئے ۸ر اور سوم درجہ کے لئے ۲ر ہے۔ مگر نہ اطلاع دینے کی صورت میں اول درجہ کے لئے لعہ روپیہ دوم درجہ کے لئے ۵ر اور سوم درجہ کے لئے مہ روپیہ ہے۔ بشرطیکہ مسافر کے اصل کرائے سے یہ رقوم زیادہ نہ ہوں۔

ملازمان ریلوے کی شکایت

ملازمان ریلوے کے لئے سزائے موقوفی مقرر ہے۔ اگر وہ کسی سے کچھ انعام وغیرہ طلب کریں۔ اگر کسی ریلوے ملازم کی نسبت شکایت کرنا ہو تو صاحب ٹریفک سپرنٹنڈنٹ کی خدمت میں لکھ بھیج دیں۔ نارتھ ویسٹرن ریلوے پر راولپنڈی۔ لاہور۔ سہارنپور۔ ملتان۔ سکھر کوئٹہ۔ کراچی ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ ہیں ان کے پاس شکایت بھیجی جاوے۔

زیادہ کرایہ کی واپسی

اگر ٹکٹ اسباب پارسل وغیرہ کسی چیز پر زیادہ کرایہ ریلوے وصول کرلے تو واپسی کا دعوی چھ ماہ تاریخ ادائیگی کے اندر کرنا چاہیے اگر جس درجہ کا ٹکٹ لیا تھا۔ اوس درجہ میں جگہ نہ ہو تو اسٹیشن ماسٹر اور گارڈ کو اطلاع دیدو۔ اور ٹریفک سپرنٹنڈنٹ سے فوراً کرایہ کی واپسی کی درخواست کرو۔

نقصان کا معاوضہ

اگر ریل پر کسی اسباب میں نقصان ہو جاوے۔ یا تلف ہو جاوے تو اسٹیشن سے اوٹھانے سے پہلے اسٹیشن کے ذمہ دار افسر کو اوس کی اطلاع دینے چاہیئے۔ اور ۴۸ گھنٹے کے اندر ڈسٹرکٹ ٹریفک سپرنٹنڈنٹ کو نقصان کی مقدار اور حالات سے اطلاع بھیجنی چاہیئے۔

پیشگی محصول

جو چیزیں زیادہ قیمتی ہوں۔ یا خوفناک قسم کی یا جلدی تلف ہو جانیوالی ہوں۔ جیسے تازہ پھل۔ یا زندہ جانور مثل کتا۔ گھوڑا۔ وغیرہ وغیرہ انکا محصول ریلوے پر پیشگی لیا جاتا ہے۔

حقہ یا تمباکو بلا رضامندی

کوئی شخص بلا رضامندی ہمراہی مسافروں کے کسی گاڑی میں حقہ نہیں پی سکتا۔ اور اگر وہ اوس پر اصرار کرے تو ریلوے قوانین کے مطابق وہ جرمانہ کا سزاوار ہے۔ بلکہ ریل ہر ملازم اوسے گاڑی سے اوتار سکتا ہے

سفر توڑنا

اگر سفر سو میل سے زیادہ ہو تو ایک روز مسافر راستے میں ٹھہر سکتا ہے۔ اور ہر سو میل کے پیچھے ایک روز ٹھہرنے کا اوسی اختیار ہے۔ خواہ وہ سب عدد جوادسے اختیار ہے ایک ہی مقام پر ٹھہرے یا جتنے مختلف مقامات پر

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

چاہیے قیام کرے۔ مگر وقت مقررہ تک سفر کے خاتمے پر پہنچ جاوے

پارسل کا کرایہ

سنہ ۱۸۹۳ء کی ریلوے ٹریفک کانفرنس میں یہ نرخ منظور ہوئے

(۱) پارسل جو پیمائش میں ایک مکعب فٹ یا وزن میں پانچ سیر سے زاید نہ ہوں

(۱) جب کہ وزن پارسل کا اڑھائی سیر سے زاید نہ ہو تو ہر پانسو میل کے حصوں پر چھ آنہ لیا جاوے۔ مگر زیادہ سے زیادہ ایک روپیہ کا اختیار ہے۔

(۲) جبکہ وزن پانچ سیر سے زیادہ نہ ہو تو چار آنہ ہر اڑھائی سو میل یا حصہ اڑھائی سو میل کے لیے مگر زیادہ سے زیادہ دو روپیہ کا اختیار ہے۔

(۳) مگر جو پارسل ایک مکعب فٹ یا پانچ سیر سے زاید ہوں تو حسب جدول ذیل کے کرایہ لیا جاویگا

فاصلہ بحساب میل	دس سیر سے زاید نہ ہو		دس سیر سے زاید مگر بیس سیر سے زاید نہ ہو		بیس سیر سے زاید مگر تیس سیر سے زاید نہ ہو		تیس سیر سے زاید مگر ۴۰ سیر سے زاید نہ ہو		[illegible] سیر سے زاید ہر سیر کے لیے زاید کرایہ	
	روپیہ	آنہ	روپیہ	آنہ	روپیہ	آنہ	روپیہ	آنہ	روپیہ	آنہ
۲۵ میل سے زاید نہ ہو		۴		۴		۴		۳		
۲۵ سے زاید مگر ۵۰ سے زیادہ نہ ہو		۴		۴		۸		۸		
۵۰ ״ ״ ״ ۱۰۰ ״ ״		۴		۸		۱۲	۱			
۱۰۰ ״ ״ ״ ۱۵۰ ״ ״		۸		۱۲	۱		۱	۸		
۱۵۰ ״ ״ ״ ۳۰۰ ״ ״		۸	۱		۱	۸	۲			
۳۰۰ ״ ״ ״ ۴۵۰ ״ ״		۱۲	۱	۸	۲	۴	۳			
۴۵۰ ״ ״ ״ ۶۰۰ ״ ״	۱		۲		۳		۴			
۶۰۰ ״ ״ ״ ۷۵۰ ״ ״	۱	۴	۲	۸	۳	۱۲	۵			
۷۵۰ ״ ״ ״ ۹۰۰ ״ ״	۱	۶	۲	۱۲	۴	۲	۵	۸		
۹۰۰ ״ ״ ״ ۱۰۵۰ ״ ״	۱	۹	۳	۲	۴	۱۲	۶	۴		
۱۰۵۰ ״ ״ ״ ۱۲۰۰ ״ ״	۱	۱۲	۴	۸	۵	۶	۷	۲		
۱۲۰۰ ״ ״ ״ ۱۳۳۳ ״ ״	۱		۴		۶		۸		شرح جو علیحدہ علیحدہ خانوں میں درج ہے۔	
۱۳۳۳ ״ ״ ״ ۱۵۰۰ ״ ״	۲	۴	۴	۸	۶	۱۲	۹			
۱۵۰۰ ״ ״ ״ ۱۶۶۶ ״ ״	۲	۸	۵		۷	۸	۱۰			
۱۶۶۶ ״ ״ ״ ۱۸۳۳ ״ ״	۲	۱۲	۵	۸	۸	۴	۱۱			
۱۸۳۳ ״ ״ ״ ۲۰۰۰ ״ ״	۳		۶		۹		۱۲			
۲۰۰۰ ״ ״ ״ ۲۱۶۶ ״ ״	۳	۴	۶	۸	۹	۱۲	۱۳			
۲۱۶۶ ״ ״ ״ ۲۳۳۳ ״ ״	۳	۸	۷		۱۰	۸	۱۴			
۲۳۳۳ ״ ״ ״ ۲۵۰۰ ״ ״	۳	۱۲	۷	۸	۱۱	۴	۱۵			
۲۵۰۰ ״ ״ ״ ۲۶۶۶ ״ ״	۳		۸		۱۲		۱۶			
۲۶۶۶ ״ ״ ״ ۲۸۳۳ ״ ״	۴	۴	۸	۸	۱۲	۱۲	۱۷			
۲۸۳۳ ״ ״ ״ ۳۰۰۰ ״ ״	۴	۸	۹		۱۳	۸	۱۸			
۳۰۰۰ میل سے اوپر ہر زاید ۱۶۶ میل یا اس کے کسی حصہ کے لیے		۴		۸		۱۲	۱			

(۱) یہ نرخ اگر انتظام ہو سکا تو ۸۰ سیر وزن اور ۸ مکعب فٹ سے بڑے پارسل بھی لئے جا سکتے ہیں

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہندوستان کی دولت کہاں جاتی ہے؟

دیکھئے انگلینڈ سے ہندوستان میں ہر سال ۳۵ لاکھ روپیہ کا صرف سِلا ہوا کپڑا آتا ہے۔ ذرا تو غور فرمائیے کیا ہمارے ملک میں درزی نہیں ہیں؟ کیا مانچسٹر اور لنکاشائر کے درزیوں میں سرخاب کا پر لگا ہوا ہے؟ ہماری ہی بے شوقی اور ناقدردانی سے یہاں کے درزی بھوکے مرتے جاتے ہیں۔ کیا اسی کا نام خیرخواہی ملک ہے۔ اگر ایک بار صرف اسقدر عہد کر لیا جائے کہ ہم ولایتی کاریگروں کے ہاتھ کا سِلا ہوا کپڑا نہیں پہنیں گے۔ تو ملک کو کس قدر فائدہ پہنچ سکتا ہے؟

اور ملاحظہ کیجئے! ولایت سے سن ۱۸۹۶ء میں ۱۱۸۹۹۱ روپیہ کا جوتا ہندوستان میں آیا تھا۔ یہ کیسی اندھیر کی بات ہے کہ دیسی موچیوں سے اسقدر نفرت کہ اون کے بنائے جوتے پاؤں میں پہننا حماقت سمجھا جائے۔ اور ولایتی موچیوں کے بنائے ہوئے جوتے ایسے اچھے لگتے ہیں کہ ہر سال وہاں سے ۱۲ لاکھ روپیہ کے آویں تو پورا پڑے۔ اے بدقسمت ہندوستان تیری اولاد میں جب ایسی کج فہمی کا مرض ہے تو روز بروز دولت خراب کیوں نہ ہو۔

ولایتی اینٹ اور کھپریل کی آمد کا حال سن کر کلیجہ منہ کو آنے لگتا ہے۔ سن ۱۸۹۶ء میں ۲۱۸۸۹۹ روپیہ کی اینٹ اس ملک میں آئی ہے۔ ہائے بدبخت ہندوستان! اب تیری تعلیم یافتہ اولاد کو تیری مٹی سے اینٹ بنانے کی نفرت پیدا ہوگئی ہے۔

ولایت سے ہر سال پانچ لاکھ کوچ وغیرہ آتے ہیں۔ ہندوستانی ساگون۔ مہاگنی۔ شیشم۔ آبنوس سے طبیعت بیزار ہوگئی۔ ولایتی کاریگروں کو روپیہ دئے بغیر جس ملک کے لوگوں کا شوق پورا نہیں ہوتا۔ اوس ملک کی مفلسی اور محتاجی میں آئندہ کیا کچھ ترقی ہونے والی ہے۔ ولایتی کرسی پر بیٹھے بغیر جنکو آرام نہیں نصیب ہوتا۔ اون کی حالت کیا کبھی اصلاح پذیر ہوگی؟

۱۰۰ لاکھ کی گاڑیاں آتی ہیں۔

ولایت سے ۶۶۰۰۰۰ روپیہ کی چھوٹی چھوٹی بتیاں محض روشنی کے لئے آتی ہیں۔ ہر سال ۱ کروڑ ۳۰ لاکھ روپیہ کا [illegible] اور پانچ کروڑ ۶۲ لاکھ روپیہ کا رنگین کپڑا ہندوستان میں آتا ہے۔ اسی طرح شال دوشالے اونی کپڑا کا ولایت سے آکر یہاں ڈھیر لگتا ہے۔ اور یہاں والے دیسی چیزوں کو چھوڑ کر انہیں خوشی سے استعمال کرتے ہیں۔ اور اپنا روپیہ فضول برباد اور رائیگاں کھوتے ہیں

۲۵ کروڑ ۱۸ لاکھ روپیہ کی کپاس کا مال ہندوستان میں ہر سال آتا ہے۔ جس ملک کے باشندے ہر سال غیر ممالک کے صرف جولاہوں اور کپڑا وغیرہ بنانے والوں کے گھر ۳۰ کروڑ روپیہ کے قریب بھیجدیتے ہیں۔ اوس ملک کے خزانہ کا روز بروز مفلس ہوتے جانا اور ایک دن کوڑی کوڑی کو ترسنا کیا تعجب ہے۔

ندیا۔ شانتی پور۔ فرس ڈانگہ۔ واد ہانگر۔ ڈھاکہ۔ بھاگلپور۔ مرشدآباد۔ سنبلپور۔ بلاسپور۔ امرتسر۔ بنارس وغیرہ کے خوب صورت۔ دیرپا اور عمدہ کپڑے پہننے سے کلی احتراز کرنا۔ ولایت کے زرق برق مگر جلد پھٹنے والے کپڑوں کے پہننے کو جن کا شوق چرایا ہوا ہے۔ اون کی آئندہ کیا کچھ خرابات ہونیوالی ہے

تمباکو کے لئے ۱۳۰۰۰۰۰ روپیہ سالانہ ہندوستان سے غیر ممالک کو جاتا ہے۔ جسکا نتیجہ یہ کہ اس کے بدلے میں چرٹ۔ سگریٹ پیکر ہندوستانی اپنے منہ اور زبان کو خراب کر رہے ہیں

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

معمولی مٹی اور چینی مٹی کے برتنوں کے لئے ۴۳ لاکھ ۸۰ ہزار روپیہ کا ہرسال ستیاناس ہوتا ہے۔ دیسی کانسی - پیتل - پھول اور پتھر کے برتنوں میں کام نکال کر جن کو ولایتی چیزوں سے اسقدر دلبستگی ہے۔ ان کی جو کچھ آئندہ حالت ہونیوالی ہے وہ سمجھداروں پر مخفی نہیں ہے۔

کپاس کا کپڑا ۲۵ کروڑ کا پاٹ (پٹوا) کا کپڑا ۴۶۵۰۰۰ روپیہ کا اور اسکی بنی ہوئی چیزیں ۱۴۷۴۰۰۰ روپیہ کی اس ملک میں آتی ہیں۔ مگر تعجب یہ ہے کہ پٹوا کی پیداوار ہندوستان میں ہوتی ہے۔ اور یہاں سے ولایت جا کر کپڑا بنایا جاتا ہے۔ یہ کیسے شرم کی بات ہے کہ یہاں کی جوتی میاں ہی کے سر لگانے والے گھر بیٹھے ہندوستان کا روپیہ کھینچ رہے ہیں مگر ہمارے ساکنان ہند کچھ ایسی میٹھی نیند سوئے ہیں کہ جاگنے کی گویا قسم کھا رکھی ہے۔

ہندوستان میں ایک کروڑ ۲۱ لاکھ ۹۳ ہزار ۹۳ روپیہ کا لوہے کا سامان ولایت سے ہرسال آتا ہے اور ۶۰۰۰۸ روپیہ کا چمڑے کا ساز وسامان اور ۱۹۰۰۰۰ روپیہ کی صرف چمڑے کی چیزیں آتی ہیں۔ گھوڑے کے زین اور ساز ۲۵۶۰۰۰ روپیہ کے آتے ہیں ہائے جس ہندوستان میں خون گوشت خشک ہو کر صرف ہڈیوں پر چمڑا لگا رہ گیا ہے اس ہندوستان میں غیر ممالک سے اس افراط سے چمڑا آتا ہے۔ جس ملک میں چمڑے کی کمی نہیں اس ملک میں چمڑے کی چیزیں غیر ملک سے آویں۔ یا معبود تیری شان ہے۔ گزشتہ سال ہندوستان میں ۶۱۰۰۰۰ روپیہ کی برانڈی اور ۲۱۶۸۰۰۰ روپیہ کی شام پین اور ۳۹۰۰۰۰۰ روپیہ کی بیر آئی تھی۔ ہائے اس متوالے پن کا کیا ٹھکانا ہے کہ ایک کروڑ ۱۲ لاکھ ۸ ہزار ۱۵ روپیہ صرف شراب کے لئے ولایت جاتا ہے۔

سنہ ۱۸۹۵ء میں ۷۶۰۰۰ روپیہ کی دیاسلائی ہندوستان میں آئی تھی لیکن دیاسلائی کی آمدنی ملک میں کم ہو رہی ہے یعنی سنہ ۱۸۹۳ء میں ۱۲۴۷۰۰۰ روپیہ کی سنہ ۱۸۹۴ء میں ۹۹۰۰۰ روپیہ کی سنہ ۱۸۹۵ء میں ۵۹۶۰۰۰ کی سنہ ۱۸۹۶ء میں ۵۳۲۲۰۰۰ روپیہ کی اور سنہ ۱۸۹۷ء میں ۱۷۹۰۰۰ روپیہ کی دیاسلائی آئی دیکھکر ہم خوش ہو کر بھی خوش نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ اس کمی کے عوض میں جاپان کی دیاسلائی کی آمدنی ترقی کر رہی ہے اگر بجائے اسکے ہمارے ملک کی بنی ہوئی دیاسلائی

ولایت سے ہرسال ۴۲۶۰۰۰ روپیہ کا السی کا تیل ہندوستان میں آتا ہے۔ مگر السی یہاں ہی جاتی ہے۔ ۱۸۶۰۰۰ روپیہ کا ہندوستان میں ولایتی رنگ آتا ہے جو ملک کسی زمانہ میں رنگ کیلئے مشہور تھا۔ ہائے اوس ملک میں غیر ملک سے رنگ آتا ہے۔

کاغذ کے ہندوستان میں اسقدر کارخانجات اور کلیں ہونے پر ولایت سے ۱۳۱۶۰۰۰ روپیہ کا کاغذ آتا ہے مگر خوشی کی بات ہے کہ کاغذ کی آمدنی میں ہرسال تخفیف ہوتی جاتی ہے۔ سنہ ۱۸۹۳ء میں ۲۲۴۹۳۰۰ روپیہ کا سنہ ۱۸۹۵ء میں ۲۶۹۵۰۰ روپیہ کا سنہ ۱۸۹۸ء میں ۱۸۲۱۰۰ روپیہ کا اور سنہ ۱۸۹۹ء میں ۱۶۹۸۰۰ روپیہ کا کاغذ ہندوستان میں آیا تھا۔

ولایت سے نمک ۳۹۴۳۶۲۲۷ روپیہ کا۔ ریشم اور ریشمی کپڑا ۱۸۴۸۳۱۹ روپیہ کا۔ صابون ۲۶۰۰۵۸ روپیہ کا چھتری اور چاک ۲۰۹۹۳ روپیہ کے۔ گھڑیاں ۱۰۳۸۸۵۸ روپیہ کے۔ کنگھی ۴۶۵۳۰ روپیہ کی۔ ریشم اور ریشمی پارچہ جات ۱۱۳۸۵۳۹۹ روپیہ کے۔ چھتری ۲۲۵۵۲۱۴۴ روپیہ کی

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پہنچی ۳۳۱۵۵۶ روپیہ کی یہاں آتی ہے۔ چھتریوں کی آمدنی میں رفتہ رفتہ تخفیف ہو رہی ہے۔ سنہ ۱۸۹۴ء
میں ۱۹۲۹۳۳ روپیہ کی۔ سنہ ۱۸۹۵ء میں ۲۹۵۱۰۰۰ روپیہ کی سنہ ۱۸۹۶ء میں ۲۸۹۸۰۰۰ روپیہ کی چھتریاں
ہندوستان میں آئی تھیں۔ ہندوستان کے مختلف مقامات میں چھتریاں بنتی ہیں۔ اگر یہاں کے کارخانہ جات
کو ترقی دی جاوے تو ولائیت سے چھتریوں کی آمد بالکل مسدود ہو جاوے۔

اسی طرح ولائیت سے ہر سال ۵۱۰۱۷۱۲۰۵ روپیہ کی چیزیں ہندوستان میں آتی ہیں۔ اور ہندوستان
سے ۳۲۳۱۶۳۰۲۰۸ روپیہ کی چیزیں ولائیت جاتی ہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ ۱۸ کروڑ روپیہ کے قریب قریب
ولائیتی کاریگروں کو روپیہ بطور ٹیکس کے ہندوستان کو سالانہ ادا کرنا پڑتا ہے۔ ایسی حالت میں جو چیز
ہندوستان میں دستیاب ہوتی ہے۔ اس کے عوض ولائیتی چیزوں کو نہ لینے کا عہد جب تک اہل ہند
نہ کریں گے۔ تب تک دولت کا بڑا حصہ یہاں سے جاتا ہی رہیگا۔ اور یہاں کے کاریگر مفلس ہو
کر اسی طرح مریں گے۔

ہم "ہندوستان کی دولت کہاں جاتی ہے"؟ اس کا کچا چٹھا اپنے ناظرین و خیرخواہان ملک کے حضور
میں پیش کر کے امید کرتے ہیں کہ وہ پھر غور فرما کر اپنے ملک کی حالت کا اندازہ کریں۔ ابھی تک خیریت ہے
اگر صبح کا بھولا شام کو گھر آ جاوے تو اسے بھولا نہیں کہتے۔

شری ۱۰۸ سوامی دیانند سرسوتی جی کا جیون چرتر

مرتبہ شریمان پنڈت لیکھرام جی آریہ مسافر

شریمان پنڈت لیکھرام جی نے شری سوامی جی مہاراج کی زندگی کے حالات شروع سے آخیر تک بڑی محنت جانفشانی اور سرگرمی کے ساتھ جمع کر کے صحیح صحیح مکمل و مشرح طور پر درج کئے ہیں۔ جو نہایت دلچسپ مفید اور نصیحت آمیز ہیں۔ کاغذ اور چھپائی نہایت عمدہ ضخامت ۹۶۰ صفحے کے برابر ہے قیمت عوام کیلئے مبلغ ہے طلباء اور آریہ سماجوں کے لئے صرف ... مقرر ہے۔ ملنے کا پتہ لالہ شیو دیال ایم۔ اے سکرٹری آریہ پرتی ندھی سبھا پنجاب لاہور۔ ... (پنجاب)

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

صوبہ پنجاب کے ہندوؤں کے مذہبی فرقہ ہائے کی فہرست

بموجب مردم شماری ہندوستان

سنہ ۱۸۹۱ء

نمبر شمار	نام فرقہ	نمبر شمار	نام فرقہ	نمبر شمار	نام فرقہ	نمبر شمار	نام فرقہ
۱	اچھا پنتھی	۲۲	آرت شاہی	۴۳	بدری ناتھ	۶۴	بامے وال
۲	آدم شاہی	۲۳	عصا گیری	۴۴	بادو	۶۵	بال گرو
۳	آد پنتھی	۲۴	استاوک	۴۵	بادو منڈی	۶۶	بلہار گرو
۴	ادوشت	۲۵	علی شیر بابا	۴۶	بگ سین	۶۷	بلہار سنگھ
۵	آنگ پنتھی	۲۶	آتش پرست	۴۷	بہار چند	۶۸	بابا اچارج
۶	آئی پنتھی	۲۷	اتر بہاری	۴۸	بیراگی	۶۹	بال مکشمی
۷	اجودھیا پنتھی	۲۸	اتر لال	۴۹	بیرام شاہی	۷۰	بلہالی ناتھ
۸	اکالی	۲۹	آیا رام	۵۰	باچے شاہ	۷۱	بالمیکی
۹	عالم پیر	۳۰	بابا بدہ	۵۱	باجو پنتھی	۷۲	بالمکندی
۱۰	السی بابا	۳۱	بابا کام والا	۵۲	بیکل پنتھی	۷۳	بال لکھہ
۱۱	امرا داسی	۳۲	بابا لال	۵۳	باکر پال	۷۴	بابو پنتھی
۱۲	امر صاحب کا سیوک	۳۳	بابا لال وریا	۵۴	بالا دھاری	۷۵	بلو سنگھ
۱۳	امیس	۳۴	بابا پورانا	۵۵	بالک داس	۷۶	بام مارگی
۱۴	امراونی	۳۵	بابا شاہانہ	۵۶	بالک ناتھ	۷۷	بھور ناتھ
۱۵	اننت پوریہ	۳۶	بابا بھگت	۵۷	بالک رام	۷۸	بندا ٹنک جی
۱۶	اناتھ پنتھی	۳۷	بابو داس	۵۸	بالا پیر	۷۹	بندہ بیاچل
۱۷	انگد گرو	۳۸	بابو پنتھی	۵۹	بالا صاحب	۸۰	بندو بابا
۱۸	آپا پنتھی	۳۹	بدر شاہ	۶۰	بالا شاہی	۸۱	بندوسن
۱۹	آپو آپ	۴۰	بادلا پنتھی	۶۱	بال بہدری	۸۲	بالی ونت
۲۰	آریہ	۴۱	بدریداس	۶۲	بال بھگتی	۸۳	بانو پنتھی
۲۱	ارجن سنگھ گرودہ	۴۲	بدری نراین	۶۳	بال دیو	۸۴	برام ناتھ

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر شمار	نام فرقہ	نمبر شمار	نام فرقہ	نمبر شمار	نام فرقہ	نمبر شمار	نام فرقہ
۸۵	براپنتھی	۱۱۳	بہالیہ جی	۱۴۱	بیرتہان	۱۶۹	داوی سہیل پنتھی
۸۶	بربہاگ سنگھ	۱۱۴	بہت ناتھ	۱۴۲	بشمبر داس	۱۷۰	داہ دادا
۸۷	بروہار سنگھ گرو	۱۱۵	بہاول داس	۱۴۳	بشن داس پنتھی	۱۷۱	دلوگن
۸۸	برت نراین	۱۱۶	بہیم سین	۱۴۴	بشنوئی	۱۷۲	دلوانا
۸۹	برت پنتھی	۱۱۷	بہوانی داس	۱۴۵	بسکرا	۱۷۳	دلواراپنتھی
۹۰	بسنت داس	۱۱۸	بہوانی لال	۱۴۶	برہمانندی	۱۷۴	دندپنتھی
۹۱	باوی اوپاسک	۱۱۹	بہوگ پنتھی	۱۴۷	برہمچاری	۱۷۵	درپنتھی
۹۲	بت سینا	۱۲۰	بہولا بابا	۱۴۸	برہم داس	۱۷۶	درونا اچارج
۹۳	باولا پنتھی	۱۲۱	بہولا ناتھ	۱۴۹	برہم گیان	۱۷۷	درشنی
۹۴	بادشاہی	۱۲۲	بہولا سنگھ	۱۵۰	برہم گیانی	۱۷۸	دریا ناتھی
۹۵	بیاپنتھی	۱۲۳	بہولا سوامی	۱۵۱	برہم پنتھی	۱۷۹	دستگیر
۹۶	بیلی رام بابا	۱۲۴	بہول پنتھی	۱۵۲	برہمو	۱۸۰	دس نامی
۹۷	بہابڑا	۱۲۵	بہومرا شاہ	۱۵۳	برنج بہانی	۱۸۱	دیا پنتھی
۹۸	بہاگو بابا	۱۲۶	بہوری گر	۱۵۴	بدہ کی پرستش	۱۸۲	دیوی داسیہ
۹۹	بہگت سنگھ	۱۲۷	اوپاسک	۱۵۵	کرنے والے	۱۸۳	دیوی ناتھی
۱۰۰	بہاگیرتہیا	۱۲۸	بہوسن شاہ	۱۵۶	بدہوار	۱۸۴	دیوی کی پوجا کرنیوالے
۱۰۱	بہگت	۱۲۹	بہومبہ	۱۵۷	چالو	۱۸۵	دیوکی نندن
۱۰۲	بہاگو بہائی	۱۳۰	بہوپرام	۱۵۸	چرن داسی	۱۸۶	دیونند
۱۰۳	بہگوانداس	۱۳۱	بیاس جی	۱۵۹	چمن لال	۱۸۷	دیوراج
۱۰۴	بہگوان سنگھ	۱۳۲	بہاری	۱۶۰	چیت راجا	۱۸۸	دہبیروکل
۱۰۵	بہگونت پنتھی	۱۳۳	بہاری داس	۱۶۱	چارپیر	۱۸۹	دہنک دہاری
۱۰۶	بہائی جیٹھی	۱۳۴	بکرما جیتی	۱۶۲	چترگپت	۱۹۰	دہن دہاری
۱۰۷	بہیروں اپاسک	۱۳۵	بنداجلی	۱۶۳	چورنگ شاہی	۱۹۱	دہند راج
۱۰۸	بہالو	۱۳۶	بندرابن	۱۶۴	چیت رامی	۱۹۲	دہندورام
۱۰۹	بہنڈال بابا	۱۳۷	بیربل پنتھی	۱۶۵	چیت سنگہی	۱۹۳	دہنی چند
۱۱۰	بہان رام	۱۳۸	بیرنامی	۱۶۶	چہاپالداس پنتھی	۱۹۴	دہن مل
۱۱۱	بہارت ناتھ	۱۳۹	بیرساہی	۱۶۷	چہمو پنتھی	۱۹۵	دہنا بہگت
۱۱۲	بہرتری پنتھی	۱۴۰	بیرسنگھ بابا	۱۶۸	دادو پنتھی	۱۹۶	دہن پنتھی

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر شمار	نام فرقہ	نمبر شمار	نام فرقہ	نمبر شمار	نام فرقہ	نمبر شمار	نام فرقہ
۱۹۷	دہن والو	۲۲۵	گنیش کے پوجنے والے	۲۵۳	گوپال ناتہی	۲۸۱	ہرداس بابا
۱۹۸	دہاری بابا	۲۲۶	گنگا بہارتی	۲۵۴	گوپال پنتہی	۲۸۲	ہردواری
۱۹۹	دہرمالی	۲۲۷	گنگا داسی	۲۵۵	گوپال سنگہیا	۲۸۳	ہری چند بابا
۲۰۰	دہرم داس	۲۲۸	گنگا رام ماتا	۲۵۶	گوپی چند	۲۸۴	ہری چند جاتی
۲۰۱	دہرنی دہر	۲۲۹	گنگا دیاس جی	۲۵۷	گوپی ناتہہ	۲۸۵	ہری بیاری
۲۰۲	دہرم رائی پنتہی	۲۳۰	گنگا کے پوجنے والے	۲۵۸	گوردہن جی	۲۸۶	ہرچند پنتہی
۲۰۳	دہرم سرولی	۲۳۱	گنجا مالی	۲۵۹	گورکہہ پنتہی	۲۸۷	ہری داسی
۲۰۴	دہیان سنگہ	۲۳۲	گنج بخشئے	۲۶۰	گوگا پیر	۲۸۸	ہرمل
۲۰۵	دہیچ مالی	۲۳۳	گرہایلہ بہائی	۲۶۱	گلاب داسی	۲۸۹	ہرنرائن
۲۰۶	دہرمل	۲۳۴	گرڑ کے پوجنے والے	۲۶۲	گلاب سنگہ	۲۹۰	ہررائے
۲۰۷	دہرمل پنتہی	۲۳۵	گہنیا	۲۶۳	گوربخش سنگہ	۲۹۱	ششہریہ
۲۰۸	ڈہونڈیہ	۲۳۶	غریب داسی	۲۶۴	گروبہاگ سنگہ	۲۹۲	حضرت اعظم
۲۰۹	دیال بہوں پنتہی	۲۳۷	غازی داس بابا	۲۶۵	گروبہائی سنگہ	۲۹۳	ہیم آنندی
۲۱۰	دیال پنتہی	۲۳۸	کہوجی داس بابا	۲۶۶	گورو دتیع سنگہ	۲۹۴	ہیرا داسی
۲۱۱	دگمبری	۲۳۹	گہومانی	۲۶۷	گورو بابل سنگہ	۲۹۵	ہیرا گر بابا
۲۱۲	دین پناہ	۲۴۰	گیان داس بابا	۲۶۸	گوروتا بابا	۲۹۶	ہیرا نندی
۲۱۳	دتا ترے	۲۴۱	گیانی	۲۶۹	گوروپال	۲۹۷	حسین بابا
۲۱۴	دِتو بابا	۲۴۲	گیا پنتہی	۲۷۰	گوروگوبند سنگہ کے	۲۹۸	حسین نگینت
۲۱۵	دیوالی می	۲۴۳	گیا تم ناتہی	۲۷۱	گورومالو والا	۲۹۹	حسینی برہمن
۲۱۶	دیوانہ	۲۴۴	گل بہائی	۲۷۲	کش عیر	۳۰۰	اِچہا دہاری
۲۱۷	دیوار ناتہہ	۲۴۵	گردہاری لال	۲۷۳	گوال جی	۳۰۱	اجلاسی ناتہہ
۲۱۸	دوودہا دہاری	۲۴۶	گوبند داسی	۲۷۴	گوال پنتہی	۳۰۲	اندربرست
۲۱۹	فقیر سنگہ بابا	۲۴۷	گوکل داسی	۲۷۵	حجاج پیر	۳۰۳	ایشر داس بابا
۲۲۰	فریدی	۲۴۸	گولا بہائی	۲۷۶	ہیم شو پنتہی	۳۰۴	جادو پنتہی
۲۲۱	فتح چند بابا	۲۴۹	گومالی	۲۷۷	ہیم راج	۳۰۵	جگدیو
۲۲۲	فتح مل	۲۵۰	گودڑ پنتہی	۲۷۸	مہندال پنتہی	۳۰۶	جگنناتہ پنتہی
۲۲۳	فتو مستر	۲۵۱	گوپال چند	۲۷۹	ہنومان اداسی	۳۰۷	جگت داسی
۲۲۴	گجن شاہ بابا	۲۵۲	گوپال داسی	۲۸۰	ہربنس رائے	۳۰۸	جگرام بہائی

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر شمار	نام فرقہ	نمبر شمار	نام فرقہ	نمبر شمار	نام فرقہ	نمبر شمار	نام فرقہ
۳۰۹	جگو بابا	۳۳۷	جواری	۳۶۵	کلدستے	۳۹۳	کرتار سنگھ
۳۱۰	جے کاری	۳۳۸	جیونا رائین	۳۶۶	کالیداس بابا	۳۹۴	کاتو
۳۱۱	جے خام داس	۳۳۹	جھنڈا بابا	۳۶۷	کالی ناتھہ	۳۹۵	کنول جیو
۳۱۲	جے کشنئے	۳۴۰	جہانیا نجبی	۳۶۸	کال دھاری	۳۹۶	کیسر داسی
۳۱۳	جین	۳۴۱	جیابھگت	۳۶۹	کھناری	۳۹۷	کیشو داس
۳۱۴	جیرا داس	۳۴۲	جینیدا کلیانہ	۳۷۰	کالو بابا	۳۹۸	کیشو پنتھی
۳۱۵	جم سنگھ	۳۴۳	جینیدا	۳۷۱	کمال ناتھی	۳۹۹	کیشو رام
۳۱۶	جاجو پنتھی	۳۴۴	جیون بابا	۳۷۲	کمانا تھی	۴۰۰	کیشوا رام
۳۱۷	جکر شاہ	۳۴۵	جیون داس	۳۷۳	کمالی والے	۴۰۱	کہادر شاہ
۳۱۸	جلّہ بابا	۳۴۶	جیون ناتھہ	۳۷۴	کام بیہاری	۴۰۲	خالصہ
۳۱۹	جم دگیہ	۳۴۷	جبرہی	۳۷۵	کنڈالی	۴۰۳	کہانڈا دھاری
۳۲۰	جمنا سنگھ بابا	۳۴۸	جودنا بابا	۳۷۶	کنڈا پنتھی	۴۰۴	خراب سنگھ
۳۲۱	جمنا ادیاسی	۳۴۹	جیروا رام	۳۷۷	کرن داس	۴۰۵	کہرک سنگھ بابا
۳۲۲	جاناجی	۳۵۰	جودہ شاہی	۳۷۸	سنگت	۴۰۶	کہیم چنار بابا
۳۲۳	جنگم	۳۵۱	جودہ سنگھ	۳۷۹	کانشی داس	۴۰۷	کہیم داس بابا
۳۲۴	جنگر شاہ	۳۵۲	جوگی چند	۳۸۰	کانشی رام بابا	۴۰۸	کہیم جی
۳۲۵	جشتی	۳۵۳	جوگی ادگر	۳۸۱	کانونا تھیے	۴۰۹	کہیم سنگھ بابا
۳۲۶	جس ناتھہ پنتھی	۳۵۴	جوگی دہرم پنتھی	۳۸۲	کنول نین	۴۱۰	کہیت پال
۳۲۷	جس رائے بابا	۳۵۵	جوگی گن پہنتا	۳۸۳	کانیا ناتھی	۴۱۱	خواجہ خضر
۳۲۸	جستو بھگت	۳۵۶	جوگی کرانہ	۳۸۴	کپلا داسی	۴۱۲	کبیر
۳۲۹	جسنے	۳۵۷	جوگی پنتھی	۳۸۵	کرم چند	۴۱۳	کرپا رام
۳۳۰	جسونت سنگھ بہائی	۳۵۸	جوگی تکیہ والے	۳۸۶	کرم کانڈی	۴۱۴	کشن داس
۳۳۱	جتی داس	۳۵۹	کابا ناتھی	۳۸۷	کرم سین	۴۱۵	کشٹا ورمی
۳۳۲	جتی بہت	۳۶۰	کبیر پنتھی	۳۸۸	کرم پنتھی	۴۱۶	کوہلو والے
۳۳۳	جتو پنتھی	۳۶۱	کچ بنارسیہ	۳۸۹	کرپالا	۴۱۷	کوشن
۳۳۴	جواہر سنگھ بابا	۳۶۲	کالہ کلنگ	۳۹۰	کرتا چندی	۴۱۸	کوتا نبسی
۳۳۵	جوالا داس	۳۶۳	کال عالم	۳۹۱	کرتاری	۴۱۹	کوتا دیو
۳۳۶	جوالا سنگھ	۳۶۴	کانا پیر	۳۹۲	کرتا پوریہ	۴۲۰	کوٹھا پنتھی

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر	نام فرقہ	نمبر	نام فرقہ	نمبر	نام فرقہ	نمبر	نام فرقہ
۴۱۶	کرشن اوپاسی	۴۴۵	لال سدہو	۴۷۳	مہتاب سنگھ	۵۰۱	مارکنڈا اوپاسی
۴۱۷	کوکا	۴۴۶	لالو بہائی	۴۷۴	مائی کیول	۵۰۲	مارٹی والا
۴۱۸	لچھمن	۴۴۷	لالو ہنت	۴۷۵	مائی لال	۵۰۳	متا بابا
۴۱۹	لچھمن داس الام والا	۴۴۸	لمان شاہیہ	۴۷۶	مجاور ناتھ	۵۰۴	مسند پنتھی
۴۲۰	لچھمن نرائن	۴۴۹	لشکریہ بابا	۴۷۷	محمد شاہی	۵۰۵	مستانی
۴۲۱	لچھمن نراین	۴۵۰	لودہیا پنتھی	۴۷۸	مکھن شاہی	۵۰۶	مست ناتھ
۴۲۲	لچھمن ناتھ	۴۵۱	ماب سنگھ	۴۷۹	مخدوم	۵۰۷	متے لالی
۴۲۳	لچھمن رام	۴۵۲	مچھندر ناتھ	۴۸۰	مکتل	۵۰۸	متھرا داس
۴۲۴	لچھمن سنگھ	۴۵۳	مچھی شاہ	۴۸۱	ملنگ	۵۰۹	متھرا ناتھ
۴۲۵	لچھمی بابا	۴۵۴	مدن گوپال	۴۸۲	ملنگی	۵۱۰	مایا دہاری
۴۲۶	لدہر بابا	۴۵۵	مدن موہن لال	۴۸۳	ملنگ شاہی	۵۱۱	مایا رام
۴۲۷	لہنا سنگھ بہائی	۴۵۶	مدانی سدہ	۴۸۴	مالی رام سکھ	۵۱۲	مذہبی
۴۲۸	لکھی داس	۴۵۷	مادہو ناتھ	۴۸۵	مل سپہیا	۵۱۳	میگھ ناتھ
۴۲۹	لکھو بابا	۴۵۸	مادہو سنگھ	۴۸۶	منا پنتھی	۵۱۴	مہر سنگھ
۴۳۰	لکھو بیر	۴۵۹	مدسرنی	۴۸۷	مندر پنتھی	۵۱۵	میاں بیر
۴۳۱	لالہ دہولا	۴۶۰	مگرب ینن	۴۸۸	مہندہاری	۵۱۶	میاں کاری
۴۳۲	لالہ بنگا	۴۶۱	مگر سیس	۴۸۹	ماندوا	۵۱۷	میراں بائی
۴۳۳	لال بنسی	۴۶۲	مہابیر	۴۹۰	منگل	۵۱۸	میراں شاہی
۴۳۴	لال بیگی	۴۶۳	مہا ناتھی	۴۹۱	منگلداس	۵۱۹	منتر ناتھ
۴۳۵	لال بگڑہ	۴۶۴	مہا پنتھی	۴۹۲	منگل ناتھی	۵۲۰	مٹہا بائی
۴۳۶	لال چیند بہ	۴۶۵	مہر داس	۴۹۳	منجی صاحب	۵۲۱	مٹہا پیر
۴۳۷	لال داس	۴۶۶	مہر شاہ	۴۹۴	منجی شاہ	۵۲۲	مٹہی گرائی
۴۳۸	لال دواری	۴۶۷	محبوب شاہی	۴۹۵	منو بابا	۵۲۳	مٹہی شاہی
۴۳۹	لال گورو	۴۶۸	مہا دیو آچاریہ	۴۹۶	مان سنگھ	۵۲۴	موہن [illegible]
۴۴۰	لال جی	۴۶۹	مہیشی	۴۹۷	مرب بابا	۵۲۵	موہن داس
۴۴۱	لال موہن	۴۷۰	مہلا گورو	۴۹۸	مدار پنتھی	۵۲۶	موہن سنگھ
۴۴۲	لال ناتھ	۴۷۱	مہل	۴۹۹	مارگی	۵۲۷	مونا
۴۴۳	لال شاہ	۴۷۲	مہوی شاہ	۵۰۰	مرجیو بہائی	۵۲۸	موتان سنگھیہ

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر شمار	نام فرقہ	نمبر شمار	نام فرقہ	نمبر شمار	نام فرقہ	نمبر شمار	نام فرقہ
۵۲۹	مولی رام	۵۵۷	نارگی سارگ	۵۸۵	پنچ وہاری	۶۱۳	پہول سنگھرائی
۵۳۰	مولا بہائی	۵۵۸	نربھینی	۵۸۶	پنچ بھنگیہ	۶۱۴	پہول راج
۵۳۱	مولا مل	۵۵۹	نرک ناتھ	۵۸۷	پنچ پانڈو	۶۱۵	پیر بابا
۵۳۲	موہن سنتی	۵۶۰	نرسنگئے	۵۸۸	پنچ پنتھی	۶۱۶	پیر کہیرواں
۵۳۳	مول چند	۵۶۱	ناستک	۵۸۹	پنچ پسیریہ	۶۱۷	پیکر نکاں
۵۳۴	مرسیہ ہر	۵۶۲	ناتھ بنسی	۵۹۰	پنچو پنتھی	۶۱۸	پیر بہوداس
۵۳۵	مدرسے والی	۵۶۳	نتھولال پیر	۵۹۱	پنکھہ پنتھی	۶۱۹	پیر اگیہ ناتھ
۵۳۶	مشتاق سبھائی	۵۶۴	ناؤ ناتھ	۵۹۲	پان ،	۶۲۰	پیر جاچتی
۵۳۷	مدال پنتھی	۵۶۵	نونہال سنگھ	۵۹۳	پاپ سنیہ	۶۲۱	پیران ناتھ
۵۳۸	ندری ناتھ	۵۶۶	لوٹ ناہیہ	۵۹۴	پاپوجی	۶۲۲	پیران شاہی
۵۳۹	نگاہیہ	۵۶۷	نیچری	۵۹۵	پرمہنس	۶۲۳	پیر پیم داس
۵۴۰	نگر نسی	۵۶۸	نیم ناتھ	۵۹۶	پارس ناتھی	۶۲۴	پیر پیم سنگھ
۵۴۱	ناہر سنگھ	۵۶۹	نیتری ناتھ	۵۹۷	پارس رامی	۶۲۵	پیر پنتھی چند
۵۴۲	نائن	۵۷۰	نیاسن	۵۹۸	پرم گیانی	۶۲۶	پیر پنتھی راجا
۵۴۳	نکو ورداس	۵۷۱	نیما نندی	۵۹۹	پرنامی	۶۲۷	پتا دا پنتھی
۵۴۴	نال پنتھی	۵۷۲	نرنکاری	۶۰۰	پرتاب سنگھ	۶۲۸	پرچران
۵۴۵	نانا سندل	۵۷۳	ٹھپہر پنتھی	۶۰۱	پیرو بابا	۶۲۹	پیرالی شاہی
۵۴۶	نام دیو پنتھی	۵۷۴	ٹہکیا	۶۰۲	پٹن رام بہائی	۶۳۰	پیران مل
۵۴۷	نانک پنتھی	۵۷۵	نرملا	۶۰۳	پایز پنتھی	۶۳۱	پوری
۵۴۸	نندی چیلے	۵۷۶	لوڈوا	۶۰۴	بیڈرو ،	۶۳۲	پور ناتھ
۵۴۹	نندلال	۵۷۷	اونکاری	۶۰۵	پہکیا	۶۳۳	روم
۵۵۰	نند سنگھ بابا	۵۷۸	پہاڑ چند	۶۰۶	پہنگ پنتھی	۶۳۴	رادہا کشن
۵۵۱	نانگی	۵۷۹	پہلاؤ بنسی	۶۰۷	پہل پوجا	۶۳۵	رادہا نندی
۵۵۲	نرائن	۵۸۰	پکھنڈ ٹھاہی	۶۰۸	پھیرو بہائی	۶۳۶	رادہا ناتھ
۵۵۳	نرائن داس	۵۸۱	پالا پنتھی	۶۰۹	پہومی پنتھی	۶۳۷	رادہا پنتھی
۵۵۴	نرائن ناتھ	۵۸۲	پنجی ناتھ	۶۱۰	پہوگا	۶۳۸	رادہا سوامی
۵۵۵	نا ناپنتھی	۵۸۳	پانڈو پنتھی	۶۱۱	پہول اسرو تیلی	۶۳۹	رادہیا داس
۵۵۶	نربان پنتھی	۵۸۴	پنجارہ	۶۱۲	پہول بنسی	۶۴۰	رگھبیر سنگھ

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر شمار	نام	نمبر شمار	نام	نمبر شمار	نام	نمبر شمار	نام
۶۴۱	رگھوناتھ گورو	۶۶۹	رام پوہن	۶۹۷	صاحب داس	۷۲۵	سنت داس
۶۴۲	رتن سمواتی	۶۷۰	رام فراتی بابا	۶۹۸	صاحب جمال	۷۲۶	سنت ناتھی
۶۴۳	راگ کرنپتہی	۶۷۱	رام ناتھ	۶۹۹	صاحب راتہ	۷۲۷	سنت سری
۶۴۴	راسنگہ داسی	۶۷۲	رام پیارا	۷۰۰	سبہجان بابا	۷۲۸	سنت شیو داسی
۶۴۵	رائی گوبندہ	۶۷۳	رام رانیا	۷۰۱	سبہج ناتھ بابا	۷۲۹	سنت سنگ گورو
۶۴۶	رائی نپتی	۶۷۴	رام شاہیہ	۷۰۲	سادہو بابا	۷۳۰	سانو داس
۶۴۷	راجا جنگ	۶۷۵	رام تہمن	۷۰۳	سادہو سرانا	۷۳۱	سانول شادی
۶۴۸	راجا کرن	۶۷۶	رام تیرتھ	۷۰۴	سائیں داس	۷۳۲	سیالیجی
۶۴۹	راج ناتھ	۶۷۷	رنبہیر بہائی	۷۰۵	سائیں جی	۷۳۳	سارگ دہرم
۶۵۰	رادھام	۶۷۸	رن چودہ	۷۰۶	سبہجن بہان	۷۳۴	سرن داسی
۶۵۱	راما بہائی	۶۷۹	رنگ داسیہ	۷۰۷	ساکنگ	۷۳۵	سانگ دہر
۶۵۲	راما شاہی	۶۸۰	رنگ لال	۷۰۸	سنگاہ داس	۷۳۶	سرادگی
۶۵۳	راما ناتھ نپتی	۶۸۱	رنگا نپتی	۷۰۹	سالار نپہی	۷۳۷	سروپ داس بابا
۶۵۴	رام آریہ	۶۸۲	رنجیت صاحب	۷۱۰	سالو بہائی	۷۳۸	سرتی اپاسک
۶۵۵	رام آسری	۶۸۳	را نپتی	۷۱۱	سالون بابا	۷۳۹	سہنے داس
۶۵۶	رام سبہاؤ	۶۸۴	رتنی نپتی	۷۱۲	سکلانا	۷۴۰	ست کرتاری
۶۵۷	رام بہار سہائی	۶۸۵	رشنا نپتی	۷۱۳	سمو سری	۷۴۱	ست نامی
۶۵۸	رام گھوسیہ	۶۸۶	رتن داس	۷۱۴	سنگل	۷۴۲	ست نرایس
۶۵۹	رامچند راوپاسی	۶۸۷	روی راوپاسی	۷۱۵	سنگت صاحب	۷۴۳	ست نپتہی
۶۶۰	رام داسی	۶۸۸	دیا راوپاسی	۷۱۶	سنگی	۷۴۴	ست پرابا
۶۶۱	رام دہن	۶۸۹	رنچو بابا	۷۱۷	سنہاسی بابا	۷۴۵	ست صاحب
۶۶۲	رام تاری	۶۹۰	رمپیا ناتھ	۷۱۸	سالی	۷۴۶	ست لکہمی نرائن
۶۶۳	رام دیالی	۶۹۱	سپج سدہ	۷۱۹	سنیاسی	۷۴۷	ستیا نندی
۶۶۴	دوارکا	۶۹۲	سادہو نپتی	۷۲۰	سنیہ راوپاسی	۷۴۸	ستیا ناتھی
۶۶۵	رام گنگا	۶۹۳	سادہو رام	۷۲۱	سنجوگی	۷۴۹	ستیا نپتی
۶۶۶	رامی نپہی	۶۹۴	ساگر نپتی	۷۲۲	سنگل بابا	۷۵۰	سیب سیلا
۶۶۷	رام کابہری	۶۹۵	سبہائی بابا	۷۲۳	سنت بگت	۷۵۱	سیوا نانا
۶۶۸	رام کشن	۶۹۶	سبہارو بابا	۷۲۴	سالون سنگہ	۷۵۲	سیوا نپتی

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri
CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر شمار	نام فرقہ	نمبر شمار	نام فرقہ	نمبر شمار	نام فرقہ	نمبر شمار	نام فرقہ
۷۵۳	شافی	۷۸۱	شیو دیاپک	۸۱۰	سوہن داس	۸۳۸	ستھرا شاہی
۷۵۴	شہانیک	۷۸۲	شام پنتھی	۸۱۱	سوہن شاہ	۸۳۹	سوست جی
۷۵۵	شاہ باباجی	۷۸۳	شریابن	۸۱۲	سوچیت شاہ	۸۴۰	عسوبیتری
۷۵۶	شاہ ہوزی	۷۸۴	شامداسی	۸۱۳	سوجی شاہ	۸۴۱	تنیا بھگت
۷۵۷	شہیدی	۷۸۵	سیدن پنتھی	۸۱۴	سوت شاہی	۸۴۲	تہنا جی
۷۵۸	شاہ کک	۷۸۶	سدرو	۸۱۵	سری چندی	۸۴۳	تجاوت پنتھی
۷۵۹	شاہ مدار	۷۸۷	سدھیندر رکھانا	۸۱۶	سالگ رام	۸۴۴	تنپ بابا
۷۶۰	شاہ نیتھو	۷۸۸	سدہ بانگل	۸۱۷	سدوپا	۸۴۵	تارا چند
۷۶۱	شیخ بجتا	۷۸۹	سدہ گوری	۸۱۸	سود پنتھی	۸۴۶	تارا پنتھی
۷۶۲	شناسندی	۷۹۰	سدہوں چاری	۸۱۹	سرجان سنگھ بابا	۸۴۷	ترلال کوس
۷۶۳	شام دیدی	۷۹۱	سدہ پالا	۸۲۰	سکھیانندی	۸۴۸	ترث لال
۷۶۴	شامداس	۷۹۲	سدہ شاہ پنتھی	۸۲۱	سکھیا	۸۴۹	تیغ بہادر گورو
۷۶۵	شام جی	۷۹۳	سدہو بابا	۸۲۲	سکھرائی	۸۵۰	ٹیکو بابا
۷۶۶	شمشار	۷۹۴	سکھہ	۸۲۳	سلطانی	۸۵۱	تیلی راجا
۷۶۷	شمشی	۷۹۵	سکھا بابا	۸۲۴	سومناتھ	۸۵۲	تلوک ناتھ
۷۶۸	شنکرداسی	۷۹۶	سکھہ گلاشاہی	۸۲۵	سمرانا	۸۵۳	تلوک پنتھی
۷۶۹	شنکرلال	۷۹۷	سمرن داس	۸۲۶	سندر داس	۸۵۴	تیرا پنتھی
۷۷۰	شنکر نراین	۷۹۸	سمسکتا ناتھ	۸۲۷	سندر پنتھی	۸۵۵	تیرشنگو
۷۷۱	شنکراچاریہ	۷۹۹	سیتا	۸۲۸	ستار شاہی	۸۵۶	تہنا داسی
۷۷۲	شنکرانند	۸۰۰	سیتل داس	۸۲۹	سندر سنگھ	۸۵۷	ٹھاکر داس پنتھی
۷۷۳	شیرشاہی	۸۰۱	سیتا رام جی	۸۳۰	انوار (آدینہ گوا) اوپاسک	۸۵۸	ٹھاکر پرساد
۷۷۴	شیرسنگھ	۸۰۲	ستی	۸۳۱	سورج اپاسک	۸۵۹	تہان سنگھ
۷۷۵	شبدیال بابا	۸۰۳	سیتا اوپاسک	۸۳۲	سورج بابا	۸۶۰	تہنا والالال
۷۷۶	شب دین بابا	۸۰۴	سمال	۸۳۳	سورت بابا	۸۶۱	تنبوی
۷۷۷	شب سہائے	۸۰۵	سمارتک	۸۳۴	سوریہ بابا	۸۶۲	ٹیکن جی
۷۷۸	شیو دناری	۸۰۶	سانپ اوپاسک	۸۳۵	سوری رام	۸۶۳	تیرتھ ناتھی
۷۷۹	شیونا پنتھی	۸۰۷	سوبہا رام پنتھی	۸۳۶	سوری شاہی	۸۶۴	تیرتھ شاہی
۷۸۰	شیو پال شاہی	۸۰۹	سوبہہ راج	۸۳۷	سوترہ بابا	۸۶۵	طوطا پنتھی

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ALL RIGHTS RESERVED.

862

اوم

कालो नयातो वयमेव याता

صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے ‖ عمر یوں ہی تمام ہوتی ہے

۱۹۵۹-۵۸ بکرمی سمت

۱۹۶۰۸۵۳۰۰۲ آریہ سمت



۱۳۲۰-۱۹ ہجری

۱۹ و ۲۰ دیانند سمت

جو

آریہ سماج کرنال پنجاب کی طرف سے

مطبع ستیہ دھرم پرچارک جالندھر شہر میں باہتمام مہاشہ منشی رام جگیاسو پروپرائٹر چھپی

تعداد جلد ۱۰۰۰

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

فہرست مضامین

مہرشی دیانند سرسوتی جی مہاراج کی تصنیف کردہ کتابوں کی قیمت میں کمی

ویدک پریس اجمیر نے مندرجہ ذیل پُستکوں کی قیمت گھٹا کر حسب ذیل کر دی ہے کمیشن دس روپیہ سے زیادہ کے خریدار کو ٢٠ فیصدی کے حساب سے علیحدہ دیا جائیگا۔

ہمیشہ کیلئے
- آریہ اُدّیشیہ رتن مالا .... ٣ پائی
- پنچ مہایگیہ ودھی .... ایک آنہ ٦ پائی
- سنسکار ودھی .... آٹھ آنے

چھ ماہ کیلئے:- رگوید بھاشیہ بعد وضع کمیشن ساتویں منڈل سے پانچویں اشٹک کی پانچویں ادھیائے سے چھٹے ورگ کے دوسرے منتر تک ٢٤ روپے

یجروید بھاشیہ بعد وضع کمیشن ١٣-٨-٠٠

رگویدادی بھاشیہ بھومکا ٢ ؏ سنسکرت واکیہ پربودھ ٢

آریہ بھونے ٣ ؏ ویوہار بھانو ٢

بھرانتی نوارن .... ایک آنہ

ستیارتھ پرکاش ناگری معمولی کاغذ ؏ ولایتی قیمتی کاغذ

شاستر ارتھ کاشی ٩ پائی۔ شاستر ارتھ فیروزآباد ١

ویدانت دھوانت نوارن ناگری ٩ پائی۔ گوکرونا ندھی ٣ پائی

ویدانگ پرکاش (علاوہ دھاتو پاٹھ گن پاٹھ و نگھنٹو) ٣

- دھاتو پاٹھ ۴
- گن پاٹھ ٣
- نگھنٹو ۴
- نرکت ١٠

اشٹادھیائی مُول .... ٣ ؏ ٦ پائی

چاروں مول وید سُنہری ؏ ۔ معمولی سفید کاغذ قیمتی کاغذ

چاروں ویدوں کی اُنوکرمنکا (فہرست ردیف وار منتروں کی) ٨

شت پتھ براہمن (زیر طبع) ٨

ملنے کا پتہ:-

مینیجر

ویدک پریس۔ اجمیر

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نند لال نجڑ اینڈ کمپنی سوداگران

ریاست چمبہ - پنجاب

شربت بنفشہ - خالص تازہ بنفشہ کا محض سورج کی حرارت سے بلا آگ کی گرمی کے بڑی احتیاط اور خبرداری کے ساتھ مفید مرکبات اور اعلیٰ درجہ کا صاف چینی سے حسب ہدایت حکماء طیار کیا گیا ہے - دماغ و اعضاء کی خشکی - دماغ و ہاتھ پاؤں کی گرمی و بصارت کی کمزوری قبض دائمی کی شکایت وغیرہ کیلئے اکسیر ہے - چنانچہ لالہ منشی رام جی جالندھر نواسی فرماتے ہیں "قبض دائمی میں میں نے اسے تجربہ کرکے اکسیر پایا" - بازاروں میں پہلے بنفشہ کا عرق کشید کرکے شربت تیار کیا جاتا ہے پھر باقیماندہ پھوک میں بکثرت قند کھانڈ ملا کر شربت کے نام سے فروخت کرتے ہیں - رسالہ جسمیں مفصل حالات و نقول سند کا درج ہیں درخواست پر مل سکتا ہے - قیمت فی ٹین ایک سیر دو روپیہ .... عہ

شہد - انگریزی طریقہ پر صاف کیا ہوا اعلیٰ درجہ کا صاف اور شرطیہ بلا آمیزش بہت عمدہ

جام - خوبانیوں کا جام اہل انگلش نے بہت ہی پسند فرمایا ہے اور سب نے انگریزی جام کی برابر تسلیم کیا ہے جس سے ہماری صفائی اور احتیاط کی داد ملتی ہے نقل سارٹیفکٹ انگریزی میں درخواست پر بھیجے جا سکتے ہیں انگریزی دوکاندار ضرور منگاویں - اشتہار ساتھ دئے جاوینگے - قیمت فی ٹین ایک پونڈ چھ آنے ۶/

پہاڑی پیداوار - نرڑی - زیرہ - ریوند - کوٹھ - درو - سیول - گھی - شہد وغیرہ ہر قسم کا مال بنرخ رعایت روانہ ہوتا ہے - ۱/۴ قیمت پیشگی آنی چاہیئے -

لاہور میں ہمارا ایجنٹ "دفتر کپاس و تجارت"

المشتہر نند لال نجڑ - ریاست چمبہ - پنجاب - مورخہ ۱۰ ار دسمبر سنہ ۱۹۰۱ع

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ڈمبیل کی ورزش

(دیکھو صفحہ ۳۱)

نمبر ۱- بازوؤں کے اندرونی اطراف کو سامنے کی جانب کر کے نیچے کو سیدھا لٹکاؤ پٹھوں کو مضبوط اکڑا کر کہنی پر سے بازو کو موڑو اور ڈمبیل کو کندھے تک لاؤ اسی طرح باری باری ہر ایک بازو سے کرو- کہنیوں کو نیچے کر کے بازوؤں کے بیرونی جانب کو پہلوؤں سے ملا کر رکھو اور ہر ایک دفعہ بازوؤں کو نیچے کی طرف انکی پوری لمبائی تک پھیلاؤ- (دیکھو تصویر نمبر ۱)

نمبر ۲- بازوؤں کے بیرونی اطراف کو سامنے کرو- اس حالت میں کہنی پر سے موڑ کر ہاتھ اُلٹی طرف کو کندھے تک اوپر لیجاؤ اور بار بار اسی طرح کرو جیسے پہلی ورزش میں بیان کیا گیا ہے

نمبر ۳- بازوؤں کے اندرونی اطراف کو اوپر کر کے کندھوں کے ساتھ ایک خطِ مستقیم میں اُن کی پوری لمبائی تک پھیلاؤ- اور بار بار بازو کی اندرونی طرف سے موڑ کر سر کی طرف لاؤ یہاں تک کہ ڈمبیل کندھے کے اوپر تک لگے- اس بات کی احتیاط رکھو کہ بازو کندھوں کی سیدھ سے نیچے نہ ہونے پاویں- پٹھوں کو خوب اکڑائے رکھو-

نمبر ۴ اس ورزش میں وہی حالت ہوتی ہے جو نمبر ۳ میں بیان کی گئی ہے فرق صرف اتنا ہے کہ اس میں باری باری بازوؤں کو موڑنے کی بجائے ایکساتھ موڑا جاتا ہے

نمبر ۵- جسقدر ممکن ہو سکے دونوں بازوؤں کو سامنے کی طرف اکڑائی ہو سکے ایک دوسرے کے متوازی پھیلاؤ اسی حالت میں کندھوں کی سیدھ میں لیجاؤ اور پھر باہر کو گرلو- اسی طرح بار بار کرتے جاؤ- ہاتھ پھیلاتے وقت سانس کو باہر کی طرف نکالو اور ملاتی وقت اوپر کی طرف رکھو

نمبر ۶- کہنی سے موڑ کر بازوؤں کو اوپر کی طرف پھیلاؤ- ہتھیلیوں کو اندر کی طرف رکھو اور باری باری سے ایک بازو کو کندھے کے ساتھ زاویہ قائمہ پیدا کرتا ہوا پوری لمبائی تک اوپر کو پھیلاؤ- پھر کہنی کی بیرونی طرف کو پہلو کے پاس لے آؤ- سر اور جسم کو خوب اکڑائے رکھو بازوؤں کو پیچھے کی طرف کھینچکر اور چھاتی کو آگے کی طرف اوبھار کر رکھو-

نمبر ۷- پیٹھ کو ذرا سی جھکاؤ- ہتھیلیوں کو اندرونی طرف کر کے ہاتھوں کو رانوں پر رکھو گھٹنوں کو باہر کی طرف کو چھاتی کو اندر کی طرف نیچے کو دباؤ- بازوؤں کو باری باری سے اُن کی پوری لمبائی تک سامنے کو کہ وہ کندھے کی سیدھ میں رہیں اوپر کو پھیلاؤ-

نمبر ۸ — بازوؤں کو کندھوں کی سیدھ میں پوری لمبائی تک پھیلاؤ اور ہاتھوں کو پہونچوں تک جسقدر جلدی ممکن ہو سکے گھماؤ- بازوؤں کو آگے پیچھے پھیلا کر اس ورزش کو کسی طرح سے کرو-

نمبر ۹ بازوؤں کو آٹھویں ورزش کی طرح کرو- ڈمبیل کو سروں سے پکڑ کر پہونچوں کو باہر سے اندر کو گھماتے رہو-

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر ۱۰- ورزش نمبر ۹ کی حالت میں ہی اندر سے باہر کو گھماؤ-

نمبر ۱۱ ڈمبیل کے مرکز پر ورزش لپیائی اس خط کے رکھو جو کہ پاؤں کے انگوٹھوں کے سروں میں ملانے سے پیدا ہو- اُن کو اٹھاؤ اور سیدھے اکڑ کر اس حالت میں ہو جاؤ کہ گھٹنوں میں ذرا خم نہ رہے- پھر بائیں جانب کو ایڑیوں پر نصف دائرہ میں گھوم جاؤ- دائیں بازو کو کمر سے اٹھا کر سامنے کی طرف جسم سے زاویہ قائمہ بناتا ہوا پھیلاؤ اور بائیں پاؤں کو ایک قدم آگے بڑھاؤ- دائیں بازو کو زور کیساتھ سامنے کو سیدھا پھیلاؤ پھر جلدی سے کہنی کو پیچھے کیطرف کھینچ لو اور بڑھے ہوئے قدم کو اپنی اصلی جگہ پر لے آؤ-

نمبر ۱۲ یہ ورزش نمبر ۱۱ سے اُلٹی ہے یعنی اس میں دائیں جانب کو ایڑیوں پر گھومنا پڑتا ہے اور اسمیں دائیں ٹانگ اور بائیں بازو سے ورزش کیجاتی ہے

نمبر ۱۳ جسم کا بوجھ پاؤں کے انگوٹھوں اور بازوؤں پر اٹھاؤ کہنیوں کو جھکانے اور بازوؤں کو اکڑانے سے بار بار جسم کو اوپر اوٹھاؤ اور نیچے کی طرف لیجاؤ- جسم کو خوب اکڑائے اور سر کو پیچھے کی طرف کھینچے رکھو- گھٹنوں کو مت جھکنے دو- اور اس بات کی احتیاط رکھو کہ جسم یا نیچے کے اعضا کا کوئی حصہ زمین سے چھونے نہ پائے- اس ورزش میں ڈمبیل کی ضرورت نہیں-

آریہ جنتری ۱۹۰۲ء

نمبر ۱۴ جسم کو پہلوؤں کی طرف اس طرح جھکاؤ کہ نیچے کے اعضا ہلنے نہ پاویں- بار بار بازو کا نچلا حصہ موڑ کر بازو کے اندر اس طرح لیجاؤ جس سے ہاتھ بغل میں جا لگے-

نمبر ۱۵ بازوؤں کو پہلوؤں سے ملا کر چت لیٹ جاؤ بار بار جسم کو کمر کے جوڑ سے اوٹھا کر بیٹھ

کی حالت میں لے آؤ اور جسقدر ممکن ہو سکے پاؤں کی طرف جھکاؤ پھر متوازی الافق حالت میں نیچے کو لے آؤ- جھکاتے وقت سانس کو باہر نکالو اور لیٹتے وقت اندر کھینچو پہلے یہ ورزش بغیر ڈمبیل کے کی جاتی ہے- پھر ہر ایک ہاتھ میں ڈمبیل لے لیا جاتا ہے اور بازو سر کے اوپر پیچھے کیطرف پھیلائے جاتے ہیں جسم بار بار اوٹھایا اور نیچے کیا جاتا ہے اگر مبتدی شروع میں ضرورت سمجھے اپنے پاؤں چار پائی یا کسی اور ایسی ہی چیز کے نیچے رکھے-

نمبر ۱۶ چت لیٹ کر ہاتھوں کو سر کے پیچھے پھیلاؤ پاؤں کو پھیلائے ہوئے اور گھٹنوں کو اکڑائے ہوئے دونوں ٹانگوں کو آہستہ آہستہ اسقدر اوپر کو اوٹھاؤ جسقدر ممکن ہو سکے اور آہستہ آہستہ پھر نیچے کو لیجاؤ-

نمبر ۱۷ آہستہ آہستہ پاؤں کے انگوٹھوں پر اوٹھو اور پھر نیچے آؤ

نمبر ۱۸ بازوؤں کو پہلوؤں سے ملا کر کلائی کو اندر اور باہر کی طرف موڑو

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

التماس

(۱) آریہ جنتری تین سال سے جس کامیابی کے ساتھ شایع ہو کر دو تین ماہ کے اندر ہاتھوں ہاتھ فروخت ہوتی رہی ہے اس سے آریہ پبلک کی دلچسپی کا بخوبی اندازہ لگ سکتا ہے - اس دلچسپی کے شکریہ کیساتھ ہمیں آریہ پبلک سے ایک شکایت بھی ہے اور وہ یہہ ہے کہ اکثر سماجوں کے منتری مہاشے اسقدر کوتاہ قلم ہوتے جاتے ہیں کہ انہیں خود اطلاع بھیجنا تو درکنار دریافت کرنے پر بھی جواب دینا دوبھر معلوم ہوتا ہے جسکا نتیجہ یہہ ظہور پذیر ہوا کہ آریہ ڈائرکٹری جیسی کہ دلچسپ اور مکمل طیار کرنیکا ارادہ تھا باوجود اسقدر دیر ہو جانے کے بھی ویسی طیار نہیں ہو سکی - یہہ وسیع کام محض آریہ پبلک کی امداد کے بھروسے پر شروع کیا گیا تھا - اگر آریہ پبلک تحریر کے کام سے اسقدر جی چرانے لگی تو پھر کیا توقع ہو سکتی ہے - ہم امید کرتے ہیں کہ آیندہ سال جملہ سماجوں کے منتری مہاشے ہمیں اس قسم کی شکایت کرنیکا موقع ندینگے -

(۲) جسقدر دلچسپی اردو جنتری کی بابت ظاہر کی گئی ہے اس سے بھی کئی گنی زیادہ دلچسپی اور شوق ناگری ایڈیشن کے لئے ظاہر کیا گیا ہے - متواتر دو سال سے کتنے ہی اصحاب جنتری کو ناگری میں نکالنے کے لئے زور دے رہے ہیں اور ان میں سے کئی اودار چت مہاشے تو دس دس روپیہ کی امداد کا وعدہ بھی فرماتے ہیں - جہاں ہم انکی اس حوصلہ افزائی اور امداد کے مشکور ہیں وہاں ہمیں افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ باوجود بہت سی کوشش کے بھی ہم گذشتہ دو برسوں میں اپنے احباب کی خواہش کو پورا نہ کر سکے - لیکن آیندہ کے لئے اگر کوئی پرشارتھی سماج استقلال کے ساتھ اس کام کو اپنے ذمے لیلیوے تو دونوں ضرورتیں بخوبی پوری ہو سکتی ہیں - ہم اس سماج کو اپنے مشورہ وغیرہ سے امداد دینے کے لئے ہر وقت طیار ہیں - اسکا انتظار ہم تین ماہ تک کرینگے -

(۳) پچھلے سال کی جنتری میں پنچ سدھانتکا مصنفہ وراہ مہر آچاریہ کے ترئی لوکیہ سنستھان کا ترجمہ دیا گیا تھا اور اس سال سوریہ سدھانت کے بھوگول ادھیائے کا ترجمہ درج کیا گیا ہے - پنچ سدھانتکا تو بہت ہی نئی تصنیف ہے البتہ سوریہ سدھانت بہت پرانا اور مستند گرنتھ مانا جاتا ہے لیکن اسپر بھی اس وقت کوئی پرانا ٹیکا نہیں ملتا اسلئے جہاں تک ہمیں معلوم ہے بابو بہال سنگھ جی کو بھی اپنا ترجمہ جو ہمیت ٹیکا کاروں کے سہارے پر ہی کرنا پڑا ہے - ان دونوں ترجموں میں سرشٹی اتپتی - گردش زمین و سورج جس میں زمین کو اپنے محور پر قایم اور سورج کو اُس کے گرد گھومنے والا ظاہر کیا گیا ہے اور امور میں جو موجودہ انگریزی جیوتش اور مہرشی سوامی دیانند سرسوتی جی کی رائے مندرجہ وید بھاشیہ بھومکا سے مختلف معلوم ہوتی ہیں - سماج ہذا نے ان ہر دو مضامین کو بطور سدھانت درج نہیں کیا بلکہ پراچین اور مشہور سنسکرت گرنتھ کی رائے کو آریہ پبلک کے سامنے بدین غرض پیش کیا ہے کہ ان امور پر وچار پورک بذریعہ یکتی و پرمان بحث کر کے نرنے کریں - ہم کسی صورت میں بھی ترجمہ اور تشریح کے ذمہ دار نہیں ہیں - اگر کوئی صاحب اس کے خلاف مضمون بھیجیں گے تو ہم نہایت خوشی سے آیندہ جنتری میں جگہ دینے کے لئے طیار ہیں - یہہ بھی واضح رہے کہ گردش زمین کی بابت ہر دو قسم کے مسئلہ سے جیوتش کے دیگر حسابات میں کچھ بھی فرق نہیں پڑتا بلکہ دونوں طرح سے یکساں نتیجہ برآمد ہوتا ہے -

دوسرا امر دربارہ حساب آریہ سمت مندرجہ نوٹ متعلقہ شلوک نمبر ۔ ہے - وہ بھی آریہ پبلک کے وچار کے یوگیہ ہے - مروجہ آریہ سمت اُس وقت سے شمار کیا گیا ہے جس وقت سے سرشٹی کی رچنا شروع ہوئی - اور سوریہ سدھانت میں اس وقت سے لیا ہے جبکہ سرشٹی اتپن ہو چکی - اسنے درمیانی عرصے کو مروجہ سمت میں سے خارج کر دیا ہے -

(۴) اگرچہ آریہ جنتری چار سال سے جاری ہے لیکن اسکی اشاعت میں ابتک کچھ بھی ترقی نہیں ہوئی - آٹھ سال ہی ہزار جلدیں چھپوائی جاتی ہیں - دیگر جنتریوں کی ضخامت کے لحاظ سے جنتری ہذا کی قیمت بھی کچھ زیادہ نہیں ہے - اگر دیگر جنتریوں میں سے اشتہارات نکال دیویں تو قیمت کا بیشتر حصہ اشتہارات کے متعلق رہجاتا ہے - سوائے ہمارے ایک دو مہربانوں کے کوئی تحریر وغیرہ کی امداد نہ کیا بلکہ صلاح سے بھی یاد نہیں کرتا - اس سال اس کی توسیع اشاعت کی غرض سے کتنے ایجنسیاں بھی قایم کیں لیکن جو سردردی اور تکلیف ہمیں اسمیں اٹھانی پڑی ہم ہی جانتے ہیں کئی جگہ سے تو ابتک دام بھی وصول نہیں ہوئے - جو مہاشے امداد صلاح و مشورہ کے ذریعہ سے یا کسی دیگر طریق سے امداد فرما کر جنتری کی ترقی اشاعت کے باعث ہونگے ہم اُن کے نہایت ہی ممنون ہونگے -

(۵) اخیر میں ہم بھارت ورش کی جملہ پرتی ندھی سبھاؤں کے منتری اور دیگر اصحاب کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے مختلف طریق پر جنتری کی تکمیل میں امداد فرمائی ہے -

کرنال - مورخہ ۱۷ دسمبر سنہ ۱۹۰۱ ع

سب سجنوں کا داس کشن سروپ سیکرٹری آریہ سماج

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri



سوریہ سدھانت کا بھوگول ادھیائے

(بیان کرۂ ارضی)

नमो मित्रस्य बरुणस्य चक्षसे महो देवाय तद्दतं सपर्यत ॥
दूरेद्दशे देवजाताय केतवे दिवस्पुत्राय सूर्याय शंसत ॥
ऋ० मं०१० सू० ३७ मं०१ ॥

"متر اور ورن سوروپ (یعنی سب جیووں کے ہتو اور سب کو شدھ کرنیوالے) مہان دیوتا۔ دور سے دیکھنے والے۔ لوک روپ دیوتاؤں کے اندر یا اُن کے لئے اُتپن ہوئے ہوئے کیتو یعنی سب کو درشن دوارا پدارتھوں کا گیان دینے والے دیوک کے پتر (یعنی آکاش سے اُتپن ہونے کے کارن اُسکے بیٹے کے سمان) سوریہ کے لئے نمسکار کر کے وید وہت یگیہ آدی ست کرموں اور ستتی کو کرنا چاہیئے"

सबिता पश्चा तात्सबिता पुरस्तात् सबितोत्तरात्तात्सबिता धरात्तात् ॥ सबिता नः सुबतु सर्बतातिं सबिता नोरासतां दीर्घ मायुः ॥ ऋ० मं०१० सू० ३६ मं०१४ ॥

"سب کو اُتپن کرنے والے سوِتا بھگوان پشچم - پورو - اُتر اور دکشن (یعنی چاروں) طرف سے ہمیں سب منو انچھت کامنائیں یا دھن آدی پدارتھ پراپت کریں اور وہی سوِتا بھگوان ہمیں دیرگھ آیو دیویں"۔

ا۔ تمہید

مشہور سدھانت گرنتھ پانچ ہیں:۔(۱) پولش سدھانت (۲) رومک سدھانت (۳) واششٹھ سدھانت (۴) سوریا سوریہ سدھانت (۵) براہم یا پیتاماہ سدھانت ان پانچوں سدھانتوں کا مجموعی نام پنچ سدھانتکا ہے اور اسی نام کی ایک کتاب وراہ میہر آچاریہ نے انہیں پانچ سدھانتوں سے خلاصہ کر کے بنائی ہے جس کے ترپی لوک سنستھان نام تیرھویں ادھیائے کا ترجمہ ہم پہلے کر چکے ہیں بعض نو سدھانت مانتے ہیں جن میں حسب ذیل نو کتابیں شامل ہیں۔ (۱) برہم سدھانت (۲) سوریہ سدھانت (۳) سوم سدھانت (۴) برہسپتی سدھانت (۵) گرگ سدھانت (۶) نارد سدھانت (۷) پراشر سدھانت (۸) پلستیہ سدھانت (۹) وسشٹھ سدھانت۔

دونوں فہرستوں میں سوریہ سدھانت کو لیا ہے۔ اور دراصل یہ کتاب علم جیوتش میں نہایت قدیم اور مستند ہے سوریہ سدھانت کے مدھیہ آدھکار نام سب سے پہلے ادھیائے میں لکھا ہے کہ

कल्पादस्माच्च मनवः षड् व्यतीताः ससन्धयः। वैवस्वतस्य च मनोर्युगानां त्रिघनो गतः ॥२२॥
अष्टाविंशाद्युगादस्माद्यातमेतत् कृतं युगम् ॥ अतः कालं प्रसंख्याय संख्यामेकत्र पिण्डयेत् ॥२३॥

۲۔ سوریہ سدھانت کی تاریخ تصنیف

"اس کلپ کے آدی سے لیکر اب تک سندھیوں سمیت ۶ منونتر گذر چکے ہیں اور اس (ساتویں) ویوسوت منو کے بھی ۲۷ یگ (چترگی)

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

گذر چکے ہیں" (۲۲)

"اور اس اٹھائیسویں یُگ (چترجگی) میں بھی یہہ کرت یُگ گزرا ہے۔ پس اس یعنی کرت یُگ کے ختم سے مطلوبہ وقت تک کال کی سنکھیا (شمار) کرکے (پانچ ستھانوں میں رکھے ہوئے) مختلف اعداد کو ایک جگہہ جمع کرے" (۲۳)

اس سے ظاہر ہے کہ سُوریہ سِدّھانت وَیوَسوت منو کی اٹھائیسویں چترُیگی کے ست یُگ کے ختم اور ترتیا کے شروع میں تصنیف ہوا جس کو اب ۲۰ لاکھ سے زیادہ برس ہوتے ہیں۔

اس سے پُرانا اور کوئی جیوتش وِدیا کا گرنتھ نہیں ملتا اسکے دو انگریزی ترجمے موجود ہیں۔ ایک جو۔ ای برجس صاحب نے پروفیسر وِٹنی کے نوٹوں کے ساتھ امریکہ میں چھپوایا اور دوسرا بابو دیوِتی سنہری کا۔ مگر اب یہہ دونوں ترجمے نایاب ہیں۔ سنسکرت میں اس پر شری رنگناتھ نے گوڑھ ارتھ پرکاشک نام ٹیکا لکھی ہے جو کلکتہ میں پنڈت جیوانند ودیاساگر کے اہتمام سے چھپی ہے۔ ذیل میں اسی ٹیکا کی مدد سے سُوریہ سدّھانت کے بھوگول ادھیائے کا ترجمہ کیا جاتا ہے۔ ترجمہ کے علاوہ اصلی مضمون کی تشریح مزید کی گئی ہے جو شلوک کے ترجمہ کے بعد علیحدہ بعنوان نوٹ لکھی گئی ہے۔

ا۔ بھوگول سمبندھی پرشن (سوالات متعلقہ کرہ ارضی)

شلوک نمبر ا۔ سُوریہ کے انش سے اُتپن ہوئے پُرش کو بڑی بھگتی کے ساتھ پوجن اور نمسکار کرکے مَیاسُر نام دَیتیہ نے پوچھا۔

مَیے دَیت اور سوریانش پُرش

نوٹ۔ سُوریہ سدّھانت کے شروع یعنی مدھیہ ادھکار شلوک ۲ تا ۸ میں کہا ہے کہ "ست یُگ کا کچھ انش باقی رہنے پر مَے نام مہاسُر نے پرم پنیہ رہسیہ ویدانگوں میں سریشٹھ سمپورن جیوتیوں کی گتی کے کارن اُتم گیان کو پراپت کرنے کے لئے جگیاسو ہوکر وِوسوان (سورج) کی آرادھنا کرکے بڑا بھاری تپ کیا" (۲ و ۳) "اُس کے تپ سے پرسن اور پرتی سنتُشٹ ہوکر اُس بر مانگنے والے کو خود وِوسوان (سورج) مہاراج نے گرہوں کے چرتر (ستیاروں کے حالات) بتلائے" (۴) "سورج نے کہا۔ مجھے تیرا بھاؤ معلوم ہے میں تیرے تپ سے بہت پرسن ہوا۔ اب میں تجھے گرہوں کا چرتر (کیفیت ستیارگاں کا علم) جس پر کال کے گیان کا دار و مدار ہے دیتا ہوں" (۵) "مگر چونکہ کوئی میرے تیج کو نہیں سہہ سکتا اور نہ مجھے اپدیش کرنے کے لئے ایک کشن ٹھیرنے کی فرصت ہے اس لئے میرے انش سے اُتپن ہوا ہوا یہہ پُرش تجھ کو پورا پورا اُپدیش کریگا" (٦) "اپنے انش سے اُتپن ہوئے پُرش کو آگیا دے کر دیوتا (سورج) انتردھان (غائب) ہو گیا اور وہ مَیان ہاتھ جوڑے (پیشانی پر ہاتھ رکھے) پرنام کرتے ہوئے دست بستہ کھڑے ہوئے تھے کو بولا" (۷) "یُگ یُگ میں جو وِوسوان (سورج) بھگوان پہلے خود مہرشیوں کو اُتم گیان دیا کرتے ہیں اُس کو ایک مَن ہوکر سُن" (۸) اس تمہید کو کوئی معمہ سمجھو یا النکار مگر سیدھے سیدھے لفظوں میں بات صرف یہہ ہے کہ سورج یعنی علم جیوتش کا شوق ہونے پر مَیاسُر یعنی مَے نام کسی شخص نے ...

ا؎ ست پتھ براہمن میں کہا ہے کہ دُنیا میں دو ہی چیزیں ہیں یا سچ ہے یا جھوٹ تیسری چیز نہیں جنھوں نے سچ کو اعتبار کیا وہ دیوتا ہیں اور جنھوں نے جھوٹ کو اختیار کیا منش ہیں (شت پتھ کانڈ ا۔ ادھیائے ا۔ براہمن ا۔ کنڈکا ۴ و ۵ و ٦) اور اس قسم کی کہیں دیو اور اسُر کے نام سے بیان کیا ہے (شت پتھ ا و ۷ و ۵ و ۲) پس انسان دیوتاؤں کے مقابلہ میں اسُروں ہی کی ذیل میں سمجھنے چاہئیں کیونکہ اسو (پران یا نفس) کے تعلق سے منشیہ پر لفظ اسُر کا اطلاق ہوتا ہے۔ مہابھارت میں بھی ایک مَے دیت کا ذکر ہے جسکو ارجن نے کھانڈوبن کی آگ میں جلنے سے بچایا تھا اور جسکے صلہ میں اُسنے یدھشٹر کے لئے ایک نہایت اعلیٰ صنعت اور کاریگری کی بکیہ شالا بنائی تھی اور چوتھے اُپ وید ارتھ وید کا مصنف بھی مَے ہوا ہے۔ مگر یہہ معلوم نہیں کہ یہہ کون سے مَے دیت ہیں جنسے سُوریہ انش سے جیوتش ودیا حاصل کی۔

وشے کو حاصل کرنے کے لئے بڑی بھاری محنت کی اور گرو کی زبان سے جس کو یہ علم اس علم کے منبع یعنی سورج سے (بذریعہ مشاہدہ ظاہری یا قلبی) حاصل ہوا تھا سیکھا۔

پس جو تمہید اس بھوگول ادھیائے کے پہلے شلوک میں اُٹھائی ہے اُس کا اشارہ بھی اس واقعہ کی طرف ہے یعنی انش پُرش سے کوئی علم جیوتش کا ودوان گرو مراد ہے اور میا سُر دَیت اس علم کا جگیاسو شاگرد ہے۔

کرۂ زمین کے متعلق بنیادی سوال

شلوک نمبر ۱ - "اے بھگوان! (۱) بھومی (زمین) کا کیا پرمان (پیمایش) ہے؟ (۲) اُس کی کیسی شکل (آکار) ہے؟ (۳) اُس کا آشرے کیا ہے یعنی وہ کس کے سہارے ٹھیری ہوئی ہے؟ (۴) اس کی تقسیم کس طرح ہے؟ (۵) اور اُس میں ساتوں پاتالوں کی بھومیاں کس طرح قایم ہیں؟"

۳ - " (۶) سورج اہوراتر (دن رات) کی ویوستھا کو کس طرح قایم رکھتا ہے؟ (۷) اور بھونوں کو پرکاشت کرتا ہوا سورج کس طرح وسُودھا (پرتھوی) کے گرد چکر میں (گردش) کرتا ہے"۔

اصل شلوک یہ ہے

अहोरात्रव्यवस्थांच विदधा तिकथंरविः।कथं पर्य्येति वसुधांभुवनानि विभावयन्॥३॥

۴ - " (۸) دیوتاؤں اور آسُروں کے ایک دوسرے کے خلاف یعنی باری باری اُلٹ کر دن رات کس لئے ہوتے ہیں؟ - اور سورج کے بھگن (بارہ راشیوں کے اندر ایک گردش پوری کرنے) سے ایسا کیوں ہوتا ہے؟ -

۵ - " (۹) پتروں کا دن رات ایک مہینے کا ہوتا ہے اور منشیوں کا دن رات ۶۰ ناڑی (گھڑی) کا ہوتا ہے کیا ہیتو (دلیل یا وجہ) ہے کہ اور سب لوگوں میں بھی یہی (۶۰ گھڑی والا دن رات) نہیں ہوتا؟ کیونکہ پرکاش کے مقابلہ انتھکار کس طرح ... مانا جاتا ہے"

۶ - " (۱۰) دن - برس - ماس - اور ہورا - کے ادھی پتی یکساں کیوں نہیں؟ (یعنی جس طرح دن کے سوامی ترتیب وار سورج - چاند - منگل - بدھ - برہسپتی - شکر اور شنیچر ہوتے ہیں اُسی طرح یہی گرہ ترتیب وار مہینے اور برس کے بھی سوامی کیوں نہیں ہوتے؟) (۱۱) یہ بھگن (ستاروں کا کُرہ) گرہوں (سیاروں) سمیت کس طرح گردش کرتا ہے اور (۱۲) یہہ کس کے آشرے ہے؟"

۷ - " (۱۳) گرہوں (سیاروں) اور رکش (ثوابت) کی ککشائیں (مدار یعنی دائرہ گردش) بھومی سے اوپر کتنے کتنے بلندی پر ہیں؟ اور (۱۴) اُن کے درمیان باہمی فاصلہ کس قدر ہے؟ (۱۵) اُن کی مانزا (مقدار یا پیمایش) کس قدر ہے؟ اور (۱۶) وہ ککشائیں (دائرۂ گردش) کس ترتیب سے قایم ہیں؟ (یعنی پہلے کون سا گرہ یا ستارہ ہے اور اُس کے بعد کون سا؟)"

۸ - " (۱۷) سورج کی کرنیں جیسی گریشم رتو (موسم گرما) میں تیز ہوتی ہیں - ہیمنت رتو (برفانی موسم یعنی مارگ شیرش اور پوش گویا نصف نومبر سے نصف جنوری تک) ویسی تیز نہیں ہوتیں (اسکا کیا کارن ہے)؟ اور (۱۸) سورج کی کرنیں کہاں تک یعنی کتنی دور تک پہونچتی ہیں؟ (۱۹) مان (پیمانہ یا زمانہ کا حساب) کتنی قسم کا ہے؟ (یعنی ناکشتر ساون - چاندر - سَور آدی مان کتنی پرکار کے ہیں؟) اور (۲۰) ان مانوں (پیمانوں) سے کیا مُراد یا غرض ہے؟" -

۹ - " اے زمانۂ ماضی (حال و استقبال) کے جاننے والے بھگوان! میرے اس قسم کے شکوک کو (سوالات کا جواب دیکر) دور کیجیے - کیونکہ آپ کے سوائے اور کوئی سرو گیہ (عالم کامل) ان شکوک کا رفع کرنے والا نہیں ہے"۔

۱۰ - " مے کے ان بھکتی سے بھرت بچنوں کو سُنکر اُس (سُوریانش پُرش) نے پھر اگلے آخری ادھیایہ کو جو رہسیہ یعنی تتو گیان سے پُر ہے بیان کیا"۔

جن میں سے ۱۱ ادھیایہ پوروکھنڈ میں اور آخری ۳ ادھیایہ اُتر کھنڈ میں شامل ہیں۔ جو باتیں پوروکھنڈ میں کہی ہیں اُن کے تتو (باریک باتوں) کو ان آخری ادھیایوں میں بیان کیا ہے۔ کیونکہ جو سوالات اوپر کیئے گئے ہیں اُن میں سے بعض کی جواب عام طور پر دیگر مضامین کے سلسلہ میں پہلے آچکے ہیں۔ مگر چونکہ واضح اور مُفصل نہ ہونیکی وجہ سے جیاشر کو کچھ شکوک رہ گئے تھے اسلیئے اُن کو رفع کرنے کے لیئے یہہ سوال کیئے ہیں تاکہ اُن کا جوابِ شافی مل جانے پر اس علم کی تمام باریکیاں اُس کی سمجھ میں آجاویں۔ واضح رہے کہ ان سوالوں کا جواب مُسلسل نہیں دیا گیا ہے بلکہ اس مضمون کا آگے مفصل اور واضح طریق پر بیان کردیا گیا ہے جس میں ان سوالوں کے جواب بھی آگے پیچھے کہیں نہ کہیں آگئے ہیں۔ مگر اُنتیسویں اور تیسویں سوالات کا جواب الگ مان ادھیایہ میں دیا ہے۔

۲- سورج آدی گرہوں اور راشی آدی کی اُتپتی (پیدائشِ سیارگان و بُروج وغیرہ)

۱۱- "چونکہ اتی بھگتوں کے لئے کوئی ایسی چیز نہیں ہے کہ میں دے سکتا ہوں اور نہ دوں اس لیئے میں گُوہیہ (مخفی) ادھیاتم سنگیک ودیا (علم اشراق) کا اُپدیش کرتا ہوں اسے یکسو ہو کر سُن"

۱۲- "واسُدیو پرم برہم ہے اور پرم پُرش اَویکت نرگن شانت اور ۲۵ تتوؤں سے پرے۔ اَویَیہ (غیر متغیر) (سنکرشن) اُس واسُدیو کی سورتی (دانش) ہے"

۷- سرشٹی اُت پتی

۱۳- "اس پرکرتی انترگت (یعنی پرکرتی روپ میں

۵ل واضح رہے کہ یہہ اتی بھگتی ہی کا پھل تھا کہ سوریہ اَنش پُرش نے میاشر دیت کو جیوتش ودیا کا اُپدیش کیا اور دراصل علم کی قدر بھی ایسا ہی شخص کرسکتا ہے۔

میں دیاپت) باہر اندر سب جگہہ پراپت اُس سنکرشن نے پرتھم (جلوں کو) اُتپن کرکے اُن میں شکتی کو اُتپن کیا"۔

۱۴- "وہ (جل شکتی سے مُکیت ہوکر) سورن روپ انڈ یعنی گولا کار کُرہ نور بن گیا اور وہ (نُقطۂ نور) سب طرف اندھیرے سے گھرا ہوا تھا اُس میں اوّل سناتن (قدیم) ویکتی بھوت (عیاں و روشن) انرُدھ پرگھٹ ہوا"۔

نوٹ- یہاں وششٹا دویت سدھانت کے انوکول سرشٹی اُتپتی کا پرسنگ چلایا ہے اور دیکھا جاتا ہے کہ جیوتش شاستروں میں اکثر انہیں اصطلاحوں سے سرشٹی پرکرن کا ودیا کھیان کیا جاتا ہے۔ رامانج آچاریہ کا سدھانت بھی یہی ہے اور انہوں نے اس سدھانت کو انہیں اصطلاحوں میں ویدانت درشن کے ادھیایہ ۲- پاد ۲ کے سوتر نمبر ۴۲ و ۴۳ وغیرہ میں بیان کیا ہے۔ مگر شنکر آچاریہ ان سوتروں میں پانچ راترمت کا کھنڈن بتاتے ہیں۔ پرم برہم کو واسُدیو

۶- واسُدیو پربرہم ہے

اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اُس کے اندر سمپورن جگت بستا ہے اور وہ آپ اس برہمانڈ روپ پُری میں بستا ہے۔

"جس میں سمست جگت بستا ہے یا جو سمست جگت میں بستا ہے گویا वस धातु سے علامت वसति لگا کر شبد بنتا ہے اور نرکت ادھیایہ ۲ کھنڈ ۱۵ کے مطابق دیو شبد دان- دیپن (پرکاش)- دیوتن (گیا پن) سے بنتا ہے یا جو دیوستھان والا ہے وہ دیو ہے۔ پس جو محیط کل واشو اور سوریہ پرکاشمان اور سر دیو پرکاشمان دیو ہے وہی واسُدیو ہے۔ اس لئے واسُدیو برہم ہی کا نام ہے چنانچہ کہا بھی ہے کہ

सर्वत्रासौ समस्तं च वसत्यत्रेति वै यतः।
ततोऽसौ वासुदेवाख्यो विद्वद्भिः परिगीयते॥१॥
सर्वहृदयाऽगारं यत्र सर्वं प्रतिष्ठितम्॥
ततो यन्निराधारं वासुदेव पदं भजे॥२॥

"چونکہ وہ سب میں ویاپک ہے اور سب برہمانڈ اُس کے اندر بستا ہے اسلئے ودوان لوگ اُس (پرم برہم) کو واسدیو کہتے ہیں" (۱)

"جو سب پدارتھوں کا انتریامی ہے اور جس میں سب قایم ہیں اور جو بذات خود نرادھار (قایم بالذات) ہے ہم اُس واسدیو کا دھیان کرتے ہیں"

ईशा वास्यमिदं सर्वम्। یہ سب ایشور کے واس کا ستھان ہے" اپنادی اپنیک وید منتر بھی اسی وشے کے ہیں اور بھگوت گیتا میں بھی کہا ہے کہ वासुदेवः सर्वमिति واسدیو ہی سب ہے۔

۷۔ سنکرشن

سنکرشن یا پرش سے چیتن شکتی روپ برہم کا انش مراد ہے جسکو آدیکت پرکرتی اور ۲۵ تتوؤں سے پرے کہا گیا ہے۔ آویکت سے اتیندریہ (احساس سے پرے) مراد ہے اور ۲۵ تتو وہی سانکھیہ کے ۲۵ پدارتھ ہیں۔ یہ سنکرشن بھاگوتوں کے مت میں جیو ہے اور جیو کا برہما انش ہونا راماچ آچاریہ نے ویدانت درشن کے ادھیائے ۲۔ پاد ۳ کے سوتر ۴۳ تا ۴۹ میں دکھایا ہے۔ مگر یہاں جیو سے برہمانڈی جیو یعنی ہیرنیہ گربھ مراد ہے۔ کیونکہ اگلے شلوک میں اُس کو پرکرتی کی انتر گت یعنی اُس کے اندر ویاپک کہا ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ اُس نے اوّل جل کو اُتپن کیا۔ منوسمرتی کا سرشٹی پرکرن بھی اسی طرح ہے۔ چنانچہ پہلے ادھیائے کے شلوک ۸ اور ۹ کا بالکل یہی آشے ہے۔ اور سورن روپ انڈے کا پیدا ہونا منوسمرتی ادھیائے ۱۔ شلوک ۹ میں کہا ہے۔ یہاں اُس میں انرودھ

۸۔ انرودھ

کا پیدا ہونا کہا ہے اور منوسمرتی میں اُس کے اندر سے برہما کا نکلنا کہا ہے۔

ستدھانت شرومنی کے گولادھیایہ واسنا بھاشیہ بھون کوش پرکرن میں بھاسکراچاریہ جی لکھتے ہیں کہ "جب وہ واسدیو بھگوان جو پربرہم ہے سرشٹی اُتپن کرنا چاہتا ہے تب اُس سے سنکرشن نام انش اُتپن ہو کر پرکرتی اور پُرش میں سنیوگ روپ سے کشوبھ (حرکت) پیدا کرتا ہے اُن کے کشوبھمان (متحرک) ہونے سے مہان پیدا ہوتا ہے۔ مہان سے بُدھی مراد ہے۔ کیونکہ اس مہتتو کو بدھی تتو بھی کہتے ہیں اور جسکو مہتتو کہتے ہیں وہ پردیمن نام بھگوان (پربرہم) کا انش ہے۔ اُس مہتتو کے گربھ میں اہنکار اُتپن ہوتا ہے اُسی کا نام انرودھ ہے"۔

اب ہم انرودھ کے دوسرے ناموں اور اُن کے سروپ کو ورنن (بیان) کرتے ہیں۔

۱۵۔ "اس (سنکرشن کے انش روپ انرودھ) کو ویدوں

۹۔ انرودھ کے انیہ ہرنیہ گربھ آدی نام

میں ہرنیہ گربھ کہا ہے اور آدی (آغاز آفرینش) میں پیدا ہونے سے اس کو آدتیہ کہتے ہیں اور سُو سُو بمعنی پرسُوتی یعنی سب کو پیدا کرنے والا ہونے سے اسکو سوریہ کہتے ہیں"۔

نوٹ - ویدوں میں جس کا نام ہرنیہ گربھ ہے اُسی کو یہاں انرودھ کہا ہے۔ چنانچہ رگوید منڈل ۱۰ سوکت ۱۲۱ کے پہلے ہی منتر میں کہا ہے کہ

हिरण्यगर्भः समवर्तताग्रे भूतस्य जातः पतिरेक आसीत्।

"ہرنیہ گربھ ہی سب سے پہلے بھوت ماتر کا ایک سوامی ہو کر ظاہر ہوا"

۱۶۔ "یہ پرکاشمان جیوتی تم (اندھکار) سے رہت یا اندھکار ناشک سوریہ جو سوِتا بھی کہلاتا ہے اور بھوت بھاون (اپنے پیدا کی اُتپتی ستھتی اور پرلے کا کارن) ہے بھونوں (لوکوں) کو پرکاشت کرتا ہوا پری بھرمن (دائرہ میں گردش) کرتا ہے"۔

۱۷۔ "یہ پری اشر آتما (پرکاش روپ) ہے تم (اندھکار) کا ناش کرنے والا ہے اور مہان (مہت تتو) نام سے بھی پرسدھ ہے۔ رچائیں اس کا منڈل ہیں۔ سام اس کی کرنیں ہیں۔ اور یجو اس کی مورتی (سوروپ) ہے"۔

۱۸۔ "یہ تری ودیاتمے (ویدترِیاتمک) بھگوان جو کال آتما یعنی کال سوروپ اور کال کا کارن اور وِبھو (جگت کی اُتپتی ستھتی اور پرلے کرنیوالا) سروآتما۔ سروویاپک اور سوکشم ہے۔ اُس میں سب جگت ستھت (قایم) ہے"۔

۱۹۔ "وشوہے یعنی ترلوکی روپ رتھ میں سوار سروآتمک

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(سالانہ گردش روپی) چکر (پہیے) بناکر اور چھند روپ ۷ گھوڑے جوڑ کر یہ ہمیشہ پریٹن (گردش) کرتا ہے۔"

نوٹ - چھاندوگیہ اُپنشد ادھیائے ۳ - کھنڈ ۲ - ۳ - ۴ - ۵ میں آدتیہ کا تری ودیا تمک ہونا دکھایا ہے۔ یعنی یہ بتایا ہے کہ آدتیہ کی دکشن بھاگ کی کرنیں جو شکل روپ ہیں اُن میں یجو - مدھ کرت (بھونرے) ہیں اور یجروید پشپ ہیں۔ پشچم دشا کی کرنیں جو کرشن روپ ہیں اُن میں سام مدھ کرت ہیں اور سام وید پشپ ہیں اتیادی۔ اسی طرح ادھیائے ۱ - کھنڈ ۶ - منتر ۵ میں کہا ہے کہ " یہ جو سورج کی سفید روشنی ہے وہ ہی رگ ہے اور جو نیل پرکرشن (حد درجہ کا سیاہ رنگ) ہے وہ سام ہے"۔ اور ادھیایہ ۱ - کھنڈ ۳ - منتر ۲ میں کہا ہے کہ "یہ سورج اُدے ہوکر پرجاؤں کے لیے گاتا ہے اور تم کے بھے کو نشٹ کرتا ہے۔ اُس سورج کو سور یا سور کہتے ہیں"۔ دراصل سورج کی سات رشمیاں ہی سات چھند ہیں۔

۱۰- آدتیہ تری ودیا تمک ہے

۱۱- سورج کے چھند روپ سات گھوڑے

۲۰ - " (اس ویدا تمک ہرنیہ گربھ پرش) کے ۳ پاد گوہیہ (مخفی) امرت یعنی دیولوک میں ستھت ہیں اور ایک پاد یہ (ستھاور جنگم جگت روپ میں) پرکٹ ہے۔ سو اس (انردھ نام) پربھو نے اہنکار سوروپ برہما کو جگت کی سرشٹی کے لیے اُتپن کیا۔"

۱۲- برہما کی اُتپتی

۲۱ - " (پھر وہ انردھ) اُس برہما کو اُتم وید دیکر (وید وکت ریتی سے سرشٹی کے سرجن کرنے کے لیے) سب لوکوں کے پتامہ (برہما) کو اس انڈے کے بیچ میں ستھاپت کر کے سویم پرکاش کرتا ہوا گردش کرتا ہے۔"

۲۲ - اہنکار مورتی کو دھارن کرنے والے (یعنی اہنکار سروپ) اُس برہما نے سرشٹی میں من کیا (یعنی سرشٹی اُتپن کرنے کا ارادہ کیا) اور اس ارادہ کے ہوتے ہی اُس میں

کا ندھی (خزانہ) یعنی چشمہ نور سے پیدا ہوا۔"

نوٹ - رگ وید منڈل ۱۰ - سوکت ۹۰ منتر ۳ میں کہا ہے کہ

पादोऽस्य विश्वा भूतानि त्रिपादस्यामृतं दिवि ॥

"ایک پاد اُس پُرش کا یہ سب بھوت ہیں اور تین پاد دیولوک میں امرت (وناش رہت) ہیں"۔ اور یجروید ادھیائے ۳۲ - منتر ۹ میں کہا ہے کہ - त्रीणि पदानि नि-

हिता गुहास्य यस्तानि वेद स पितुः पितासत्।

"تین پاد اُس کی گوہا میں چھپے ہوئے ہیں جو اُن کو جانے وہ پتا مہ پد کو پراپت ہووے۔ رگ وید منڈل ۱۰ - سوکت ۹۰ منتر ۱۳ میں کہا ہے کہ

चन्द्रमा मनसो जातश्चक्षोः सूर्यो अजायत।

چندرما اُس پُرش کے من سے اُتپن ہوا اور سورج چکشوؤں سے اُتپن ہوا۔ اس طرح یہ سب کتھن ویدانکول ہی ہے۔

۲۳ - " (پھر اس انردھ یا ویدوں کے انوسار پُرش سنکلپ وراٹ کی الش سے) من سے اچھا کرنے پر آکاش اُتپن ہوا اور پھر ترتیب وار وایو - اگنی - جل - پرتھوی یہ پانچ مہا بھوت ترتیب وار ایک ایک گن کی بردھی (بیشی) سے پیدا ہوئے۔"

۱۳- تتوؤں کی اُتپتی

نوٹ - تیتریہ اپنشد کی برہمانند ولی میں بھی آتما سے پانچ بھوتوں کی اُتپتی اسی کرم سے بتائی ہے۔ ایک ایک گن کی بردھی سے یہ مراد ہے کہ آکاش کا شبد ماتر ایک گن ہے۔ وایو میں شبد - سپرش۔ اگنی میں شبد - سپرش روپ - جل میں شبد - سپرش روپ رس اور پرتھوی میں شبد - سپرش روپ رس اور گندھ پورے پانچوں گن ہیں۔

۲۴ - " اگنی اور سوم روپ بھانو (سورج) اور چندرما ہیں اور پھر اگنی اور پرتھوی - آکاش - جل اور

۱۴- گرہوں کی اُتپتی

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

منگل - بُدھ - برہسپتی - شُکر اور سنیچر) اُتپن ہوئے"۔

نوٹ - گویا سورج اگنی روپ ہے۔ اور چندر ما سوم روپ ہے اور منگل میں اگنی تتو پردھان ہے۔ بُدھ میں پرتھوی تتو - برہسپتی میں آکاش تتو - شُکر میں جل تتو - اور شنیچر میں وایو تتو پردھان ہے۔ اسی کے مُطابق اُن کے گُن بھی سمجھو۔

۱۵ - گرہوں میں تتوؤں کی پردھانتا اور اُس کی انگریزی اسٹرونومی سے تائید

انگریزی تحقیقات کے مُطابق بھی منگل - بُدھ اور شُکر پرتھوی ہی جیسے مادہ والے مانے جاتے ہیں اور پانی کے مُقابلہ میں جو اُن کا ٹھوس پن قایم کیا گیا ہے وہ بھی پرتھوی سے ملتا ہے یعنی زمین کی ثقالت ۶۶ر۵ ہے منگل کی (جس میں اگنی تتو پردھان ہے) ۴ر۱۰ - بُدھ کی (جس میں پرتھوی تتو پردھان ہے) ۸۵ر۶ - اور شُکر (جس میں جل تتو پردھان ہے) ۴ر۸۱ ہے اور اگنی جل پرتھوی ایک دوسرے سے ترتیب وار کثیف ہیں۔ سنسکرت کے تتو گیان کے مُطابق اُن میں ۳ و ۴ و ۵ کی نسبت ہے اور یہاں یہ نسبت تقریباً ۴ و ۵ و ۶ بیٹھتی ہے۔ پس اس سے منگل شُکر اور بُدھ میں اگنی - جل اور پرتھوی کے تتو کی پردھانتا بخوبی ثابت ہے۔ باقی رہے شنیچر اور برہسپتی جن میں وایو اور آکاش کا تتو بتایا ہے سو انگریزی اسٹرونومی کے مُطابق شنیچر کے گرد تین حلقے بتائے جاتے ہیں جن میں سے اندرونی حلقے میں روح کیسی لطافت {SPIRITHAL TEXTURE} بتائی جاتی ہے اور اُس کی ثقالت صرف ۷۵ر۰ ہے اور برہسپتی کو گرم حالت میں بتایا جاتا ہے اور بیان کیا جاتا ہے کہ اُس کے چاروں طرف بھاپ سی پھیلی ہوئی ہے اور وہ ٹھوس نہیں ثقالت اُس کی ۳۸ر۱ قایم کی گئی ہے۔ سنسکرت کے حساب سے آکاش اور وایو میں ۱ و ۲ کی نسبت ہے اور انگریزی حساب سے اگرچہ نسبت تو وہی ۱ و ۲ کی ہے مگر ترتیب اُلٹی ہو گئی ہے۔ یعنی سنیچر ۲ کی بجائے ۱ اور برہسپتی ۱ کی بجائے ۲ بن گیا۔ الغرض ان کا بھی آکاش اور وایو کے تتو سے ہونا ثابت ہے۔

۲۵ - "پھر اپنے آپ کو دواد شی (بارہ) پرکار راشی نام سے وبھکت (تقسیم) کیا اور پھر اُس دشی (قادر مطلق) نے (اپنے آپ کو) ۲۷ وبھاگ میں نکشتر روپ سے تقسیم کیا۔"

۱۶ - راشی اور نکشتر اُتپتی

نوٹ - برہمانڈ کے درِت (کرہ) کو منہ کلپت (فرضی) طریق پر بارہ راشیوں اور ۲۷ نکشتروں میں تقسیم کیا گیا ہے کُل کرہ سماوی کے ۳۶۰ انش قرار دیکر ۳۰ - ۳۰ انش کی راشی اور ہر راشی میں سوا دو دو نکشتر قائم کئے گئے ہیں بارہ راشیوں کے نام یہ ہیں :-

میش - ورش - متھن - کرک - سنگھ - کنیا - تلا - ورشچک - دھن - مکر - کمبھ - مین - اور ۲۷ نکشتروں کے نام حسب ذیل ہیں - اشونی - بھرنی - کرتکا - روہنی - مرگشرا - آردرا - پُنروسو - پُشیہ - اشلیشا - مگھا - پوروا پھالگنی - اُترا پھالگنی - ہست - چترا - سواتی - وشاکھا - انرادھا - جیشٹھا - مول - پوروا شاڑھا - اُترا شاڑھا - شروَن - دھنشٹھا - شت بھشا - پوروا بھادر پدا - اُترا بھادر پدا - ریوتی

۲۶ - "پھر (گرہ اور راشی چکر آدی کے پیچھے) اور دھما (اُتم) مدھیم اور ادھم (نکرشٹ) سروتوں (مخرج یا منبع) سے (ستو - رج - تم - بھید والی) پرکرتی کو اُتپن کر کے دیو پور یک (دیو منشیہ آدی) وشو چراچر (چیتن - اچیتن جگت) کو نرمان کیا (بنایا)"۔

۲۷ - "انُکرم سے (ترتیب وار پہلے (کلپوں) کے سمان گُن اور کرم کے وبھاگ سے سرشٹی کو بنا کر وید درشن (یعنی وید وکت ریتی کے انوسار) دیش اور کال کے انکول وبھاگ کی کلپنا کی"۔

۱۷ - وبھاگ کلپنا

۲۸ - "وبھو (ودھاتا - ودھاتا برہما) نے گرہ نکشتر تاروں - بھومی آدی وشو - دیو - منشیہ اور سدر ودھ کی یتھا کرم (ترتیب کے مطابق) (وبھاگ کلپنا کی)"۔

نوٹ - یہی وبھاگ کلپنا رگوید منڈل ۱۰ - سوکت ۱۹۱ منتر ۳ میں بھی کہی - چنانچہ لکھا ہے کہ :-

सूर्याचन्द्रमसौ धाता यथापूर्वमकल्पयत्॥

دھاتا نے سورج چندرما آدی کو پہلے کلپوں کے سمان کلپنا (بنایا) کیا ہے۔

۱۸۔ برہمانڈ ششیر اور سپت لوک

۲۹۔ "یہہ برہمانڈ ششیر (اوکاشانتک یعنی خلا رکھنے والا مجوف کُرہ) ہے اُس میں یہہ بھُور۔ بھُوہ آدی (سپت لوک) کڑاہی کے دو ٹکڑوں کے سے سمپٹ (باہم ایک دوسرے کے ساتھ سرے سے سرا ملا کر رکھدینے سے) گولاکار آکرتی (کرہ کی شکل) بن گئی ہے۔"

نوٹ۔ برہمانڈ کے مجوف گولے کے دو ٹکڑے اُپنشدوں اور منوسمرتی وغیرہ میں بھی کہے ہیں۔ چنانچہ چھاندوگیہ اُپنشد میں لکھا ہے کہ "آدِتیہ برہم ہے یہہ آدیش ہے۔ اب اس کا اُپ ویاکھیان کرتے ہیں۔ پہلے یہہ است (اویاکرت) تھا۔ وہ ست (نام روپ ویاکرت) ہوا۔ ارتھات وہی جو است تھا سمبھوتی (بناوٹ) کو پراپت ہوا (جو جل سے) انڈا ہوا۔ وہ انڈا ایک سموتسر کال کی ماترا (برابر) اُبھِن شورُوپ (اپنی اصلی حالت میں) قایم رہا۔ پھر سموتسر[۱۷] کے پیچھے پھوٹا۔ اُس کے دو کپال آج ایک رجت کا اور۔۔۔۔" (چھاندوگیہ ۳-۱۹-۲)

۱۷ ایک سموتسر کے بعد برہمانڈ کے پھوٹنے سے یہہ مراد ہے کہ جگت کے بھِن بھِن پدارتھوں کی رچنا برہمانڈ گولے کے ایک چکر کھا لینے کے بعد ہوئی ہے۔ یہہ چکر ۴۷۴۰۰ دِویہ برسوں (یعنی ۱۷۰۶۴۰۰۰ منشیہ برسوں) میں پورا ہوتا ہے۔ دیکھو (سوریہ سدھانت مدھیم ادھیکار شلوک ۲۴) اسلئے سرشٹی کال کے گننے میں اس قدر عرصہ کو کم کر دینا چاہیئے۔ چنانچہ شلوک ۲۴ میں اسی طرح بھگت کال نکال کر دکھایا گیا ہے۔ اس حساب سے ابتک سرشٹی کی گت ورش (گذرے ہوئے سال) ۱۹۵۵۸۸۵۰۰۲ ہوتے ہیں نہ کہ ۱۹۷۲۹۴۹۰۰۲ سال جیسا کہ پچھلے سال کی جنتری اور تمہید تفسیر وید وغیرہ میں درج کیا گیا ہے۔ پنڈت موہن لال وشنو لال پانڈیا جی نے جو سرشٹی کال کا حساب الگ چھپوایا ہے اُس میں بھی یہی غلطی ہے یعنی برہمانڈ سموتسر کے برس نہیں گھٹائے۔ مترجم۔

"وہ جو رجت تھا سو یہہ پرتھوی ہے اور جو سونا (اوپر کا بھاگ) تھا وہ دیو لوک ہوا۔ جو جرایو (گربھ کا بیرونی چھلکا) تھا وہ پربت ہوئے۔ اور جو اُلو उल्ब یعنی گربھ کے پردے کی سوکشم جھلی تھی وہ میگھ سہت نیہار (کہر) ہوا۔ جو دھمنیاں (شرائین) تھیں وہ ندیاں ہوئیں اور جو واستیہ اُدک (مثانہ کا پانی) تھا وہ سمندر ہوا (چھاندوگیہ ۳-۱۹-۲) پھر جو اس میں سے پیدا ہوا سو یہہ آدِتیہ ہے" (چھاندوگیہ ۳-۱۹-۳) اسی طرح منوسمرتی ادھیائے ۱ شلوک ۱۲ و ۱۳ میں کہا ہے کہ "اُس بھگوان برہما نے اُس انڈے میں ایک سموتسر تک واس کر کے اپنے دھیان سے خود ہی اُس کو الگ کر دیا ہے۔" (منو ۱-۱۲) "اُس سرشٹی کرتا برہما نے اُن دو ٹکڑوں سے دِیو (پرکاشمان لوک) اور بھومی کو بنایا اور اِن دونوں کے بیچ میں ویوم (آکاش) اور ۸ دِشاؤں اور ہمیشہ قایم رہنے والے جلوں کے ستھان (انترکش) کو بنایا۔" (منو ۱-۱۳)

الغرض سرشٹی کرم کو سب جگہ ایک ہی طرح بیان کیا ہے صرف لفظوں۔ اصطلاحوں اور النکاروں کا بھید ہے۔ ان اوپر کے پردوں کو ہٹا کر اندر سے جو اصلی بات نکلتی ہے وہ سب جگہہ یکساں ہے۔ فرق کچھ بھی نہیں۔ ہاں سمجھنے کا فرق رہجائے تو دوسری بات ہے۔

۳۔ گگنا کرم ویوستھا (ترتیب مدارات و اجرام فلکی)

۱۹۔ ویوم ککشائیں اور اُن کا کرم

۳۰۔ "برہمانڈ کے اندر جو پردھیاں (دائرے) ہیں اُن کو ویوم ککشا (مدار فلکی) کہتے ہیں۔ اُن کے بیچ میں بھا (اجرام فلکی) ایک دوسرے سے نیچے ترتیب وار گردش کرتے ہیں۔"

۳۱۔ "(نکشتروں سے نیچے) ترتیب وار شنیشچر، آرکجیہ (برہسپتی)، بھومی پتر (منگل)، سوریہ، شُکر، اِندُج (بدھ) اور اِندو (چندرما) اور سِدھ۔ ودیا دھر اور گھن (بادل) ایک دوسرے سے نیچے ترتیب وار گردش کرتے ہیں۔"

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نوٹ ۔ سدھ اور ودیادھر چندرما سے نیچے آکاش میں ستھت ہیں اور بادل سب سے نیچے ہیں۔ چونکہ یہہ پروہ والو (اجرام فلکی کو گردش حرکت دینے والی ہوا) کے اندر واقع نہیں ہیں اِس لئے چندرما کی طرح گردش گردش نہیں کرتے۔

۴ ۔ بھومی اوستھان (زمین کا قیام)

۲۰ ۔ بھومی کا آدھار کیا ہے

۳۲ ۔ "آکاش کے اندر سمپورن برہمانڈ کے مدھیہ (یعنی بیچوں بیچ مرکز میں) بھوگول (کرّہ ارضی) برہم کی دھارن آتمک (سب کو قایم رکھنے والی) پرم شکتی کے سہارے سے قایم ہے۔" (اس میں دوسرے اور تیسرے سوال کا جواب آگیا) (اعتراض نمبر)

۵ ۔ سپت پاتال بھومی (ہفت طبق زمین)

۲۱ ۔ سپت پاتال

۳۳ ۔ "اس کے انتر پٹ (یعنی زمین کے اندر پردوں یا پٹرتوں کی شکل میں) ناگ - اسر کے رہنے کے مقامات اور دوِیہ اوشدھیوں کے رس سے یکت سات منوہر پاتال بھومیاں (طبق) ہیں۔"

نوٹ ۔ ان طبقات ارضی کے نام سنسکرت میں اتل - وتل - ستل - مہاتل - رساتل - تلاتل اور پاتال ہیں۔ ان میں سے مہاتل جلتی ہوئی گیس کا طبقہ ہے جو اب تک پرتھوی کے گربھ میں موجود ہے۔ رساتل سیال مادہ ہے۔ جو کسی حرارت سے اوپر کے کثیف مادہ میں جوش آنے سے پیدا ہو گیا ہے۔ اتل اسی سیال مادہ میں کسی قدر کثافت ہو جانے سے ذرا کم گرم مادہ ہے۔ ستل - وتل - تلاتل اور پاتال ٹھوس معدنیات کے پردے ہیں جن میں دوِیہ اوشدھیاں یعنی پتھر - جواہرات نباتات وغیرہ پیدا ہوتے ہیں - اور سانپ - کیڑے مکوڑے اور دیگر اسر یعنی جاندار بِل یا غار وغیرہ کی شکل میں گھر بنا کر رہتے ہیں۔ یہ پاتال زمین کی سب سے اوپر کی سطح کا پردہ ہے۔ (تحتی ہے)

۶ ۔ میرو ستھان اور دیو اسر اور مہار نو بھی (مقام قطب اور تقسیم دیو و اسر و سمندر)

۳۴ ۔ "بھوگول کے بیچوں بیچ سے وار پار نکلا ہوا میرو نام پہاڑ اینک رتنوں سے جڑا ہوا جامبو ند یعنی سوورن مے (سونے سے بنا ہوا) دونوں طرف (یعنی شمالی اور جنوبی قطبوں کی طرف) نکلا ہوا ہے۔"

۲۲ ۔ میرو

۳۵ ۔ "اس کے اوپر (یعنی چوٹی کی طرف یا شمالی قطب پر) اِندر سمیت تمام دیوتا - مہرشی وغیرہ رہتے ہیں اور نیچے کی طرف (یعنی جنوبی قطب پر) اسر بسبط (جس طرح شمالی قطب پر دیوتا رہتے ہیں) ایک دوسرے سے مخالفت (دویش) کرتے ہوئے قایم ہیں۔"

۳۶ ۔ "پھر چاروں طرف مسلسل کرّہ ارضی کے محیط پر دیو اور اسروں کی تقسیم کرتا ہوا دھاتری (زمین) کی میکھلا (منطقہ یا پیٹی) کی طرح یہہ مہارنو (بحر اعظم) واقع ہے۔"

۲۳ ۔ مہارنو

نوٹ ۔ مہارنو وہ بڑا سمندر ہے جو بحر اوقیانوس بحر الکاہل اور بحر ہند کے نام سے مشہور ہے۔ در اصل یہہ سب ایک ہی سمندر ہے - مگر آجکل اس کی تقسیم کر کے کئی نام رکھے گئے ہیں۔ یہ کرہ زمین کو نصف کرہ شمالی (دیوتاؤں کے ستھان) اور نصف کرہ جنوبی (اسروں کے ستھان) میں تقسیم کرتا ہے - نصف کرہ شمالی جو سمندر سے اوپر واقع ہے جمبو دویپ کہلاتا ہے اور اس میں دیوتا رہتے ہیں اور نصف کرہ جنوبی میں ۶ دویپ اور ۶ سمندر شمال کو ہے سدھ بھوگول کے وسط میں پرِدھی روپ (محیط) سمندر (بحر اوقیانوس یا اٹلینٹک) و مصباح ہوتا ہے رہا ہے سمندر یعنی بحر الہند - بحر الکاہل - بحر احمر - وغیرہ اور اس کے آگے کہیں جنوبی - بحر چین وغیرہ - سنرپی - اِنگ دِکھنی سمندر وغیرہ ہیں۔

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

۷- چار دِشاؤں کی چار پُریاں

۲۴- چار دِشاؤں کی چار پُریاں

۳۷- "لنکا کا رمیرو کے مدھیہ (مرکز) سے (زمین کی سطح کے فاصلے پر جو دائرہ بنتا ہے اُس کے محیط پر) سمندر کے یکساں یکساں فاصلوں پر (چار) دویپوں میں اور (چار) دِشاؤں میں چوپرو آدمی (چار) پُریاں (نگر) دیوتاؤں کی بنائی ہوئی ہیں"

۳۸- " (اوپر جو محیط کا خط زمین کے شمالی اور جنوبی کُروں کو ٹھیک نصفا نصف تقسیم کرتا ہوا قایم کیا گیا ہے اُسپر سُمیرو کی شمالی چوٹی کو مرکز قرار دیکر اُس سے چار خط اِس طرح کھینچے جاویں کہ خطِ اُستوا ٹھیک چار حصّوں میں منقسم ہو جاوے تو اُس خطِ استوا) یا محیطِ ارضی کے چوتھے حصّہ میں پُورب کی طرف بھدراشو ورش میں ایک نگری سونے کی ہیرا کار (فصیل) اور تورنوں (محرابوں) والی یم کوٹی کے نام سے مشہور ہے"

۳۹- " جنوب کی طرف بھارت ورش میں اُسی کی مانند لنکا مہاپُری ہے۔ اور پشچم میں کیتومال ورش میں رومک نام کی نگری ہے"

۴۰- " (شمال میں) کُرو ورش کے اندر سِدھ پُری نام نگری ہے اُس میں مہاتما سِدھ لوگ گت وِیتھا رنج و الم سے آزاد رہتے ہیں"

۴۱- "یہ پُریاں ایک دوسرے سے کُرہ زمین (خطِ استوا) کے ایک چوتھائی حصّہ کی فاصلے پر قایم ہیں اور اُن سے اُتّر میرو (قطبِ شمالی) جو سُروں (دیوتاؤں) کا استھان ہے اُتنے ہی فاصلے پر ہے"

۲- دغیرہ میں درج کیا چھاندوگیہ اُپنشد ادھیای ۳- کھنڈ ۷ نے جو سرشٹی کال کا بھاشیہ میں سوامی شنکر آچاریہ نے اندر یم یعنی برہمانڈ سمونز کے جز پیوں کی ویا کھیا کی ہے۔ اُس میں سے تا ان پُریوں کی موجودہ بحث کے مجھے درج کرنے میں جسقدر حصّہ اُس

ویا کھیا کا ادھیاتم وِدیا سے سمبندھ رکھتا ہے اُسکو ہمنے دانستہ چھوڑ دیا ہے۔

۲۵- سورج کی گردش سے پُریوں میں وقت کا اختلاف

۱- بموجب چھاندوگیہ اُپنشد

"سُمیرو سب کے لیے اُتّر میں ہوتا ہے جب امراوتی میں سورج مدھیانہ میں ہوتا ہے اُس وقت سنیمنی میں اُدے ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے اور جب وہاں (سنیمنی پُری میں) مدھیانہ ہوتا ہے تو وارُنی پُری میں اُدے ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ اسی طرح اُتّر اُتّر پُریوں میں بھی۔ کیونکہ پردکشنا ورت (دائرہ گردش) یکساں ہے"۔ اسپر آنند گری نے اپنے ٹیکا میں لکھا ہے کہ "پرپول کا مت یہ ہے کہ مہاگری میرو جو ہیرا کار کی طرح چاروں طرف قایم ہے اُسکی سُوردھا پر لگے ہوئے سورج کے رتھ چاکر کی دُھری کی میرو کے گرد پردکشنا ورتی (دائرہ گردش) یکساں ہے۔ کوئی کارن کال کے اَدھک ہونے کا نہیں اس لیے چاروں پُریوں میں اُدے استت کا کال یکساں ہیں" چنانچہ

۲۶- (۲) بموجب وشنو پُران

وِشنو پُران میں کہا ہے کہ "یہ سورج شکر (اندر) آدی پُریوں میں آیا ہوا جس پُری میں ہوتا ہے اُس سے اور اُس سے دو اُسکی کل تین پُریوں کو چھوتا (یعنی روشن کرتا) ہے اور دو دِکرنوں (درمیانی کونوں) کو بھی روشن کرتا ہے۔ اور جب وِکرن (درمیانی کونے) میں ہوتا ہے تو جس کونے میں ہوتا ہے ایک اُس سے اور ایک پچھلے اور ایک اگلے کل تین کونوں (درمیانی سمت یا قطعے) کو اور دو پُریوں کو چھوتا ہے"۔ (وِشنو پُران۔ انش ۲- ادھیای ۸)

۲۷- (۳) بموجب لنگ پُران

اور لِنگ پُران میں کہا ہے کہ "مانسرو ور کے اوپر میرو کے پُورب میں ماہیندری پُری قایم ہے۔ بھانو پُتر (یم) کی نگری دکشن میں اور ورُن کی پُری وارُنی (پشچم) دِشا میں اور سومیہ (اُتّر) دِشا میں سوم کی پُری وِپلا قایم ہے اور اُن میں وگ دیوتا سُتھت ہیں۔ اور اُن کے نام ترتیب وار امراوتی۔ سنیمنی۔ سکھا اور وِبھا ہیں۔ وکشنا ین میں لوکپالوں کے اوپر سے جو

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کا اشٹھا نگت (پرم کرانتی میں پہونچے ہوئے) سورج کی چاروں طرف کی گتی (حرکت) ہوتی ہے۔ اسکو اب اس طرح جانو کہ دکشن کی طرف لوٹتے ہوئے سورج چھٹے ہوئے تیر کی طرح دوڑتا ہے اور جب بھانو (سورج) شکر (اندر) کے پُر کے انت کو پہونچتا ہے تو سینمنی والوں کو سورج اُدے ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ اُسی مقام پر آیا ہوا وہ سکھوتی میں نشانت (رات کے سروں) پر آیا ہوا معلوم ہوتا ہے اور وشوورکہا وبھو سورج وبھاوری میں اشت ہوتا ہے جس پرکار میں نے امراوتی میں آئے ہوئے اس واری تسکر (سورج) کو بیان کیا ہے اُسی پرکار سینمنی۔ سکھا اور وبھاوری میں آئے ہوئے گبھست (سورج) کا بھی (انُمان کر لینا چاہیئے)۔ جس وقت آگنیہ کون میں آپراپت ہوتا ہے اُس وقت نیرتیہ میں پوروانہ ہوتا ہے اور وایویہ بھاگ (وایویہ کون) میں اُس وقت سداارن (گھور) اپرراتری (رات کا پچھلا حصہ) ہوتا ہے اور ایشان کون میں اپرراتری ہوتی ہے اس طرح اُس کی چاروں طرف گتی ہوتی ہے"۔ گویا امراوتی کے اوپر آیا ہوا سورج ہو تو اس مقام پر مدھیانہ ہوتا ہے۔ ایشان کون میں تیسرا پہر آگنیہ میں پہلا یام (پہر) اور سینمنی میں اُدے ہوتا ہے۔ اسی طرح جب یم نگری میں سورج مدھیانہ میں اُدے ہوتا ہے اُس وقت اِندر پُری میں اشت۔ آگنیہ میں تیسرا پہر نیرتی کون میں پہلا پہر اور وارُن (پشچم) میں اُدے ہوتا ہے۔ پھر جب ورن کی نگری میں مدھیانہ ہوتا ہے اُس وقت یم نگری میں اشت۔ نیرتیہ میں تیسرا پہر وایویہ کون میں پرتھم یام اور سوم نگری میں اُدے ہوتا ہے۔ پھر جب سوم نگری میں مدھیانہ ہوتا ہے اُس وقت ورن نگری میں اشت ہوتا ہے۔ وایویہ کون میں تیسرا پہر اور ایشان کون میں پرتھم یام ہوتا ہے۔ اور اِندر نگری میں اُدے ہوتا ہے پھر جب آگنیہ کون میں سورج ہوتا ہے تو وہاں مدھیانہ یم نگری میں اُدے۔ اِندر پُری میں ترتیہ یام (تیسرا پہر) اور نیرتیہ کون میں اُدے اور ایشان کون میں اشت ہوتا ہے اس طرح پرانوں میں سب دشاؤں اور ودشاؤں کے اندر سورج کی گتی کہی ہے۔

۲۸-(۴) بموجب وایو پران

جس طرح سینمنی میں مدھیانہ ہونے پر وارُنی میں اُدے ہوتا ہے اُسی طرح اِس میں مدھیانہ ہونے پر وبھا میں اُدے ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے چنانچہ وایو پران میں کہا ہے کہ "جب بھاسکر (سورج) امراوتی میں مدھیہ گت ہوتا ہے۔ ویوسوت (یم) کی نگری میں اُس وقت اُدے ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ اور اُسی وقت سکھا میں آدھی رات اور وبھا میں اشت کال ہوتا ہے"۔

۲۹-(۵) بموجب بھاسکر آچاریہ

یہی بات بھاسکر آچاریہ نے سدھانت شرومنی کے گولا دھیایہ واسنا بھاشیہ بھُوَن کوش پرکرن شلوک ۱۷ اور ۱۸ میں اس طرح کہی ہے۔

"مدھیہ (زمین کے بیچ میں) لنکا ہے اور اُس سے پورو میں یم کوٹی ہے اور پشچم میں روماک پتن ہے اور اُس (لنکا) کے نیچے سدھ پُر ہے۔ اور سومیہ (شمال) میں سُمیرو ہے اور یامیہ (دکشن) میں بڑوانل (جنوبی قطب) ہے (شلوک ۱۷) گول وِت (کرہ کے جاننے والے) ان چھ ستھانوں کو کُو وِرت (کرۂ زمین) کے ایک ایک چوتھائی حصہ کے فاصلے پر بتاتے ہیں۔ میرو میں تمام سُر (دیوتا) اور سدھ سنگھ رہتے ہیں۔ اور جنوبی میرو میں تمام نرک اور دیتیہ لوگ رہتے ہیں (شلوک ۱۸)"

۳۰-(۶) بموجب پنچ سدھانتکا

پنچ سدھانتکا کے جیوتش اُپ نشد نام پندرھویں ادھیائے کے شلوک ۲۲ و ۲۳ میں وراہ مہراچاریہ لکھتے ہیں کہ جب بھارت ورش میں سوریہ اُدے ہوتا ہے تو اُس وقت بھدراشو میں مدھیانہ کُرو ورش میں اشت کال اور کیتومال میں آردھ راتری ہوتی ہے۔ جب لنکا میں سوریہ کا اُدے ہوتا ہے سدھ پور میں سوریہ کا اشت ہوتا ہے۔ یم کوٹی میں مدھیانہ ہوتا ہے اور روماک دیش میں اردھ راتری ہوتی ہے"۔

یہی بات آگے اس ادھیائے کے شلوک ۲۰ و [illegible] میں بھی کہی ہے


اور

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

۳۱ تشریح بیان بالا

الغرض یہہ چار پُریاں یعنی یم کوٹی - لنکا - رومک اور سدھ پُری ترتیب وار پُورو - دکشن - پشچم اور اُتر ہیں باہم ایک دوسرے سے ۹۰ - ۹۰ انش کے فاصلے پر اور دونوں دُھروؤں یا میرُوؤں (قطبوں) سے بھی ۹۰ انش پر گویا عین خطِ اُستوا کے اوپر واقع ہیں - ان چاروں پُریوں میں سے اب صرف لنکا موجود ہے - مگر وہ بھی خطِ استوا سے ۶ انش اوپر ہے بالکل خطِ استوا پر نہیں ہے - اسکی وجہ ہم تری لوک سنستھان کے مضمون میں بتا چکے ہیں باقی تینوں نگریاں شاید سمندر میں غرق ہو گئی ہیں - کیونکہ جہاں ان کے موقع بتائے گئے ہیں اب وہاں سمندر ہی سمندر ہے کوئی خشکی کا نشان نہیں ہے - بیس[۲۰] لاکھ برس کے عرصے میں اسقدر تغیر و تبدل ہو جانا کچھ تعجب کی بات نہیں ہے - اب ہم نیچے نصف کرہ شمالی کا نقشہ دیتے ہیں جس سے اوپر کا تمام بیان بخوبی سمجھ میں آجائیگا - اس میں میرُو (قطب شمالی) چاروں پُریوں کے موقعے اور ایک مقام پر سورج کے ہونے سے چاروں پُریوں اور اُن کے درمیانی گوشوں میں وقت کا فرق اچھی طرح دکھایا گیا ہے نیز ایک نقشہ میں اُن پُریوں کے وہ تمام نام درج کئے جاتے ہیں جو اوپر اُپ نشد جیوتش گرنتھوں اور پُرانوں وغیرہ کے حوالوں میں آئے ہیں -

شکل نمبر ۱ نصف کرہ شمالی کا نقشہ



۳۲ تشریح اصطلاحات

نقشہ جس میں پُریوں کے مختلف نام اُن کی دشا ورش (ملک جسمیں وہ واقع ہیں) اور وقت دکھایا گیا ہے

دشا	چھاندوگیہ اُپ نشد کے انوسار نام	پرانوں کے مطابق پُریوں کے نام	سوریہ سدھانت - سدھانت شرومنی اور پنچ سدھانتکا کے مطابق: پُریوں کے نام	سوریہ سدھانت - سدھانت شرومنی اور پنچ سدھانتکا کے مطابق: ورش جسمیں واقع ہیں	سمے (وقت)
پُورو	اگنی	امراوتی - ماہیندری نگری - ایندر پُری	یم کوٹی نگری یا پُری	بھدراشو	مدھیانہ
دکشن	اندر	سینیمنی پُری - ویوسوت نگری - یم پُری	لنکا نگری یا پُری	بھارت ورش	اُدے
پشچم	ورن	سکھا - مکھوتی نگری - وارونی پُری	رومک نگری یا پٹن	کیتومال	اردھ راتری
اُتر	سوم	وبھاوری - سومیہ پُری	سدھ پُری	کرو ورش	استت

وِشُووت یا نرکش دیش اور دھرُو ستھتی
(خطِ استوا اور دھرُو کا بیان)

۴۳ نرکش دیش یعنی خطِ استوا

۴۲ - وِشُووَ (خطِ استوا سماوی) میں آیا ہوا سُورج ان نگریوں کے اوپر سے ہو کر گذرتا ہے اسلئے اُن میں وِشُووت چھایا یعنی اکش بھا (عرض بلد) نہیں ہے - اور مدھیانہ میں اُس مقام پر سُورج کی چھایا کے ابھاؤ سے) اُن میں اکش یعنی دھرو کی اُنتی (اکش انش روپ بلندی) اُنگی کا نہیں کہجاتی

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۴۳ - "دونوں میروؤں (قطبوں پر رہنے والوں کے نزدیک) دونوں دھرو تارے (جنوبی اور شمالی دھرو تارے) آکاش کے مدھیہ ہیں (یعنی عین سمت الراس پر) نظر آتے ہیں - کیونکہ میروؤں میں ملبانش (طول بلد) نہیں ہے اور اسی طرح خط استوا پر اکشانش (عرض بلد) کے نہ ہونے کی وجہ سے نرکش دیش پر رہنے والوں کے لئے وہ دونوں (دھرو تارے) کشتج (اُفق) میں قایم نظر آتے ہیں۔"

۳۴ - خط استوا کے لمبانش اور میرو کے اکشانش

۴۴ - "اس لئے اُن نگریوں میں دھروؤں کے کشتج (اُفق) میں ہونے کی وجہ سے دھرو یا اکشر کی بلندی نہیں ہے - مگر لمبکانش (طول بلد کا درجہ) ۹۰ ہے اور اسی طرح میرو میں (لمبانش (طول بلد) نہیں ہے مگر) اکشانش (عرض بلد کا درجہ) اتنا ہی (یعنی پورا ۹۰) ہے۔"

۹ - میروؤں پر سورج گتی کا وچار
(قطبوں کے مقام سے سورج کی رفتار کا خیال)

۴۵ - "جب سوریہ میش آدی (چھ راشیوں یعنی) دیو بھاگ میں ہوتا ہے تو اُس کا دیوتاؤں کو درشن ہوتا ہے اور تلا آدی (چھ راشیوں کے اندر) اسُر بھاگ میں چلتے ہوئے سورج کا درشن اسُروں کو ہوتا ہے۔"

۳۵ - میرو پر سوریہ درشن

۴۶ - "گرلشیم رتو میں دیو بھاگ کے اندر انتہت نکٹ ہونے سے سورج کی کرنیں دیوتاؤں کو نہایت تیکشن (تیز) معلوم ہوتی ہیں - اور ہیمنت میں اسُروں کو تیز معلوم ہوتی ہیں - اور اس کے برعکس (دیوتاؤں کو ہیمنت میں اور اسُروں کو گرلشیم میں مند معلوم ہوتی ہیں۔"

۳۶ - کرنوں کی تیزی

۴۷ - "جب سوریہ وشووت (خط استوا) میں ہوتا ہے تو دیوتا اور اسُر دونوں اسکو کشتج (اُفق) میں دیکھتے ہیں اُن (دیوتا و اسُروں) کے ایک دوسرے کے بائیں اور دائیں دن اور رات ہوتے ہیں۔"

نوٹ - بات یہ ہے کہ دیوتا کُرہ زمین کے اُتر بھاگ میں ہیں اس لئے اُن کے حساب سے جیسا وہ مشرق کی طرف منہہ کر کے دیکھیں تو سورج دائیں ہاتھ نظر آتا ہے اسی طرح اسُر جو دکشن بھاگ میں ہیں سورج کو بائیں ہاتھ کی طرف دیکھتے ہیں یا یوں کہو کہ دیوتا اپنے آپ کو دائیں اور اسُروں کو بائیں سمجھتے ہیں اس لئے دیوتوں کے بائیں اور دائیں اُتر دکشن گول (شمالی اور جنوبی کُرے) ترتیب سے دیوتاؤں کے لئے دن اور رات ہیں اور دیوتاؤں کے بائیں اور دائیں ہاتھ دکشن اُتر گول (جنوبی اور شمالی کُرے) اور دیوتاؤں کے لئے ترتیب وار دن اور رات ہیں - یہاں صرف پہنیتا لیسویں شلوک کی تشریح مقامی لحاظ سے اختلاف سمت دکھلا کر کی گئی ہے۔

۳۷ - دونوں میروؤں پر سمت کا اختلاف

۴۸ - "میش کے آدی میں اُدے ہو کر (یعنی خط استوا میں ریوتی نکشتر کے قریب طلوع ہو کر) سوریہ آگے آگے اُتر کی طرف تین راشیوں میں چلتا ہوا میرو واسیوں کے ہاں دن کے پہلے آدھے حصہ کو پورا کرتا ہے۔"

۳۸ - میرو واسیوں کے وقت کی تقسیم

۴۹ - "اسی طرح کرک آدی تین راشیوں میں چلتا ہوا سورج دیوتاؤں کے دن کے پچھلے آدھے حصہ کو پورا کرتا ہے - علےٰ ہذا اسُروں کے ہاں تلا آدی تین (راشیوں میں چلتا ہوا دن کے پہلے آدھے حصہ کو) اور مکر آدی (تین راشیوں میں چلتا ہوا اسُروں کے ہاں دن کے پچھلے نصف حصّہ کو پورا کرتا ہے)"

نوٹ - گویا جب سورج میش میں آتا ہے اُس وقت دیوتاؤں کے ہاں دن کا اُدے ہوتا ہے - اور میش - ورش - اور متھن تین راشیوں کے اندر گردش پوری کرنے تک دن کا آدھا حصّہ ختم ہو جاتا ہے - کیونکہ دیوتاؤں کے ہاں ۶ راشیوں (یا ۶ مہینوں) کا دن ہوتا ہے - متھن کے ختم پر ٹھیک دوپہر ہوتا ہے - پھر دن ڈھلنے لگتا ہے - یہاں تک کہ کرک سنگھ اور کنیا کو پورا کرنے پر سوریہ اَست ہو جاتا ہے اور اس کے

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ساتھ دیوتاؤں کے دن کا نصف حصہ ختم ہوتا ہے اور دھن کے ختم پر ٹھیک دوپہر ہوتا ہے۔ اور پھر مکر۔ کمبھ۔ اور مین ان تین راشیوں کے پورا کرنے پر اسُروں کے ہاں دن کا پچھلا نصف حصہ ختم ہو کر رات ہو جاتی ہے۔ گویا اسُروں کی ہاں ٹھیک مین کے ختم پر سورج استت ہوتا ہے۔

۵۰ - اسلئے ان کے دن اور رات ایک دوسرے کے خلاف ہوتے ہیں (یعنی دیوتاؤں کے ہاں دن ہوتا ہے تو اسُروں کے ہاں رات ہوتی ہے اور اسُروں کے ہاں دن ہوتا ہے تو دیوتاؤں کے ہاں رات ہوتی ہے) اور ان کے دن اور رات کا پرمان سورج کے ایک بھگن (گردش) کی برابر ہوتا ہے (یعنی سورج کی ایک گردش یا ۱۲ مہینے کے برابر دن رات ہوتا ہے)

۵۱ - "اور ان کا دن اور رات کا نصف ایک دوسرے کے برعکس آین کے انت پر ہوتا ہے۔ اور سُر (دیوتا) اور اسُر اپنے آپ کو ایک دوسرے سے اوپر کلپنا (تصور) کرتے ہیں۔"

نوٹ - گو جب دیوتاؤں کے ہاں دوپہر ہوتی ہے تو کرک کے لگتے ہی اترائن کا انت ہو جاتا ہے اور دکشنائن لگ جاتی ہے۔ اور جب اسُروں کے ہاں دوپہر ہوتی ہے تب مکر کے لگتے ہی دکشنائن کا انت ہو جاتا ہے اور اترائن لگ جاتی ہے جس جس مقام پر دیوتاؤں کے حساب سے دوپہر اور آدھی رات ہوتی ہیں اُسی اُسی مقام پر اسُروں کے حساب سے آدھی رات اور دوپہر ہوتے ہیں و علیٰ ہذا۔ اسی وجہ سے دیوتا اور اسُر ایک دوسرے کے خلاف اپنے آپ کو اوپر اور دوسرے کو نیچے سمجھتے ہیں۔

۱۰ - لوکوں میں اُوردھوادھو بھرم (اجرام میں اوپر اور نیچے کا وہم)

۵۲ - "(قطب پر رہنے والوں کے سوائے) اور لوگ بھی جو سم سوتر یعنی ایک سیدھے دیا پار خط (قطر زمین کے فاصلہ) پر آباد ہیں باہم

۴۹ - کرہ زمین میں کوئی سمت اوپر یا نیچے نہیں ہے

ایک دوسرے کو نیچے سمجھتے ہیں۔ مثلاً بھدراشو اور کیتومال اور یم کوٹی اور روماک نگری) والے اور لنکا اور سدھ پوری (باہم ایک دوسرے کے سم سوتر ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے کو اپنے سے نیچے سمجھتے ہیں۔ (دیکھو نقشہ جو شلوک ۶۳ کے بعد نوٹ میں دیا گیا ہے)"

۵۳ - "بھی گول (کرہ زمین) پر سب جگہ لوگ اپنے استھان کو اوپر سمجھتے ہیں۔ مگر چونکہ گول (کرہ) آکاش کے اندر قایم ہے اسلئے اس کا اوپر کہاں ہے اور نیچے کہاں ہے (یعنی آکاش میں چاروں طرف خلا ہے اس سے زمین کا کوئی سا حصہ بھی اوپر یا نیچے نہیں کہا جا سکتا)

۱۱ - پرتھوی کا گولاکار وچار (زمین کی گولائی کا بیان)

۵۴ - "چھوٹا شریر ہونے کی وجہ سے لوگ اپنے کھڑے ہونے کے مقام سے زمین کو باوجود چکراکار (گول) ہونے کے چاروں طرف (سم) دیکھتے ہیں"

۵۰ - زمین گول ہے

نوٹ - انسان پرتھوی کے مقابلہ میں نہایت ہی چھوٹا ہونے کی وجہ سے ... چھوٹے سے حصہ کو دیکھتا ہے اور گول چکر کے گھیرے (محیط) کا سوواں ... حصہ سم (سیدھا) ہوتا ہے اسلئے خط استوا پر تقریباً ۲۵۰ میل کا ٹکڑا بالکل ہموار اور سیدھا نظر آئیگا اور خط استوا کے دونوں طرف جسقدر دائرے چھوٹے ہوتے جائیں گے اسی طرح یہہ ٹکڑا بھی کم ہوتا جائے گا۔

۱۲ - بھ چکر بھرمن دشا (ستاروں کے کُرے کی گردش کی سمت)

۵۵ - "یہہ بھگول (کرہ کواکب) دیوتاؤں (یعنی قطب شمالی پر رہنے والوں کی درشٹی میں) سو یہ کرم (یعنی

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

وکشن لشچم اور اُتر کے مارگ سے گویا دہنے ہاتھ کو) گھومتا ہے اور آسُروں (جنوبی قطب والوں) کی درشٹی میں آپسویہ کرم سے (یعنی پُورو - اُتر - لشچم دکشن کے مارگ سے گویا بائیں ہاتھ) کو گھومتا ہے - اور لنکش (نرکش یا خطِ استوا) کے مقام پر یہہ سر کے اوپر سے ہمیشہ مغرب کے رُخ گھومتا ہوا نظر آتا ہے"۔

۴۲ - دھرتی کا رخ مختلف موقعوں سے

۱۳ - دن ماں وچار (دن کی کمی بیشی کا بیان)

۵۶ - "اسلیئے (یعنی چونکہ ستاروں کا گُرہ خطِ اُستوا پر سمت الراس میں گھومتا ہے) وہاں دن ۳۰ ناڑی (گھڑی) یعنی بارہ گھنٹے کا ہوتا ہے اور رات بھی اتنی ہی (یعنی ۱۲ گھنٹے کی) ہوتی ہے۔ اور سُر آسُروں کے بھاگوں میں سدا ایک دوسرے کے خلاف ہانی اور درِدّھی (کمی بیشی) ہوتی ہے"۔

۴۳ - خطِ استوا پر دن کی درازی

نوٹ - گویا خطِ استوا کے شمالی حصے یعنی جمبودویپ میں جب دن بڑا اور رات چھوٹی ہوتی ہے تو دکشن دلیش میں اُسکے خلاف رات بڑی دن چھوٹا ہوتا ہے - یہہ کمی بیشی مختلف اکشانشوں پر مختلف ہوتی ہے - جسکا حال ہمارے تری کو لیہہ ستھان کے مضمون سے معلوم ہوگا۔

۵۷ - "میش آدی (چھ راشیوں) میں (سُورج کے ہوتے ہوئے) سدا دیوتاؤں کے بھاگ (جمبودویپ) میں دن کی بردھی اور رات کی ہانی ہوتی ہے - اور اسروں کے ہاں اُس کے خلاف (رات کی بردھی اور دن کی ہانی ہوتی ہے)"۔

۴۴ - سیرووں پر دن کی کمی بیشی

۵۸ - "تُلا آدی (چھ راشیوں) میں (سُورج کے ہوتے ہوئے دیو اور اسُر بھاگ میں) دن اور رات برعکس ہوتے ہیں اور کمی بیشی بھی اُلٹی ہوتی ہے (یعنی دیوتاؤں کے ہاں رات کی بردھی دن کی ہانی اور آسُروں کے ہاں دن کی بردھی اور رات کی ہانی ہوتی ہے)"۔

۱۴ - سُورج کرانتی سے اکشانش کرنے

۵۹ - "بھُووِرت (محیطِ زمین یعنی ۳۲۰۰[1] یوجن) کو کرانتی کے انش میں ضرب دینے اور بھگن کے انش یعنی (۳۶۰) پر تقسیم کرنے سے جتنے یوجن نکلیں اُتنے ہی یوجن سورج وِشووَدیش (نرکش - خطِ استوا) سے دُور (اوپر یا نیچے یعنی دکشن یا اُتر کی طرف سر کے اوپر سے) جاتا ہے"۔

نوٹ - جب خطِ استوا پر سُورج آتا ہے تو جسقدر مقامات خطِ استوا پر واقع ہیں اُن میں سورج برابر سر کے اوپر سے گزرتا ہے - مگر اُتر اور دکشن کرانتی میں سُورج کے درجہ بدرجہ خطِ استوا سے اوپر یا نیچے کی طرف جاتے ہوئے خطِ استوا پر دوپہر کے وقت سایہ پڑنے لگتا ہے - اور جتنے جتنے انش کرانتی بڑھتی جاتی ہے - اُتنے انش والے مقامات پر ٹھیک سمت الراس میں ہوتا ہے - یہاں ایسے مقامات کا خطِ استوا سے یوجنوں میں فاصلہ دریافت کرنیکا قاعدہ بتایا ہے جو بالکل آسان ہے - اور جو سہ اربعہ متناسبہ سے حاصل ہوتا ہے کہ ۳۶۰ انش میں ۳۲۰۰ یوجن ہوتے ہیں تو کسی خاص کرانتی کے اسقدر انشوں میں کس قدر یوجن ہیں - پس جس قدر یوجن حاصل ہوں وہ خطِ استوا اور اُس مقام کے درمیانی فاصلے کے یوجن ہوں گے۔

۴۴ - کرانتی انش کے مقام پر سورج عین سر پر ہوتا ہے

۱۵ - اکشانش سے دن مان بھید (عرض بلد کے تفاوت سے دن رات کی کمی بیشی)

۶۰ و ۶۱ - "بھُووِرت پاد (کُرہ ارض کے محیط کا چوتھائی یعنی ۸۰۰ یوجن) چوبیس پرم کرانتی کے یوجن (یعنی ۲۴ انش

[1] یہاں محیطِ زمین کو ۳۲۰۰ یوجن بہ راہ مہربانی سکھ اچاریہ کے مت سے لیا گیا ہے ورنہ سوریہ سدھانت کے مطابق یہ محیط درست نہیں ہے بلکہ اصلی محیط تقریباً ۵۰۶۰ یوجن ہے جیسا کہ آگے شلوک ۵۹ میں بتایا جائیگا۔

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

۴۵-۶۶ انش پر ۴ گھڑی کا دن

یا ۱۳۱۲ یوجن) نکال دیویں تو پھر جس قدر یوجن باقی رہیں۔ نرکش دیش سے اُتنے

(گویا ۶۶ انش یا ۵۸۶ یوجن کے) فاصلے پر دیو آسُر (یعنی اُتر اور دکشن گول) کے جو دیش ہیں اُن میں این انت پر (یعنی اُترائین اور دکشنائین کی سندھی ہیں جبکہ سورج کرک راشی کے آدی (شروع) میں ہوتا ہے اور دکشنائین اور اُترائین کی سندھی ہیں جبکہ سورج مکر کے آدی میں ہوتا ہے) ولوم (وپریت بھاؤ سے یعنی ایک دوسرے کے خلاف) ایک بار ۶۰ گھڑی کا دن ہوتا ہے اور اُسی دیش میں اُنہیں این کی سندھیوں کے موقع پر ایک بار ولوم (وپریت بھاؤ) سے ۶۰ گھڑی کی رات ہوتی ہے۔"

نوٹ - ۶۶ - انش پر ستھانت سورج ایک بار اُدے ہو کر ۶۰ گھڑی تک دکھائی دیتا ہے۔ اور اُس سے آگے جتنا جتنا شمال کی طرف جاتے ہیں اُتنا ہی اُتنا دن بڑھتا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ سمیرو پر پورے ۶ مہینے کا دن ہوتا ہے اسی پرکار جب دھن کے انت میں سورج ہوتا ہے تو ۶۶ انش پر رات ٹھیک ساٹھ گھڑی کی ہوتی ہے اور اس سے آگے بڑھتے بڑھتے دکشن میرو پر ۶ مہینے کی رات ہوتی ہے۔ یہ جمبو دیپ واسیوں کا حال ہوا۔ اس کے برعکس ان قطبوں پر آسُروں کے ہاں دن کی بجائے رات اور رات کی بجائے دن ۶۰ گھڑی کا ہوتا ہے۔

۶۳ - "اُس کے انتر دیشوں میں بھی (یعنی خطِ استوا اور شمالی اور جنوبی قطب کے ۶۶ - انش کے درمیان کے ملکوں میں) دن رات کی کمی بیشی ۶۰ گھڑی کے اندر اندر رہتی ہے۔ (یعنی ۶۰ گھڑی کے اندر ہی کم و بیش ہو لیتی ہیں۔ اُس سے تجاوز نہیں کرتے) مگر اُس سے پرے (یعنی ۶۶ انش سے آگے دونوں قطبوں تک جسقدر علاقہ ہے اُس میں) بھگول (کُرہ کواکب) وپریت (معمولی ۶۰ گھڑی کے حساب سے خلاف) گردش کرتا ہے (یعنی وہاں اس کی گردش سے ۶۰ گھڑی کے دن رات پیدا نہیں ہوتے)"

۱۶ استھان وشیش سے سوریہ کا درشن ادرشن

(کسی خاص مقام پر سورج کا غائب یا نمودار ہونا)

۶۳ - "بھوورت پاد (۸۰۰ یوجن یا ۹۰ انش) ... سے دو راشیوں کی کرانتی کے انشوں ... یوجن (یعنی ۲۰ انش ۶ ۳۶ پل یا ...

۶ تہ راشیوں کا درشن ادرشن ۶۹ انش ۲۴ پل پر

یوجن) کم کرنے سے جو یوجن آتے ہیں اتنے فاصلے پر (یعنی خطِ استوا سے ۶۹ انش ۲۴ پل یا ۶۱۶ $\frac{8}{9}$ یوجن کے فاصلے ... دیو بھاگ میں دھن اور مکر راشیوں میں آیا ہوا سورج دکھائی نہیں دیتا۔"

۶۴ - "اسی طرح اسُر بھاگ میں نرکش دیش سے اُتنے ہی فاصلے پر یعنی ۶۹ انش ۲۴ پل یا ۶۱۶ $\frac{8}{9}$ یوجن پر مِتھن اور کرک راشی میں آیا ہوا سورج دکھائی نہیں دیتا۔ مگر ... (کُرہ زمین) کے اُس پاد (چوتھائی حصے) میں جہاں ... (یعنی رات) نہیں ہے سورج کا ہمیشہ ہی درشن ہوتا ہے ... اسی طرح نرکش دیش سے ۶۱۶ $\frac{8}{9}$ یوجن کے فاصلے پر اُتر بھاگ میں کرک مِتھن اور دکشن بھاگ میں دھن مکر ... دکھائی دیتے ہیں)

۶۵ و ۶۶ - "بھوومی کُکشا (محیطِ ارضی) کے چوتھائی حصے (... یوجن یا ۹۰ انش) میں سے ایک راشی جیا (راشی کے قوس) کے کرانتی انشوں (... ۱۰ یوجن یا ... ۱۱ انش) کو گھٹا کر جو باقی یوجن (یعنی ۷۸ انش ۵ پل یا ۶۹۹ $\frac{5}{9}$ یوجن) رہتے ہیں اتنے فاصلے پر دیو بھاگ میں

۷۸ (۳) ۷۸ انش ۵ پل پر

دھن، مکر، ورشچک اور کمبھ راشیوں میں آیا ہوا سورج دکھائی نہیں دیتا اور آسُروں کے ہاں (خطِ استوا سے اُتنے ہی فاصلے پر) ورش، مِتھن، کرک اور سنگھ ان چار راشیوں میں آیا ہوا سورج دکھائی نہیں دیتا۔"

۱ واضح ہے کہ رات دراصل زمین کے اپنے ہی سایہ کے پڑنے سے پیدا ہوتی ہے گویا سورج کے اوجھل ہونے پر جہاں زمین کا اپنا ہی سایہ پھیلنا شروع ہوا وہی رات ہو گئی

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نوٹ۔ اس کے برعکس دیو بھاگ میں ورش آدمی چار راشیوں میں آیا ہوا سورج برابر نظر آتا ہے اور دکشن بھاگ میں ورشچک آدمی چار راشیوں میں آیا ہوا سورج برابر دکھائی دیتا ہے۔

۶۷ - " خاص میرو میں (یعنی ۹۰ انش پر) دیوتا لوگ

۴۸ - (۳) ۹۰ انش یعنی میروون پر

میش آدمی (چھہ راشیوں) کے نصف چکر میں چلتے ہوئے سورج کو ایک بار اُدے ہونے کے بعد برابر دیکھتے رہتے ہیں۔ اِسی طرح میرو کے جنوبی سرے پر رہنے والے اسر تلا آدمی (چھہ راشیوں کے اندر ایک بار اُدے ہوئے سورج کو برابر دیکھتے رہتے ہیں"۔

۶۸ - " دیو بھاگ یا اسر بھاگ میں۔ نرکش دیش سے بھومنڈل (کرۂ زمین) کے پندرھویں حصے (۲۴ انش یا ۲۱۳ یوجن) کے فاصلے پر ترتیب وار اُتراین کے انت اور دکشناین کے انت میں آیا ہوا سورج (سر کے اوپر سے یعنی سمت الراس) میں چلتا ہوا نظر آتا ہے"۔

۱۷ - مدھیانہ گت سوریہ کی چھایا کی گنتی (دوپہر کے وقت مختلف مقامات پر سایہ کا رُخ)

۶۹ - " ان دونوں (یعنی خط استوا اور اس کے دونوں طرف ۲۴ - ۲۴ - انش) کے درمیانی

۴۹ - چھایا گن شاد

علاقہ میں (۱۲ انگل کے شنکو کی مدھیانہ یا کسی اور سے کی) چھایا دکشن کی طرف یا اُتر کی طرف پڑتی ہے اور اس سے پرے (یعنی جو مقامات ۲۴ انش کے فاصلے پر ہیں وہاں) اپنے اپنے بھاگ (دکشن اور اُتر بھاگ) میں میرو کے سنمکھ چھایا پڑتی ہے"۔

نوٹ۔ گویا جب سورج اُتراین میں ۲۴ انش پر ہوتا ہے تب خط استوا اور ۲۴ انش کے درمیانی مقاموں میں چھایا ہمیشہ جنوب کی طرف اور جب دکشناین میں ہو تو شمال کی طرف پڑیگی اور ان ہی موقعوں پر ۲۴ انش سے پرے کے ملکوں میں سوریہ کے اُتراین میں ہوتے ہوئے اُتر دھرو کی طرف اور دکشناین میں ہوتے ہوئے دکشن دھرو کی طرف پڑیگی۔

۱۸ - دیش وشیس میں سوریہ اُدے است (خاص خاص مقامات پر سورج کا طلوع و غروب)

۷۰ - " جب سورج بھدراشو کے اوپر سے جاتا ہے (یعنی جب وہاں مدھیانہ ہوتا ہے) تب بھارت ورش میں اُدے ہوتا ہے اور کیتومال میں آدھی رات اور کُرو ورش میں است ہوتا ہے

۵۰ - ملکوں میں وقت کی تقسیم

۷۱ - " اسی طرح بھارت آدی ورشوں میں گردش کرتے ہوئے سورج (چاروں پُریوں کی) مدھیانہ - اُدے اردھ راتری اور استکال کی ترتیب سے پردکشنا کرتا ہے"

نوٹ۔ اس کی مکمل تشریح شلوک ۳۰ تا ۴۱ کے بعد ایک مفصل نوٹ کے ذریعہ سے پیشتر کر دی گئی ہے

۱۹ - دھرونتی اُنتی (دھرو کا جھکاؤ اور بلندی)

۷۲ - " اگر اُتر یا دکشن میرو کی طرف منہہ کر کے چلیں تو درجہ بدرجہ (اُتر یا دکشن کا) دھرو اونچا ہوتا چلا جائیگا اور بھ چکر (یعنی تاروں جڑے گولے کا درمیانی خط یا سب سے بڑا محیط)

۵۱ - دھرو کی بلندی و پستی مختلف مقاموں سے

(ترتیب وار اُتر یا دکشن کی طرف) نت یعنی نیچے کو جھکتا چلا جائیگا اور اگر (میروؤں کی طرف سے) نرکش دیش (یعنی خط استوا) کی طرف منہہ کر کے چلیں تو یہہ نتی (جھکاؤ) اور اُنتی (بلندی) اُلٹی ہوتی چلی جائیگی"۔

۲۰ - بھگن کا آشرے (کرۂ ثوابت کس کے سہارے گردش کرتا ہے)

۷۳ - " بھ چکر (تاروں جڑا گولہ) دونوں دھروؤں میں بندھا ہوا (گویا بھ چکر کی دھری کے

۵۲ - بھگن آشرے

पुस्तकालय
गुरुकुल कांगड़ी

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دونوں سرے شمالی اور جنوبی ہیروؤں کی چول میں رکھے ہوئے ہیں) پُروَہ (اجرام فلکی کو گردی گردش دینے والی ہواؤں کے زور سے گھمایا ہوا ہمیشہ (پشچم کے رُخ) گردش کرتا رہتا ہے اور شنی آدی گرہوں کی گگشائیں (مدار) بھی (آکاش کے اندر ترتیب وار ایک دوسرے کے اوپر قایم ہونے کی وجہ سے) اُس (بڑا چکر کے ساتھ وایو سوتر سے) بندھے ہوئے ترتیب وار گھومتی ہیں (گویا گرہ بھی بھ چکر کی گردش کے ساتھ بندھی ہوئی گردش کرتی ہیں)"۔

۲۱- دیوتاؤں اور پتروں کا دن

۵۳- دیو اور پتر دن

۷۴- "سُر اسُر ایک بار اُدے ہوئے سُورج کو آدھے سال تک دیکھتے ہیں اور چندرما میں رہنے والے پتر ایک پکش بھر (یعنی ۱۵ دن تک) اور منشیہ اپنے دن ماتر (یعنی صرف ۶۰ گھڑی تک)"

۲۲- گگشاؤں کے چھوٹے بڑے ہونے سے انشوں کی مقدار کا اختلاف

۵۴- مداروں کی چھٹائی بڑائی

۷۵- "اوپر والے (گرہوں) کی گگشا (دائرہ گردش یعنی مدار) بڑی ہے اور نیچے والوں کی چھوٹی ہے۔ بڑی گگشا سے (راشی وغیرہ کے) بھاگ بڑے بڑے ہوتے ہیں اور اَلپ گگشا کے چھوٹے چھوٹے بھاگ ہوتے ہیں"۔

نوٹ- چونکہ راشیوں کی تقسیم سب جگہ ۱۲ ہیں اور کل ورِتوں (دائرہ ہائے گردش) کی تقسیم ۳۶۰ انشوں میں ہوتی ہے اور مدار چھوٹے بڑے ہیں اس لئے یہ انش بھی چھوٹے بڑے ہوتے ہیں۔ اور یہ عام قاعدے کی بات ہے کہ چکر کا سب سے بڑا گھیرا نابھی (مرکز) کی طرف چھوٹا چھوٹا ہوتا چلا جاتا ہے۔

۲۳- گرہ بھگن کال کا بھید (گرہوں کی گردش کے زمانہ میں اختلاف)

۵۵- بھگن کال میں اختلاف

۷۶- "اَلپ بھرمن آشرت (یعنی نیچے کے چھوٹے دائرے میں گھومنے والا) گرہ بھگن (بارہ راشیوں کے چکر) کو تھوڑے کال میں بھوگ لیتا ہے (یعنی ختم کر لیتا ہے) اور اوپر بڑے منڈل (مدار) میں گھومتا ہوا گرہ زیادہ عرصہ میں بھوگتا ہے"۔

۷۷- "(مثلاً) شیت دیدھیتی (چندرما) اَلپ گگشا (چھوٹے مدار) میں گھومتا ہوا بہت سی بھگنوں (گردشوں) کو بھوگ لیتا ہے (یعنی بارہ راشیوں کے اندر کئی بار گردش کر جاتا ہے) مگر شنیچر بڑی گگشا میں گردش کرتا ہوا تھوڑی ہی سے بھگن کو پورا کرتا ہے"۔

نوٹ- جتنے عرصے میں شنیچر بارہ راشیوں کے اندر ایک گردش پوری کرتا ہے اتنے عرصے میں چندرما ۳۶۰ گردشیں پوری کر لیتا ہے۔ پس جب تک شنیچر اپنے مدار میں چلتا ہوا ایک راشی سر کرے اُتنے میں چندرما بارہ راشیوں کے اندر ۳۰ چکر پورے کر آتا ہے

۲۴- دِن ماس وَرش اور ہورا کے سوامی

۵۶- دن ورش ماس اور ہورا پتی

۷۸- "مند (شنیچر) سے نیچے کی طرف ترتیب وار[۱] چوتھے چوتھے گرہ دن کے سوامی ہوتے ہیں (مثلاً شنی- روی- چندرما- منگل- بدھ- برہسپتی- شکر) اور اسی ترتیب سے تیسرے تیسرے گرہ ورشوں کے سوامی ہوتے ہیں (مثلاً شنی- منگل- شکر- چندرما- برہسپتی- سوریہ اور بدھ)"

۱؎ یہاں گگشا یعنی مداروں کی ترتیب سے مراد ہے اور گگشائیں اس ترتیب سے ہیں- شنیچر- برہسپتی- منگل- سُورج- شکر- بُدھ- چندرما-

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

۷۹ - "چندرما سے اوپر کی طرف ترتیب وار گرہ مہینوں کے سوامی ہوتے ہیں (مثلاً چندرما - بدھ - شکر - سورج - منگل - برہسپتی - اور شنی) اور ہورا (گھنٹوں) کے سوامی شنیچر سے نیچے نیچے ترتیب وار ہوتے ہیں (مثلاً شنی - برہسپتی - منگل - سورج - شکر - بدھ اور چندرما)"

۲۵ - بھ ککشا (کرہ کواکب کا مدار یا دائرہ گردش)

۸۰ - "نگمانش (سورج) کے بھرمن (دائرہ گردش) کو ۶۰ میں ضرب دینے سے بھ کگشا (یعنی نکشتروں کا دائرہ گردش) ہوتا ہے - بھ منڈل (نکشتروں کا کرہ) سب (گرہوں) سے اوپر اتنے یوجن کے فاصلے پر (پرتھوی) کے گرد گھومتا ہے"

۵۷ - نکشتروں کی کگشا

نوٹ - سورج کا دائرہ گردش آگے شلوک ۸۶ میں ۴۳۳۱۵۰۰ یوجن بتایا ہے اُسکو ۶۰ میں ضرب دینے سے ۲۵۹۸۹۰۰۰۰ یوجن نکلتے ہیں - آگے شلوک ۸۹ میں بھ کگشا کو ۲۵۹۸۹۰۰۱۲ یوجن بتایا ہے جسمیں صرف ۱۲ یوجن کا فرق آتا ہے - میلوں میں یہہ فاصلہ بحساب ۸ میل فی یوجن ۲۰۷۹۱۲۰۰۹۶ یعنی دو ارب سات کروڑ اکیانوے لاکھ بیس ہزار چھیانوے میل ہوتا ہے۔

۲۶ - آکاش ککشا (آکاش کا دائرہ گردش)

۸۱ - "ایک کلپ میں کہے ہوئے چندرما کے بھگنوں کو چندرما کی کگشا میں ضرب دینے سے جتنے یوجن آویں اُتنی آکاش کگشا سمجھنی چاہیئے اور اُسی قدر سورج کی کرنوں کا پھیلاؤ ہے"۔

۵۸ - آکاش کگشا

نوٹ - مدھیادھکار نام پہلے ادھیائے کے شلوک ۳۳ میں چندرما کے بھگن ایک یگ کے اندر ۵۷۷۵۳۳۳۶ بنائے ہیں - اُن کو ہزار گنا کرنے سے چندرما کے ایک کلپ کے بھگن یعنی گردشیں ۵۷۷۵۳۳۳۶۰۰۰ ہوئیں ان کو اب چندرما کی کگشا میں ضرب دینا ہے - چندرما کی کگشا آگے شلوک ۸۵ میں ۳۲۴۰۰۰ یوجن بتائی ہے اس طرح آکاش کگشا ۱۸۷۱۲۰۸۰۸۶۴۰۰۰۰۰۰ یوجن ہوئی جسکے ۱۴۹۶۹۶۶۴۶۹۱۲۰۰۰۰۰۰ (ایک سنکھ انچاس پدم اُنہتر نیل چھیاسٹھ کھرب چھیالیس ارب اکیانوے کروڑ بیس لاکھ) میل ہوتے ہیں - واضح رہے کہ آکاش درصل اننت ہی ہے - مگر یہاں آکاش سے صرف سورج کی روشنی کی حدود کا حلقہ لیا گیا ہے -

۲۷ - آکاش ککشا سے ہر گرہ کی کگشا اور اُسکا فاصلہ سطح زمین سے نکالنے کے قواعد

۸۲ - "اُس آکاش کگشا کو کسی (گرہ) کے کلپ بھگن سے بھکت (تقسیم) کرنے سے جو پھل (خارج قسمت) نکلے وہ (گرہ) اُس کی کگشا ہوگی - اور اُس (آکاش کگشا) کو کلپ کے کُدن یعنی سورج کے ساون دنوں پر تقسیم کیا جاوے تو سب گرہوں کی آہنک گتی (روزانہ گردش یا رفتار) نکل آئیگی"۔

۵۹ - ہر گرہ کی کگشا اور آہنک گتی

نوٹ - مدھیادھکار نام ادھیائے ۱ شلوک ۳۰ و ۳۱ و ۳۲ میں چندرما آدی گرہوں کے ایک یگ کی بھگن بنائے ہیں جن کو ہزار میں ضرب دینے سے ایک کلپ کے بھگن ہو جاتے ہیں جو حسب ذیل ہیں :-

چندرما ۵۷۷۵۳۳۳۶۰۰۰ - منگل ۲۲۹۶۸۳۲۰۰۰ -
بدھ ۱۷۹۳۷۰۶۰۰۰۰ - برہسپتی ۳۶۴۲۲۰۰۰۰ -
شکر ۷۰۲۲۳۷۶۰۰۰ - شنی ۱۴۶۵۶۸۰۰۰ -

ان پر آکاش کگشا کے یوجنوں یعنی ۱۸۷۱۲۰۸۰۸۶۴۰۰۰۰۰۰ کو تقسیم کیا جاوے تو اِن کی کگشائیں نکل آئیں گی جو ترتیب وار حسب ذیل ہیں :- چندرما ۳۲۴۰۰۰ - منگل ۸۱۴۶۹۰۹ - بدھ ۱۰۴۳۲۰۸ - برہسپتی ۵۱۳۷۵۷۶۴

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

شکر ۲۶۶۴۶۳۷ - شنی ۱۲۷۶۶۶۸۲۵۵ -
اور یہی گگشا[۵۱] آیئں آگے بتائی ہیں - پھر اُس آکاش گکشا
کو کلپ کے ساون دنوں پر تقسیم کیا جاوے تو گرہوں کی
آہنگ گنتی نکل آویگی ایک یُگ ساون دن جو مدھیا دھ کا
شلوک ۷،۳۹ و ۳ میں بتائے ہیں - ہزار گُنے کئے جاویں
تو کلپ کے ساون دن ۱۵۷۷۹۱۷۸۲۸۰۰۰ ہوتے
ہیں - آکاش گکشا کو اس پر تقسیم کیا جاوے تو ۱۱۸۵۸
یوجن نکلے - یہی ہر گرہ کی آہنگ گنتی (روزانہ گردش) ہے

۸۳ - " اسی طرح جو بھکتی یوجن (خارج قسمت کے یوجن

۶۰ - ہر گرہ کی گتی کلا

یعنی ۱۱۸۵۸) نکلیں اُسکو چندرما کی
گکشا میں ضرب دیں اور حاصل ضرب کو کسی گرہ کی گکشا
سے تقسیم کریں اور پھل (حاصل قسمت) کو پھر ۱۵ پر تقسیم
کیا جاوے تو جو حاصل قسمت نکلے وہ اُس گرہ کی گتی لپتیکا
(یعنی ایک کلا[۵۲] کی رفتار یا گردش) ہوگی -

نوٹ - اس پرکار چندرما کی گتی کلا $\frac{\text{۱۱۸۵۸} \times \text{چندر گکشا}}{\text{چندر گکشا} \times \text{۱۵}}$
$= \frac{\text{۱۱۸۵۸}}{\text{۱۵}} = \text{۷۹۰} \frac{\text{۸}}{\text{۱۵}}$ یوجن ہوئی - علیٰ ہذا منگل کی
گتی کلا $= \frac{\text{۱۱۸۵۸} \times \text{چندر گکشا}}{\text{منگل گکشا} \times \text{۱۵}} = \frac{\text{۳۲۴۰۰۰} \times \text{۱۱۸۵۸}}{\text{۱۵} \times \text{۸۱۴۶۹۰۹}} =$
تقریباً ۳۲ یوجن - اس طرح اور گرہوں کی گتی کلا
نکال لینی چاہیئے -

۶۱ - ہر گرہ کی ایک گردش کا زمانہ

واضح رہے کہ آہنگ گتی سے ہر گرہ کی
گردش کے دن بھی نکل سکتے ہیں - اس
غرض کے لئے ہمیں صرف ہر گرہ کی گکشا کو ۱۱۸۵۸ پر تقسیم
کرنا پڑے گا - ہر گرہ کی گردش کے دن حسب ذیل ہوں گے -
چندرما $\frac{\text{۳۲۴۰۰۰}}{\text{۱۱۸۵۸}} =$ ۲۷،۳۲۳ دن - منگل $\frac{\text{۸۱۴۶۹۰۹}}{\text{۱۱۸۵۸}} =$
۶۸۷،۰۴ دن - بدھ $\frac{\text{۱۰۴۳۲۰۸}}{\text{۱۱۸۵۸}} =$ ۸۷،۹۷۵ دن
برہسپتی $\frac{\text{۵۱۳۷۵۷۶۴}}{\text{۱۱۸۵۸}} =$ ۴۳۳۲،۵۸ دن

[۵۱] اسی حساب سے سوریہ کی گکشا ۴۳۳۱۵۰۰ یوجن ہوگی کیونکہ مدھیا دھ کا
نام ادھیا شلوک ۹ میں اُس کے ایک یُگ کی بھگن ۴۳ لاکھ بیس ہزار بتائے ہیں
[۵۲] کلا ایک انش (ڈگری یا درجہ) کے ساٹھویں حصے کو کہتے ہیں ۱۲

شکر $\frac{\text{۲۶۶۴۶۳۷}}{\text{۱۱۸۵۸}} =$ ۲۲۴،۷۱ دن - شنی $\frac{\text{۱۲۷۶۶۶۸۲۵۵}}{\text{۱۱۸۵۸}} =$
۱۰۷۶۶،۴۲ دن - یہ امر قابل غور ہے کہ یہہ دن بالکل
انگریزی اسٹرونومی کے حساب سے ملتے ہیں - صرف شنیچر کی
گنتی میں ۷ دن کا فرق رہتا ہے - انگریزی حساب سے
ہر ایک گرہ کی ایک ایک گردش کے دن حسب ذیل ہیں :-
چندرما ۲۷،۳۲۲ - منگل ۶۸۶،۹۸ -
بدھ ۸۷،۹۶۹ - برہسپتی ۴۳۳۲،۶ -
شکر ۲۲۴،۷۰ - شنیچر ۱۰۷۵۹ دن -

اسی حساب سے سورج کی گکشا یعنی ۴۳۳۱۵۰۰ یوجن
کو آہنگ گتی یعنی ۱۱۸۵۸ پر تقسیم کر کے اُس کی گردش
کا زمانہ ۳۶۵،۲۸ نکلتا ہے -

۸۴ - " (کسی گرہ کی) گکشا کو بھوکرن (زمین کے

۶۲ - ہر گرہ کی بلندی سطح زمین سے

قطر) میں ضرب دیکر بھی منڈل (زمین کے
محیط) پر تقسیم کرنے سے اُس (گرہ کی
گکشا) کا کرن (قطر) نکل آویگا - اُس میں سے بھوکرن
(زمین کے قطر) کو گھٹا کر نصف کرنے سے اُس گرہ کی
بلندی (سطح زمین) سے معلوم ہو جاویگی "

نوٹ - اس اصول پر عمل کرنے کے لئے اول ہمیں
بھوکرن اور بھو پردھی (قطر اور محیط زمین) کی ضرورت
ہے - مدھیا دھ کا نام ادھیائے اول کے شلوک ۵۹
میں کہا ہے کہ " ۸۰۰ یوجن کے دُگنے یعنی ۱۶۰۰ یوجن
کے برابر بھوکرن (قطر زمین) ہے اُسکے ورگ (مربع)
کو دس گنا کر کے پد (یعنی مول یا جذر) لینے سے بھو پردھی

۶۳ - زمین کا محیط اور قطر

(محیط زمین) ہو جاتا ہے " اس طرح زمین
کا محیط تقریباً ۵۰۶۰ یوجن[۵۳] نکلتا ہے -
اب ہم ہر گرہ کی گکشا کا قطر اور اُس قطر میں سے زمین کا
قطر نکال کر نصف کر کے زمین سے اُس گرہ کی بلندی

[۵۳] اس سے پیشتر جو شلوک ۵۹ وغیرہ کی تشریح میں ہم نے زمین کے محیط
کو ۳۲۰۰ یوجن قرار دیکر حساب لگایا ہے وہ وراہ مہر اور بھاسکر آچاریہ
کے مت کے انوسار تھا در اصل سوریہ سدھانت کے مطابق محیط ارضی کا یہ قدر معلوم ہوتا ہو

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

آسانی نکال سکتے ہیں مثلاً چاند کی گگشا ۳۲۴۰۰۰ یوجن ہے تو اصول بالا کے مطابق اُس کی گگشا کا قطر حسب ذیل ہوگا ۳۲۴۰۰۰ × ۱۶۰۰ / ۵۰۶۰ = ۱۰۲۴۵۱ یوجن

اب چاند کا فاصلہ زمین سے حسب ذیل ہوا:—

(۱۰۲۴۵۱ − ۱۶۰۰) / ۲ = ۵۰۴۲۵ یوجن یا ۴۰۳۴۰۰ میل

۶۴- مداروں کے قطر

اسی حساب سے منگل کے مدار (گگشا) کا قطر ۲۵۷۶۰۹۸ یوجن اور اُس کا فاصلہ سطح زمین سے ۱۲۸۷۲۴۹ یوجن یا ۱۰۲۹۷۹۹۲ میل۔ بدھ کے مدار کا قطر ۳۲۹۸۶۸ یوجن اور اُس کا فاصلہ سطح زمین سے ۱۶۴۱۳۴ یوجن یا ۱۳۱۳۰۷۲ میل۔ برہسپتی کے مدار کا قطر ۶۲۳۶۳۸۷۸ یوجن اور اُس کا فاصلہ سطح زمین سے ۳۱۱۸۱۱۳۹ یوجن یا ۲۴۹۴۴۹۱۱۲ میل۔ شکر کے مدار کا قطر ۸۴۲۵۷۹ یوجن اور اُس کا فاصلہ سطح زمین سے ۴۲۰۴۸۹ یوجن یا ۳۳۶۳۹۱۲ میل۔ اور شنی کے مدار کا قطر ۴۰۵۶۷۰۳۷ یوجن اور اُس کا فاصلہ سطح زمین سے ۲۰۲۸۲۷۱۹ یوجن۔ یا ۱۶۲۲۶۱۷۵۲ میل ہوا اور سوریہ کے مدار کا قطر ۳۶۹۹۶۴۴ یوجن اور اس کا فاصلہ سطح زمین سے ۲۲۰۴۶۸ یوجن یا ۱۷۶۳۷۴۴ میل ہوتا ہے۔ اس طرح ترتیب وار رکھکر دیکھا جاوے تو سطح زمین سے ۵۰۴۲۵ یوجن پر سورج بعد ازاں ۱۲۸۷۲۴۹ یوجن پر منگل۔ اس کے بعد ۳۱۱۸۱۱۳۹ یوجن پر برہسپتی اور سب سے آخر میں سطح زمین سے ۲۰۲۸۲۷۱۹ یوجن کے فاصلے پر شنیچر ہے۔ ان فاصلوں کی باہمی نسبت[1] قائم کرنے سے حسب ذیل حاصل ہوتا ہے۔

۶۵- گرہوں کے درمیانی فاصلوں کی باہمی نسبت

انگریزی اسٹرونومی میں یہی نسبت اس طرح قائم کی گئی ہے


تعجب ہے کہ پیمانہ کی آخری اور شروع کی حدیں تقریباً مطابق ہیں مگر درمیانی تفصیلیں اس طرح مختلف ہیں کہ گویا ایک کی بجائے دوسرا نام رکھا گیا ہے۔ چنانچہ سورج کی جگہ پرتھوی اور پرتھوی کی جگہ سورج اور نیپچون کی جگہ شنیچر کو رکھ دیویں تو کچھ کچھ بات مل جاتی ہے۔ مگر کچھ ہو۔ روی کیندرک اور دھرتی کیندرک سدھانتوں اور گرہوں کے درمیانی فاصلوں میں ابھی اسقدر تفاوت ہے کہ مشرق اور مغرب کی جیوتش ودیا میں بالکل مطابقت ہونا محض خیال ہی خیال ہے۔ اب ہم سوریہ سدھانت کے مطابق گرہوں کی گگشائیں اور ان کے درمیانی فاصلے ذیل کی شکل میں دکھاتے ہیں۔

دیکھو صفحہ ۲۶ پر

[1] نسبت ٹھیک ٹھیک معہ کسرات حسب ذیل ہے پرتھوی صفر۔ چاند ۲۔ بدھ ۳و۳ شکر ۲و۸۰ سورج ۷و۱۳ منگل ۸و۲۵ برہسپتی ۶و۶۳ شنیچر ۷و۲۰۵

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

شکل نمبر ۲ - گرہوں کی گگشائیں اور اُن کا زمین سے فاصلہ



یہ بات بھی قابل غور ہے کہ اگرچہ گرہوں کی گگشاؤں کی ترتیب اور اُن کی مقدار اور گرہوں کا باہمی فاصلہ مطابق نہیں ہے اور نہ مرکز کی نسبت اتفاق ہے تاہم ہر گرہ کی ایک گردش کا زمانہ جسقدر مندرجہ بالا قواعد کے مطابق نکلتا ہے وہ بالکل انگریزی حساب سے ملتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ چاہے انگریزی طریق سے حساب کرو اور چاہے سنسکرت سے نتیجے میں سرمُو فرق نہیں پڑتا۔ شرح رفتار کی نسبت بھی یہہ امر قابل ذکر ہے کہ انگریزی حساب سے ہر گرہ کی رفتار فی سیکنڈ مختلف بیان کی جاتی ہے مثلاً زمین کی ۱۸ میل فی سیکنڈ۔ بُدھ کی ۲۹ میل فی سیکنڈ۔ شکر کی ۲۲ میل فی سیکنڈ اور برہسپتی کی صرف ۸ میل فی سیکنڈ مگر یہاں سب گرہوں کی رفتار یکساں بتائی ہے یعنی ۱۱۸۵۸ یوجن فی دن جسکے رو سے سب گرہوں کی رفتار فی سیکنڈ ۱۴ر۰ یوجن یا ۱ر۱ میل نکلتی ہے اور ایک اور خوبی کی بات یہہ ہے کہ زمین کے محیط اور قطر اور سب گرہوں کی گگشاؤں اور بیاسوں (قطروں) کے لئے پُرما (پیمانہ) کا کام دیتے ہیں۔ چنانچہ اتھرووید میں کہا ہے यस्य भूमिः प्रमा اُس پرماتما نے بھومی کو پُرما بنایا ہے۔

۲۸ - نکشتر اور برہمانڈ کی گگشا میں یوجنوں کے

۶۶ - گرہوں نکشتروں اور برہمانڈ کی گگشا

۸۵ - "چندرما کی گگشا ۳۲۴۰۰۰ یوجن اور بُدھ شیگھر کی گگشا ۱۰۴۳۲۰۹ یوجن

۸۶ - "شکر شیگھر کی گگشا ۲۶۶۴۶۳۷ پھر سُوریہ اور بُدھ اور شکر مدھیہ کی گگشا ۴۳۳۱۵۰۰ یوجن ہے

۸۷ - "منگل کی گگشا ۸۱۴۶۹۰۹ اور چندر روچ کی گگشا ۳۸۳۲۸۴۸۴ یوجن ہے"

۸۸ - "برہسپتی کی گگشا ۵۱۳۷۵۷۶۴ اور سُوریہ کا

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

یعنی راہو کی ککشا ۸۰۵۷۲۸۶۴ یوجن ہے"۔
۸۹- " بچھر (اُس سے اوپر) شنیچر کی ککشا ۱۲۷۶۶۸۲۵۵ - اور بھ (نکشتروں) کی ککشا ۲۵۹۸۹۰۰۱۲ یوجن ہے"۔
۹۰- " برہمانڈ سمپٹ کا نبھ من یعنی دائرہ گردش ۱۸۷۱۲۰۸۰۸۶۴۰۰۰۰۰۰ یوجن ہے - اس کے اندر اندر سورج کی کرنوں کا پھیلاؤ ہے"۔ (برہمانڈ ککشا یا اکاش ککشا سے کرنوں کی روشنی کا دائرہ مُراد ہے)

نوٹ - ان ککشاؤں کی نسبت ہم اوپر مفصل بحث کر چکے ہیں۔ اس لئے یہاں زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ شیگھر اور اُوچ کے متعلق ہم جنتری لوک سنتھان کے مضمون میں مد ۴۳ کے نیچے لکھ چکے ہیں وہاں دیکھ لینا چاہئے۔

ہال سنگھ آریہ } کرنال مورخہ ۲۰ اکتوبر ۱۹۰۱ء

نکشتر اور راشی

جس طرح آکاش کے ۱۲ حصوں کا نام راشی ہے۔ اُسی طرح اُسکو ۲۷ حصوں میں تقسیم کر کے اسکا نام نکشتر رکھا گیا ہے۔ تاروں کے مجموعہ کا نام نکشتر ہے جن کے نام ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔ ایک راشی میں ۲¼ نکشتر ہوتے ہیں اور چاند ایک نکشتر روزانہ کے حساب سے چلتا ہے۔ ہر نکشتر کے چار حصے ہوتے ہیں جسکو چرن کہتے ہیں اسی طرح سے ہر ایک راشی بھی ستاروں کا ایک گروہ ہے جن میں سورج ایک ایک ماہ تک رہتا ہے۔ یہ تعداد میں بارہ ہیں اور ان کے نام سرورق پر دئے گئے ہیں۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
اشونی	بھرنی	کرتکا	روہنی	مرگشرا	آردرا	پنروسو	پشیہ	اشلیشا	مگھا	پوروا پھالگنی	اترا پھالگنی	ہست	چترا
۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۰
سواتی	وشاکھا	انورادھا	جیشٹھا	مول	پوروا شاڑھا	اترا شاڑھا	شرون	دھنشٹھا	شت بھکھا	پوروا بھادرپد	اترا بھادرپد	ریوتی	۰

کلپ یا سرشٹی سمت کا حساب

واضح ہو کہ موجودہ سرشٹی (دُنیا) کی کل عمر ویدوں میں ایک کلپ بیان کی گئی ہے۔ ایک کلپ کو ایک برہم دن بھی کہتے ہیں۔ ایک کلپ میں ۱۴ منونتر ہوتے ہیں۔ ایک منونتر اکہتر (۷۱) چترجگی (یعنی ست یگ - تریتا - دواپر - کلجگ) کا ہوتا ہے اور ہر ایک کلپ کے شروع اور ہر ایک منونتر کے اخیر میں ۱۷۲۸۰۰۰ برس کی ایک سندھی ہوتی ہے - اور ہر ایک

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

یگ کے شروع میں سندھیا اور اخیر میں سندھیانش ہوتا ہے جسکا مفصل شمار بابت سالگذشتہ و باقیماندہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔ جسقدر مُدت ایک کلپ یا براہم دن کی ہوتی ہے اُتنی ہی مُدت ایک براہم رانزی کی ہوتی ہے جس کے ختم ہونے کے بعد پھر از سرِنو سرشٹی نمودار ہوتی ہے۔ اس مدت کلپ کو اس وجہ سے کہ یہہ شمار شروع دُنیا سے جاری ہے سرشٹی سمت اور ویدوں کا الہام بھی چار رشیوں پر شروع دُنیا میں ہونے کی وجہ سے ویدک سمت اور بایں وجہ کہ آریہ دھرم بھی ویدوں کے ظہور یا شروع دُنیا سے جاری ہے آریہ سمت بھی کہتے ہیں۔

نمبرشمار	نام منونتر	تعداد سال	میزان سال
		گزشتہ سال	۱۷۲۸۰۰۰
		کلپ کے شروع کی سندھی	
۱	سویمبھو منو	۱ ست یگ: سندھیا = ۱۴۴۰۰۰؛ مول (اصلی یگ کی تعداد) = ۱۴۴۰۰۰۰؛ سندھیانش = ۱۱۴۰۰۰؛ میزان ۱۷۲۸۰۰۰ ۲ تریتا یگ: سندھیا = ۱۰۸۰۰۰؛ مول (اصلی یگ کی تعداد) = ۱۰۸۰۰۰۰؛ سندھیانش = ۱۰۸۰۰۰؛ میزان ۱۲۹۶۰۰۰ ۳ دواپر: سندھیا ۷۲۰۰۰؛ مول ۷۲۰۰۰۰؛ سندھیانش ۷۲۰۰۰؛ میزان ۸۶۴۰۰۰ ۴ کلجگ: سندھیا ۳۶۰۰۰؛ مول ۳۶۰۰۰۰؛ سندھیانش ۳۶۰۰۰؛ میزان ۴۳۲۰۰۰	
۱		ایک چترُیگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۳۰۸۴۴۸۰۰۰
۲	سوارو چش	ایک چترُیگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۳۰۸۴۴۸۰۰۰
۳	اُوتم	ایک چترُیگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۳۰۸۴۴۸۰۰۰
۴	تامس	ایک چترُیگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۳۰۸۴۴۸۰۰۰
۵	ریوت	ایک چترُیگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۳۰۸۴۴۸۰۰۰
۶	چاکشش	ایک چترُیگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۳۰۸۴۴۸۰۰۰
۷	ویوسوت	ایک چترُیگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۲۷ = ۱۱۶۶۴۰۰۰۰	
	برتمان	۲۸ویں چترُیگی ۱۷۲۸۰۰۰ × ۱۲۹۶۰۰۰ + ۸۶۴۰۰۰ = ۳۸۸۸۰۰۰ ۲۸واں کل یگ گزشتہ شالباہن سمبت ۱۸۲۳ و بکرم سمبت ۱۹۵۸ و سنہ ۱۹۰۱ع تک = ۵۰۰۳	۱۲۰۵۳۳۰۰۳
		میزان کل سالگذشتہ	۱۹۷۲۹۴۹۰۰۳

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar


Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر شمار	نام منونتر	تعداد سال	میزان سال
		باقی ماندہ سال	
۷	ویوسوت (باقی)	باقیماندہ ۲۸واں کل یُگ .... = ۴۲۶۹۹۷ ۴۳ چترجگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۴۳ = ۱۸۵۷۶۰۰۰۰ اس کی انت سندھی .... = ۱۷۲۸۰۰۰	۱۸۷۹۱۴۹۹۷
۸	ساورنی	ایک چترجگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۳۰۸۴۴۸۰۰۰
۹	وکش ساورنی	ایک چترجگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۳۰۸۴۴۸۰۰۰
۱۰	برہم ساورنی	ایک چترجگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۳۰۸۴۴۸۰۰۰
۱۱	دہرم ساورنی	ایک چترجگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۳۰۸۴۴۸۰۰۰
۱۲	رودر ساورنی	ایک چترجگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۳۰۸۴۴۸۰۰۰
۱۳	روچ	ایک چترجگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۳۰۸۴۴۸۰۰۰
۱۴	بھوتیہ	ایک چترجگی ۴۳۲۰۰۰۰ × ۷۱ = ۳۰۶۷۲۰۰۰۰ + سندھی ۱۷۲۸۰۰۰ =	۳۰۸۴۴۸۰۰۰
		میزان کل سال باقی ماندہ	۲۳۴۷۰۵۰۹۹۷
جب پیاس لگ رہی ہو تو بھوجن نہ کرے - اور جب بھوک ہو تو جل نہ پیوے - اگر پیاس میں بھوجن کرے تو گولے کا مرض ہو جاتا ہے اور بھوک میں جل پینے سے جلندھر کا مرض ہو جاتا ہے - بھوجن کے شروع میں جل پینے سے کرشتا (کمزوری) اور مندا گنی وغیرہ نقص پیدا ہوتے ہیں - بھوجن کے بیچ میں جل پینے سے جٹھر اگنی تیز ہوتی ہے اور اخیر میں پینے سے ستھولتا (بدن پھولنا) اور کف پیدا ہوتا ہے -

بہت زیادہ جل پینے سے جٹھر اگنی شانت ہونے سے غذا ہضم نہیں ہوتی - اور جل بالکل نہ پینے سے بھی - اگنی گیلی ہوئے بغیر کھانا ہضم نہیں ہو سکتا - اس لئے اگنی کو تیز کرنے کے لئے تھوڑا تھوڑا جل بیچ میں پینا بہتر ہے -

پرہیز

بہت گرم - بہت سرد - خشک - دیر کر ثقیل (بہت گیلا - سڑا ہوا - اور بہت سخت بھوجن کرنا صحت کے لئے سخت مُضر ہے - وقت مقررہ سے پہلے یا پیچھے بھوجن کرنا بھی نقصان دہ ہے - بھوک کے وقت بھوجن نہ کرنا بھی سخت مُضر ہے -

درست ہاضمہ کا لکشن

عمدہ ڈکار کا آنا جسم میں حوصلہ اور اُمنگ کا ہونا - ملہوتر کے ویگوں کا چھوٹ ہونا - ہلکا پن اور بھوک پیاس کا ٹھیک ٹھیک لگنا - بھوجن کے ہضم ہو جانے کے لکشن ہیں - اس کے برخلاف ہونا بدہضمی کی نشانی ہے -

بھوجن کرنے کے بعد ممانعت

بھوجن کرنے کے ایک گھنٹہ بعد تک حسب ذیل کام کرنے سے صحت کو سخت نقصان پہونچتا ہے اسلئے یہہ کام ہرگز نہ کریں -

سونا - بہت زیادہ بیٹھنا - جل وغیرہ پتلی چیزوں کا بہت زیادہ پینا - آگ سے تاپنا - پانی میں تیرنا - سفر کرنا گھوڑے وغیرہ سواری پر بیٹھنا - ورزش کرنا - میتھن (زن جماع کرنا) دوڑنا - کشتی لڑنا - پکار کر گیت گانا یا پڑھنا یہہ کام بھوجن کرنے کے بعد دو گھڑی یا ایک گھنٹہ تک نہ کریں -

پانی

پینے کے لئے ہمیشہ کنوے کا تازہ پانی جو زیادہ سفید ہوتا ہے - اگر کسی جگہ پانی مرطوب ہو تو اس پانی میں چاندی - لوہا - مٹی یا کوئلہ وغیرہ گرم کرکے بجھانے سے وہ رطوبت رفع ہو جاتی ہے - کوئلہ چورے اور ریت سے فلٹر کرنے سے بھی پانی صاف ہو جاتا ہے - غرضکہ ہمیشہ تازہ اور صاف پانی استعمال کرنا چاہئے -

پان

تیکشن گرم - ہاضم - کسیلا - یا ہلکا دست آور کڑوا - کھارا - چرچرا - کام بڑھانے والا یعنی رکھنے والا کرمی کف - منہ کی دُرگندھی (بدبو) میل - بادی اور تھکان کو دور کرتا ہے - بنگلہ پان نہایت چرچرا اور گرم ہوتا ہے -

سپاری بھاری سرد - رکھی - کسیلی - کف پت ناشک موہک (غفلت کرنیوالی) دیپن (ہاضم) رچی کارک (خواہش کرنیوالی) اور منہ کے بدذائقہ کو دور کرنیوالی ہے - چکنی سپاری - تردوش ناشک - ذائقہ دار - چھیدروں کو بند کرنے والی اور جٹھر اگنی (بھوک) کو بہت ناش کرنیوالی ہے -

کتھا - کف اور پت کو - چونا بائے اور کف کو نشٹ کرتا ہے - کتھا اور چونا دونوں ملنے سے تردوش ناشک اور دل کو خوش کرنے والے اور منہ کو ہلکا اور سُگندھت کرنے والے ہوتے ہیں -

پان میں صبح کے وقت سپاری - دوپہر کو کتھا اور رات

کو چونا زیادہ لگاکر کھانا چاہیئے۔
پان کی پہلی پیک مضر۔ دوسری دست آور اور دُرجر (دیر ہضم) اور تیسری پیک بہت مُفید ہے۔
بھوکے اور رکت سادھو۔ ویراگی۔ سنیاسی وغیرہ کو پان کھانا نہیں چاہیئے۔
پان بہت کثرت کے ساتھ کھانے سے جسم۔ آنکھیں۔ بال۔ دانت۔ بھوک۔ کان۔ ورن (خوبصورتی) طاقت کمزور ہو جاتے ہیں۔ اور شوش (دھاتو کشین)۔ پت۔ پات رکت (داد کھجلی کے مانند) امراض پیدا ہو جاتے ہیں۔

پان کھانے کا نشیدھ آنکھوں اور دانت کے مرض والوں کو کمزور۔ زہر بادی۔ مورچھا۔ نشہ باز۔ کشتی (دمہ والا) اور نکسیر والے بیماروں کو پان کھانا نشیدھ ہے۔

ہوا ہمیشہ صاف شدھ۔ خوشبودار اور نرم ہوا میں رہنا صحت کیلئے ضروری اور مُفید ہے۔ گرمیوں بسنت۔ اور سرد رُت میں حسب مرضی ہوا میں پھرے مگر باقی موسموں میں ہوا سے محفوظ رہنا مناسب ہے۔

پروا ہوا بھاری۔ گرم چکنی۔ رکت پت کو دُوشت (نکسیر وغیرہ والوں کو مضر) کرنیوالی۔ داہ کاری (جلن پیدا کرنے والی) اور باتل (ہوا کے روگوں کو پیدا کرنے والی) اور تھکان اور شوش (دھاتو کشین) مرض والوں کو مُفید ہے۔ مگر اس ہوا سے کشٹ۔ بواسیر۔ زہریلا مرض کیڑے پڑ جانے والا مرض۔ بخار اور دمہ اور آنوں کا مرض وغیرہ کو ترقی ہوتی ہے۔

دکھن کی ہوا دلپسند۔ خون اور پت کی بیماری کو رفع کرنے والی۔ ہلکی۔ سیتل۔ طاقتور۔ بائی ہت اور آنکھوں کے لیئے مُفید ہے۔

پچھوا ہوا خشک۔ بل ہرتا۔ ہلکی دست آور۔ بلغم کی رفع کرنے والی ہے۔

اوتری ہوا سرد۔ تر اور بیماروں کے امراض کو نقصان دہ ہے۔ بل داتا۔ مدھر اور کومل ہے۔

پنکھے کی ہوا جلن۔ پسینہ۔ مورچھا (غفلت بوجہ گرمی) اور تھکان کو دور کرتی ہے۔

تاڑ کے پنکھے کی ہوا تردوش ناشک یعنی بائی۔ پت اور کف کو دور کرتی ہے۔

بانس کے پنکھے کی ہوا گرم اور رکت پت (نکسیر وغیرہ امراض) کو ناموافق ہے۔

دن میں نشیدھ دن میں سونا۔ استری سنگ (ہمبستری) کرنا صحت کیلئے سخت نقصان دہ اور عمر کو گھٹانیوالا ہے مگر گرمی کے موسم یعنی جیٹھ اور اساڑھ میں سونا مُفید ہے۔ علاوہ ازیں بچوں۔ بوڑھوں۔ بیماروں۔ رات کو جاگنے والوں۔ کسرت کرنے والوں۔ سفر سے تھکے ہوئے مسافروں اور نشہ والوں کو دن میں حسب ضرورت سونا اچھا ہے۔

دنیاوی کاروبار چونکہ تمام لوگوں کا کاروبار ایک ہی قسم کا نہیں ہے اور نہ سب لوگوں کے کام کرنے کا ایک ہی وقت مقرر ہے اسلیئے ہر ایک شخص کے لیئے علیحدہ علیحدہ کام کرنے کا ٹائم ٹیبل (سمے وبھاگ) بنانا سخت دشوار ہے۔ صرف اسقدر کہا جا سکتا ہے کہ چونکہ دُنیوی ضروریات اور خانگی اخراجات کا پورا کرنا ہر ایک شخص کے لیئے لازمی امر ہے۔ اس لیئے پورشارتھ اور ایمانداری کے ساتھ کچھ کاروبار کرکے حسب ضرورت ذریعہ آمدنی پیدا کرنا ہر ایک شخص کا فرض ہے۔ بنت کرموں (فرائض روزانہ) سے فارغ ہونے کے بعد اپنے اپنے کاروبار میں مشغول ہو کر اپنے فرائض منصبی کو بہت اچھی طرح سے دل لگا کر پورا کرنا چاہیئے۔

شام کا وقت شام کے وقت دُنیوی کاروبار سے فارغ ہو کر ایشور کی پرارتھنا اور اوپاسنا کے لیئے ایکانت میں من استھر (قایم کرکے) صبح کی مانند سندھیا اور اگنی ہوتر کرنا چاہیئے۔

شام کیوقت نشیدھ شام کیوقت یہہ پانچ کام کرنے منع ہیں۔ بھوجن۔ سنبھن (مباشرت) نِدرا (سونا) پڑھنا اور سفر چلنا۔ کیونکہ ان کے کرنے سے بہت نقصان

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہوتا ہے۔

رات کا بھوجن

بھوجن کرنے کے بعد آہستہ آہستہ سو قدم تک ٹہلنا بہت مفید ہے۔ ایسا کرنے سے غذا ستھر (قایم) ہو جاتی ہے۔ اور گردن۔ زانو اور کمر کو آرام پہونچتا ہے۔

بھوجن کے بعد بیٹھنے سے آلس (سستی) آجاتا ہے پیٹ بڑھ جاتا ہے اور سو جانے سے معدہ بڑھ جاتا ہے۔ اور دوڑنے سے گویا موت کا شکار بن جاتا ہے۔

سونا

اوّل آٹھ سوانس لینے تک چت لیٹنا چاہئے پھر ۱۶ سولہ سوانس لینے تک دہنی کروٹ سونا چاہئے۔ پھر ۳۲ سوانس لینے تک بائیں کروٹ لیٹ کر بعد ازاں حسب مرضی سونا چاہئے۔

چونکہ جٹھر اگنی نابھی سے اوپر بائیں طرف رہتی ہے اس لئے غذا ہضم کرنے کے لئے بائیں کروٹ سونا چاہئے۔

چارپائی پر سونا ترِدوش ناشک ہے۔ روئی دار چیز پر سونا بائے اور کف کو دور کرتا ہے۔ زمین پر سونا تھوڑا پن (موٹاپن) یا کرشتا (دبلاپن) کرتا ہے۔ لکڑی کے تخت میز وغیرہ پر سونا بادی کرتا ہے۔

عمدہ سیج پر سونا دلپسند۔ طاقت بخش۔ نیند اور استقلال دینے والا ہے۔

سونیکا وقت اور مقام

جوان اور تندرست آدمیوں کے لئے زیادہ سے زیادہ آٹھ اور کم از کم چھ گھنٹہ سونا مناسب ہے۔ مگر بچوں۔ بیماروں اور بڈھوں کمزوروں کو کسیقدر زیادہ عرصہ تک سونا درکار ہے۔

اسلئے سونیکا وقت عموماً رات کے ۱۰ بجے سے صبح کے ۴ بجے تک سب سے بہتر ہے۔

موسم گرما (بیساکھ جیٹھ اور جبتک بارش نہو) میں چھت پر کھلی ہوا میں اور موسم سرما میں بند اور گرم مکان میں (جس میں خراب ہوا نکلنے کے لئے صرف چند روشندان ہوں) سونا مفید ہے۔ اور موسم برسات میں ایسے دار مکانمیں جہاں ہوا کی آمد و رفت بخوبی ہو۔

سداچار اور متفرق باتیں

علاوہ مذکورہ بالا فرائض کے اپنی زندگی کو نیک سداچاری اور دھارمک بنانے کے لئے حسب ذیل امور کی پابندی کرنا بھی بہت مفید ہے۔

(۱) صبح اوٹھتے وقت دن میں کرنے یوگیہ کاموں کو یاد کرنا۔ رات کو سوتے وقت دن میں کئے ہوئے کاموں پر نظر ثانی کر کے انوچت کرموں پر پشچاتاپ کرنا۔

(۲) صبح و شام سیر کرنا۔ تازہ ہوا میں رہنا۔ کشادہ اور ہوادار مکان میں رہنا۔

(۳) بھوک سے زیادہ بھوجن نہ کرنا بلکہ کسیقدر کم کرنا

(۴) ہر قسم کی نشہ دار چیزوں سے پرہیز کرنا۔ سوائے غذا کے اور کسی چیز (مثلاً حقہ۔ پان۔ تمباکو۔ نسوار وغیرہ) کی عادت نہ ڈالنا۔

(۵) بھوجن کے ساتھ بہت سی فضول ترکاری۔ آچار مربہ جات۔ چٹنی وغیرہ سے بہت پرہیز کرنا۔

(۶) ہر ایک شخص سے میل جول رکھنا۔ میٹھا بولنا۔ خُلق اور محبت سے پیش آنا اور یتھا یوگیہ عزت کرنا۔

(۷) غیبت۔ بغض۔ کینہ۔ حسد وغیرہ سے پرہیز کرنا۔

(۸) غریب محتاجوں کی امداد کرنا۔

(۹) اپنے روزانہ کاروبار وغیرہ کے لئے ایک ٹایم ٹیبل بنا کر اُس کی پابندی کرنا۔

(۱۰) مہاتما۔ ودوان۔ نیک اور معقول آدمیوں کے ساتھ ست سنگ کرنا۔ اور بدمعاشوں۔ دشمنوں۔ نشے بازوں اور شہوت پرستوں اور بیکاروں کی صحبت سے پرہیز کرنا۔

(۱۱) سبھا میں سب سے اونچے نہ بیٹھنا بلکہ اپنی یوگیہ جگہ پر بیٹھنا۔ اور سوچ سمجھکر معقول گفتگو کرنا۔

(۱۲) بلا دام بازار سے کوئی چیز نہ خریدنا حتے المقدور بلا اشد ضرورت ادھار اشیا خریدنیکی عادت نہ کرنا۔

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

(۱۳) ہر وقت ایشور کو حاضر ناظر جان کر اوس کا خوف دل میں کر کے ہر ایک کام نہایت نیکی - ایمانداری - اور بلا خود غرضی کے کرنا -

(۱۴) پروپکار کے کاموں میں تن من - دھن سے امداد دینا -

(۱۵) ست بولنا - اپنی اندریوں کو قابو میں رکھنا

(۱۶) مصیبت اور تکلیف میں مستقل مزاج اور ثابت قدم رہنا -

(۱۷) اپنے فرائض منصبی دینی و دنیاوی کو پورے طور پر ادا کرنا -

(۱۸) اپنے افسر کے حکم کی تعمیل کرنا -

(۱۹) کفایت شعاری اور سادگی سے زندگی بسر کرنا -

(۲۰) دنیوی کاروبار سے فارغ ہونے کے بعد کسی علمی دھارمک - اخلاقی یا تواریخی کتب کا مطالعہ کرنا اور اخبارات کو دیکھنا -

(۲۱) کسی دھارمک اور علمی سوسائیٹی یا سبھا کے ساتھ تعلق رکھنا اور اوسکے اصولوں کی بخوبی پابندی کرنا -

(۲۲) اپنی زندگی کے ضروری حالات قلمبند کرنا -

یہ امور ایسے سیدھے سادے اور لازمی ہیں کہ ہر ایک شخص ان کی پابندی سے فائدہ اوٹھا کر اپنی زندگی کو بڑے لطف اور آنند کے ساتھ گذار سکتا ہے -

اوم شم

نوٹ - اس دن چریا میں جملہ امور متعلقہ ویدک بر حسب ہدایات یا گیہ ولکیہ (جو ویدک کا اچھا مشہور گرنتھ ہے) درج کیے گئے ہیں -

بہاری لال - کرنال { ۱۰ دسمبر ۱۹۰۱ء

کتبہ محمد محسن عفی عنہ مقیم شہر میرٹھ

{ ۳۱ - دسمبر ۱۹۰۱ء }

رشی جیون آدرش

ارتھات

مہرشی شری ۱۰۸ سوامی دیانند سرسوتی جی مہاراج کا جیون چرتر

مصنفہ مہاشے منشی رام جگیاسو جالندھر شہر

یہ جیون چرتر مہرشی کی دھرم پر اپنا - سچائی اور اعلی سے اعلی درجہ کی خوبیوں سے جسقدر پر ہے اوس کا ایک زمانہ شاہد ہے اس کتاب کا بہت حصہ چھپ گیا ہے - قیمت فی جلد ....

درخواست بنام مینیجر ست دھرم پرچارک پریس جالندھر شہر بھیجنی چاہئے -

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

لالہ کاشی رام صاحب ویدکے تیار کردہ

پرلوارک بکس اینڈ پاکٹ کیس

سفری ۴ ، کیس ۴ ، مین بکس ۴

کوئی عیالدار گھر - اور سفری اصحاب کا صندوق ان سے خالی نہ رہنا چاہئے

یہ وہ بکس اور کیس ہیں کہ جن کی مشمولہ ادویات میں سے کسی نہ کسی ایک دوا کی ہر ایک گرہستی کو ہر روز ضرورت پڑتا آجکل کے زمانہ میں کوئی تعجب انگیز امر نہیں لیکن یہ ضرورت ہی صرف ان کی خریداری کیلئے سفارش نہیں بلکہ ان کی زبردست سفارش وہ عالمگیر شہرت جو ان کو ہر مقام سے نصیب ہوئی ہے باوجودیکہ ان کو ایجاد ہوئے کامل دو برس بھی مشکل سے ہوئے ہیں مگر کیا آریہ کیا ہندو اور کیا مسلمان ہر حیثیت اور رتبہ کے اصحاب دور دراز تک انکی سریع التاثیری اور بحیطا تاثیر کے قایل اور مداح ہو رہے ہیں یہی نہیں بلکہ ہم نہایت فخر سے بیان کرتے ہیں کہ باوجودیکہ یہ بکس اس وقت تک سینکڑوں کی تعداد میں فروخت ہو چکی ہیں ایک شخص بھی یہ شکایت نہیں کر سکا کہ استعمال کے بعد تجربہ انکو غیر مفید یا مضر پایا بلکہ کثیر التعداد بکس ہمنے اس شرط پر فروخت کئے کہ اگر خریدار اصحاب کو خرید کی تاریخ سے ایک ماہ کے اندر انکی مشمولہ ادویات میں سے کوئی ادویات استعمال کر چکنے کے بعد بھی یہ تجربہ ہو کہ یہ غیر مفید ہیں تو وہ بکس لوٹا کر سالم قیمت ہم سے واپس لے سکتے ہیں استعمال شدہ اکسیروں کی بھی کوئی قیمت ہم چارج نکریں گے - لیکن ہم دوبارہ نہایت فخر اور ترد کے خوف سے بہجوئی ہوکر اظہار کرتے ہیں کہ ابتک ایسا ایک صاحب بھی ایسا نہیں نکلا کہ جس نے اس طرح بکس واپس کر کے ہم سے قیمت طلب کی ہو بلکہ الٹا ان کی سفارشوں سے بیشمار بکس اور فروخت ہوئے اور ہو رہے ہیں اور ہم اب تک مفصلہ بالا اپنے وعدہ اور شرط پر قایم ہیں آجکل بھی ان کی مانگ اسقدر ہے کہ ہم آسانی سے ہم نہیں پہونچا سکتے - تریبون - آریہ پترکا - ستیہ دھرم پرچارک - آریہ مترہ - پیسہ اخبار - پنجاب سماچار وغیرہ وغیرہ درجن سے زیادہ معزز اور مشہور اخبارات نے ان کی سریع التاثیر مفید عام کم قیمت اور عجوبہ زمانہ ہونیکے حق میں پر مضمون تعریف شایع کی ہے -

ان بکسوں کی مشمولہ اکسیروں کی فہرست اور دوسرے صفحہ پر چند معززین کے خطوط اور رایوں میں سے تھوڑا تھوڑا اختصار درج کرنے پر اکتفا کرتے ہیں دیگر سینکڑوں شہادتوں اور پنجاب آیورویدک اوشدھالیہ لاہور کے سینکڑوں دیگر مجرب اور سریع التاثیر ادویات کے مفصل بیان کے لئے ۱؎ پائی کا ٹکٹ برای محصول ڈاک بھیجکر فہرست اوشدھالیہ مفت منگا کر مطالعہ کریں -

تفصیل اکسیرہا

۱ تا ۶	۷ تا ۱۲	۱۳ تا ۱۶	۱۷ تا ۲۱
۱- اکسیر دافع ہیضہ	۷- اکسیر دافع زکام سردرد	۱۳- اکسیر دافع دردِ دانت	۱۷- اکسیر مرہم برای پھوڑہ پھنسی
۲- " " ہر قسم کا درد شکم	۸- " " کھانسی	۱۴- " " درد کان	۱۸- اکسیر دافع کھانسی
۳- " " قبض و برای جلاب	۹- " " بخار	۱۵ " " بچوں کی پسلی کا روگ	۱۹- " " بخار
۴- " " پیچش	۱۰- " " قے کا آنا	۱۶ " " بچوں کی بدہضمی بخار کھانسی	۲۰ " " خارش
۵- " " اسہال	۱۱- " " امراض چشم		۲۱ " " دانتوں کا منجن
۶- " " بدہضمی	۱۲- " " پیشاب کی رکاوٹ		

نوٹ - پرلوارک بکس میں مفصلہ بالا مکمل اکیس ۲۱ اکسیر ہیں - سفری بکس اور پاکٹ کیس میں ترتیب سے اول الذکر ۱۶ اور بارہ ۱۲ اکسیریں اور پاکٹ مین بکس میں اول الذکر ۲ سے ۸ تک اور نمبر ۹ اکل ۸ اکسیریں بمعہ ایک پچکیش اور مفصل چھپی ہوئی کتاب ہدایت استعمال جسمیں امراض کی پہچان اور ادویات مجوزہ کے استعمال کی شرح بہ تفصیل درج ہے بند رہتی ہیں قیمت پرلوارک بکس ۴ سفری بکس ۴ پاکٹ کیس ۴ پاکٹ مین بکس ۴

المشتہر - مینیجر پنجاب آیورویدک اوشدھالیہ - لاہور پنجاب

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

آریہ مُسافر و ایڈیشن

چند تازہ اور ضروری خطوط اور رایوں کا اختصار

(۱) شریمان لالہ منشی رام صاحب وکیل ایڈیٹر ست دھرم پرچارک و پریزیڈنٹ آریہ پرتی ندھی سبھا پنجاب کی رائے۔ مشہور اخبار ست دھرم پرچارک مورخہ ۲۱ پھاگن ۵۶ء "لالہ کاشی رام جی وید پہلے راولپنڈی میں کام کرتے تھے۔ اب عرصہ تقریباً دو سال سے لاہور میں آئے ہوئے ہیں جہاں پر کہ علاوہ اپنے اوشدھالیہ کھولنے کے اُنہوں نے شہر میں اپنے بنتیجہ خیز علاج سے خاص شہرت حاصل کر لی ہے۔ مجھے تو یہہ وقتاً فوقتاً معلوم ہوتا رہتا تھا کہ لالہ کاشی رام جی نے مرض نمونیا وغیرہ کے سخت مریضوں کو بڑی محنت سے راضی کر دیا۔ اور ڈاکٹری علاج سے مایوس کئی بیماروں کو حوصلہ دیکر انھیں کام کے لایق بنا دیا۔

یہ پاکٹ کیس بذات خود بڑا خوبصورت اور مضبوط بنا ہوا ہے۔ میں نے ناہن وغیرہ کے سفروں میں اس پاکٹ کیس کو ساتھ رکھا تھا۔ جوہر نمبر ۶ جو کہ بدہضمی کا علاج ہے مجھے خود استعمال کرنیکا موقع ملا۔ واقعی یہہ دوائی بدہضمی کو بہت جلد دور کر دیتی ہے جوہر نمبر ۱۱ کو بھی ایک مرتبہ استعمال کیا گیا جبکہ آنکھیں تھک گئی تھیں ایک سلائی ڈالتے ہی آرام ہوا اور صبح کو آنکھوں کی شکایت سب جاتی رہی۔ یہہ پاکٹ کیس ہر شخص کو مسافرت میں ہمراہ رکھنا چاہیئے۔"

(۲) مہاشے بنواری لال صاحب سابق سیکرٹری آریہ سماج کرنال سے تحریر فرماتے ہیں" آپکے ایک کس میں سے کئی ادویات میں نے اپنے اکثر دوستوں کو آزمایش کے طور پر دیکر تجربہ کیا تو معلوم ہوا کہ آپ کی ہر ایک دوا تجربہ شدہ بہت اکسیر بلکہ تیر بہدف ہے اسلئے کئی دوست آپکے بکس منگانیکا ارادہ رکھتے ہیں۔ عنقریب اُن کی درخواستیں جمع کر کے تحریر کیا جاویگا۔"

(۳) جناب رائے سنسار چند صاحب بی اے اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر و ریونیو افسر کانگڑہ پہاڑ سے تحریر فرماتے ہیں" میں ان دنوں میں اس جگہ رخصت پر آیا ہوا ہوں اور آپکے سفری بکس کو ساتھ لایا ہوں جو میں نے آپسے حصار میں منگوایا تھا۔ اس بکس سے مجکو بہت فائدہ ہوا ہے کیونکہ کئی شخصوں کو آپکی ان دوائیوں سے فائدہ ہوا ہے۔ میرے خیال میں آپ کا بکس ادویات بڑا مفید ہے آپ ذیل کی اکسیر ہائے کی یک ایک شیشی بذریعہ ویلیو پے ایبل بھیجدیویں۔"

(۴) لالہ شادی لال صاحب انجنیر نہر ہنومان نگر ملک نیپال سے تحریر فرماتی ہیں" میرے بیان کرنیکی ضرورت نہیں کہ آپکی ادویات مذکورہ نہایت فائدہ مند ثابت ہوئی ہیں۔ خاصکر دوائی مار گزیدہ تو گویا اکسیر ہے اسوجہ سے مجکو آپ کی ادویات پر پورا پورا یقین ہوگیا ہے اور اب ایک مریض کے متعلق آپسے مشورہ چاہتا ہوں۔"

(۵) مولوی عبدالرحیم صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر پشین اپنے خط میں جو اُنھوں نے سردار گوردت سنگھ صاحب سب ڈویژنل آفیسر پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ کو پشاور سے تحریر کیا ہے تحریر فرماتے ہیں" دفعتاً مجکو ہیضہ ہوا اور ایسا سخت کہ نبض میں حرکت نہ رہی زبان سیاہ ہوگئی۔ اعضا میں تشنج شروع ہوا۔ ڈاکٹر نے کہا کہ اب صحت مشکل ہے۔ بعد میں یاد آیا کہ آیور ویدک کی صندوق ادویات (پرائیویٹ بکس) میں مرض ہیضہ کی دوائی موجود ہے۔ چنانچہ فوراً اوس کا استعمال شروع کیا گیا۔ خدا کی مہربانی سے شفا ہوگئی۔ اب صرف نقاہت باقی ہے۔ رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گذشت۔"

عدم گنجایش کی وجہ سے بہت سے معزز آریہ سماجی اصحاب اور مختلف سماجوں کے پردھان اور منتری مہاشوں کے خطوط درج نہیں کئے جا سکے۔ اُمید ہے کہ وہ اسکے لئے معاف فرماوینگے۔

پنجاب آیور ویدک اوشدھالیہ لاہور شمالی ہند میں ویدک ادویات کا ایک بڑا پرانا معتبر اور ہر دلعزیز اور سب سے بڑا کارخانہ ہے جہاں ہر سال سینکڑوں مریض دور دراز علاقوں سے خود آکر یا بذریعہ خطوط اپنا حال لکھکر علاج کرا کے اور صحت یاب ہوتے ہیں۔

المشتہر

منیجر پنجاب آیور ویدک اوشدھالیہ - لاہور

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اوم

862

سلسلہ نمبر ۶

آریہ جنتری ۱۹۰۴ سنہ عیسوی

و

آریہ ڈائرکٹری

مطابق

۱۹۷۲۹۴۹۰۰۶

آریہ سمبت

مجریہ

آریہ سماج کرنال (پنجاب)

جملہ حقوق محفوظ ہیں

(قیمت ۳ علاوہ محصول ڈاک

[۱۰۰۰ جلد]

نیو امپیریل پریس شہر دہلی

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

فہرست مضامین

چاند و سورج گرہن بابت سال ۱۹۰۴ء

سال حال میں کوئی چاند گرہن نہیں ہوگا مگر دو سورج گرہن ہونگے جن میں سے ہندوستان میں صرف ایک دکھائی دیگا۔ یہ گرہن ۱۷۔ مارچ ۱۹۰۴ء کو قبل دوپہر یوم بدھ واقع ہوگا۔ اور کل ہندوستان میں سورج کا صرف ایک حصہ گرہن میں آتا ہوا نمایاں ہوگا۔

مدراس کے وقت کے مطابق ۱۷۔ مارچ کو ۸ بجے ۳۲ منٹ پر سورج گرہن شروع ہوگا۔ ۱۰ بجے ۲ منٹ پر عین وسط ہوگا اور ۱۲ بجے ۳۲ و ۵ منٹ پر ختم ہوگا۔

اس حساب سے کلکتہ میں ۸ بجے ۲۰ ر ۸ منٹ پر اور کرنال میں ۹ بجے ۲۶ ر ۲ منٹ پر شروع اور وسط کلکتہ میں ۹ بجے ۶ر۵۹ پر کرنال میں ۱۰ بجے ۵۴ منٹ پر اور ختم کلکتہ میں ۱۱ بجے ۵۱ ر ۱ منٹ پر اور کرنال میں ۱۲ بجے ۳۶ ر ۵ منٹ پر ہوگا۔

مہرشی سوامی دیانند سرسوتی جی مہاراج

کی کل تصنیفات ہندی میں ست دھرم پرچارک پریس ہردوار میں اصلی قیمت پر فروخت ہوتی ہیں۔ اور مبلغ دس روپیہ کے خریدار کو بیس فیصدی کمیشن بھی دیا جاتا ہے۔ ان کتابوں کو عوام تک پہنچانے کی غرض سے مفصلہ ذیل کتب میں مستقل رعایت کردی ہے۔ منگوا کر لابھ اٹھائیے۔

نام کتاب	اصل قیمت	قیمت حال
چار وید مول	صہ	للعہ
شت پتھ براہمن	للعہ	[illegible]
ستیارتھ پرکاش بڑھیا کاغذ	عاصہ	[illegible]
ایضاً معمولی کاغذ	؏ہر	[illegible]
رگوید آدی بھاشیہ بھومکا	عہ	عہ
سنسکار ودھی	۸ر	۸ر
پنچ مہایگیہ ودھی	ار	ار

تمام درخواستیں بنام بابو کیشب دیو منیجر ست دھرم پرچارک پریس ہردوار بھیجنی چاہئیں۔

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

فہرست تعطیلات عدالت ہائے سرکاری بابت سنہ ۱۹۰۴ع

تعطیلات مشترکہ صوبجات پنجاب و ممالک متحدہ

نام تعطیل		عدالت دیوانی		عدالت کلکٹری	
نیو ایرس ڈے		یکم جنوری	شکر	یکم جنوری	شکر
بسنت پنچمی		۲۲ "	"	۲۲ "	"
شوراتری		۱۵ فروری	سوموار	۱۵ فروری	سوموار
عید الضحیٰ ...	پنجاب	۲۷ "	سنیچر	۲۷ "	سنیچر
	ممالک متحدہ	۲۹ "	سوموار	۲۹ "	سوموار
ہولی ...	پنجاب ...	۱ و ۲ مارچ	منگل و بدھ	۲ مارچ	بدھ
	ممالک متحدہ	۲ تا ۴ "	بدھ تا شکر	۲ و ۳ "	بدھ و برہسپت
سورج گرہن		۱۷ مارچ	برہسپت	۱۷ مارچ	برہسپت
محرم ...	پنجاب ...	۲۳ تا ۲۸ "	بدھ تا سوموار	۲۶ تا ۲۸ مارچ	سنیچر تا سوموار
	ممالک متحدہ	۲۱ یا ۳۰ "	سوموار تا بدھ	۲۸ و ۲۹ "	سوموار منگل
گڈ فرائڈے		یکم اپریل	شکر	یکم اپریل	شکر
ایسٹر		۲ تا ۴ "	سنیچر تا سوموار	۲ تا ۴	سنیچر تا سوموار
بارہ وفات		۲۸ مئی	سنیچر	۲۸ مئی	سنیچر
سالگرہ شہنشاہ معظم		۳۰ "	سوموار	۳۰ "	سوموار
سلونو یا رکشا بندھن		۲۵ اگست	برہسپت	۲۵ اگست	برہسپت
جنم اشٹمی	پنجاب ...	۳ ستمبر	سنیچر	۳ ستمبر	سنیچر
	ممالک متحدہ	۲ و ۳ "	شکر و سنیچر	۳ "	سنیچر
اننت چودس	پنجاب ...	۲۳ ستمبر	شکر	۲۳ ستمبر	شکر
	ممالک متحدہ	۲۳	شکر	۲۳ "	شکر
دسہرہ		۱۵ تا ۱۸ اکتوبر	سنیچر تا منگل	۱۵ تا ۱۸ اکتوبر	سنیچر تا منگل
شب برات	پنجاب ...	۲۵ اکتوبر	منگل	۲۵ اکتوبر	منگل
	ممالک متحدہ	۲۴ "	سوموار	۲۴ "	سوموار
دیوالی		۷ و ۸ نومبر	سوموار و منگل	۸ نومبر	منگل
عید الفطر		۹ و ۱۰ دسمبر	شکر و سنیچر	۹ دسمبر	شکر
کرسمس ڈے بڑا دن		۲۴ تا ۳۱ دسمبر	سنیچر تا سنیچر	۲۴ تا ۳۱ دسمبر	سنیچر تا سنیچر

تعطیلات جو صوبہ پنجاب کے لیے مخصوص ہیں

نام تعطیل	عدالت دیوانی		عدالت کلکٹری	
درگا اشٹمی	۲۵ مارچ	شکر	۱۲ اپریل	منگل
بیساکھی	۱۲ اپریل	منگل	۱۲ اپریل	منگل
نرجلا اکادشی	۲۳ جون	برہسپت	.	.
بیاس پوجا	۲۷ جولائی	بدھ	.	.
جم دوتیا	۹ نومبر	بدھ	.	.
دیو اٹھان	۱۸ نومبر	شکر	.	.
جمعۃ الوداع	۲ دسمبر	شکر	.	.

تعطیلات جو صوبہ ممالک متحدہ کے لئے مخصوص ہیں

نام تعطیل	عدالت دیوانی		عدالت کلکٹری	
رام نومی	۲۶ مارچ	سنیچر	۲۶ مارچ	سنیچر
چہلم	۷ مئی	"	۷ مئی	"
کاتکی سنان	۲۳ نومبر	بدھ	.	.

مقامی تعطیلات فہرست ہذا میں شامل نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ ہر اتوار اور جس روز کم ہونے کام ہر ماہ کے آخری ہفتہ کو بھی تعطیل ہوگی۔
پنجاب میں عدالت کلکٹری سے مراد جملہ دفاتر صیغہ مال ہے۔

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

اوم

(۱) یہ آریہ جنتری کا چھٹا نمبر ہے جو ہم ناظرین کی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔ مضامین کے سب کے سب نئے اور دلچسپ ہیں۔ آریہ ڈائرکٹری میں بھی نمایاں ترقی کی گئی ہے۔ کیونکہ اس سال ہمنے ہندوستان کی کل سماجوں کے سکریٹری صاحبان کی خدمت میں مطبوعہ فارم علیحدہ علیحدہ بنا بر دریافت خاص خاص حالات ہر سماج ارسال کیا تھا جسکی وجہ سے بہ نسبت سال گزشتہ کئی قسم کی اصلاحیاں عمل میں آئی ہیں۔ اگرچہ نقشہ جات تعداد میں چھ سو کے قریب جاری کیئے گئے تھے تاہم صرف ۲۳۰ واپس آئے۔ افسوس ہے کہ بعض بعض بڑے بڑے سماجوں سے نقشے واپس نہیں آئے۔ لہذا اُن سب کے متعلق کُل حالات گزشتہ سال کے جنتری کے مطابق درج کیئے گیئے ہیں۔ کئی بڑے بڑے انسٹی ٹیوشنوں مثل یتیم خانہ بریلی و کنیا مہا ودیالہ جالندھر سے یاددہانی کرنے پر بھی حالات ہم نہیں پہونچے جسکی وجہ سے ڈائرکٹری اگرچہ اب بھی مکمل صورت میں نہیں پیش کیجاسکتی تاہم حتی المقدور اسکے مکمل کرنے اور اشاعت ہذا کو اعلیٰ و مفید مضامین کے ذریعہ دلچسپ و مفید عام بنانے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا گیا۔

(۲) ہندوستان بھر میں "آریہ ڈائرکٹری" ہی ایک ایسی اشاعت ہے کہ جسکے ذریعہ سارے ملک کے سماجوں اور اُن کے متعلقہ انسٹی ٹیوشنوں کے تا حال مکمل حالات یکجا بہم پہونچ سکتے ہیں۔ اور پھر بھی اسکی امداد نہ فرمانا کیا آریہ صاحبان کے لیئے افسوسناک نہیں ہے؟ یہ کام سماج ہذا نے ملک کے دیگر سماجوں وغیرہ کے کارکنان اور منتظمان کے بھروسہ پر شروع کیا تھا۔ اگر چندے یہی صورت رہی تو اس وسیع کام کا جو اگرچہ مفید و دلچسپ ہے زیادہ عرصہ جاری رہنا دشوار ہے؟ ہمیں اُمید ہے کہ آئیندہ ہمارے بھائی ہمیں اس قسم کی شکایت کا موقع نہ دینگے۔

(۳) سال گزشتہ سے جنتری ناگری میں بھی تیار کیجاتی ہے چنانچہ سال آئیندہ کے لیئے بھی ایک ناگری ایڈیشن شائع کیا گیا ہے۔ (۴) اشتہارات جو دیگر اشخاص کے طرف سے شائع کئے گئے ہیں اُن کے وہ خود ذمہ وار ہیں۔ البتہ اگر آریہ جنتری کے متعلق کسی قسم کی شکایت یا کوئی مشورہ دینا ہو تو وہ بلاشک ہمارے پاس براہ راست بھیجدیں۔

(۵) ہم جملہ شرمتی آریہ پرتی ندھی سبھاؤں۔ و دیگر انسٹی ٹیوشنوں اور آریہ سماجوں کے سکریٹری صاحبان کا عموماً اور لالہ سالگرام جی پریاگ نواسی اور بابو نہال سنگھ جی کا جو علمی و دیگر قسم کی امداد سے ہمیں ہر سال مستفیض کرتے ہیں خصوصاً تہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔

آریہ سماج کرنال
مورخہ ۱۸ دسمبر سنہ ۱۹۰۳ء

کشن سروپ
آریہ سبھاسد و ایڈیٹر آریہ جنتری

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri



(۱) مہابھارت میں جسقدر رانہ ادیاں موقع وبیموقع ہوئی ہیں اُس سے زیادہ اور کسی کتاب میں نہیں ہوئیں - اسکی یہ وجہ ہے کہ مہابھارت جو بہت بڑی کتاب تھی - مگر اس کتاب میں اس افراط تفریط کے ساتھ تحریف کی گئی ہے کہ اصلی کتاب اُونٹ کے گلے میں بلّی کے برابر بھی نہیں رہی اور سر سے دُم بھاری ہو گئی - شمالی اور جنوبی ہند کے نسخوں میں سولہ ہزار شلوک کے بڑے بھاری تفاوت کی نسبت ہم سال گذشتہ میں پرسدھ منو سمرتی کی پرکشپت ہونے کا وچار کرتے ہوئے دکھا چکے ہیں - امسال ہم مہابھارت کی تحریفوں کے متعلق وچار کرنا چاہتے ہیں مہابھارت کی تحریف اسقدر صریح ہے کہ خود اندرونی شہادت اُسکے ثبوت کے لئے کافی ہے - اس لئے ہم اول چند علمار ہند و یورپ کے خیالات درج کر کے سلسلہ وار کتاب کی ترتیب سے وچار کرینگے -

(۲) پروفیسر مونیر ولیمس اپنی کتاب (INDIAN WISDOM) انڈین وزڈم میں لکھتے ہیں کہ "یہ عظیم الشان اتہاس کسی ایک مضمون پر محدود نہیں ہے بلکہ ہندوؤں کے پورانک دیوتاؤں - روایتی تواریخ - علم اخلاق - اور علم حکمت کا وسیع دائرۃ العلوم ہے - جو کتاب آجکل دستیاب ہوتی ہے وہ اصلی آکھیان کا ابتدائی ڈھانچہ ہرگز نہیں ہے - ایسا ظاہر ہوتا ہے کہ اُسکی تالیف صدیوں تک برابر جاری رہی ہوگی - بہر حال یہ اتہاس موجودہ صورت میں آنے سے پیشتر دو مرحلوں میں سے گذرا ہے - چنانچہ پروفیسر لیسن نے اپنی کتاب INDISCHI ALTERTHUMSKUNDI کی جلد دوم طبع جدید کے صفحہ ۴۹۹ پر لکھا ہے کہ مہابھارت کی تمہید (جس سے شاید آدی پرب مُراد ہے) سے یہ امر بخوبی ثابت ہو سکتا ہے کہ اس اتہاس میں مختلف مصنفوں نے تین بار تحریف کی ہے - سب سے پہلا یا پُرانا اتہاس جسکو صرف **بھارت** کہتے ہیں اور جس میں کُل چوبیس ۲۴ ہزار شلوک تھے کشتریہ یا جنگی قوم کے مورثِ اعلیٰ یعنے منو کی تاریخ یعنی آدی پرب کے ۳۱۲۶ ویں شلوک سے شروع ہوتا ہے اور ایک چھوٹا سا ادھیائے جسمیں ویاس کا شجرۂ نسب اور اُس کا ناگ یگیہ کے موقعہ پر ظاہر ہونا اور جنمیجے کی درخواست پر اُس کا ویشمپاین کو پانڈوؤں اور کوروؤں کی جنگ عظیم کا قصہ سُنانے کے لئے مقرر کرنا درج ہے اُس قدیم بھارت کی تمہید ہوگی - دوسری بناوٹ اس اتہاس کی راجہ وسُو کی کہانی سے شروع ہوتی ہے پروفیسر لیسن اسکی مطابقت آشولاین گرہیہ سُوتروں کے اتہاس سے کرتے ہیں جو شونک کے اشومیدھ یگیہ کے موقعہ پر پڑھا گیا تھا اور وہ ادھیائے جسکا نام پوشیہ ہے اور جسکی قدامت اسی سے ظاہر ہے کہ وہ سب کا سب نثر میں ہے اُسکا دیباچہ ہوگا - پولوم نامی ادھیائے جو پہلے پرب کے ۸۵۱ ویں شلوک سے شروع ہوتا ہے اغلباً اس عظیم الشان اتہاس کی تیسری ساخت کی ابتدا ہوگا مصنف خواہ کوئی ہو مگر ہندو لوگ اُسے پُر اسرار تقدس کے ہالے سے مزین کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اُس نے اور کئی مشہور مذہبی کتابوں کو ترتیب کیا مثلاً وید - پران - اُسکا نام ویاس رکھا ہے مگر دراصل یہ لفظ ایک قسم کا خطاب ہے جو سنسکرت مصدر व्यस (वि + अस) بمعنی باقاعدہ ترتیب دینا سے نکلا ہے اور

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

اور اسی وجہ سے اُس کا ہر مؤلف کتاب پر اطلاق ہو سکتا ہے چنانچہ خود آدی پرب کے ۱۴۲۷ ویں شلوک میں کہا ہے کہ

विव्यास वेदान यस्स्मात्स तस्माद् व्यास इति स्मृत:॥

بڑی حیرت کی بات ہے کہ بالکل مختلف کتابوں کی تالیف بالکل مختلف زمانوں میں بنائی گئیں مثلاً وید۔ مہابھارت۔ پُران۔ ایک ہی شخص سے منسوب کی جاتی ہے۔ شاید اُن کے ساتھ ایک ہی بزرگ رشی کا تعلق یہ معنی رکھتا ہو کہ بقول علماء ہند ان تصنیفات کے مابین ایک قریبی رشتہ موجود ہے۔"

۳۔ سایَن مادھو آچاریہ نے وید ارتھ پرکاش نام تیتریہ یجُروید کے بھاشیہ میں مہابھارت کی ابتدائی ترتیب کو ویاس رشی سے منسوب کیا اور عجیب و غریب وجہ تصنیف لکھی ہے چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ "کہا جا سکتا ہے کہ رُشتیہ مانز جس میں عورت اور شودر بھی آ گئے وید کے پڑھنے کا حق رکھتے ہیں کیونکہ بہبودی کے لئے سعی و کوشش کرنا اور بدی سے بچنا کُل بنی نوع انسان کا عام خاصہ ہے مگر یہ بات نہیں ہے کیونکہ اگرچہ یہ قرین مصلحت ہے اور شودر اور عورتیں بھی وید کو جاننے کی خواہش رکھتی ہیں تاہم وہ ایک اور وجہ سے وید کے پڑھنے کے ادھکاری نہیں ہیں جہاں شاستر میں یہ لکھا ہے کہ صرف وہی شخص جسنے یگیوپویت لیا ہے وید پڑھنے کا ادھکاری ہے اُسکا منشاء ہے کہ اُسکا پڑھنا عورتوں اور شودروں کے لئے (جنھیں یگیوپویت نہیں دیا گیا ہے) دُکھ دایک ہوگا تو اب سوال یہ ہے کہ اگر یہی بات ہے تو نوع انسان میں سے یہ دو گروہ آنند یا راحت حاصل کرنے کی تدبیر کس طرح معلوم کریں؟ اسکا ہم یہ جواب دیتے ہیں کہ پُورانوں اور ایسی ہی اور کتابوں سے" اسی وجہ سے کہا ہے کہ چونکہ سہ گانہ وید کو عورتیں۔ شودر۔ اور گرے ہوئے دوِج نہیں سُن سکتے تھے اس لئے مُنی نے اپنی کریم النفسی سے بھارت نام آکھیان کو تصنیف کیا۔"

۴۔ ہم نے اس مضمون میں ہر جگہ مہابھارت سنسکرت معہ ترجمہ اُردو مترجمہ جوالا پرشاد بھارگو مطبوعہ ستیہ پرکاش آگرہ سنہ ۱۸۹۶ع کا حوالہ دیا ہے اور بظاہر شمالی ہندوستان میں یہ اڈیشن نہایت عمدہ اور قابل قدر ہے اس اڈیشن کے آدی پرب ادھیائے دوم شلوک ۳۶۹ تا ۴۳۸ کے بموجب مہابھارت میں پربوں۔ ادھیاؤں اور شلوکوں کی تعداد حسب ذیل ہے۔

نمبر شمار	نام پرب	تعداد ادھیائے بموجب فہرست آدی پرب	اصلی تعداد ادھیائے: بموجب نسخہ مطبوعہ الٰہ آباد	اصلی تعداد ادھیائے: بموجب ایڈیشن مطبوعہ کلکتہ	تعداد شلوک بموجب فہرست آدی پرب
۱	آدی پرب	۲۲۷	۲۳۴	۲۳۶	۱۸۸۸۴
۲	سبھا پرب	۷۸	۸۰	۸۰	۲۵۱۱
۳	بن پرب	۲۶۹	۳۱۴	۳۱۴	۱۱۶۶۴
۴	وراٹ پرب	۶۷	۷۳	۷۲	۲۰۵۰
۵	اُدیوگ پرب	۱۸۶	۱۹۸	۱۹۷	۶۶۹۸
۶	بھیشم پرب	۱۱۷	۱۲۴	۱۲۴	۵۸۸۴
۷	درُن پرب	۱۷۰	۲۰۳	۲۰۴	۸۹۰۹
۸	کرن پرب	۶۹	۹۶	۹۶	۴۹۶۴
۹	شلیہ پرب	۵۹	۳۰	۶۵	۳۲۲۰
۱۰	گدا پرب	-	۳۶		
۱۱	سَوپتک پرب	۱۸	۱۸	۱۸	۸۷۰
۱۲	ستری پرب	۲۷	۲۷	۲۷	۷۷۵
۱۳	شانتی پرب راج دھرم	۳۲۹	۱۳۰	۳۶۴	۱۴۸۷۵
	" آپت دھرم		۴۳		
	" موکش دھرم		۱۹۱		
۱۴	انوشاسن پرب	۱۴۶	۱۶۹	۱۶۸	۸۰۰۰
۱۵	اشومیدھ پرب	۱۰۳	۹۲	۹۲	۳۳۲۰
۱۶	آشرم باسِک پرب	۴۲	۳۹	۳۹	۱۵۰۶

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر شمار	نام پرب	تعداد ادھیائے بموجب فہرست آدی پرب	اصلی تعداد ادھیائے بموجب نسخہ مطبوعہ بمبئی	بموجب نسخہ مطبوعہ بنگال	تعداد شلوک بموجب آدی پرب
۱۷	موشل پرب	۸	۸	۸	۳۲۰
۱۸	مہاپرستھانک پرب	۳	۳	۳	۳۳۰
۱۹	سورگارو ہن پرب	۵	۶	۶	۲۰۹
۲۰	ہری ونش پرب	۰	۰	۰	۱۲۰۰۰
	میزان				۱۰۶۹۸۹

یہ فہرست سب سے مقدم ثبوت تحریف مہابھارت کا ہے اصلی نام اس کتاب کا جبکہ اُس میں صرف ۲۴ ہزار شلوک تھے **بھارت** تھا۔ کیونکہ پُرانی تحریروں میں یہی نام آتا ہے بعد میں اس کی ضخامت بے اندازہ بڑھ جانے پر مہابھارت نام رکھا گیا۔ آدی پرب کا بہت بڑا حصہ خود بعد کا ایزاد کیا ہوا ظاہر ہوتا ہے اور جو تعداد پربوں۔ انو پربوں۔ اور ہر پرب کے ادھیاؤں و شلوکوں کی اُسمیں درج کی گئی ہے وہ بھی قائم نہیں رہی بلکہ اُس سے بھی زیادہ بڑھ گئی ہے اور ہمارے خیال میں شاید ہی دو قلمی نسخے مہابھارت کے ایسے نکلیں جو بلحاظ تعداد ادھیائے و شلوک وغیرہ بالکل منطبق ہوں۔

۵۔ قیاس سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی زمانہ میں سنسکرت زبان کے شاعروں کی کثرت استقدر ہو گئی تھی کہ جب اُنکی جولانی طبع کو کوئی میدان نہ ملا تو کسی بڑے شاعر نے ایک لاکھ شلوک بنانے کا عزم جزم کر کے مہابھارت کے مضامین کو طبع آزمائی کے لئے تختہ مشق قرار دیا اور تجویز یہ کی کہ موقع موقع پر اُن مضامین کی تشریح کے لئے جنکا اصلی بھارت میں صرف ذرا سا اشارتاً ذکر تھا مختلف شاعروں سے مضامین طلب کئے۔ اور اکثر ایسا بھی ہوا ہے کہ ایک ہی مضمون پر کئی شاعروں کے اشعار بن کر آ گئے۔ ایسی صورتوں میں ہر دو مضامین بڑی عقلمندی سے کتاب میں موقعہ پر کھپا دیئے گئے یعنی ایک شعر بھی ضائع نہ جانے دیا اور چونکہ کل کتاب کا اڈیٹر (ویاس) خود بھی اعلیٰ درجہ کا شاعر تھا وہ اپنی طبیعت سے سلسلہ بندی کے لئے ہر مضمون کے شروع و اخیر میں چند شلوک اس قسم کے ڈالتا رہا جس سے مضمون کی لڑی بندھتی چلی گئی کہیں سلسلہ نہ ٹوٹا۔ چنانچہ آگے جا کر معلوم ہوگا کہ اکثر مقامات پر جہاں ایک ہی مضمون پر کئی شاعروں کے شلوک آ گئے تو اُن کو دو ادھیاؤں میں ترتیب دیکر اُن کی سلسلہ بندی اس طرح کی گئی کہ جہاں ایک ادھیائے ختم ہوا تو دوسرے ادھیائے کے شروع میں پھر یہ درخواست کی گئی کہ یہ کتھا بہت اچھی ہے اور چونکہ اسکو ایکبار سُننے سے تریتی (تشفی) نہیں ہوئی اس لئے کرپا کر کے اس کو اور بھی زیادہ تفصیل کے ساتھ دوبارہ بیان کیا جاوے۔ اس کے جواب میں راوی کتھا کو دوبارہ بیان کرنا منظور کر لیتا ہے اور اس طرح زیادہ مفصل اشعار اُسی مضمون کے دوسرے ادھیائے میں کھپے چلے جاتے ہیں۔ الغرض عجیب و غریب ڈھنگ سے ایزادی کی گئی مگر جب اس جد و جہد کے باوجود بھی پورے ایک لاکھ شلوک جمع نہوئے کل میزان صرف ۸۸ ہزار کے قریب رہی تو فوراً وعدہ پورا کرنے کے لئے ۱۲ ہزار شلوک کا ایک پوران جو ہری ونش پوران کے نام سے اُنہیں دنوں کسی شاعر کا طبعزاد موجود تھا اُس کو کسی خاص معاہدہ کے ذریعہ سے بلا کم و کاست سالم کا سالم ۱۹ ویں پرب کے نام سے ایزاد کیا گیا۔ مگر خرابی یہ ہوئی کہ اس ایزادی میں ذرا جلدی ہوئی کیونکہ تھوڑے ہی عرصہ بعد اور بہت سے مضامین اس قسم کے آ گئے جو متن میں کھپ سکتے تھے چنانچہ اُن کو بڑھانے سے آدی پرب کے ادھیاؤں کی مقرر کی ہوئی تعداد میں فرق پڑ گیا۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ اُس وقت اڈیٹر اپنے مقررہ کام سے سبکدوش

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہو چکا تھا اور کوئی دوسرا لائق اڈیٹر پیدا نہ ہو سکا جو ان بعد کی ایزادیوں کو مضم کرنے کے لئے جا بجا مضامین کی درستی اور شلوکوں کی ترمیم کر سکتا - اس طرح یہ کتاب اب سب کے روبرو اپنی آخری ابتر حالت میں موجود ہے اور بلند آواز سے اپنی بدہضمی کی شکایت کر رہی ہے جسکا تنقیہ کرنا اب زمانہ حال کے عالموں کا فرض ہے -

۲- خواہ یوروپ کے سنسکرت داں عالم اور ہندوستان کے پنڈت لوگ کچھ ہی رائے رکھتے ہوں مگر جو شہادتیں خود کتاب کے اندر سے ذیل میں پیش کی جاتی ہیں اُن سے یقین ہے کہ ہر دانشمند یہی نتیجہ نکالیگا جو ہم نے اوپر کے فقرہ میں درج کیا ہے مختصر طور پر موجودہ نسخۂ مہابھارت کو تحریف شدہ قرار دینے میں حسب ذیل دلایل ہیں جنکی تائید آگے اصلی کتاب کے حوالوں سے کی جاویگی -

(۱) ادھیایہ و شلوکوں کی تعداد جو آدی پرب میں درج ہے اصلی تعداد موجودہ کتاب سے مطابق نہیں ہے -

(۲) اکثر اصلی مضمون کو چھوڑ کر فضول اور طویل طویل قصے وفسانے شامل کئے گئے ہیں جو کہیں تو اصلی مضمون کی تشریح اور وضاحت کے لئے درج کئے گئے ہیں اور بعض اوقات بالکل بے ضرورت -

(۳) اکثر ادھیائوں کے مضامین بالکل واحد ہیں - اور دوسرے ادھیائے کو خود ادھیائے سابق کی تفصیل بیان کیا گیا ہے -

(۴) کتاب کے شروع ہونے کے متعلق خود آدی پرب کے اندر شک ظاہر کیا گیا ہے اور جگہ جگہ مہابھارت کا مہاتم بیان کیا گیا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جس مقام پر بھارت کا غائبانہ ذکر کیا گیا ہے وہ اصلی کتاب کا جزو نہیں ہے بلکہ بعد کا ایزاد کیا ہوا ہے -

(۵) بعض ادھیاؤں کا مہاتم اُن کے ختم پر اسطرح کیا گیا ہے کہ وہ کتاب سے بالکل الگ تھلگ بعد کا بڑھایا ہوا معلوم ہوتا ہے جہاں کسی ادھیائے کے ختم پر اُسکا مہاتم خاص طور پر بیان کیا گیا ہے اُس کو ہمیشہ بعد کا ایزاد کیا ہوا سمجھنا چاہیئے -

(۶) کُل کہانیوں کے جمع کرنے کا دعوی خود کتاب کے اندر کیا گیا ہے چنانچہ آدی پرب ادھیائے دوم شلوک ۲۷۶ میں لکھا ہے کہ

अनाश्रित्ये नदाख्यानं कथाभुविनविद्यते

گویا یہ شلوک خود اپنی زبان سے کہہ رہا ہے کہ اس کتاب میں دنیا بھر کی کہانیاں جگہ جگہ کھپائی گئی ہیں -

(۷) جہاں کوئی بات کہنے کو نہیں تھی اور نہ کوئی موقع یا محل تھا تو اور طرح سے گنجایش نکالی گئی - مثلاً پانڈوؤں کے بارہ برس تک بن میں رہتے ہوئے جب اصل میں کوئی واقعہ بجز عزلت نہ پایا تو سب ان خالی پاکر تیرتھوں کا ذکر شروع کر دیا اور چونکہ بارہ برس کا عرصہ بہت کافی ہوتا ہے اس لیئے دُنیا کے تمام ہی تیرتھوں کی سیر کرادی اور ارجن کے پانچ برس تک اندر لوک میں رہنے کی بھی گنجایش نکل آئی -

(۸) بعض واقعات صرف ایک کتھا کو دخل در معقولات دینے کے لیئے بدلے ہوئے معلوم ہوتے ہیں مثلاً ہرن کے سینگ میں سروے کا پھنس جانا اور بھاگتے ہوئے ہرن کے پیچھے یدھشٹھر اور اُس کے بھائیوں کا یکے بعد دیگرے چلے جانا اور پیچھے خالی پاکر جیدرتھ کا دروپدی کو لیکر بھاگنا ایسے واقعات ہیں جو بظاہر رامائن کی کتھا کو مہابھارت کے اندر ڈالنے کے لیئے اختراع کئے گئے ہیں -

(۹) یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ جن دنوں پرانوں پر ہاتھ صاف کیا جا رہا تھا انہیں دنوں مہابھارت کی طرف بھی چشمہ فیض جاری تھا مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جو مضامین سہل اور سلیس عبارت میں ہوتے تھے اور بلحاظ پرواز خیال بھی درجہ معقولیت کی حد کے اندر ہوتے تھے صرف اُن کو مہابھارت کے لایق اڈیٹر

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اس سجر ذخار میں شامل ہونے کا اعزاز بخشا۔ بلکہ جگہ جگہ راوی یہ بھی کہہ دیتا ہے کہ میں یہ کتھا پُران کو یاد کرکے کہتا ہوں جس سے اُس کتھا کے منبع کے متعلق شبہ باقی نہیں رہتا اور یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ مضامین ادھر سے اُدھر تبدیل ہوتے رہتے تھے۔

(۱۰) بھارت سنگھتا جو آدی پرب میں ۲۴ ہزار شلوک کی بتائی ہے وہی اصلی کتاب تھی اس طرح لایق اڈیٹر نے سچائی کو بھی ہاتھ سے نہ دیا مگر اپنا ایک لاکھ شلوکوں کا دعویٰ قائم کرنے کے لیئے بعد میں بیاس جی کا ساٹھ لاکھ شلوک بنانا اور اُن میں سے تیس لاکھ کا دیو لوک میں پندرہ لاکھ کا پتر لوک میں چودہ لاکھ کا گندھرو لوک میں اور صرف ایک لاکھ کا منشیہ لوک میں آنا ظاہر کیا۔

(۱۱) اکثر کتھائیں اور درمیانی ایزادیاں ویاس جی کے نام سے بھی آتی ہیں یعنی جہاں کوئی نئی بات گھڑکر متن میں ملانے کی ضرورت ہوتی ہے تو پیش بندی کے طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ دیو لوک سے بیاس جی بھی آ گئے اور پھر ویاس جی کے نام سے جو دل میں ہوتا ہے سب اُگل دیا جاتا ہے اور عموماً اس قسم کا ایزاد کیا ہوا مضمون پُران کا اقتباس ہوتا ہے۔ بعض مقامات پر ہوبہو اُسی طرح نارد جی آتے اور کتھا سُناتے ہیں۔

(۱۲) اگرچہ بعض کتھائیں اور مضامین صاف صاف لفظوں میں اصلی کتاب سے اپنی بے تعلقی ظاہر کرتے ہیں مگر اکثر مضامین اس طرح ایزاد کیئے گئے ہیں کہ وہ اصلی مضمون کے ساتھ شیر و شکر ہو گئے ہیں اور اسی وجہ سے ان کا جدا کرنا مشکل ہے جیسا کہ آگے معلوم ہوگا۔

۱۳۔ اب ہم پربوں اور ادھیاؤں کا سلسلہ سے وچار کرنا شروع کرتے ہیں۔ ہم خصوصاً اُن مقاموں کا حوالہ دینگے جن سے موجودہ مہابھارت کی تحریف کا ہونا ثابت ہوتا ہے۔ واقعی مہابھارت پر بہیئت مجموعی وچار کرنا سمندر کے متھنے سے کم نہیں مگر افسوس ہے کہ اس گہرے اور گمبھیر سمندر کو خواہ کتنا ہی بلویا جاوے ۲۴ ہزار شلوکوں کا گھی کی طرح الگ نکال لینا نہایت مشکل کام ہے وجہ یہ ہے کہ اگر محض تواریخی واقعات کو جمع کیا جاوے اور دیگر مضامین کے شلوکوں کو بالکل خارج کیا جاوے تو کام نہیں چلتا۔ کیونکہ سنسکرت زبان میں یہ قاعدہ نہیں کہ کسی مضمون کو رُوکھے سوکھے الفاظ میں بیان کیا جاوے اور کسی قسم کا مقدمہ یا خاتمہ نہ رکھا جاوے یا درمیان میں پند و نصائح کی چاشنی نہ دیجاوے اور لطف یہ ہے کہ جو مضامین زمانہ مابعد میں اس کتاب کے اندر زاید داخل کیئے گئے اُن میں سے اکثر ایسے اعلیٰ اعلیٰ پند و نصائح اور اخلاق و حکمت کے فرزانہ اصول سے لبریز ہیں کہ اُنہیں خواہ مخواہ نکال ڈالنے کی جرائت نہیں ہو سکتی۔ یعنی بات یہ ہے کہ پُراسرار النکاروں۔ فضول کتھاؤں۔ لا یعنی فسانوں۔ فرضی کہانیوں۔ پُرمبالغہ باتوں اور شاعری کی بلند پروازیوں کو جو صریح بعد کی بڑھی ہوئی معلوم ہوتی ہیں الگ کر دینا تو آسان ہے مگر اُن کو الگ کرکے جو معقول و صحیح و عمدہ حصہ رہ جاتا ہے اُس میں سے اصلی بھارت کے ۲۴ ہزار شلوکوں کا چھان کر نکال لینا بالکل محال نہیں تو کم از کم نہایت جانکشی اور بڑی بھاری محنت کا کام ہے اس لیئے نہ ہماری اتنی طاقت ہے اور نہ اس قسم کے مضمون میں اتنی گنجایش ہے کہ ایسی کوشش کی جاوے۔ بنابراں ہم اس موقعہ پر شلوک شلوک کی پڑتال کو چھوڑ کر صرف ادھیاؤں کے مجموعی مضمون پر بحث کرینگے کیونکہ ہمارے موجودہ مضمون کے لیئے اسی قدر کافی ہے۔

۸۔ **آدی پرب ادھیاے اوّل** آدی پرب کے پہلے ادھیائے میں جب رشی لوگ سُوتی سے بھارت نام آکھیان سُننے کی درخواست کرتے ہیں تو اُن کے سبب سے پہلے الفاظ بھارت کی تعریف میں یہ ہیں۔

द्वैपायनेन
यत्प्रोक्तं पुराणं परमर्षिणा ॥१०॥

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

یعنی مہرشی دویپاین (ویاس) نے جو پوران کہا ہے" گویا مہابھارت کو پوران کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ پورانوں کے مضامین نے اصلی بھارت کے اندر سب سے زیادہ مداخلت بیجا کی ہے اور لایق اڈیٹر خود اِن الفاظ سے پورانوں کے داخل ہونیکا موقعہ دیتا ہے۔

۹۔ آگے چلکر مہابھارت کے آغاز پر ہی شک اُٹھایا جاتا ہے اور اُس کا جواب لایق اڈیٹر معاملہ کو گول مال کرنے اور ناظرین کو مغالطہ میں ڈالنے کے لیئے اِن الفاظ میں دیتا ہے۔

मन्वादि भारतं के चिदास्ती कादि तथापरे
तथोपरिचारदन्ये विप्राः सम्यगधीयते ॥५२॥

یعنی کوئی بھارت کی ابتدا منو کی کتھا سے کوئی آستیک کی کتھا سے اور کوئی راجہ اوپری چر (جسکا اصلی نام راجہ بسو ہے مگر جسکا نام ہمیشہ وِمان میں چلنے اور زمین پر کبھی نہ اُترنے یا کم اُترنے کی وجہ سے اُوپری چر یا سیّار فلک پڑ گیا تھا) کی کتھا سے بیان کرتے ہیں"۔ یہ بہت اچھا تجاہل عارفانہ ہے خود ہی گڑبڑ کرنا اور اُلجھانا اور پھر آپ ہی اسپر شنکا اُٹھانا۔ شاید اسی شلوک کی بنا پر پروفیسر لیسن کو مہابھارت کی تحریف کے تین مرحلوں کا خیال پیدا ہوا ہے اور ممکن ہے کہ اُس کا قیاس صحیح ہو مگر خواہ کچھ ہو اصلی کتاب تعمیر مابعد کے اندر اس قدر دب گئی ہے کہ اُس کا پتہ لگانا نہایت مشکل ہے اور ابتدا ہی پر کیا منحصر ہے اصلی کتاب کا وسط اور انتہا سب ہی غت ربود ہے۔

۱۰۔ آگے لکھتے ہیں کہ۔

चतुर्विंशति साहस्त्रीं चक्रे भारत संहिताम्
उपाख्यानै र्विना तावद्भारतं प्रोच्यते ॥१०१॥

یعنے مہابھارت سنگتا ۲۴ ہزار شلوکوں کی بنائی تھی اُپاکھیانوں کو چھوڑ کر اُسقدر حصّہ کو بھارت کہتے ہیں"۔ اِس سے زیادہ صفائی کی بات اور کیا ہو سکتی ہے۔ اِس مقام پر لایق اڈیٹر خود اقبال کرتا ہے کہ اصلی کتاب بھارت نام جو بیس ہزار شلوک والی اُپاکھیانوں کو چھوڑ کر ہے۔ مگر سوال یہ ہی کہ اُپاکھیان کہاں سے آئے اور کس نے بڑھائے اور بھارت نام کو مہابھارت میں تبدیل کرنے کی کیا وجہ ہوئی ÷ پھر آگے لکھا ہے کہ ۱۵۰ شلوک اور شروع میں اُپ کرمنکا نام سے بڑھائے تھے مگر اب ۲۴ ہزار یا ۲۴ ہزار ڈیڑھ سو شلوکوں کی بجائے سوا لاکھ کا شمار موجود ہے اور ڈیڑھ سو شلوک کی اُپ کرمنکا لکھکر پھر بھول گئے۔ کیونکہ ۲۵۹ ویں شلوک میں آکر آپ کہتے ہیں کہ یہ اُپ کرمنکا ہوئی گویا ۱۵۰ کی جگہ ۲۵۸ شلوک ہو گئے۔ جب اُپ کرمنکا کی یہ کیفیت ہے تو اصلی کتاب پر تو اسقدر حاشیہ چڑھا ہوگا کہ ہنومان کی دُم پر بھی اُتنی روئی نہ لپیٹی گئی ہوگی پہلے ادھیائے کے ختم پر مہاتم لکھتے ہوئے آپ فرماتے ہیں کہ یہ پہلا ادھیائے دہی میں گھی کے برابر ہے جسکے پڑھنے سے پاپ چھوٹ جاتے ہیں سچ ہے۔ ع
کس نہ گوید کہ دوغ من ترش است۔

۱۱ آدی پرب ادھیائے دوم	دوسرا ادھیائے بھی بعد کا بڑھایا ہوا ہے۔ اِس میں سمنت پنچک تیرتھ کا

پتہ۔ پرشرام کا کشتریوں کو مارنا وغیرہ درج ہے جس کا کوئی موقع یا محل نہیں ہے۔ اِس ادھیائے میں اٹھارہ پربوں کے نام اور اُن کے ننانوے پربوں میں تقسیم درج ہے۔ ۴۶ ویں شلوک میں لکھا ہے کہ بشن پران میں کہی ہوئی بال لیلا بشن پرب ہے۔ یہ امر قابل غور ہے کہ جسوقت یہ بات لکھی گئی تھی اُسوقت ہری بنش پران تازہ ایجاد ہوا تھا اور اُسکا ابھی تک نام کرن سنسکار بھی پورا پورا نہیں ہوا تھا۔ اِسی وجہ سے آپ یہاں اُسکا جنم نام یعنی بشن پران کے نام سے ذکر کرتے ہیں۔ چونکہ پربوں۔ ادھیائوں۔ اور شلوکوں کی تعداد کی بابت ہم اوپر فقرہ نمبر ۴ میں لکھ چکے ہیں اِس لیئے یہاں اُس کو دوہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اسی ادھیائے کے

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۶،۷،۳ ویں شلوک میں کہا ہے۔

अनाश्रित्यै तदाख्यानं कथा भुवि न विद्यते

یعنی دُنیا بھر میں کوئی بھی کتھا (مثل یا کہانی) ایسی نہیں ہے جو اس آکھیان کے آشرت یعنی اندر موجود نہو" شاید جن اُپاکھیانوں کو چھوڑکر اصلی بھارت سنگھتا کا باقی رہجانا اوپر کہا ہے وہ شاید یہی کتھائیں ہیں جو بذریعہ معاہدہ خاص دُنیا بھر میں سے جمع کر کے اس کے اندر ڈالی گئی ہیں + اِس طرح دوسرا ادھیائے بھی سالم کا سالم فضول ہے اُپ کرمنکا جو پہلے ادھیائے میں آچکی ہے وہ اصلی ۵۰ اشلوک والی اُپ کرمنکا کی بگاڑی ہوئی صورت ہے اور پربوں وغیرہ کی تقسیم جو اس ادھیائے میں بیان کی ہے وہ بظاہر اُس وقت کی ہے جبکہ بھارت کا بڑھتے بڑھتے مہابھارت بن گیا تھا مگر مزید تعمیر اِس ادھیائے کے قائم ہونے کے بعد بھی جاری رہی

۱۲- آدی پرب ادھیائے ۳ تا ۵۹	تیسرے ادھیائے میں گرو کے حکم کی آنکھ مُوند کر تعمیل کرنے کی مثالیں ہیں

چوتھے میں سُوت جی کے آنے پر کتھا کا آرنبھ ہونا۔ پانچویں میں بھار گو یعنے بھرگُ کے بنش کی کتھا۔ چھٹے میں چیئون च्यवन نام کی وجہ تسمیہ۔ ساتویں ادھیائے میں اگنی کو سروبھکشی ہونیکے شاپ پر کرودھ آنا اور برہما کا اُسے شانت کرنا۔ آٹھویں میں شُنک کے باپ رُرُد کا حال۔ نویں میں رُرُد کا اپنی ستری کے ساپ کے کاٹنے سے مرنے پر سانپوں سے ناراض ہوکر مارنے کا عہد کرنا۔ دسویں میں ڈُنڈبھ سانپ کا عذر کرنا اور اپنے آپ کو پچھلے جنم میں سہسرپاٹ برہمن ہونا ظاہر کرنا۔ گیارہویں ادھیائے میں اُسکا براہمن سے سانپ ہونے کی وجہ بتانا اور پھر سانپ سے رشی بنکر

अहिंसा परमो धर्मः

(شلوک ۱۳) کا اُپدیش کرنا۔ بارہویں میں رُرُو کا اُس رشی سے جنمیجے کی سرپ یگیہ کی وجہ پوچھنا۔ اور رشی کا کتھا نہ سُنا کر غائب ہو جانا۔ تیرہویں میں سُوتی کا کتھا سنانا۔ چودھویں میں باشکی کی لڑکی جرتکارو کا ذکر۔ ۱۵ ویں میں آستیک کا پیدا ہونا اور اُس کا سانپوں کو بچانا اور کتھا ختم ہونا۔ ۱۶ ویں میں شُونک کا کتھا کے دوبارہ مفصل سُنانے کی فرمائش کرنا اور اُس کے جواب میں بالکل اُوٹ پٹانگ کہانی ہانکنا ۱۷۔ ۱۸۔ ۱۹ ویں میں سمندر منتھن کا بیان ۲۰ تا ۲۵ ویں میں کدرُو۔ بنتا۔ اور گرڑ اور اُرن۔ کی شرطوں اور اُنکے باہمی مقابلے۔ سورج کی ستتی۔ ۲۶ ویں میں سُورج کا مینہ برسانا۔ ۲۷ ویں میں گرڑ کا اپنی ماں بنتا کو باندی پنے سے آزاد کرانیکے لیئے امرت کو جانا۔ ۲۸-۲۹-۳۰ ویں میں گرڑ کے پُرمبالغہ کارنامے درج ہیں جنمیں سے کوئی بھی اصلی کتاب کے مضمون سے کچھ تعلق نہیں رکھتا ۳۱ ویں میں یہ سوال کیا گیا ہے کہ گرڑ پکشی کشیپ رشی سے کسطرح پیدا ہوا۔ اُس کے جواب میں سوت جی کا بیٹا کہتا ہے کہ۔

विषयोऽयं पुराणस्य यन्मां त्वं परिपृच्छसि।
शृणु मे वदतः सर्वमेतत् संक्षेपतो द्विज॥४॥

یعنی یہ جو تو مجھ سے پُوچھتا ہے پُران کا وشئے ہے میں اس کو اختصار کے ساتھ سالم بیان کرتا ہوں "سُن" اس سے ظاہر ہے کہ پُرانوں میں سے خلاصہ کرکے یہ کتھائیں ایزاد کی گئی ہیں۔ ۳۲-۳۳-۳۴ ویں ادھیائے میں گرڑ امرت لاتا ہے۔ ۳۵ ویں میں سانپوں کے نام یا قسمیں ۳۶ ویں میں شیس ناگ کی کتھا۔ ۳۷ ویں میں سانپوں کا جنمیجے کی یگیہ بند کرنے کے لئے مشورہ کرنا۔ ۳۸ ویں میں آستیک کا ذکر۔ ۳۹ ویں میں باشکی کی بہن جرتکارو کا ذکر۔ ۴۰ ویں میں جرتکارو کی وجہ تسمیہ۔ اور راجہ پرکشت کا لومس رشی کے گلے میں مرا ہوا سانپ ڈالنا ۴۱ ویں میں اُسکے بیٹے شرنگی کا راجہ کو سات دن کے اندر تکشک کے کاٹنے سے مرنیکا شاپ دینا۔ ۴۲-۴۳ ویں میں تکشک اور کشیپ کی بحث۔ ۴۴ ویں میں پرکشت کے بعد جنمیجے کا راجہ ہونا۔ ۴۵ تا ۴۷ ویں میں جرتکارو

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کے حالات۔ ۴۸ ویں میں اُسکے گھر آستیک کا پیدا ہونا درج ہے۔ ۴۹۔۵۰ ویں میں پھر اُسی قصہ کو دوہرایا ہے۔ ۵۱ تا ۵۳ میں جنمیجے کا سرپ یگیہ کا آرنبھ کرنا۔ ۵۴ تا ۵۷ میں آستیک کا سانپوں کی موکش کرانا۔ ۵۸ ویں میں سانپ کاٹے کے منتر درج ہیں۔ ۵۹ ویں ادھیائے میں اُوپر کی فضول اور بے سروپا غیر متعلق بڑھائی ہوئی کتھاؤں کا مہابھارت سے تعلق دکھانے کی کوشش کیگئی۔ چنانچہ سوال ہے کہ اُس کے پیچھے پھر بیاس جی نے جنمیجے سے کیا کتھا کہی اور سوت کا بیٹا جواب دیتا ہے کہ۔

हन्तते कथयिष्यामि कृष्णद्वैपायनमतं महाभारत मादितः॥८॥

یعنی "اب میں مہابھارت کو ویاس جی کے مت کے انکول شروع سے سناؤنگا"۔ گویا ابتک اُوپر ہی کا مصالحہ تھا۔ ۵۶ ویں ادھیائے میں ایک اور بات لکھنے سے باقی ہے یعنی اُس میں ایک مقام پر لکھا ہے کہ۔

पुराणमागम्य ततो ब्रवीम्यहम्॥

یعنی "پُران کو یاد کر کے کہتا ہوں" جس سے ظاہر ہے کہ اس کا لکھنے والا پُرانوں کا لکھنے والا یا اُن کے مضامین کا اختصار کرنیوالا تھا۔ الغرض ۵۹ ویں ادھیائے تک سب مضامین پُرانوں سے اخذ کئے ہوئے ہیں اور اُنکا مہابھارت سے کچھ تعلق نہیں۔

۱۳- | آدی پرب ادھیائے ۶۰-۶۱ | ساٹھویں ادھیائے میں کچھ اصلی کتاب کی جھلک نظر آتی ہے۔ چنانچہ راجہ جنمیجے کی یگیہ میں ویاس جی آتے ہیں۔ راجہ پوچھتا ہے کہ۔

कुरूणां पाण्डवानां च भवान् प्रत्यक्षदर्शिवान्। तेषां चरितं इच्छामि कथ्यमानं त्वया द्विज॥१०॥

یعنی "آپ نے کوروں اور پانڈوں کے حالات کو آنکھوں دیکھا ہے اس لیے میں آپ کی زبان سے اُن کے کارنامے کو سُننا چاہتا ہوں"۔ ویاس جی اُس کے جواب میں اپنے

شاگرد وشیمپائن سے ارشاد فرماتے ہیں کہ۔

कुरूणां पाण्डवानां च यथा भेदोऽभवत्पुरा। तदस्मै सर्वमाचक्ष्व यन्मत्तः श्रुतवानसि॥२१॥

یعنی جسطرح کوروؤں اور پانڈوں کے درمیان زمانہ گزشتہ میں نفاق ہوا تھا۔ اُسکا حال اس راجہ سے جس طرح تو نے مجھ سے سن رکھا ہے اُسی طرح پورا پورا بیان کر"۔ ۶۱ ویں ادھیائے میں وشیمپائن جی گرو کی آگیا پا کر کہتے ہیں کہ۔

महर्षेर्विश्रुतस्येह सर्वलोकेषु धीमतः। प्रवक्ष्यामि मतं कृत्स्नं व्यासस्यास्य महात्मनः॥२॥ श्रोतुं पात्रं च राजंस्त्वं प्राप्येमां भारतीं कथाम्॥

یعنی سب لوگوں میں مشہور و معروف دانشمند مہاتما ویاس کے مت کو میں پورا پورا بیان کرونگا۔ اے راجن تو بھی اُسکے سُننے کے لایق ہے اس لئے اسی بھارتی کتھا کو۔ اس ادھیائے میں تمام واقعات بھارت خلاصہ کے طور پر بیان کیئے گئے ہیں جسے خواہ ایک قسم کی فہرست مضامین سمجھ لو یا اگلے ادھیایوں کے بڑھانیکا بیج سمجھو۔

۱۴- | آدی پرب ادھیائے ۶۲ تا ۹۳ | باسٹھویں ادھیائے میں جنمیجے اُسی کتھا کو مفصل سُننا چاہتے ہیں۔ اب اڈیٹر کی صفائی دیکھیئے۔ کس طرح اپنے مصالحہ کی آمیزش کرتے ہیں۔ تیرھویں شلوک میں وشیمپائن جی کہتے ہیں کہ میں ویاس کے مت کے انکول کہونگا۔ اور چودھویں شلوک میں آپ فرماتے ہیں کہ۔

इदं शतसहस्रं हि श्लोकानां पुण्यकर्मणा। सत्यवत्यात्मजेनेह व्याख्यातममितौजसा॥१४॥

یعنی یہ ایک لاکھ شلوک ستیہ وتی کے نیک اعمال اور بیشال جلال سے منور بیٹے نے ویاکھیان کیئے۔ اگر آپ نے ایک لاکھ شلوک کے ٹھیکے کو ویاس

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

شاگرد خاص یعنے ویشمپائن کے نام سے نامزد نہ کرتے تو اس کی سند ہی کیا تھی۔ پھر یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ آیا ویشمپائن جی ویاس جی کے حکم سے زبانی کتھا سُنا رہے تھے یا کوئی لاکھ شلوک کا پوتھا بنا بنایا تیار رکھا تھا جسے ہاتھ میں اُٹھا کر سُنانے لگ گئے۔ اِس ادھیائے کا مہاتم بھی حد کے درجہ تک پہنچایا گیا ہے۔ جس سے اُس کے بناوٹی ہونے کا ثبوت اور بھی پختہ ہوتا ہے۔ ۵۲-۵۳ ویں شلوک میں لکھتے ہیں کہ

त्रिभिर्वर्षैः लब्धकाम: कृष्णद्वैपायनो मुनि:
।धर्मे चार्थे च कामे च मोक्षे च भरतर्षभ।
यदिहास्ति तदन्यत्र यन्नेहास्ति न तत्क्व
चित्॥५३॥

یعنی "کرشن دوپاین (ویاس) مُنی اس دھرم۔ ارتھ۔ کام موکش کے مضمون والی کتاب سے تین برس[1] میں فارغ ہوئے۔ جو کچھ اس میں ہے وہی باقی سب جگہ ہے اور جو یہاں نہیں ہے وہ کہیں بھی نہیں ہے"۔ دراصل یہ اڈیٹر صاحب کے ایک لاکھ شلوک کے ٹھیکہ کی شرائط ہیں۔ مگر افسوس یہ ہے کہ اس کے مددگاروں نے سامان کی فراہمی میں اسقدر بے صبری کی کہ اُن کو اپنی شرائط پر قایم نہ رہنے دیا۔ کمی کے بجائے شرط سے زیادہ سامان بہم پہنچانا ایک طرح سے خیر خواہی میں ہی شامل تھا۔ مگر بہت سا سامان تین سال کی میعاد مقررہ سے بعد میں آیا جسکو اڈیٹر صاحب نے تو لینے سے انکار کر دیا۔ لیکن اُسکے مددگار اُس کو یہیں پٹک کر چل دیئے اور وہ ڈھیریاں بھی بڑے ڈھیر میں مل گئیں۔ بقول آنکہ ؎

ہر چہ در کانِ نمک رفت نمک شد

۶۳ ویں ادھیائے میں راجہ بسو اوپری چر کا حال۔ پراشر رشی سے ویاس کا ستیہ وتی میں پیدا ہونا۔ ۶۴ ویں میں جمدگنی کے بیٹے پرشرام کا ۲۱ بار پرتھوی کو کشتریوں سے خالی کرنا۔ ۶۵ ویں میں برہما کے مانس پتروں دکش کی ۱۳ کنیاؤں اور اُن کی اولاد کی تفصیل اور اُس بنشاولی کا پُران سے لینے کا اقبال ہے۔ ۶۶ ویں میں شوجی کی اولاد۔ دکش کی ۵۰ بیٹیاں۔ اور ایک بنش۔ ۶۷ ویں میں پھر اُسی کی تفصیل اور پانڈوں۔ کوروؤں۔ اور اُنکے بزرگوں الغرض کُل خاندان کا دیوتاؤں کے انش سے ہونا بتایا ہے۔ ۶۸ ویں میں جینیجے کوروبنش کا حال پوچھتے ہیں اور ادھیائے ۶۹ تا ۷۴ میں راجہ دُشینت اور شکُنتلا[2] کا قصہ ہے جن کی اولاد سے وہ راجہ بھرت ہوا ہے جس کے نام پر ہندوستان بھارت ورش کہلاتا تھا۔ ۷۵ ویں ادھیائے میں سورج بنش کی تفصیل۔ ۷۶ ویں میں شُکر اور برہسپتی کے کارنامے اور دیوتاؤں کے پروہت برہسپتی کے بیٹے کچ کا سجیونی ودیا سیکھنے کے لئے اسُروں کے پروہت شُکراچاریہ کے پاس جانا ۷۷ ویں میں شُکراچاریہ کی بیٹی دیویانی کا جو کچ پر موہت تھی۔ کچ کو شاپ دینا۔ ادھیائے ۷۸ تا ۹۳ میں دیویانی اور سرمشٹھا کے سوتی ڈاہ اور اُن کے خاوند راجہ ییاتی کی سوانح عمری ہے۔ یہ سب مضامین اصلی کتاب سے کچھ تعلق نہیں رکھتے اور بالکل بے محل و موقع بطریق دخل درمعقولات یہاں ڈالے گئے ہیں۔

۱۵- | آدی پرب ادھیائے ۹۴ تا ۱۵۸ | ۹۴ ویں ادھیائے میں راجہ جینیجے پھر کہتے ہیں کہ کوروؤں کا حال سُننا چاہتا ہوں گویا ابتک صرف فضول رام کہانی تھی۔ اِس مرتبہ کوروؤں اور پانڈوؤں کا سلسلہ نسب پُرو سے شروع کر کے بیان کیا گیا ہے اور ۹۵ ویں ادھیائے میں وہی سلسلہ جینیجے تک پہنچایا گیا ہے۔ ۹۶ تا ۱۰۰ میں گنگا کے ساتھ شانتنو کے بواہ ہونے کا عجیب و غریب قصہ اور ایکدن شانتنو کا ایک دھیمر (جھینور) کی کنیا ستیہ وتی کو دیکھکر جو ناؤ چلایا کرتی تھی فریفتہ ہو جانا۔ اور اُس کے بیٹے دیوبرت یعنی بھیشم پتامہ کا جو گنگا سے پیدا ہوا ستیہ وتی کو پتا کے لیئے خود راج سے دست بردار ہونے اور ساری عمر برہمچاری

[1] شروع میں ایک مقام پر لکھا ہے کہ جب ویاس جی نے مہابھارت کے لکھنے کا ارادہ کیا تو ایک ایسے منشی کی ضرورت ہوئی کہ ویاس جی بولتے جاویں اور وہ بلا اٹک لکھتا چلا جائے بیچ میں کہیں دوبارہ نہ پوچھے بعد غور و تلاش گنیش جی اس کام کے لایق تصور ہو کر مقرر کیئے گئے ۔
[2] کالیداس ملک الشعرا نے اس قصہ میں ایزادی کر کے اسکو الگ ناٹک کے پیرایہ میں لکھا ہے جو شکنتلا کے نام سے مشہور ہے اور جسکی تعریف میں تمام علماء یورپ رطب اللسان ہیں ۔

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۶	سیالکوٹ ⊗	۵ ہزار	۰	۵۰	۸	۱	۴	۱۵	۲	۱	میگھ ۳۰۰۰	سیالکوٹ میں
۷	شملہ	۵ ہزار نقد جمع ہے	۰	۰	۰	۰	۲	۱	۰	۰	۰	میگھوں کے لڑکوں
۸	کوئٹہ	مندر ۳ ہزار اراضی ۸ ہزار	۰	۱۰۰	۰	۰	۲	۵	۰	۰	۰	کی تعلیم کے لیے
۹	جالندھر شہر ⊗	۳۰۰ ۴ ہزار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	آریہ سماج نے
۱۰	کمیریاں ⊗	۴۰۰۰ "	۰	۸۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	ایک ٹیکنیکل سکول
۱۱	کوہاٹ ⊗	۴۰۰۰ "	۰	۲۰۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	کھولا ہے۔
۱۲	وزیرآباد ⊗	۴۰۰۰ "	۰	۱۰۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۱۳	روپڑ ⊗	۳۰۰۰ "	۲۰۰	۰	۳	۰	۷	۴۴	۳	۱	۲۵ رہتیہ	
۱۴	کراچی ⊗	۳۰۰۰ "	۰	۳۰۰	۰	۰	۳	۸	۱	۰	۰	
۱۵	دہلی شہر ⊗	۲۶۰۰ "	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۱۶	گجرات ⊗	۲۵۰۰ "	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۱۷	جام پور ⊗	۲۵۰۰ "	۳۲۰	۱۰۰	۲	۲	۲	۱۷	۱	۱	۰	
۱۸	جھنگ ⊗	۲۳۰۰	۰	۸۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۱۹	لدھیانہ	۲۲۰۰ نقد جمع ہے	۰	۰	۰	۰	۰	۵	۰	۰	۰	
۲۰	کوہ مری	۲۲۰۰ روپیہ	۰	۲۰۰	۰	۰	۰	۲	۰	۰	۰	
۲۱	جہلم	۳۰۰۰ "	۲۰۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر	نام سماج	لاگت مندر سماج	پنکالیہ: نقد اور کتب	پنکالیہ: کل لاگت	ویدک سنسکار: بواہ	ویدک سنسکار: بال بدھوا بواہ	ویدک سنسکار: مرتک	ویدک سنسکار: دیگر	پرائشچت: مسلمان	پرائشچت: عیسائی	پرائشچت: دیگر	کیفیت
۲۲	شاہ آباد	۲۰۰۰ روپیہ	۴۰	۵۰	۰	۱	۳	۳۰	۲	۱	۰	
۲۳	دھرم شالہ	۲۰۰۰ "	۰	۰	۰	۰	۲	۷	۰	۰	۰	
۲۴	پونڈری	۱۸۶۶ نقد جمع	۰	۱۲۵	۰	۱	۱	۳	۰	۰	۰	
۲۵	کرنال	مندر ۱۲۰۰ نقد جمع ۵۰۰	۳۴۰	۵۴۰	۵	۱	۵	۳۱	۱	۰	۰	
۲۶	ڈیرہ غازیخاں	۱۵۰۰ روپیہ	۷۴۶	۷۰۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۲۷	لائل پور	۱۵۰۰ "	۱۰۰	۶۵	۰	۰	۲۰	۱	۰	۰	۰	
۲۸	میلسی	۱۵۰۰ "	۰	۱۲۵	۰	۱	۱	۱۸	۰	۰	اوڈ ۹۶۶	
۲۹	کروڑ	۱۵۰۰ "	۲۰۰	۱۵۰	۳	۱	۱	۲۵	۰	۰	۰	
۳۰	جالندھر چھاؤنی	۱۳۰۰ "	۰	۰	۱	۲	۲۰	نامعلوم ۲	۰	۰	۰	
۳۱	بھوانی	۱۱۶۷ "	۵۰	۷۰	۱	۰	۳	۱۰	۰	۰	۰	
۳۲	مردان	۱۰۰۰ "	۰	۵۱	۰	۰	۰	۶	۰	۰	۰	
۳۳	چکوال	۱۰۰۰ "	۰	۰	۲	۰	۰	۲	۰	۰	۰	
۳۴	منٹگمری	۱۰۰۰ "	۳۰۰	۴۰۰	۰	۰	۳	۴	۱	۰	۰	
۳۵	بنوں	۱۰۰۰ "	۴۵۰	۱۷۵	۰	۰	۰	۴	۰	۰	۰	
۳۶	شرق پور	۱۰۰۰ "	۰	۰	۵	۰	۰	۱	۰	۰	۰	
۳۷	پانی پت	۸۰۰ نقد	۰	۲۰۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۳۸	کمالیہ	۸۰۰	۳۱۱	۱۰۸	۳	۰	۱۳	۰	۰	۰	۰	
۳۹	سکھر	۸۰۰ نقد	۰	۹۰	۸	۰	۲	۴۰	۱۵	۰	۰	
۴۰	سرسہ	۸۰۰ روپیہ	۸۸	۵۰	۲	۰	۳	۲۶	۰	۰	۰	
۴۱	جلال آباد	۸۰۰ "	۱۰۰	۵۰	۱	۰	۴	۴۲	۰	۰	۰	
۴۲	بھیرہ	۸۰۰ "	۱۰۰	۷۵	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۴۳	علی پور	۷۰۰ "	۵۰	۹۰	۱	۰	۰	۸۰	۰	۰	۰	
۴۴	مالیر کوٹلہ	۶۵۰ "	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۴۵	بٹالہ	۶۰۰ نقد	۰	۰	۰	۰	۴	۰	۱	۰	۰	
۴۶	دینانگر	۶۰۰	۰	۰	۴	۱	۴۰	۴۴	۰	۰	۰	
۴۷	ملتان چھاؤنی	۵۰۰ نقد	۰	۰	۰	۰	۰	۶	۰	۰	۰	
۴۸	قادیان	۵۰۰	۰	۰	۳	۰	۳	۰	۱	۰	۰	

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri
CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر	نام سماج	لاگت مندر سماج	پستکالیہ: تعداد کتب	پستکالیہ: لاگت	ویدک سنسکار: بواہ	ویدک سنسکار: بال بدھوا بواہ	ویدک سنسکار: فرنگ	ویدک سنسکار: دیگر	پرایشچت: مسلمان	پرایشچت: عیسائی	پرایشچت: دیگر	کیفیت
۴۹	لبھ ⊗	۵۰۰ روپیہ	۰	۳۰	۰	۰	۰	۰	۲	۰	۰	
۵۰	پچھالیہ	۵۰۰ نقد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۵۱	رام نگر ⊗	۵۰۰ روپیہ	۲۳۱	۱۰۲	۹	۱	۷	۱۹	۰	۰	۰	
۵۲	بھاگووالہ	۴۰۰ نقد	۵۰	۱۰۰	۳	۰	۱	۲۰	۲	۰	۰	
۵۳	سیدوالہ ⊗	۴۰۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۵۴	خوشاب	۴۰۰ روپیہ	۰	۰	۱	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۵۵	کیتھل	۴۰۰ نقد	۰	۰	۱	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۵۶	کپورتھلہ	۴۰۰ نقد	۰	۰	۱	۰	۳	۱۰	۰	۰	۰	
۵۷	گورداسپور	۳۹۰ کی زمین لگگئی	۰	۰	۱	۱	۲	۶	۰	۰	۰	
۵۸	کالکا	۳۷۵ نقد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۵۹	سفیدوں	۳۷۵ کی زمین	۰	۵۰	۰	۰	۱	۱۲	۰	۰	۰	
۶۰	انبالہ چھاؤنی	۳۰۰ روپیہ نقد	۹۲	۰	۱	۰	۲	۰	۱	۰	۰	
۶۱	بستی شیخ درویش	۳۰۰	۰	۰	۰	۰	۳	۷	۰	۰	۰	
۶۲	برنالہ	۲۶۰ نقد	۰	۰	۰	۰	۰	۱	۰	۰	۰	
۶۳	مسیح موٹھ ⊗	۲۵۰ روپیہ	۰	۲۰۰	۰	۰	۱	۲	۰	۰	۰	
۶۴	سیبی	۲۰۰ "	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۶۵	بیان پور ⊗	۱۷۵ "	۰	۰	۱	۰	۲۰	۴۰	۱	۰	۰	
۶۶	دھرم کوٹ	۱۰۰ نقد	۰	۵۰	۴	۰	۱	۸	۰	۰	۰	
۶۷	نوشہرہ ⊗	ہے	۰	۱۵۰	۰	۱	۴	۳	۲	۰	۰	
۶۸	بسیان	ہے	۷۵	۹۵	۱	۰	۶	۴	۰	۰	۰	
۶۹	پٹیالہ	ہے	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۷۰	نوشہرہ پنواں ⊗	ہے	۰	۰	۲	۰	۱	۰	۰	۰	۰	
۷۱	حصار ⊗	ہے	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۷۲	راولپنڈی شہر	زیر تعمیر	۱۱۶	۱۸۰	۰	۱	۱	۵	۰	۰	۰	
۷۳	میانوالی	"	۰	۰	۰	۰	۱	۳	۰	۰	۰	
۷۴	بھٹنڈا	"	۰	۰	۰	۰	۳	۲	۰	۰	۰	
۷۵	فیروزپور چھاؤنی	"	۰	۱۰۰	۰	۰	۱	۳	۰	۰	۰	

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر	نام سماج	لاگت مندر سماج	پستکالیہ: تعداد کتب	پستکالیہ: لاگت	ویدک سنسکار: بیواہ	ویدک سنسکار: بال بیواہ	ویدک سنسکار: فرنک	ویدک سنسکار: دیگر	پرائشچت: مسلمان	پرائشچت: عیسائی	پرائشچت: دیگر	کیفیت
۷۶	شکر گڑھ	زیر تعمیر	۰	۰	۰	۰	۴	۱۲		۰	۰	
۷۷	بھون	″	۰	۰	۱	۰	۱	۱۰	۰	۰	۰	
۷۸	پنڈ دادن خاں	″	۰	۰	۱	۳	۳	۷	۱	۱	۰	
۷۹	شور کوٹ	زمین خرید گئی	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۸۰	سری گوبند پور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۸۱	ڈسکہ	″	۰	۰	۱	۱	۱	۹	۰	۰	۰	
۸۲	ہانسی	″	۰	۰	۰	۰	۱	۵	۰	۰	۰	
۸۳	مورنڈا	″	۰	۰	۰	۰	۵	۱	۰	۰	۰	
۸۴	گھوگڑی پور	۲۰	۰	۰	۵	۰	۱۰	۲	۰	۰	۰	
۸۵	سری نگر	۰	۰	۱۵۰	۰	۱	۴	۳۱	۰	۰	۰	
۸۶	گوبند گی	۰	۳۳۰	۶۰	۸	۱	۹	۶	۰	۱	۰	
۸۷	چھینا	۰	۱۵۰	۵۰	۳	۰	۱	۵۱	۰	۰	۰	
	ممالک متحدہ آگرہ و اودھ	روپیہ										
۱	میرٹھ شہر ⊗	۱۳۰۰۰ ہزار	۸۰۰	۴۰۰	نامعلوم	نامعلوم	نامعلوم	نامعلوم	نامعلوم	نامعلوم	نامعلوم	
۲	کانپور ⊗	۷۰۰۰ ہزار	۲۹۸	۲۴۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۳	شاہجہاں پور ⊗	۶۰۰۰ ″	۲۰۲	۵۷	۷	۱	۱۰	۲۱۰	۰	۱	۰	
۴	لکھنؤ گنیش گنج ⊗	۵۰۰۰ ″	۲۶۱	۱۳۷	۴	۰	۶	۵۰	۰	۰	۰	
۵	متھرا ⊗	۵۰۰۰ ″	۴۰۹	۲۴۵	۰	۰	۴	۲۰	۰	۰	۰	
۶	چندوسی ⊗	۵۰۰۰ ″	۲۵۰	۱۲۵	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۷	بجنور ⊗	۵۰۰۰ ″	۳۰۰	۲۰۰	۲۰	۰	۵۰	۷۵	۳	۰	۰	
۸	ڈیرہ دون ⊗	۵۰۰۰ ″	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۹	بریلی ⊗	۵۰۰۰ ″	۲۰۰	۳۰۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۱۰	سہارن پور ⊗	۴۵۰۰	۰	۰	۰	۱	۰	۴	۰	۰	۰	
۱۱	پوایان ⊗	۴۰۰۰ ″	۱۸۰	۸۸	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۱۲	لکھیم پور ⊗	۴۰۰۰ ″	۱۰۰	۵۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۱۳	کاشی پور	زمین ۸۰۰ نقد ۳۰۰۰	۰	۵۰	۰	۰	۱	۴	۰	۲	۰	
۱۴	آگرہ شہر ⊗	۳۳۰۰	۲۰۰	۲۰۰	۰	۰	۲	۶	۳	۸	۰	

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر	نام سماج	لاگت مندر سماج روپیہ	پستکالیہ: تعداد کتب	پستکالیہ: لاگت روپیہ	ویدک سنسکار: بواہ	ویدک سنسکار: بال بدھوا بواہ	ویدک سنسکار: قرنک	ویدک سنسکار: دیگر	پرایشچت: مسلمان	پرایشچت: عیسائی	پرایشچت: دیگر	کیفیت
۱۵	قنوج ⊗	۳۰۰۰ ہزار	۴۰۰	۳۰۰	۰	۰	۲	۳۵	۰	۰	۰	
۱۶	گرہرا ⊗	۳۰۰۰ ،،	۰	۰	۳	۰	۳	۱۷	۰	۱	۳	
۱۷	جھانسی ⊗	۲۵۰۰ ،،	۰	۲۵۰	۰	۲	۰	۰	۰	۰	۰	
۱۸	جبسٹر [?] ⊗	۲۰۰۰ ،،	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۱۹	کاسگنج	مندر ۸۰۰ نقد ۱۳۰۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۲۰	بلندشہر ⊗	۲۰۰۰ ہزار	۰	۳۸۵	۰	۰	۰	۱۳	۰	۰	۰	
۲۱	فیض آباد ⊗	۲۰۰۰ ہزار	۲۱۹	۱۰۰	۲	۰	۰	۴	۰	۰	۰	
۲۲	دھوم ⊗	۲۰۰۰ ہزار	۰	۰	۲۰	۰	۶	۳۰	۰	۰	۰	
۲۳	بدایوں	۱۵۴۳ ،،	۲۱۳	۲۶۶	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۲۴	نیترون [?]	زمین ۱۲۰۰ نقد ۳۱۳	۲۴۱	۸۳	۰	۰	۱۵	۹	۰	۰	۰	
۲۵	اہار	۱۵۰۰ ہزار	۰	۵۵	۰	۰	۱۸	۲۰	۰	۰	۰	
۲۶	ڈبائی	۱۵۰۰ ،،	۸۰	۱۵۰	۲۰۰	۰	۵۲	۶۰	۰	۰	۰	
۲۷	کالپی ⊗	۱۲۰۰ ،،	۰	۰	۰	۰	۲	۲۵	۰	۰	۰	
۲۸	گنگوہ ⊗	۱۱۶۰ ،،	۱۳۵	۵۶	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۲۹	ہردوئی ⊗	۱۱۰۰ ،،	۰	۲۷۸	۲۰	۰	۲۵	۵۶۰	۰	۲	۰	
۳۰	باندا	۱۱۰۰ ،،	۷۰	۵۱	۳	۰	۲	۶	۰	۰	۰	
۳۱	شاہ آباد	۱۰۰۰ ،،	۰	۷۰	۱	۰	۳	۱۰	۰	۰	۰	
۳۲	چکروتہ	۱۰۰۰ ،،	۱۵۰	۱۰۰	۰	۰	۱	۱۰	۰	۰	۰	
۳۳	داتا گنج	۱۰۰۰ ،،	۰	۰	۰	۰	۲	۰	۰	۰	۰	
۳۴	چھٹرپور	۱۰۰۰ ،،	۰	۶۰	۲	۰	۴	۲۰	۰	۰	۵ ہتیہ [?]	
۳۵	لُہاری	۱۰۰۰ ،،	۰	۲۱	۱	۰	۰	۱۰	۰	۰	۰	
۳۶	اترولی ⊗	۹۵۰ روپیہ	۱۰۱	۱۰۰	۴	۰	۵	۱۹	۰	۱	۰	
۳۷	جلیسر	۷۰۰ نقد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۳۸	سانکھنی ⊗	۷۰۰ روپیہ	۱۹	۵۶	۳	۰	۱	۸	۰	۰	۰	
۳۹	پریکشت گڑھ	۶۰۰ ،،	۱۴۴	۷۰	۲۰	۰	۱۰	۱۵	۰	۰	۰	
۴۰	اٹاوہ	۶۰۰ نقد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۴۱	قایم گنج	۵۲۵ نقد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۴۲	بلسٹر کلاں [?]	۵۰۰ روپیہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر	نام سماج	لاگت مندر سماج روپیہ	پستکالیہ		ویدک سنسکار				پرائشچت			کیفیت
			تعداد کتب	لاگت	بواہ	بال بواہ	مرتک	دیگر	مسلمان	عیسائی	دیگر	
۴۳	شُرجن نگر ۞	۵۰۰ روپیہ	۱۱۸	۵۲	۱۰	۰	۲۰	۲۵	۰	۰	۰	
۴۴	اکبرپور ۞	۵۰۰ "	۰	۰۰	۰	۰	۱	۱	۰	۰	۰	
۴۵	راے بریلی	۵۰۰ "	۰	۱۰۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۴۶	اُنّاؤ	۵۰۰ "	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۴۷	گڈھی عبداللہ خاں	۵۰۰ نقد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۴۸	لکھنؤ شہر ۞	۵۰۰ روپیہ	۰	۰	۵	۱	۱۸	۱۶	۰	۲	۰	
۴۹	بگلاہریرو	۴۰۰ "	۱۰۰	۱۰۰	۱	۰	۰	۹	۰	۰	۰	
۵۰	سنوتا	۴۰۰ نقد و زمین	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۵۱	چاندپور ۞	۳۰۰ روپیہ	۰	۱۰۰	۲	۱	۱	۶	۰	۰	۰	
۵۲	دگھواں ۞	۳۰۰ "	۰	۰	۰	۰	۱	۲	۰	۰	۰	
۵۳	مچھلی شہر	۲۵۰ "	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۵۴	بھون ۞	۲۵۰ "	۰	۰	۳	۰	۲	۳۷	۰	۰	۰	
۵۵	گڑھیا چھنکوری ۞	۷۵ "	۹۲	۱۰۷	۲	۰	۰	۳۴	۰	۰	۰	
۵۶	ڈہی	۵۰ "	۹۳	۵۰	۲	۰	۳	۲۰	۰	۰	۰	
۵۷	سکندرآباد	ہے	۰	۰	۱۱۰	۰	۳	۸۳	۰	۰	۰	
۵۸	بجولی	ہے	۰	۰	۲	۱	۱	۲	۰	۰	۰	
۵۹	بدھورا	ہے	۰	۰	۵	۰	۱	۲۵	۰	۰	۰	
۶۰	بستی	ہے	۰	۰	۲	۰	۱	۱۰	۰	۰	۰	
۶۱	کرنواس	ہے	۰	۰	۰	۱	۴۱	۲۰۰	۱	۰	۰	
۶۲	بڑوت	زیر تعمیر	۰	۱۵۰	۶	۱	۸	۱۵	۲	۱	۰	
۶۳	رڑکی	"	۰	۰	۰	۱	۸	نامعلوم	۰	۰	۰	
۶۴	جانسٹھ	"	۰	۰	۰	۰	۰	۵	۰	۰	۰	
۶۵	تلہر	"	۰	۰	۲	۰	۳	۱	۰	۰	۰	
۶۶	سرگرڈا	زمین افتادہ	۰	۰	۰	۰	۰	۴	۰	۰	۰	
۶۷	بہڑائچ	"	۱۰۰	۷۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۶۸	کستنی	"	۰	۰	۲	۰	۲	۵	۰	۰	۰	
۶۹	پیلی بھیت	"	۰	۲۰۰	۰	۰	۳	۵	۰	۰	۰	
۷۰	اُجھیانی	"	۰	۰	۱	۰	۵	۳۶	۰	۰	۰	

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر شمار	نام سماج	لاگت مندر سماج روپیہ	پستکالیہ		ویدک سنسکار				پراشچت			کیفیت
			تعداد کتب	لاگت	بواہ	بال پنربواہ بواہ	مرتک	دیگر	مسلمان	عیسائی	دیگر	
۷۱	ہلدوانی	زمین افتادہ	۹۵	۶۱	۰	۰	۲	۵	۰	۰	۰	
۷۲	نواب گنج	″	۱۰۹	۵۰	۰	۱	۱	۲۸	۰	۰	۰	
۷۳	اعتماد پور	″	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۷۴	کھیلاودہ	″	۹۷	۶۴	۵۲	۰	نامعلوم	۲۰۰	۱	۰	۰	
۷۵	بھراوڑی	۰	۹۲۸	۲۵۰	۰	۰	۰	۳۰	۰	۰	۰	
۷۶	سوانہ کلاں	۰	۰	۲۲۰	۰	۰	۰	۲	۰	۰	۰	
۷۷	نینی تال	۰	۱۲۰	۲۰۵	۰	۰	۱	۳	۰	۰	۰	
۷۸	بڑھانہ	۰	۴۰۰	۱۵۰	۰	۰	۱	۴	۰	۰	۰	
۷۹	بروٹھا	۰	۶۰	۱۰۰	۱۵	۰	۵	۳۷	۰	۰	۰	
۸۰	سیوہارا	۰	۵۸	۷۵	۳۲	۰	۰	۱۳۲	۰	۱	۰	
۸۱	کاندھلہ	۰	۱۵۰	۷۵	۰	۰	۰	۹	۱	۰	۰	
۸۲	نردولی	۰	۰	۵۰	۳	۱	۴	۸	۰	۰	۰	
۸۳	کوڑیا گنج	۰	۱۲۵	۵۰	۶	۰	۲	۱۸	۰	۰	۰	
۸۴	ودھنوال	۰	۰	۳	۳	۰	۲	۵۵	۰	۰	۰	
۸۵	گڈانہ	۰	۰	۰	۸	۰	۲۲	۰	۰	۵۰	۰	
۸۶	حشم پور	۰	۰	۰	۱۱	۰	۱۶	۱۱	۱	۰	۳	ایک سویمبر بواہ
۸۷	لوہاگھاٹ	۰	۰	۰	۴	۰	۱۰	۱۰۰	۰	۰	۵	
۸۸	روہی	۰	۰	۰	۵	۰	۵	۲۰	۰	۰	۰	
۸۹	گوہور	۰	۰	۰	۱۰	۰	۴	۱۴	۰	۰	۰	
۹۰	مظفرنگر	۰	۰	۰	۰	۱	۳	۸	۳	۰	۰	
۹۱	پچراؤن	۰	۰	۰	۱۰	۰	۲۰	۴۳	۰	۰	۰	
۹۲	گھرواجلالپور	۰	۰	۰	۱۳	۰	۶	۳۰	۱	۰	۰	
۹۳	سکندرا راؤ	۰	۰	۰	۲	۰	۰	۰	۱	۰	۰	
۹۴	رسید آباد	۰	۰	۰	۷	۰	۱۰	۲۰	۰	۰	۰	
	راجپوتانہ											
۱	اجمیر ⊗	۲۵ ہزار روپیہ	۴۰۰	۰	۰	۰	۰	۰	۴	۲	۰	
۲	اُدے پور ⊗	۵۰۰۰ ہزار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۳	جے پور ⊗	۵۰۰۰ ″	۱۸۰	۷۰	۵	۰	۳	۹۰	۰	۰	۰	

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

نمبر	نام سماج	لاگت مندر سماج روپیہ	پستکالیہ: تعداد کتب	پستکالیہ: لاگت	ویدک سنسکار: بواہ	ویدک سنسکار: بال بدھوا بواہ	ویدک سنسکار: مرتک	ویدک سنسکار: دیگر	پرائشچت: مسلمان	پرائشچت: عیسائی	پرائشچت: دیگر	کیفیت
۴	جوبنیر ⊗	۵۰۰۰ ہزار	نامعلوم	نامعلوم	نامعلوم	نامعلوم	نامعلوم	نامعلوم	نامعلوم	نامعلوم	نامعلوم	
۵	بھرت پور ⊗	۴۰۰۰ 〃	۸۰۰	۴۰۰	۱	۰	۱	۲	۰	۰	۰	
۶	شاہ پورہ ⊗	۳۰۰۰ 〃	۸۰۰	۵۰۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۷	کوٹہ ⊗	۲۰۰۰ 〃	۵۰۰	۲۲۵	۱	۲	۹	۶۰	۰	۰	۰	
۸	دیبواس ⊗	۱۶۰۰ 〃	۰	۰	۰	۰	۳	۱۰	۰	۰	۰	
۹	سوجت ⊗	۱۲۰۰ ہزار	۰	۰	۱	۱	۲	۱۰	۰	۰	۱	
۱۰	اندور چھاؤنی ⊗	۶۰۰ 〃	۰	۱۰۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
	بنگال و بہار											
۱	داناپور ⊗	۴۰۰۰ ہزار	۰	۵۰۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۲	مُنگیر ⊗	۱۰۰۰ ہزار	۱۰۰۰	۳۰۰	۰	۰	۰	۳	۰	۰	۰	
۳	پٹنہ شہر	۲۱۸ نقد	۰	۰	۰	۰	۰	۱۰	۰	۰	۰	
۴	منیر	ہے	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
	ممالک متوسط و برار											
۱	نرسنگھ پور ⊗	۱۲۰۰ ہزار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۲	سوہاگ پور	۱۸۰ نقد	۰	۱۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۳	برہان پور	۱۵۰ 〃	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۴	ہوشنگ آباد	۱۲۰ روپیہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۵	جبل پور	زیر تعمیر	۰	۰	۸	۰	۷	۲۰	۰	۰	۰	
۶	چاندور	زمین افتادہ	۰	۰	۰	۰	۰	۲	۰	۰	۰	
۷	کھنڈوا	۰	۱۵۰	۶۰	۱	۰	۳	۳	۰	۰	۰	
۸	ہواکھیڑ روپ پراڈ	۰	۹	۰	۱	۰	۱	۱۲	۰	۰	۰	
	بمبئی و کاٹھیاواڑ											
۱	بمبئی ⊗	پچاس ہزار	۵۰۰	۱۰۰۰	۱	۰	۴۰	۲۰۱	۰	۰	۰	
۲	احمد آباد	۰	۱۵۰	۲۰۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۳	بھڑوچ	۰	۱۲۶	۱۷۵	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
۴	ناگدھارا	۰	۱۴۵	۵۱	۱	۰	۱	۱۷	۰	۰	۰	

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نمبر	نام سماج	لاگت مندر سماج	پستکالیہ: تعداد کتب	پستکالیہ: لاگت	ویدک سنسکار: بواہ	ویدک سنسکار: بال بدھوا بواہ	ویدک سنسکار: مرتک	ویدک سنسکار: دیگر	پرایشچت: مسلمان	پرایشچت: عیسائی	پرایشچت: دیگر	کیفیت
	ریاستہائے دکن											
۱	حیدرآباد دکن	۰	۶۹	۸۶	۲	۰	۲۵	۳۱	۶	۰	۰	
۲	بنگلور	۰	۳۰	۵۰	۱	۰	۵	۹	۱	۰	۰	۱
	برہما											
۱	میمیو	۲۰۰ نقد	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	

نوٹ (۱) اِن سے علاوہ بعض دیگر مقامات پر بھی آریہ مندر ہونگے لیکن اُن کی اطلاع نہ آنیکے سبب درج نہیں کیے گئے۔

(۲) جن ناموں پر ۵ نشان لگا یا گیا ہے وہاں کے مندروں میں آریہ مہاشیوں کے ٹھیرنے کا انتظام ہے۔

(۳) پچاس سے کم لاگت کا پستکالیہ فہرست ہذا میں شامل نہیں کیا گیا۔

(۴) جسقدر سنسکار اور پرایشچت فہرست ہذا میں کسی سماج کے درج کیئے گئے ہیں وہ اُس سماج کی قایمی کے وقت سے سمجھنے چاہئیں۔ پنجاب نمبر ۷ و ۸ و ۱۴ و ۱۹ و ۳۴ و ۳۵ و ۴۸ و ۲۷ ممالک متحدہ نمبر ۱۰ و ۳۸ و ۵۷ کی اندراجات صرف ایکسال کی بابت ہیں

(۵) بعض بڑے بڑے سماجوں میں کوئی یادداشت سنسکار وغیرہ کی نہ رہنے کی وجہ سے ہمارے پاس اطلاع نہیں پہنچی۔ اِس لیئے اُن کے متعلق خانہ جات خالی چھوڑے گئے ۔

حالات علمی و اخلاقی انسٹی ٹیوشن ہائے بھارت ورش

۱- ناگری پرچارنی سبھا کاشی۔ سبھا ہذا ۱۶- جولائی سنہ ۹۳ء سے بغرض اشاعت ناگری بھاشا قایم ہے - جس سرگرمی اور شوق سے ابتک کام ہوتا رہا ہے اُس کا نتیجہ عوام پر بخوبی ظاہر ہے کہ اپریل سنہ ۱۹۰۱ئہ سے بموجب حکم گورنمنٹ ہند ممالک متحدہ آگرہ و اودھ کے تمام دفاتر و عدالت ہائے میں اُردو کے علاوہ ناگری بھی زبان عدالت قرار دیدی گئی ہے - سال گزشتہ میں سبھا کی کوشش سے مہاراجہ گوالیار نے اپنے راج کا کل کام یکم جولائی سنہ ۱۹۰۳ء سے ناگری میں کر دیا - علاوہ ازیں سبھا کی طرف سے دو تین اضلاع میں تنخواہ دار عرضی نویس لوگوں کی عرضیاں مُفت لکھنے کے لیئے مقرر کیئے گئے ہیں - پچھلے سال تعداد ممبران ۳۹۱ تھی - اور سال حال میں ۵۸۴ ہے - جس میں کئی راجے مہاراجے اور بہت سے ذی رُتبہ تعلیم یافتہ اور ساہوکار اصحاب شامل ہیں - مہامہوپادھیاے پنڈت سدھاکر دویدی - سبھاپتی - اور بابو شیام سندر داس سکریٹری ہیں - پچھلے سال سبھا کی بنیاد مستقل کرنے کے لیئے ایک لاکھ روپیہ کا مستقل فنڈ اور بیس ہزار روپیہ کا ایک عالیشان مکان بنوانے کی تجویز کی گئی تھی - چنانچہ اس سال ایک با موقع جگہ ۳۵۰۰ روپیہ میں خرید کر مکان کی تعمیر شروع کیگئی ہے جس پر اخیر سال تک تقریبًا ۵۵۰۰ روپیہ خرچ ہو چکا ہے - مہاراجہ اجودھیا نریش نے اِس مکان کی بنیاد اپنے ہاتھ سے رکھی اور دو ہزار روپیہ بطور امداد دینا منظور فرمایا +

سبھا کی کل آمدنی ۴۴۰۷ روپیہ ۱۰ آنے اور خرچ ۱۳۵۰۵ روپیہ ۱۱ آنے ۶ پائی ہو کر ۱۷۲۵ روپیہ ۳ آنے اخیر سال پر باقی رہا۔

سبھا کی طرف سے ہر ماہ ہی دو رسالے "ناگری پرچارنی پترکا" اور "ناگری گرنتھ مالا" شائع ہوتے ہیں - جنکی قیمت ایک روپیہ و دو روپیہ جداگانہ ہے - تین روپیہ سالانہ چندہ دینے والے ممبران کو ہر دو رسالہ مُفت اور باقی تصانیف جملہ ممبران کو نصف قیمت پر دیجاتی ہے - سبھا موصوف کے اہتمام سے ابتک بہت سی پُرانی اور نو تصنیف کُتب بھی چھپ چکی ہیں + ہندی و گیان کوش

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اور مکمل ویاکرن تیار ہو رہے ہیں۔ ناگری کی نظم و نثر کی چیدہ چیدہ کتب کی ایک فہرست بھی بنائی گئی ہے۔ اِس سال سبھا نے اپنی چیدہ چیدہ پستکوں یعنی تلسی کرت راماین۔ پرتھوی راج راسو اور سترودت کا اتہاس کے فروخت کے لیے جرمنی اور انگلینڈ میں ایجنٹ مقرر کیئے ہیں۔ سال حال میں سبھا نے سنسکرت اور ناگری کی ۴۸۳ کتابیں دریافت کیں جن میں سے مارواڑی بھاشا اور دیگر ردی کتابوں کو علیحدہ کر کے صرف ۲۱۷ رکھی گئیں۔ اِن میں سے ۱۲۵ کتابیں ۷۴ مصنفوں کی جو بارھویں تیرھویں۔ چودھویں۔ سولھویں۔ سترھویں۔ اٹھارھویں اور انیسویں صدی میں ہوئے بنائی ہوئی ہیں۔ ستر مصنفوں کا پتہ نہیں لگا۔ علاوہ ازیں سبھا کو بہت سے گرنتھوں کا پتہ لگانے اور پدماوتی کے مصنف ملک محمد جائسی کا ایک گرنتھ اکھراوٹ نام کا ملا ہے۔ شریمد بھاگوت کے ۱۲۸۷ء کے کیئے ہوئے ہندی ترجمہ کا پتہ لگا ہے۔ گورنمنٹ کی طرف سے اس کام کے لیئے پہلے چار سو روپیہ سالانہ بطور امداد ملتے تھے۔ سال گزشتہ میں سبھا کی کارروائی سے خوش ہو کر اب گورنمنٹ نے پانچسو روپیہ سالانہ کر دیئے ہیں۔ علاوہ اِس کے گورنمنٹ نے سبھا سے یہ رائے بھی پوچھی ہے کہ سکولوں کی تعلیم کی پستکوں کی ہندی کیسی ہونی چاہیئے۔ سبھا کے کتب خانہ میں اخیر سال پر ۲۹۷۷ کتابیں تھیں۔ اور اندروں سال ۴۳ ناگری اخبار اور رسالے آتے رہے۔ سبھا موصوف نے اپنی طرف سے سرکاری مڈل اور پرائمری سکولوں میں ناگری بھاشا کے امتحانوں کے نتیجہ پر کئی طلبا کو ۳۰ روپیہ کے انعام اور ۱۴ طلبا کو سرٹفکیٹ عطا کیئے۔ ناگری میں نہایت عمدہ علمی اور اخلاقی مضمون لکھنے والوں اور نہایت خوشخط ناگری لکھنے والے طلبا کو گورنمنٹ کی معرفت ایک تمغہ دیا گیا۔ علاوہ ازیں۔ الہ آباد یونیورسٹی کی انٹرنس کلاس کے طلبا میں سے ایک طالب علم نے اپنے شہر کے اتہاس اور بھوگول کا حال لکھ کر سبھا کے پاس بھیجا تھا۔ سبھا نے اسکو پسند کر کے اُس کو سونے کی مُہر انعام دی۔

سال حال میں سارے بھارت ورش میں ۶۷۰ کتب ناگری زبان میں مختلف مضامین نظم و نثر میں تصنیف ہوئیں۔ جن میں سے ۴۰۶ ممالک متحدہ میں ۸۱ بمبئی میں۔ ۵۴ پنجاب میں۔ ۲۱ ممالک متوسط میں۔ ۱۳۶ بنگال میں اور ۱۲ راجستھان میں تیار ہوئیں۔ ان ۶۷۰ کتابوں کے علاوہ ۱۲۳ پستکیں ایسی نکلی ہیں جو ناگری کے علاوہ ایک دوسری بھاشا میں بھی ہیں۔ اور ۴۰ ایسی کتابیں بھی تیار ہوئی ہیں جو کہ پہلے ناگری اکشروں میں نہیں چھپی تھیں۔ مگر جو پستکیں اِس سال چھپی ہیں اُن میں سے دو چار کے سوا باقی سب بلحاظ مضامین بہت خراب اور ردی ہیں۔ اگر ایسے خراب لٹریچر کے روکنے کیلئے گورنمنٹ اور ہندی پتر سمپادک دھیان دیویں تو بہت کچھ سدھار ہو سکتا ہے۔

۲۔ گاندھرو مہا ودیالیہ لاہور یہ مہا ودیالیہ۔ دکن دیش کے ایک مشہور و معروف گاین آچاریہ پنڈت وشنو دگمبر جی نے پُرانے طریق پر گاندھرو (گاین) ودیا کی تعلیم دینے کے لیئے ۵ رمئی سنہ ۱۹۰۱ء سے لاہور میں قایم کیا ہے۔ اِس وقت اس میں تین جماعتیں सा (سا) रे (رے) गा (گا) کھولی ہوئی ہیں اور حسب ضرورت اور جماعتیں بھی کھولی جاوینگی۔ مکمل تعلیم کا کورس ۳½ سال ہے۔ تعلیم کا وقت شام کے ۵ بجے سے ۹ بجے تک ہے جس میں زبانی گانا۔ اور طنبورا۔ ستار۔ مردنگ۔ ہارمونیم بجانا سکھلایا جاتا ہے۔ فی الحال تعلیم دینے کے لیئے پنڈت وشنو دگمبر جی پرنسپل اور پانچ دیگر پروفیسر تعینات ہیں۔ جو بڑے پریم اور اُتساہ سے کام کرتے ہیں۔

اس میں نیچی ذات کے لوگوں کو جو صرف معاش کے لیئے سیکھتے ہیں گانا وغیرہ سکھلانے کی قطعی ممانعت ہے۔ صرف معزز اور اعلیٰ حیثیت کے اصحاب ہی سیکھ سکتے ہیں۔ فیس داخلہ ایک روپیہ اور فیس ماہواری دو روپیہ ہے۔ مہا ودیالیہ میں جملہ سامان باجہ وغیرہ موجود ہے کسیکو گھر سے لانے کی ضرورت نہیں۔ ایک سال کے بعد پرویشکا ۱½ سال کے بعد مدھیہ ۲½ سال کے بعد سنگیت وشارد

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اور ۲½ سال کے بعد سنگیت تیرتھ کے امتحانات ہونے کے بعد سارٹیفکٹ دیئے جاتے ہیں۔ دو آخیری امتحانوں کی بابت ڈگریاں بھی دیجاوینگی۔ اور جو شخص آخری امتحان پاس کرنے کے بعد دو سال میں علم موسیقی میں کمال پیدا کریگا اُس کو گاین آچاریہ کی ڈگری دیجاویگی۔ سال گزشتہ میں مہاراجہ کشمیر۔ اور دیگر بہت سے معزز اصحاب نے رُوپیہ وغیرہ سے بہت امداد دی ہے۔ سال گزشتہ میں مہاودیالہ کی آمدنی ۵۰۰۶ روپیہ ۱۱ر ۶ پائی اور خرچ ۴۲۳۰ روپیہ ۵ر ۳ پائی ہوکر مبلغ ۷۴۶ روپیہ ۳ر ۹ پائی بچت رہی اس مہاودیالہ کے متعلق ایک مستقل جماعت ۵ اپریل سنہ ۱۹۰۳ء کو جموں میں اور ایک خاص جماعت موسم گرما کے لئے سری نگر میں بسرپرستی مہاراجہ صاحب کشمیر کھولی گئی ہے علاوہ ازیں ۱۵ جون سنہ ۱۹۰۴ء سے گورنمنٹ کالج اور مشن کالج لاہور میں ایک ایک میوزیکل کلاس (باجہ سیکھنے والی جماعت) کھولی گئی ہیں اور ایک کارخانہ واسطے تیاری و مرمت باجہ بار کھولا گیا ہے جسکے لیئے ایک ہزار روپیہ مہاراجہ صاحب کشمیر نے اور ایک ہزار ایک اور صاحب نے دان دیئے ہیں۔ اسکے سوائے ایک ویدک کلاس مہاودیالہ کے اُستاد پیدا کرنے کی غرض سے اور ایک ویدکلاس بوقت صبح وید گاین سکھلانے کے لیئے کھولی گئی ہیں اور ایک جماعت تلسی کرت راماین سیکھنے اور گانے کے لیئے اور ایک ماہواری رسالہ میوزیکل میگزین جاری کرنے کا وچار ہو رہا ہے۔

۳۔ بال بدھوا بواہ پرچارنی سبھا بھارت ورش (شاہجہانپور) یہ سبھا سنہ ۱۹۰۱ء سے بسرپرستی شریمان مہاراجہ سیاجی راؤ گائیکواڑ والی ریاست بڑودہ قایم ہے۔ جس کے اغراض یہ ہیں۔ (۱) براہمن۔ کشتری۔ ویش۔ یعنی دوج۔ ورن کی لڑکیاں جو بچپن میں بدھوا ہوگئی ہیں اُن کے پُنربواہ کرنے میں ہرقسم کی کوشش و امداد کرنا۔ (۲) بچوں اور بوڑھوں کے بیاہ کو روکنا اور بیاہ پر داد دستِد بند کرنا (۳) تعلیم نسواں اور بال بدھوا بواہ کا بذریعہ اُپدیشک و ٹریکٹ پرچار کرنا۔ اور (۴) کنگال بدھواؤں کی پرورش کا انتظام کرنا اور جو پُنربواہ کرنا چاہیں اُن کی رُوپیہ وغیرہ سے مناسب امداد کرنا۔ شری وتی شنکر لال جی رئیس بجنور و اڈیٹر ابلا ہتکاری۔ بجنور۔ پریسیڈنٹ اور منشی سنجتا ور سنگھ جی اگروال رئیس شاہجہان پور و اڈیٹر آریہ درپن سکریٹری ہیں۔ پنڈت کرشن لال شرما۔ پنڈت اودھورام (بجنور) سبھا کی طرف سے بطور آنریری اُپدیشک کام کرتے ہیں۔ سبھا کے اہتمام سے اور نیز علیحدہ اخیر ستمبر سنہ ۱۹۰۳ء تک ۵۰ بال بدھواکنیاؤں کے پُنربواہ مظفرنگر۔ میرٹھ۔ سہارن پور۔ سیالکوٹ۔ جھانسی۔ آگرہ۔ بجنور۔ جالندھر۔ امرتسر۔ پھلور۔ شاہجہانپور۔ لکھنؤ۔ راولپنڈی۔ لاہور۔ ایبٹ آباد۔ نوشہرہ۔ گورداسپور۔ احمدآباد۔ کلکتہ۔ پنڈدی۔ پیشاور۔ فیض آباد۔ ڈھاکہ وغیرہ میں گوڑ۔ سارسوت۔ سناڈیہ برہمن۔ کشتری و کھتری۔ اگروال بیسے۔ اگروال دسے۔ ویش۔ سری واستویہ۔ سکسینہ کایستھ۔ وغیرہ مختلف ذاتوں میں ہوچکے ہیں اور برابر ہوتے جاتے ہیں۔ سبھا نے بدھوا بواہ پرچار کی ٹریکٹ اُردو۔ ناگری میں شائع کیئے ہیں۔ جن میں موجودہ تعداد و بدھواؤں کی حالتِ زار کو ظاہر کرکے ویدِ شاستر کے حوالہ جات سے اُنکا پُنربواہ ثابت کیا ہے اور اخیر میں ایکٹ ۱۵ سنہ ۱۸۵۶ء قانون بیوگان بھی درج کردیا ہے۔

جو صاحب اپنی بال بدھوا لڑکی کا پُنربواہ یا جو صاحب اپنا بواہ کسی ایسی بدھوا سے کرانا چاہیں وہ سکریٹری صاحب سبھا موصوف سے چھپا ہوا فارم منگا کر بعد خانہ پُری واپس بھیجدیویں تاکہ صاحب موصوف جوڑا ملاکر فریقین کو اطلاع و امداد دیویں۔ درخواست کنندگان کا نام بِلا اُنکی مرضی کے کسی سے ظاہر نہیں کیا جائیگا۔

۴۔ ویدک دھرم پرچارنی سبھا بمبئی بمبئی کے ایک شخص کے زبانی (جو کرنال کسی کام آیا تھا) ہمیں یہ سُنکر نہایت خوشی ہوئی کہ اب سبھا موصوف آریہ سماج بمبئی دو نو ایک ہوگئی ہوئی ہیں۔ جس سے بہت کچھ ترقی کی اُمید ہے۔ آریہ پرتی ندھی سبھا بمبئی جواب برائے نام ہے اُس کے بھی زندہ کرنے کی تیاریاں ہو رہی ہیں۔



CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

دلچسپ چیدہ واقعات

(۱) ایک دفعہ سکندر اعظم فتوحات کرتا ہوا براعظم افریقہ کے ایک علاقہ میں جا نکلا جہاں کہ ایک بڑی ... کُل قوم بستی تھی۔ جو اپنی گھاس پھوس کی جھونپڑیوں میں بسر گزارہ کرتی تھی۔ جب سکندر وہاں پہنچا تو لوگ اُسے اپنے سردار کے پاس لیگئے جو سکندر کے ساتھ بڑی خاطر و تواضع سے پیش آیا۔ مگر کھانے کے وقت سونیکی روٹیاں لاکر رکھی گئیں اور کہا کہ اگرچہ آپ کے لائق نہیں مگر مہربانی کر کے انہیں ہی تناول فرمائیے۔ سکندر نے پوچھا کہ کیا آپ لوگ یہاں یہی روٹیاں کھاتے ہیں۔ سردار نے جواب دیا کہ ہمارے ہاں کے لوگ تو کبھی یہ روٹیاں نہیں کھاتے لیکن مجھے یہ خیال آیا کہ گیہونکی روٹیاں تو آپ کے مقدونیہ میں بھی ہوتی ہونگی۔ اگر وہ روٹیاں کھاکر آپ رہ سکتے تو یہاں تک آنے کی ہرگز تکلیف گوارا نہ کرتے۔

(۲) مغربی ایران میں ایک قسم کے بہت چھوٹے چھوٹے اونٹ ہوتے ہیں۔ جو برف کی مانند سفید ہوتے ہیں۔ شاہ فارس نے برلن ٹیونیسپلیٹی کو دو اونٹ دیئے تھے جن میں بڑا ۲۷ انچ اونچا اور ۳۱ سیر وزنی اور چھوٹا اُس سے ۴ انچ کم اونچا تھا۔

(۳) ولایت کے پوپ کے پاس ایک بہت بیش قیمت کرسی ہے جو چاندی کی بنی ہوئی ہے اُس کی قیمت ۴ کروڑ ۴۰ لاکھ روپیہ ہے جو امریکہ کے ایک سوداگر نے نذر کی تھی۔

(۴) برہما میں اتنے موٹے بانس ہوتے ہیں کہ کسی کی مُٹائی ایک گز ہو جاتی ہے۔ وہاں کے باشندے اُن کو کاٹ کر برتن بناتے ہیں۔

(۵) پیرس میں آرک ڈی ایٹریل نامی ایک محرابدار دروازہ ہے جو تیس سال میں بن کر تیار ہوا تھا۔ نپولین نے اُسے تیار کرایا تھا۔ اُس کی اُنچائی ۱۶۱ فٹ چوڑائی ۱۴۶ فٹ اور گہرائی ۱۱۰ فٹ ہے اسکی لاگت چھ کروڑ ہے۔

(۶) پوپ روم کی آمدنی سالانہ ڈیڑھ کروڑ ہے جس میں اسّی لاکھ بطور نذر آتے ہیں۔ خرچ بھی بڑا بھاری ہے اُس کے محل میں گیارہ ہزار مکان ہیں جن میں ہزاروں کمرے کوٹھے تہ خانے اور زینے ہیں۔ اسکا کتب خانہ بھی عجیب ہے جس میں ایک لاکھ تیس ہزار کتابیں ہیں۔ اُس میں ایک باغ ہے جس میں بیس صحن ہیں۔ پوپ صاحب کے ۱۲۰۰ نوکر ہیں جن میں پرایویٹ سکریٹری۔ نوکر۔ دربان اور پادری شامل ہیں۔ اس محل کا خرچ تیس لاکھ کا ہے۔ نذر سب پوپ صاحب کی بچ کی گنی جاتی ہے۔

(۷) ملک پیرو جنوبی امریکہ میں ایک قسم کے پھول کے پودے ہیں جنکے پتّے ہمیشہ چار بجے شام کو کھلتے ہیں۔ اسی ہی وقت کی پابندی کی وجہ سے اس برکش کا نام بھی "چار بجے" ہے۔ تعجب ہے کہ کبھی غلطی نہیں ہوتی۔

(۸) کیلیفورنیا (امریکہ) میں ایک گلاب کے پیڑ میں ہر سال ۲۱ ہزار پھول لگتا ہے۔ یہ ۲۵ سالہ پیڑ ہے اور برابر بڑھتا ہی جاتا ہے۔ اسکے تنے کی گولائی ۲¾ فٹ ہے اتنی ہی موٹی شاخیں ہیں۔ جنوبی افریقہ میں بھی ایسے ایسے پیڑ ہیں جن میں دس دس پندرہ پندرہ ہزار پھول لگتے ہیں۔

(۹) سنہ ۱۸۶۷ء سے سنہ ۱۹۰۱ء تک جنوبی افریقہ کے کمبرلی شہر سے ۴۶ کروڑ کے ہیرے نکلے۔

(۱۰) نیوزیلینڈ میں کوئی آدمی بیکار نہیں رہتا۔ اگر کوئی آدمی کام چاہے تو سرکار اُسے ۸ شلنگ کی تنخواہ مقرر کر کے کام دیتی ہے۔ اگر ہندوستان کی گورنمنٹ ایسا کرے تو پھر معلوم ہو کہ یہاں کتنے بھوکے یا بیکار ہیں۔

(۱۱) ولایت کے شہر گلاسگو میں ایک بڑا بھاری اسٹیشن ہے جو وہاں کی نئی ایک ٹرک سروس کا ہے یہ ۲۷ میل میں ہے اور بیس لاکھ پونڈ کی قیمت کا ہے۔

(۱۲) انگلینڈ میں دو مرد اور ایک عورت بڑی عمر کی ہو کر مرے عورت کا نام کیتھرائن کونٹس آف ڈیزمنڈ جو ۱۴۰ برس کی عمر میں مری جسکے تین دفعہ نئے دانت نکلے تھے۔ شروپشائر کا ٹامس پار ۱۵۲ برس کی عمر میں مرا۔ اور گلاسگو کا بشپ سینٹ منگی ۱۸۵ برس کی عمر میں مرا۔ مردوں کے دوبارہ دانت نکلنے کی بابت کچھ نہیں لکھا۔

(۱۳) ولایت کے برٹش میوزیم میں ایک تین ہزار برس کی لکھی ہوئی چٹھی رکھی ہے جسکے حروف ابتک صاف پڑھے جاتے ہیں اس میں مصر کے شاہ ریمس دوم کے وقت کی باتیں لکھی ہوئی ہیں

(۱۴) شکاگو میں ایک چڑیوں کا اسپتال ہے جہاں ہر قسم کے پرندوں کا علاج کیا جاتا ہے۔ مالک کو دام دینے پڑتے ہیں۔

(۱۵) جاپان میں ایک لکڑی کی مورتی ہے جو ۴۰ فٹ اونچی ہے مگر اندر سے کچھ کھوکھلی ہے۔ سر اتنا بڑا ہے کہ بیس آدمیوں کو اچھی طرح پکڑ لے۔ اس کے سر تک پہنچنے کے لیئے ایک چکردار سیڑھی لگی ہوئی ہے۔ اس کے ایک ہاتھ میں لکڑی کی ایک لمبی تلوار اور دوسرے ہاتھ میں ایک بڑی گیند جسکا محیط ۱۲ فٹ ہے۔

بیلی ٹاپو میں ایک میل میں ایک مورتی ہے جو ۲۵۰ فٹ اونچی ہے اور جو پوشاک سمیت ایک محل سا معلوم ہوتی ہے

اضلاع متحدہ امریکہ میں ایک عجیب مورتی ہے جب یہ بنکر تیار ہوئی تو بیس گھوڑوں کی گاڑی پر کھینچکر لائی گئی تھی۔ اسکا صرف نچلا حصہ ۱۵ ٹن سے بھی بھاری ہے۔

(۱۶) امریکہ میں صابن کی کانیں ہیں جو معمولی صابن سے سخت اور نیلا ہوتا ہے۔ اس میں بورکس ایسڈ اور سوڈے کا حصہ زیادہ ہوتا ہے۔

(۱۷) شریمتی مہارانی وکٹوریا کے پاس ۱۵۰ آدمیوں کو کھانا کھلانے کے لیئے سونے کے برتن تھے۔ جن کی قیمت ایک کروڑ بیس لاکھ۔ ایک سونے کا مور ساٹھ لاکھ کا اور شیر کا سر خالص سونے کا جسکے دانت ہیرے کے ہیں۔ اُن کے چینی برتنوں کی قیمت ۲۵ لاکھ اور تاج کے جواہرات کی ۴۸ لاکھ۔ مگر شاہ ایران کے خزانہ میں صرف دو ہی چیزیں مہارانی کی ساری جائداد کے برابر ہیں۔ ایک سونے کا گنبد ہے جسمیں کئی قسم کے ہیرے جڑے ہوئے ہیں جنکی قیمت ۱½ کروڑ روپیہ ہے۔ اُن کے پاس ایک موتیوں کا صندوق ہے جسکی ایک مٹھی موتی ایک بادشاہی کی قیمت ہے۔ علاوہ ازیں اُن کے خزانہ میں سینکڑوں چیزیں ایسی ہیں جو کہیں اور نہیں۔ اُن کے خزانہ میں جڑاؤ تلواریں۔ زرہ بکتر۔ تاج وغیرہ۔ ایسی ایسی بیش قیمت چیزیں ہیں جنکی ایک ایک کی قیمت میں ایک جرمنی خریدا جا سکتا ہے +

شاہ روس کے خزانہ میں بھی بڑی بڑی قیمتی چیزیں ہیں۔ شاہ اور ملکہ کے تاجوں ہی کی قیمت ۴½ کروڑ ہے روسی خزانہ اتنا ہے کہ انگریزی راج کی سال بھر کی آمدنی بھی اُتنی نہیں +

سلطان روم اگر ہر روز ۱½ کروڑ روپیہ خرچ کریں تو ایک مہینہ تک برابر خرچ کرنے سے بھی اُن کے پاس کچھ بچ سکتا ہے +

ہندوستان میں مہاراجہ بڑودہ کے جواہرات ۴½ کروڑ تک کے ہیں۔ اُن کے ہیرے موتیوں کا قالین ۵۰ لاکھ کا ہے جو دہلی دربار کے موقعہ پر نمائش میں آیا تھا +

(۱۸) پیکن دارالخلافہ چین میں ایک بہت بڑا پرانا اخبار ہے جو ایک ہزار برس سے جاری ہے اسکا نام کن پاؤ ہے

(۱۹) برٹش گورنمنٹ میں جتنی کتابیں چھپتی ہیں اُن کی ایک کاپی ولایت کے عجائب خانہ میں بھیجدی جاتی ہے اسی لیئے یہ کتب خانہ دنیا بھر کے کتب خانوں سے بڑا ہو گیا ہے۔ اس کی فہرست کتب بیس برس کی محنت سے بنی ہے۔ جسکی تیاری میں ساٹھ لاکھ روپے لگے اور جو ۴۰۰ جلدوں یا ۱۲ کروڑ ورقوں میں پوری ہوئی۔

(۲۰) ولایت کی ایک کان سے ۸۰ فٹ لمبا پتھر نکلا جو وزن میں ۱۴ ہزار من ہے۔

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۲۱) سُورج کی گرمی سے ہر منٹ ۳۷ ارب من پانی زمین سے بخارات بن کر اُڑتا ہے۔ اگر زمین پر ایک سیکنڈ میں ۹ لاکھ من کوئلہ جلایا جاوے تو اتنی گرمی ہو سکتی ہے۔

(۲۲) چین میں سمندر کے کنارے ایک کیکڑا ہوتا ہے جو زمین پر آکر ہوا لگتے ہی پتھر سا ہو جاتا ہے۔ وہاں کے علاقہ کانگسی میں ایک پیڑ ہوتا ہے جسکے گُودے سے روٹی بنتی ہے جو گیہوں کی روٹی سے ملتی ہے۔ مگر سفید زیادہ ہوتی ہے + علاقہ اوچُوفُو کے پاس ایک قسم کا بندر ہوتا ہے جسکی شکل بوڑھے آدمی جیسی اور ڈاڑھی پھیلی ہوتی ہے۔ قد آدمی کے برابر اور بولی عورتوں جیسی ہوتی ہے۔

(۲۳) ولایت کے بنک نے حساب لگایا ہے کہ اس وقت دنیا بھر میں سونے کا جتنا سکہ جاری ہے اُسکا وزن ۸۶۵ ٹن یعنی ۲۴۲۲۰ من ہے۔

(۲۴) پیرس کی نمایش میں ایک سونے کی مُورتی دکھائی گئی تھی جو امریکہ کے ایک مشہُور تھیٹر میں ناچنے والی کی شکل تھی۔ نقلی اور اصلی شکل میں کچھ فرق نہ تھا اسکے بنانے میں ۶ لاکھ کا سونا خرچ ہوا تھا۔ اور ایک دُوربین ۱۸۰ فٹ لمبی اور ۷۵ انچ گول دکھائی گئی تھی جس میں چھ سو آدمی ایک دم دیکھ سکتے تھے۔

(۲۵) مہارانی وکٹوریہ کے پاس ایک مکڑی کے جالے کی پوشاک تھی۔ جو برازیل کی مہارانی نے نذر کی تھی۔

(۲۶) کیلیفورنیا کے علاقہ میں ایک آبشار ہے جو دُنیا میں سب سے اُونچی ہے اسکی گہرائی ۲۶۳۰ فٹ ہے + نائیگرا کی آبشاروں سے ۱۶ گُنی اونچی ہے اسکا پانی زمین تک پہنچتے پہنچتے راستے ہی میں بکھر جاتا ہے + وینیزویلا میں ایک آبشار ۱۶۰۰ فٹ اُونچی ملی ہے۔

(۲۷) سمندری تاروں میں ۳۵ ولایت کے ۳۲۵ ناروے کے (یہ بہت چھوٹے ہیں) ۵۴ فرانس ۴۷ ڈنمارک ۴۱ آسٹریا ۱۵ سپین ۱۱۱ ہندوستان اور ۱۷۰ جاپان کے

اختیار میں ہیں۔ امریکہ کے اضلاع متحد کا کوئی بھی نہیں ہے

(۲۸) پیرس کی نمایش میں ایک روسی کاریگر نے ایک اُلٹا مکان بنایا تھا۔ اُس کی چھت نیچے اور دروازہ آسمان کی طرف دُور سے دیکھنے پر چکا چوند تو آہی جاتی تھی لیکن اوپر جاکر کھڑکی کی راہ سے دیکھنے سے معلوم ہوتا کہ آدمی سر کے بل چل رہے ہیں۔ اور پیر برابر چل رہے ہیں۔ لطف یہ کہ اس مکان کو جہاں چاہے اُٹھا کر لیجا سکتے تھے۔

(۲۹) فرانس کے شہر نائیس میں بسنت کے موقعہ پر پھُولوں کی ہولی ہوتی ہے۔ امیر مرد عورت پھُولوں سے لدی گاڑیوں میں بیٹھ کر نکلتے ہیں۔ جب ایک گاڑی دوسری گاڑی کے پاس سے نکلتی ہے تو پھُولوں کی گولیاں چلتی ہیں۔ ہار گلدستے اور گجروں کی مار ہوتی ہے۔ کوئی تین لاکھ فرینک کے پھُول اس دل لگی میں خرچ ہو جاتے ہیں (ایک فرینک تقریباً ۵½ آنے کا ہوتا ہے) + کیلیفورنیا کے سینٹ بار میں ایک دفعہ ایک گاڑی کی سجاوٹ میں دس ہزار گلاب کے پھُول لگے تھے۔ یہ میلا وہاں ۴ دن تک رہتا ہے۔ سنہ ۱۸۹۳ع میں امریکہ کے شہر شکاگو میں جو بڑا میلہ ہوا تھا اُس سے بڑھکر پھُولوں کی سجاوٹ اور کہیں نہیں ہوئی تھی اس میں ۱۰½ لاکھ رُوپیہ کے پھُول خرچ ہوئے تھے۔ اور ۱۰ لاکھ گلاب کے پھُول ۵ لاکھ موتیے کے اور کئی اور قسم کے پھُول تھے۔

(۳۰) چینی سیٹھ ساہوکار ولایت اور ہندوستان والوں کی طرح دیوالہ نہیں نکال سکتے۔ اگر چین میں کوئی بنک دیوالہ نکالے تو اُس کے سب منیجر کلرک وغیرہ قتل کر دیئے جاتے ہیں۔ تاریخ داں بیان کرتے ہیں کہ اسی خوف سے چین میں ۵۰۰ برس سے کبھی کسی نے دیوالہ نہیں نکالا۔

(۳۱) سپین میں سکوریل نام کا ایک اتنا بڑا محل ہے جس کے ایک کمرے سے دوسرے کمرے تک پہونچنے میں ۴ دن لگتے ہیں فاصلہ ۱۲۰ میل کا ہے +

(۳۲) سورج مکھی کا پھُول ہندوستان میں تو صرف خوبصورتی

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کے لیئے ہی لگایا جاتا ہے۔ مگر روس میں اس سے بڑے بڑے کام لیئے جاتے ہیں۔ ۲ لاکھ ۱۶ ہزار ایکڑ زمین میں ½ اکروڑ سیر بیج پیدا ہوتا ہے جسکا تیل نکلتا ہے۔ یا روٹی بنا کر جانوروں کو کھلائی جاتی ہے۔ پھولوں سے پیلا رنگ نکالا جاتا ہے۔ اور ڈنٹھلوں سے مومی پٹاش اور شہد بنتا ہے۔ ڈنٹھل جلائے بھی جاتے ہیں۔ اور پتّوں سے چُرٹ بناتے ہیں۔

(۳۳) فرانس کے پالسی گانو میں ایک کنواں ۲ ہزار فٹ گہرا ہے، پیرس میں ۲۹۰۵ فوٹ گہرا ہے۔ ہنگری میں ۳۱۰۲ فٹ اور امریکہ میں ۴۲۳۹ فٹ گہرا کنواں ہے۔

(۳۴) گرین لینڈ کے علاقہ کی ہویل مچھلی میں ۸۸ ہاتھیوں کے برابر یعنے ۲۸۰۰ من وزن ہوتا ہے۔

(۳۵) انجن کی سیٹی ۳۳۰۰ گز کے فاصلہ سے۔ ریل کے آنے کی آواز ۲۸۰۰ گز سے بندوق اور کُتّے کے بھونکنے کی آواز ۱۸۰۰ گز سے اور ڈھول کی آواز ۱۶۰۰ گز سے آدمی کی آواز ۱۰۰۰ گز سے۔ مینڈک کی آواز ۹۰۰ گز سے جھینگر کی ۸۰۰ گز سے اور صاف آواز کُھلی ہوا میں ۶۰۰ گز سے سُنی جاتی ہے۔

(۳۶) ولایت کی پارلیمنٹ کا مکان ۱۸۴۰ء سے ۱۸۵۷ء تک بنکر تیار ہوا تھا یہ ۱۰۰۰ فٹ لمبا ہے۔ اسمیں ۱۱ کُھلے چوک اور ۵۰۰ کمرے ہیں ۱۸ دفتر ہیں۔ اِن کے علاوہ Royal House of Com: اور House of Lords کو stɑte اور Central Hall یہ چار عمدہ نشستگاہ بھی اسی میں ہیں۔ اِس کا گھنٹہ گھر ۴۰ مربع فٹ ہے جسکی اونچائی ۳۲۰ فٹ ہے۔ اِس گھنٹے کی آواز کوسوں تک جاتی ہے + ۳۰ لاکھ پونڈ یا ½۷ کروڑ روپیہ اس مکان پر لاگت رہی تھی۔

(۳۷) دیواروں پر اشتہار چپکانے کی ایک کل بنی ہے جو ۵۰ فٹ اُونچی دیوار پر بخوبی کاغذ چپکا دیتی ہے۔

(۳۸) سپین کے ایک مصنف نے پانچ ناول لکھے ہیں جنمیں سے ایک میں تو انگریزی کا حرف (a) نہیں دوسرے میں (e) نہیں تو تیسرے میں (i) آتی نہیں۔ چوتھے میں (o) اور پانچویں میں (u) نہیں ہے۔

(۳۹) برمنگھم کے نیو سٹریٹ ریلوے اسٹیشن پر ۲۴ گھنٹے میں ۷۰۰ گاڑیاں آتی جاتی ہیں۔

(۴۰) سیکسنی (جرمنی) میں ایک قانون پاس ہوا ہے جسکی رُو سے ایک سکول ماسٹر کی تنخواہ ۹۰۰ روپیہ ماہوار ہوا کریگی اور ۲۲۵۰ تک ترقی ہو سکے گی۔

(۴۱) چین میں شاہی خرچ کے لیئے چائے بڑی خوبی کے ساتھ پیدا کی جاتی ہے۔ چائے کے کھیت دیواروں سے گھرے ہوئے ہوتے ہیں۔ چائے پیدا ہونے پر ایسے مزدور کاٹنے جاتے ہیں جو مچھلی نہیں کھاتے۔ کیونکہ مچھلی خوروں کی ناک کی ہوا سے چاء خراب ہو جاتی ہے۔ مزدور دستانے پہن کر چائے کاٹتے ہیں۔

(۴۲) آسٹریلیا میں جو دیا سلائی کا کارخانہ ہے وہ دُنیا میں سب سے بڑا ہے ہر سال ۲۵ ارب دیا سلائی کے بکس بنتے ہیں اِس میں ۲۲ ہزار پونڈ فاسفورس اور ایک لاکھ ۶۰ ہزار فٹ لکڑی خرچ ہوتی ہے۔

(۴۳) لندن میں نارتھ ویسٹرن ریلوے کمپنی کو ہر سال ۵۰ ٹن ریلوے ٹکٹ چھاپنا پڑتا ہے۔

(۴۴) میکسیکو میں سائپرس کا ایک پیڑ دنیا میں سب سے پُرانا ہے کہا جاتا ہے کہ وہ چھ ہزار برس کا لگا ہوا ہے۔

(۴۵) مصر امریکہ اور مشرقی دُنیا کے کتنے ہی دیشوں میں لاشوں کی حفاظت کرنا دھرم سے تعلق رکھتا ہے۔ مطلب یہ کہ اگر مرنے والے کا شریر بنا رہیگا تو قیامت کے دن اُسکی رُوح اُس میں آرام سے داخل ہو سکے گی۔ مصر کے کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ شریر۔ آتما۔ بدھی اور آکرتی سے ملکر آدمی بنتا ہے۔ مرنے پر چاروں الگ الگ ہو جاتے ہیں تین ہزار سے دس ہزار برس تک آتما بھومی کے نیچے اور بُدھی کرۂ ہوائی میں رہتی ہے۔ اِتنے دنوں کے لیئے لاشوں کی چار طرح حفاظت ہوتی تھی۔ ایک تو جسم کو تراش کر گوند

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

سرلیتیں۔ یا کئی طرح کے مصالح سے گوندھتے تھے۔ پھر رگ و پٹھے ٹھیک کر کے پٹیوں سے کس کر باندھتے تھے۔ ۳۵ یا ۷۲ دن بعد اُس کو قبر میں یا جسم کے ڈھانچہ کو صندوق میں رکھ دیتے تھے۔ بہت سی لاشیں سینکڑوں برس بعد ایسی ملی ہیں جنکے سب اعضا خوب نرم تھے۔ امریکہ کے جنوبی کیرولائنا کے شانتی لوگ لاشوں کو جڑی بوٹیوں سے سکھاتے تھے۔ پھر سرو اور چنار کے پتوں سے لپیٹ کر کپڑے یا ہرن کی کھال سے حفاظت کر کے قبر میں رکھدیتے تھے۔ قبر کا نام گورگزن تھا۔ کنٹیلی کے گڑھوں میں ایسی لاشیں ملیں۔ ایک دفعہ دس فٹ نیچے سے ایک عورت کی لاش ملی جسکے بال منڈے ہوئے تھے اور ہرن کے چمڑے سے بندھی ہوئی تھی۔ سب سے اوپر کا کپڑا بھورے پروں سے سجا ہوا تھا۔ امریکہ ممالک مغربی و شمالی کے لوگ بھی لاشوں کو گھاس یا سمور کے صندوقوں میں رکھ کر گاڑتے تھے۔ لاسکین کمپنی کو کاگیل ٹاپو میں ایک ڈیڑھ سو برس کی لاش ملی۔ یہ ایک گڑھے میں تھی جہاں گندھک کی دھونی دراڑوں سے پُہنچائی گئی تھی۔ ایک بیش قیمت پٹارے میں بند تھی۔ معلوم ہوتا تھا کہ کسی امیر کی لاش ہے کیونکہ اُسپر اُودبلاؤ کی کھال بھی منڈھی ہوئی تھی۔ کئی ٹاپوؤں میں ایسی لاشیں ملیں جنکی پیٹھ پر پٹیوں میں موتی جڑے ہوئے تھے۔

(۴۶) فرانس میں ایک دفعہ ایک توپ بنانے والے نے ایک تختہ اٹھالیا جسپر تیس آدمی بیٹھے تھے جو کہ وزن میں ۴۰ من تھا۔ فلیڈلفیا کے پہلوان جارج سائمین نے ۴۰ من بوجھ کمر پر رکھ کر ایک مکان کے گرد پریکرما کی۔ ولایت کا ایک پہلوان دس من کا ایک پل اپنی چھاتی پر رکھ لیتا ہے جسپر تین آدمی یا ایک گھوڑا گاڑی جا سکتی ہے۔

(۴۷) گریٹ برٹن میں ہر ہفتہ ۴۵ ہزار ٹن صابن تیار ہوتا ہے جس میں سے صرف لندن میں ۳ یا ۴ ہزار ٹن فی ہفتہ تیار ہوتا ہے۔

(۴۸) ۱۸ اگست ۱۸۸۹ء کو فرانس میں ایک دعوت ہوئی تھی ویسی آجتک کہیں نہیں ہوئی۔ اُس کے سامان تیار کرنے کے لیئے ۷۵ پریزیڈنٹ اور ۳ ہزار نوکر رکھے گئے تھے۔

(۴۹) امریکہ کے نیویارک شہر کی کولمبیا یونیورسٹی کی لائبریری میں ایک چاند بنا کر لگایا گیا ہے جو ایک لکڑی کے گولہ کا بنا ہوا ہے۔ اسپر رنگ کیا گیا ہے۔ شام کے وقت کمرے کے آٹھ کونوں میں آٹھ لیمپ جلائے جاتے ہیں جن کی روشنی کا عکس اُس چاند پر پڑتا ہے اور چاند چمکنے لگ جاتا ہے۔ اُس کی روشنی سے آنکھوں کو نقصان نہیں پہنچتا۔ اور روشنی بھی اتنی ہوتی ہے کہ اچھی طرح لکھ پڑھ سکتے ہیں۔ لیمپ اس ترکیب سے لگائے گئے ہیں کہ اُن کی روشنی کا چاند پر پڑنا کسی کو دکھائی نہیں دیتا۔

(۵۰) جاپان میں ایک سڑک کے دونو طرف پچاس میل تک اُونچے اُونچے درخت چلے گئے ہیں جو ۱۳۰ سے ۱۵۰ فیٹ تک اونچے ہیں۔

رتھو مل گپت کرنال نواسی

دلکش بھجن پستکیں

پنڈت باسدیو جی مشہور و معروف آریہ بھجن اپدیشک جب کبھی کسی جلسہ وغیرہ کے موقعہ پر اپنے بناتے ہوئے یا کسی دیگر مہاشے کے غیر مطبوعہ بھجن گاتے تو اکثر آریہ بھائی جوش میں آ انہیں تنگ کر دیا کرتے تھے کہ وہ فلاں بھجن لکھوا دو۔ جس سے بہت تکلیف ہوتی تھی۔ اب اُن اصحاب کی خاطر پنڈت جی موصوف نے اُن بھجنوں کو کتاب میں چھپوا دیا ہے جنکو شوق ہو پنڈت جی سے معرفت آریہ سماج کرنال طلب فرمالیویں۔ پانچ رُوپیہ کے خریدار کو ایک چوتھائی کمیشن دیا جاویگا۔

باسدیو بھجن بتیسی حصہ اول اُردو ۱ر ناگری ۱ر — باسدیو بھجن سنگرہ حصہ دوم اُردو ۱ر ناگری ۱ر — اُردو ۱ر ناگری ۱ر — باسدیو غزل سنگرہ ناگری ۶ پائی

اِن کے علاوہ ناگری میں۔ کھنجری بھجن سنگرہ ۹ پائی — ابلا بھجن چالیسی ۱ر — ابلا بھجن بتیسی چاروں حصے ۹ پائی

کارنامہ آریہ سماج ۹ پائی۔ گیان بھجناولی دونو حصے ۴ر

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

آریہ سماج کے ساتھ دیگر مذاہب کے مباحثے

سنہ ۱۹۰۳ء میں ہندوستان بھر میں دو عظیم الشان مباحثے ہوئے۔ پہلا مباحثہ بمقام حیدرآباد علاقہ دکن کے ایک مشہور و معروف سنیاسی اچیت آشرم کے ساتھ ۲۴ اپریل سنہ ۱۹۰۳ء کو ہونا قرار پایا تھا فریق ثانی کا دعویٰ تھا کہ "یگیہ میں جانوروں کی قربانی بر طبق وید جایز ہے"۔ اور آریہ سماج کا اس کے خلاف۔ آریہ سماج کی طرف سے پنڈت تلسی رام سوامی۔ پنڈت آریہ منی۔ پنڈت جوالادت۔ پنڈت رودردت۔ پنڈت پورنانند۔ تاریخ مقررہ سے پہلے ہو چکے اور مباحثہ کی شرائط بھی باہم طے ہو گئیں۔ مگر نہایت افسوس ہے کہ اچیت آشرم جی اپنے اقرار پر قایم نہ رہے اور ثالث کی تقرری کی حجت کر کے ۱۵ دن گزار دیئے۔ بالآخر مباحثہ سے مایوس ہو کر آریہ پنڈت حیدرآباد سے واپس چلے آئے۔ اس مباحثے کے متعلق آریہ سماج کا تقریباً ڈیڑھ ہزار روپیہ خرچ ہوا۔ سماج کو بلاشک اتنا فائدہ ضرور ہوا کہ حیدرآباد کے علاقہ میں ویدک دھرم کا پرچار خوب زور شور سے ہو گیا اور عوام کے دلوں پر اسکے اصولوں کی تقویت ظاہر ہو گئی۔ مفصل حالات علیحدہ رسالہ کی شکل میں طبع ہو چکے ہیں۔ جو درخواست کرنے پر سکرٹیری آریہ سماج حیدرآباد دکن سے دستیاب ہو سکتے ہیں۔

دوسرا مباحثہ بمقام دیوریا ضلع گورکھپور ہوا۔ یہ عظیم الشان مباحثہ آریہ سماج دیوریا کا اسلام سے کے ساتھ بتاریخ ۱۶۔ لغایت ۲۱ اگست سنہ ۱۹۰۳ء ہوا۔ باوجودیکہ اسمیں پانچہزار سے زیادہ علمائے اسلام ہندوستان کے ہر ایک گوشہ سے معدودے چند آریوں پر مذہبی فتحیابی کے شوق میں شامل ہوئے تھے مگر افسوس! ایسی زک اٹھائی کہ آیندہ عرصہ دراز تک ان میں اُف کرنے کی مجال باقی نہ رہی۔

اس مباحثہ میں امر تنقیح طلب یہ تھا کہ "وید و قرآن میں سے الہامی کون ہے"؟ مضمون بیشک بڑا دلچسپ تھا کیونکہ ہر قسم کے اصول و فروع کا اسی ضمن میں تصفیہ ہو سکتا تھا۔ مگر افسوس! جس گرانڈ سکیل پر کہ آریہ سماج نے اس کو شروع کرنا چاہا تھا ہمارے اسلامی دوستوں نے اُسے بالکل منظور نہ کیا۔

آریہ سماج کی یہ کوشش تھی کہ کسی طرح الہام کا ایک مسلمہ معیار قرار پا کر وید و قرآن ہر دو کا موازنہ کیا جاوے مگر اصل پرچہ جات اور مباحثہ جو بشکل کتاب اسلام کی طرف سے شایع ہوا ہے اُسکے نوٹ اور محاکمہ و دیباچہ کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اُنکا (اہل اسلام) منشا یہ تھا کہ ہر دو فریق اپنا اپنا معیار خود مقرر کرے اور اسی سے اُس کے عقیدہ کا دعویٰ کیا جاوے۔ ہمارے خیال میں اسلامی فاضلوں کا یہ عمل کچھ اور معنی رکھتا ہے کیونکہ اس سے کسی نیک نتیجہ پر جلد پہنچنا آسان نہ تھا۔ جہاں تک ہمارا تجربہ اور جہاں تک مباحثہ ہذا پر فریقین کی تحریرات کا ہم نے مقابلہ کیا ہے ہم وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ یہ امر لازمی ہے کہ بحث کے لیئے ضرور کچھ نہ کچھ علوم متعارفہ یا ایسے اصول قایم کرنے پڑتے ہیں جو کم از کم بحث کنندہ کے خیال میں فریق ثانی کو مسلّم ہونے چاہئیں اور یہی حال اس مباحثہ میں بھی ہوا۔ پس کیا اچھا ہوتا اگر اوّل فریقین بحث مباحثہ کے بعد بعض ضروری متحدہ معیار پر قایم ہو جاتے۔ جیسا کہ ہم بتلا چکے ہیں اس مباحثہ میں مجبوراً ہر فریق کو جداگانہ حسب مرضی خود معیار الہام مقرر کر کے اپنے دعوے کی تائید اور دوسرے کی تردید کرنی پڑی۔ تاہم یہ ضرور ثابت ہو گیا کہ علمائے اسلام گھر بیٹھے خواہ کتنا ہی حق حق کے نعرے بلند کیا کریں اس میں ذرا بھی کلام نہیں کہ اندرونی حالت نہایت ہی تیرہ و تار ہے کیونکہ جب ہم اُس خاتمہ کو پڑھتے ہیں (جو اس وجہ سے ایزاد کرنا پڑا کہ ہمارے اسلامی دوست چند روز تک مباحثہ کر کے جمیعت ہو گئے اور اپنے اُس آخری پرچہ کا جواب بھی سُننے کی تاب نہ لائے جس میں کہ انھوں نے بالارادہ نئے اعتراضات ویدوں کی تعلیم پر کیئے تھے) تو اس سے دو امر ثابت ہوتے ہیں اول یہ کہ ایک تہائی کے قریب اعتراضات متعلق قرآن کا تو انھوں نے قطعی جواب ہی نہیں دیا اور بعض امور معترضہ سے انکار کیا ہے اور جنکا کچھ جواب دیا بھی ہے وہ ایسا کمزور اور لچر ہے کہ ان کی نسبت عالم و فاضل کا لفظ استعمال کرتے ہوئے افراط تفریط کا ڈر معلوم ہوتا ہے۔ دویم یہ کہ ویدوں کے متعلق جو اعتراضات ہیں وہ بلاشک وید سے عدم واقفیت کا نتیجہ ہے جنکے کہ بعض مواقع پر نیت پر بھی شبہ ہے۔

آریہ سماج کی طرف سے جو جوابات مباحثہ میں دیئے گئے اور جو اعتراضات کئے گئے اُن کی عمدگی میں تو کلام ہی کیا ہو سکتا ہے کیونکہ وہ آریہ سماج کے مشہور فاضل شری سوامی درشنانند سرسوتی جی کی طرف سے تھے۔ مگر خاتمہ بھی کچھ کم محنت سے تیار نہیں کیا گیا۔ اس میں جہاں اُن حملہ

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

اعتراضات کا بخوبی قلع وقمع کیا گیا ہے۔ جنکا جواب پرچہ جات میں بوجہ اس کے کہ مولوی صاحبان ساتویں روز فوراً ہی کھسک گئے تھے۔ (حالانکہ شرایط مباحثہ میں کوئی خاص معیاد مقرر نہ تھی) نہیں دیا جا سکا تھا۔ وہاں بحث بھی نہایت دلچسپ اور آسان اور کھلے طریق پر مختصر مگر جامع پیرایہ میں کی گئی ہے اس میں مؤلف نے چند گوشوارہ بھی شامل کیے ہیں۔ جن کی خوبی دیکھنے پر ہی منحصر ہے۔ اور سب سے بڑی عمدگی یہ ہے کہ ہر مضمون و بحث پر براہ راست یا تو ویدوں کے حوالہ جات دیئے ہیں یا قرآن کے۔ دیگر کتب کو بہت کم ہاتھ لگایا گیا ہے۔ برخلاف اسکے جو محاکمہ اور دیباچہ منجانب اسلام بڑھایا گیا ہے۔ وہ صرف افراط وتفریط سے ہی لبریز ہے اور بجائے اسکے کہ ویدوں پر براہ راست اعتراضات کیے جاتے آریہ سماج کے مقابلہ پر ان مصنفوں کے عقیدہ جات پیش کرکے مورد عتاب بنایا گیا ہے۔ جنکی تصنیفات ہرگز قابل تسلیم نہیں اور جنکی تردید آریہ سماج اکثر ڈنکہ کی چوٹ کر چکا ہے۔ چونکہ یہ مباحثہ اسلام کی طرف سے اسوقت شایع ہو کر پہنچا جبکہ مؤلف خاتمہ مذکور کو ختم کر چکا تھا اسلیئے ناظرین کو ایک اور مفصل رسالہ کی امید دلاتے ہیں جس میں اسکی کافی تردید کیجائیگی۔ اسوقت ناظرین سے اسقدر التماس ہے کہ مباحثہ دیوریا (تحقیق حق) جو مطبع ست دھرم پرچارک ہردوار سے شائع ہونیوالا ہے اور جو آریہ سماج دیوریا سے مل سکیگی ضرور اول سے آخر تک پڑھیں اور بالخصوص اسکے خاتمہ کو جسکی خوبی کا اندازہ کہ اسکے عنوان کے شعر سے ہی قیاس میں آسکتا ہے۔"

— اڈیٹر —

جاپان کی ترقی کے اسباب
ہندوستان کی ترقی کے ذرایع
جنگ چین
اس کتاب کو پڑھو

الٰہی یہ کیسے لہو کے ہیں پیاسے — کہ خنجر زبانیں نکالے ہوئے ہیں

"کمزوری سے بڑھکر کوئی گناہ نہیں"

جناب! یہ ناول نہیں ہے کہ گندم نما جو فروش ہو! نہ ڈراما ہے کہ نوجوانوں کے لیئے زہر ہلاہل ہو! نہ فسانہ ہے کہ بیکار دوں کے لیئے دفع الوقتی کا ذریعہ ہو!!! اور نہ کوئی درسی علمی کتاب ہے کہ طلباء کے لیئے علمی بدہضمی کا موجب ہو!!!

بلکہ

ایک مشہور آریہ راجپوت فوجی عہدہ دار نے جو سنہ ۱۹۰۰ء کے عالمگیر جنگ پر تیرہ ماہ تک چین میں رہا چشمدید مگر نہایت ہی سنجیدہ معنی خیز و دلچسپ واقعات کو حیرت انگیز پیرایہ میں قلمبند کیا ہے جس میں ہر ایک بیان کے خاتمہ پر چین جاپان اور ہندوستان کا مقابلہ کرتے ہوئے بڑی ہی فاضلانہ بحث کیگئی ہے اور ایسی واضح قابلیت اور عمدگی سے ہندوستان کی ترقی کے ذرایع اخذ کیئے گیئے ہیں کہ پڑھنے والے کو بے اختیار داد دینی پڑتی ہے۔

اسکے دو حصے ہیں:- **حصہ اوّل**

میں دو باب ہیں۔ پہلے باب میں ہندوستان سے راجپوت سپاہیوں کا جہازی سفر۔ کھانے پینے میں چھوت چھات۔ ہانگ کانگ وغیرہ بندرگاہوں کے حالات اور چین میں ہندوستانی فوجوں کا خیر مقدم درج ہے۔ دوسرے باب میں چین کی بالتفصیل قومی اور ملکی حالات۔ وہاں کے رسم و رواج۔ مذہبی عقاید۔ خوراک پوشاک۔ بیوہار برتاؤ۔ وغیرہ وغیرہ کل امور۔ اور نامی مندروں و عمارتوں کا پورا پورا ذکر درج کیا گیا ہے۔ نیز آریہ سماج کے بانی مہرشی شری سوامی دیانند سرسوتی جی مہاراج کے حالات سے چین کے شاہی گرو کل کے سب سے بڑے لاما کی واقفیت اور ان کے درشنوں کی ابھلاشا خود لاما کے الفاظ میں دکھائی گئی ہے۔

حصہ دوم

میں چار باب ہیں جنمیں سنہ کے سب سے پرانے ہمعصر ملک چین پر تمام دنیا بھر کے جلد آور تاب کی متفقہ جنگی چڑھائیاں اور ان کے اسباب (یعنی غیر قوموں کی آمد۔ تجارت غیر انفیون۔ باکسر بلوہ) میدان جنگ میں جاپانی دلاوروں کی اولوالعزمیاں جان فروشیاں۔ اور فنون حرب میں کمالات انگریزی ہندی افواج کے کارنامے۔ انپر اغیار کی چہ میگوئیاں۔ امریکن۔ جرمن۔ فرنچ۔ اور روسی سفارتوں کی کارروائیاں۔ جہنمی دیسی عیسائیوں کی کرتوتیں۔ جنگ کا اختتام اور اسکا نتیجہ۔ جاپان کی حیرت انگیز ترقی اور اس کے وجوہات نیز چین کے تنزل و ترقی کی وجوہات کا ہند اور اسکے باشندوں کے طور و طریق اور ادبار و فلاح کے اسباب کے ساتھ دلچسپ پیرایہ میں مقابلہ کیا گیا ہے۔

غرضیکہ سرکار انگلشیہ کے ہر وفادار ہندوستان کے ہر بہی خواہ ہر قلبی اور مذہبی ریفارمر حتی کہ ہر مذاق اور ملت کے سنجیدہ مزاج متنفس کو ہندوستان کے مشہور سپاہی کی آواز اور مشورہ سننے اور سمجھنے کے لیئے ایک دفعہ ضرور اس کتاب کو پڑھنا چاہیئے۔ کتاب اردو زبان میں دہلی کے ایک مشہور مطبع میں سفید چکنے کاغذ پر خوشخط اور موٹے حروف میں زیر طبع ہے۔

ضخامت ۳۰۰ صفحہ سایز ۲۰×۲۶ کتاب کے شروع میں ایک فوٹو ملکہ چین کا بھی

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar